U 57226   2-12-99 [unclear]

Title — Deewan Faregh Al Mausoom Ba Khanjar Ishq.

Creator — Mohd. Abdul Rehman Khan

Publisher — Matba Mufeed Aam (Agra).

Date — 1289

Pages — 120, 22, 120, 126.

Subjects — Urdu Shayari — Deewaan [unclear].

بعون صناع مکان و مکین و فضل خالق زمان و زمین

دریں اوان خجستہ توامان کلام معجز نظام کہ ہر بیتش سحر حلال و ہر لفظش مقبول اہل کمال است

دیوان فروغ

الموسوم

بہ جبر عشق

۱۸۸۹

از تصنیف سرآمد شعرای زمان جناب مولوی محمد عبد الرحمن خانصاحب فضا کورٹ انسپکٹر مرزاپور سلمہ اللہ الغفور

در مطبع عام مفید آگرہ بحسن و خوبی مطبوع گردید

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الٰہی دل تمنائی ہے ایسے زخم خندان کا
کہ جس سے آب ہو زہرہ قیامت کے نمکدان کا

بنا دل کو مرے یارب مقام اُس مرد پنہان کا
کہ جسکے روبرو ہے کفر لینا نام دربان کا

خداوندا سنا سب وصف مین نے باغ رضوان کا
مجھے وحشی بناوے اپنی الفت کے بیابان کا

تری صنعت نے ہمدم کرکے چشم دلربایان کا
کیا محسود سرمے کو دم تیغ صفاہان کا

پئے تسخیر ملک دل تری حکمت کے فرمان نے
نگاہ ناز کو جنرل بنایا فوج مژگان کا

دہن ہے اور زبان ہے تیری وصف صنع مین یارب
گلستان کا ہر اک گل اور ہر کانٹا بیابان کا

بتون کے رخ کا تو نے کیا ہی آئینہ بنایا ہے
نظر آتا ہے جسمین چشم دل کو نور ایمان کا

تری قدرت تری صنعت کے قربان کیا بنایا ہے
سواد شب کو سرمہ دیدۂ شب زندہ داران کا

همان خنجر که جانها در فدایش　　همان عشقی که سرها در هوایش
چه خنجر تشنهٔ خونِ جگرها　　چه عشق آن طرفه معجونِ جگرها
همان خنجر که قربانِ وی باد　　نگو سر بر خطِ فرمانِ او باد
همان خنجر که جان تازه آرد　　بمن دیرینه رسم و راه دارد
درونِ سینهٔ من میکند راه　　وزین ره درد ظلم جا کرده صد راه
تن و جانِ مرا از هم گسسته　　بچونِ دل ز غم فارغ نشسته
همان عشقی که باشد مایهٔ اشک و درد　　ز دردِ او دم سرد و رخِ زرد
برد نقدِ سکون و صبر از دل　　برای خویش خالی کرد منزل
نهان در سینهٔ حافظ رسیده　　بخلوتخانهٔ دل آرمیده
چو خلوت خالی از اغیار بیند　　برد جان و بجای جان نشیند
بقربانِ سرِ عشق ست جانم　　شهیدِ خنجرِ عشق ست جانم
بیا ای خنجر ای جانم شهیدت　　بیا ای عشق تا باشم مریدت
بیا ای خنجر ای صد جانِ حافظ　　بیا ای عشق ای ایمانِ حافظ
بیا خنجر که در جانم تو باشی　　بیا ای عشق تا جانم تو باشی
بیا ای خنجر ای کارِ تو خونریز　　بیا ای سرکش و سرتاب و ستیز
اگر داری سرے با سر بریدن　　بیا اینک تو و اینک سرِ من
بیا ای عشق ای جانانهٔ من　　بیا ای رونقِ خمخانهٔ من

تو داری با دلِ دیوانه پیوند — تو ریزی در رگِ جان نشتری چند

بیا ای عشق با جانم در آمیز — بیا ای عشق جان اندر تنم ریز

تو و صد مرگ در دستِ جفایت — من و صد جانِ همچون من فدایت

عنان پیچیم بسوی خنجرِ عشق — کنم سر گفتگوی خنجرِ عشق

روا نبود بنزد خاص و عامی — زبان در کام و خنجر در نیامی

زبان یکچند اگر در کام ماند — همانا با زبانِ گنگ ماند

چو خنجر در نیام آسوده گردد — باندک روز زنگ آلوده گردد

چو سر زد از فروغ ما کلامی — کلامی همچو خنجر از نیامی

ز سنگِ طبع پیدا کرد جوهر — تو گوئی بر فسان کردند خنجر

بسنگِ طبع ز انسان نقش بسته — که نقشش در دلِ سنگی نشسته

چو این خنجر بسنگِ طبع بر شد — ز اول تیز بود و تیزتر شد

ز حافظ از پی این نظم نامی
بود تاریخ منظومِ گرامی
۱۳۱۰ھ

الهی تا زبان اندر دهانست — الهی تا سخن اندر زبانست

فروغِ ما فروغِ تازه گیرد — کلامش در جهان آوازه گیرد

طفیل مہر اوج سروری یارب عطا فرما
وہ نار عشق دل کو جس سے چمکے نور ایمان کا

تری صنعت نے جب مشاطگی کو کام فرمایا
کیا خون شہیدان سے حنائی پنجہ مژگان کا

نظر مین کب وہ لاتے ہین برنگ اشک گوہر کو
شناسا جنکو تونے کردیا ہے سلک دندان کا

فروغ بے نوا کا دل رہے ظلمتکدہ کبتک
بنادے شمع سوز غم کو اپنے اس شبستان کا

الٰہی عشق دے دل کو مرے اس روے تابان کا
جلا پرداز جسکا عکس سے ہے آئینہ جان کا

الٰہی مہر ہو دل پر اوسی کے داغ الفت کی
کہ ہے نقش قدم جسکا قبالہ باغ رضوان کا

الٰہی پرتو ماہ رخ پر نور سے اوسکے
چمک جائے ستارہ میرے دل کی داغ پنہان کا

شبیہ پاک اوسکی کیون نہو سر دفتر عالم
کہ نقش اولین ہے خاص کلک صنع یزدان کا

رسائی سے ہے وہم حاملان عرش بہی قاصر
معلی کسقدر ہے قصر تیری شوکت و شان کا

سبب اوسکے نہونے کا حقیقت نے کہا دل سے
کہ سایہ آپکا سرمہ بنا ہے چشم عرفان کا

مرے دل کو غم الفت کا اپنے کیجیے مسکن
کہ تا سینہ مرا ہمسر بنے یوسف کے زندان کا

ترے اعجاز کے قربان کہ اک شاخ بریدہ نے
دکہایا معرکے مین صاف جوہر تیغ بران کا

ترا ابر کرم جسدم کہ مجھکو یاد آتا ہے
نکل جاتا ہی مثل برق دل سے خوف عصیان کا

ترحم یا نبی اللہ کہ اب وقت ترحم ہے
نبوت کیطرح سے خاتمہ ہے تم پہ احسان کا

کشش کو کام اب فرمائیے یا رحمت عالم
رہے کبتک فروغ آوارہ دشت یاس و حرمان کا

[illegible]

بحمد اللہ زخمی ہون مین اُسکی تیغ مژگان کا
کہ کوچہ جسکا نازشگاہ ہے خونِ شہیدان کا

سکندر سے نہ کیون اے عشق تو نے کہدیا اتنا
کہ تیغِ ناز مین پنہان ہے چشمہ آبِ حیوان کا

دل بیتاب سے ضبطِ تپش کا عہد لیتا ہون
مجھے پاس ادب ہے کسقدر قاتل کے دامن کا

امید رستی رکہنا عبث ہے بخت سے اے دل
وہ کہتا ہے کہ مین سایہ ہون اُس برگشتہ مژگان کا

شکستِ دل سی کچھہ یہ اور کچھہ شکستِ رنگ سے میرے
عیان ہے حال ظالم کے شکستِ عہد و پیمان کا

گلو سے میرے یا تنگ رابطہ اُس نے بڑہایا ہے
گمان ہے تیغ ناز یار پہ میرے گریبان کا

تپش سے پوچھہ لو دیتی ہے جو جنبش اُسے ہر دم
دل بیتاب گہوارہ ہے کسکے دردِ پنہان کا

خدا کیواسطے ہمدم دل پر شور کے آگے
نہ کرنا ذکر کچھہ یادش بخیر اوس آفتِ جان کا

فروغ خستہ جان کی پردہ پوشی ہے ضرور اے دل
کوئی محرم نہین جز تیرے اُسکے رازِ پنہان کا

یہ کس کافر نے یارب روزنِ دیوار سے جہانکا
کہ برہم ہو گیا عالم دل و جان و دین و ایمان کا

لیا رستہ دل بیتاب نے پہر کوے جانان کا
حفاظت مین مری دیکہیو نہ پاس و حرمان کا

زبان تیغ قاتل سے یہی پیغام سنا دل نے
کہ ہر زخم جگر اک راستہ ہے کوے جانان کا

غنیمت ہے کہ خون میرا حناے پاے قاتل ہو
کہان ایسا مقدر جو بنے گل اُسکے دامان کا

نہ رکہئے اسقدر بے پردہ روے آتشین صاحب
ملا جاتا ہے گبرون سے عقیدہ ہر مسلمان کا

خرابی دوست سے کسدرجہ یہ زخم جگر میرا
خوشی سے کہل گیا کیسا جو ٹوٹا ایک ہی ٹانکا

جدا ہو پہیرا اے دست تمنا تجہسے لرزان ہے
ہر اک تار اُس پری کے دامن اور میرے گریبان کا

خیال اُسکا ہی ہے رہزن جمعیت خاطر — کیسکی زلف مین سب طور ہے خواب پریشان کا

ہوا ہے جنبش دامن نے یارب کردیا کسکے — برنگ صبح مطلع صفا عالم کے گریبان کا

دل مفتون کے آگے ذکر کوثر کسلیے زاہد — پیاسا ہے اسکے پانی سے سیر ہو کر تیغ بران کا

نکر زنہار غفلت روز و شب ہے آئی فرصت اب تجھ
کہ ہے وہ پرتو رخ اور یہ سایہ زلف پیچان کا

نہین ہے بے سبب اتنا تڑپنا اُسکے بسمل کا — تڑپکر چاہتا ہے چوم لینا دست قاتل کا

نشان کیا پوچھتا ہے نامہ بر تو کوی قاتل کا — سراسر فرش ہے وان پر دیا ہے چشم بسمل کا

شرارت دیکھیے جلوہ دکھا کر منہہ چھپا لینا — سبب پھر پوچھنا مجھسے مری بیتابی دل کا

نگاہ نازکل یہ دلمین کچھ عشوہ سے کہتی تھی — نہین معلوم کیا شورہ ہوا قاتل سے قاتل کا

او نہین فرط نزاکت سے مجھے زور نقاہت سے — ذرا کروٹ بدلنا فاصلہ ہے چند منزل کا

گئی جان اور نہ آیا وہ ارے دل ہم نہ کہتے تھے — نہین آسان ہے آسان ہونا تیری مشکل کا

تیرے نالون پہ عجب حسن لیلی چھپا گیا اے دل — وگرنہ کیون نہین کرتا ہے جنبش پردہ محمل کا

نکر تو وادی الفت مین اے دل خوف گمراہی — ہر اک کانٹا یہان کا میل ہے مقصد کی منزل کا

زبانی گفتگو کرنیکی صاحب کون حاجت ہے — اگر چاہو تو دل ہی دل مین کر لو فیصلہ دل کا

ستمگر سنگدل نا آشنا کہا ہے نام اسکا — ستم دیکھو عنایت عشق اس بیداد گر دل کا

ملیگی دل کو کیونکر لذت اوسکے دست خنجر کی — سنا ہے پہلے لیلیتا ہے جان انداز قاتل کا

گھمنڈ اتنا نکر تو نہ مہر پر سر و مہری پر

نہایت گرم ہے نالہ فروغ آتشین دل کا

پہلے کہہ سکتے تھے ہم چشمہ اسے سیماب کا / اب تو ہے ناگفتنی حال اس دل بیتاب کا

کیون نہو حیرت کہ ہر تارِ نفس پر شور ہے / اور نشان ملتا نہین کچھہ جنبش مضراب کا

جلوہ فرما تھا الٰہی رات کسکا انتظار / دل نے آنکھون مین کیا تھا فرش جو کمخواب کا

نازتھا یا کچھہ خطا باعث تھی اے باد صبا / حال جو گل نے نہ پوچھا بلبل بیتاب کا

دیکھیئے قسمت کہ سبکو دل ملا روز ازل / اور بجائے دل مجھے چشمہ ملا سیماب کا

کسقدر رویا تھا ملکر شوق دید یار سے / نور جب جانے لگا تھا دیدۂ بیخواب کا

خوش نہ آیا کچھہ ہمین جز گوشۂ دشتِ جنون / مدتون دیکھا تماشا عالم اسباب کا

صورت محراب خم ہونا یہان پر چاہیئے / یہ صنمخانہ ہے اے زاہد مقام آداب کا

ابتدائے عشق مین سیماب کا ہمسر تھا یہ / اب تو ہے سیماب ناصح اس دل بیتاب کا

خاکساری کی اگر خو کچھہ بھی ہم کرتے فروغ / بوریا ہوتا مقابل بستر سنجاب کا

کب خوش آتی ہے دلِ خستہ کو گلشن کی ہوا / اسکے سر مین ہے بھری قاتل کے دامن کی ہوا

غیر کے ہمراہ وہ کہاتے ہین گلشن کی ہوا / کیا بندھی ہے آجکل تقدیر دشمن کی ہوا

نکہتِ گل سے دماغِ دل پریشان کیون نہو / گوش گل مین ہے بھری بلبل کے شیون کی ہوا

آشتی ہو درمیانِ صبر و دل ممکن نہین / کیون پسند آنے لگی دشمن کو دشمن کی ہوا

پھر جلایا آتشِ گل نے کسی بلبل کا دل / گرم ہے پھر روزنِ دیوار گلشن کی ہوا

مجھکو وحشی کہیئے پر انصاف بہی کیجے ذرا
ہے گریبانون کی دشمن کسکے دامن کی ہوا

حرص ہو کیونکر نہ دشمن سینۂ پرنور کی
ہے عدو روز ازل سے شمع روشن کی ہوا

آگ ہو جاتا ہے وہ بت سنتے ہی کیسا اثر
ہائے کیا بگڑی ہے میرے آہ و شیون کی ہوا

کسقدر ہوگی ندامت اوسکی تیغ ناز سے
زخم کو میرے جو چہو جائیگی سوزن کی ہوا

تب مزا اس جذب دل کو مانتا صیاد تو
جب اوڑا لائے تجھے میرے نشیمن کی ہوا

رنگ کیون اوڑنے لگا روئے گریبان کا فروغ
کیا خوش آئی پہر تمہین صحرا کے دامن کی ہوا

کیا کہون کیا شور و شر ہنگامہ آرا دل مین تہا
جب تلک پہلو مین دل تہا مین بڑی مشکل مین تہا

کچہہ خبر مجکو نہین اے قیس لیکن اسقدر
ناز جمازے کا کہتا تہا کوئی محمل مین تہا

جذبۂ شوق گلو کہتا تہا کیا مضطر اُسے
جب تلک تہا مجہہ مین دم خنجر بہی کس مشکل مین تہا

واعظ اُسکو بیت سمجہکر منع کرتا تہا مجہے
میرے اُسکے درمیان جہگڑا حق و باطل مین تہا

جوش الفت کیون نہوتا راہ الفت مین مجہے
کر رہا تہا ناز گل ہر خار جو منزل مین تہا

لیگیا مقتل مین مجہکو دل بظاہر کہینچکر
لیکن اُس سے بڑہکے دشمن اور تہا جو دل مین تہا

حُسن کی گرمی سی آیا روئے لیلی پر عرق
یا مزا تار نظر اُس پردۂ محمل مین تہا

واہ کیا لذت ہے تجہہ مین اے دم تیغ ادا
دم ترا بہرتا تہا جب تک دم ترے بسمل مین تہا

اوسکا جلوہ بسکہ ہے غارتگر ہوش و حواس
رات اُس محفل سے باہر تہا جو اُس محفل مین تہا

تہا ہجوم خلق جب تک مین تڑپتا تہا وہان
میرے دم سے اک تماشا کوچۂ قاتل مین تہا

وہ خفا کیونکر نہوتا دیکھکر تجھکو فروغ
رخ سے تیرے تہا عیان جو کچھہ تیری دلمین تہا

آ تو سکتے ہین مگر وہ آئین کیا
کہتے ہین ہم ناز سے شرمائین کیا

پر وہاے دیدہ سب نمناک ہین
اونکے غم کی راہ مین بچہوائین کیا

جاکے کرسکتے ہین شکوہ ہجر کا
عذر اس جینے کا لیکن لائین کیا

جان کو تو حکم جانے کا ملا
دل کے حق مین دیکھیے فرمائین کیا

کیا تری خواہش ہے اے زخم کہن
ناخن دست جنون بڑہجائین کیا

دل کو جانے دو اگر جاتا ہے وہان
ناسمجھہ ہے اوسکو ہم سمجھائین کیا

ہین یہ سب جوہر اونہین کی تیغ کے
زخم دل کے ہم اونہین دکھلائین کیا

رشک سے دین جان قاصد بھیجکر
اپنے ہاتہون آپ ہم مرجائین کیا

دل سہے بدآموز اوسکو بھیجکر
اونکو ہم جور و ستم سکھلائین کیا

کردیا ہمکو نکما ضعف نے
اونکی تیغ ناز کے کام آئین کیا

آج پوچھا دل نے مجھسے راہ مین
بوسہ یا گالی تمہین دلوائین کیا

حضرت پیر مغان کیا حکم ہے
میکدے سے آج ہم اوٹہہ جائین کیا

گالیان ہم اونکے منہہ کی کھا چکے
میوۂ جنت کو زاہد کھائین کیا

خوے نازک کے یہ کشتے ہین فروغ
جان و دل وقت ستم چلائین کیا

ہین جنون سے تیری سب واقف فروغ

دوست تجھکو پیرہن پنہائیں کیا

دل سیپارہ مرا صورت قران نکلا
کہین وہ بت نہ کہے مجھکو مسلمان نکلا

کیون ہوا حسن کو منظور الٰہی یہ حجاب
عشق کیون پردۂ ناموس سے عریان نکلا

ہمتو سمجھے تھے دل زار کو اک گوشہ نشین
ناز بردار تمنا سے حسینان نکلا

کشتیٔ چرخ ابھی تک نہین ڈوبی افسوس
کیا تنگ حوصلہ یہ دیدۂ گریان نکلا

قابل صحبت عشاق بھی اب مین نرہا
درد کمظرف مرا طالب درمان نکلا

دیکھکر داغ دل تنگ کے ظالم نے کہا
ہم اسے غنچہ سمجھتے تھے گلستان نکلا

اُسکے ابرو کو کہا شیخ نے محراب حرم
ہمتو کچھ اور سمجھتے تھے مسلمان نکلا

وہ جوانی نرہی اور نہ وہ شورش دل
شوق بے صبر بھی دو روز کا مہمان نکلا

قطرۂ خون یہ نہین آنکھ سے ٹپکا ہے فروغ
خود دل خستہ یہ گلکاری دامان نکلا

تجھکو نادان مجھے فرزانہ و عاقل سمجھا
ناصحا خوب ہی واللہ مرا دل سمجھا

رکھدیا غیر کے کاندھے پہ مرے سامنے ہاتھ
آہ کس بار کا مجھکو متحمل سمجھا

ہوگیا سرد وہ گرتے ہی تڑپنا کیسا
معنیٔ پاس ادب کیا ترا بسمل سمجھا

اسقدر بے اثری آہ دل نالان افسوس
تیرے نالے کو وہ گل شور عنادل سمجھا

مثل بسمل کے قدم راہ فنا مین رکھکر
تپش سخت کو مین قطع منازل سمجھا

خنجر ناز مین یارب یہ کہان کی لذت
جس سے مرتے کو یہ دل زیست کا حاصل سمجھا

تونے دہوکا مجھے کیا بیخودی شوق دیا — باغ فردوس کو مین کوچۂ قاتل سمجھا

بحر پُر خار حقیقت کو وہی تیر گیا — موج و گرداب کو جو کشتی و ساحل سمجھا

الم دوست جو آیا تو الف کو اُسکے — صفحۂ دل کے لئے مین خط باطل سمجھا

اے صبا چھوڑ دیا کسلئے ملکر اوسکو — کیا وہ غنچے کو مرا ابلۂ دل سمجھا

دیکھکر نازکئی ناخن انگشت نگار — عقدۂ دل کی کشایش کو بہین مشکل سمجھا

برہمن سے بھی ہون بڑھکر مین بتون کا شیدا — تونے کیون ناصح نادان مجھے غافل سمجھا

جلوۂ سوز محبت سے کسیکے ہین فروغ
داغ کو شمع دل زار کو محفل سمجھا

جانتے ہو تمسے یہ دل ملکے کیا ہو جائیگا — تمسے بڑھکر دشمن جانی مرا ہو جائیگا

دیکھہ لی اے دل دا تونے بت طناز کی — ہم نہ کہتے تھے قضا کا سامنا ہو جائیگا

گر زبان کو بند کردیگا شکوۂ حسن یار — اضطراب دل بیان مدعا ہو جائیگا

مجھمین اور پروانے مین جھگڑا ہی کچھہ اے شمع رو — جب نقاب اولٹو گے تم تو فیصلا ہو جائیگا

اسقدر طول شب فرقت کا غم اے دل نکر — شام ہی کو آج تیرا خاتما ہو جائیگا

اوسکی بو بھی گر چمن مین آئیگی اے عندلیب — رنگ روئے گل برنگ بو ہوا ہو جائیگا

ہے عبث تو اے دل نادان نمود خط سے شاد — زلف کا قیدی بہلا کیونکر رہا ہو جائیگا

گو کرے مشاقیان یہ نالۂ بلبل ہزار — کیا شکست شیشۂ دل کی صدا ہو جائیگا

غیر ممکن ہے پریرویون سے ترک اختلاط — زیست سے ہو جیکا دل کیونکر خفا ہو جائیگا

گالیون کی خونہ کیجے ورنہ اے آرام جان
یہ لب شیرین تمہارا بہیڑا ہوجائیگا

دست رنگین کو نہ رکیئے آتشین رخسار پر
طائر رنگ حنا کا دم فنا ہوجائیگا

ذکر سے جس بت کے اڑجاتے ہین سب ہوش و حواس
آسکے آنے سے خدا جانے کہ کیا ہوجائیگا

دل خیال یار سے ناحق جہگڑتا ہے فروغ
جب لڑیگی آنکہہ اسکا فیصلا ہوجائیگا

دیکہہ اے گریہ ترے حق مین نہ بہتر ہوگا
دامن صبر مرا کچہہ بہی اگر تر ہوگا

زلف کو تاب نہ دو جان نکل جائیگی
فرق اسمین نہ کبہی بال برابر ہوگا

جسم مین جان کے بدلے غم جانان ہے یہان
ملک الموت جو آئیگا تو ششدر ہوگا

نگہ ناز کو کیون فکر ہے اتنی صاحب
فیصلہ دل کا مرے ایک ادا پر ہوگا

دام کاکل مین تڑپتا نظر آتا ہے کوئی
ہو نہو دیکھیو میرا دل مضطر ہوگا

نزع کیوقت نہ آئین وہ عیادت کو مری
طائر روح مرا اور ہوا پر ہوگا

پوچہہ لو نازسے اپنی مرے دل کی حالت
میرا کہنا تو نہ تمکو کبہی باور ہوگا

دست نازک سے یہ امید نہ تہی ہمکو فروغ
اسقدر کار رفو دامن دل پر ہوگا

ستم وہ ادا سے نظارا تمہارا
غضب پہر وہ قاتل اشارا تمہارا

برا اس غرض کا ہو جسنے مری جان
جدا کر دیا دل ہمارا تمہارا

غم یار جہگڑے ہین دیر و حرم مین
اسی دل مین ہوگا گزارا تمہارا

مرا دل مجھی سی کرے یون عداوت
ضرور اسمین ہے کچھ اشارا تمہارا

سزا دل کو دو تم کہ بیتاب ہوکر
کیا اسنے راز آشکارا تمہارا

اگر نقد جان رو نمائی مین لوگے
تو ہوگا بہت کچھ خسارا تمہارا

نکلجاؤ اے درد و اندوہ و حسرت
مرے دل مین ہے کیا اجارا تمہارا

سکہاتے ہین ہم دل کو دشمن کی چالین
یقین ہے کہ ہوجاے پیارا تمہارا

مروت کرو یا کچھ انصاف صاحب
ابھی ایک ہو دل ہمارا تمہارا

گیا دل تو اے نالہ و آہ و زاری
ہمین ہے فقط اب سہارا تمہارا

دو عالم کو لاتا ہے کب وہ نظر مین
ہوا جسکو حاصل نظارا تمہارا

ہمین ہم ہون پھر مثل منصور صاحب
اگر سامنا ہو ہمارا تمہارا

فروغ جگر خستہ و بے نوا کو
شفیع الامم ہے سہارا تمہارا

دنیا کی نہ کچھ فکر نہ کچھ ہوش ہے دین کا
افسوس کہ دل لٹتے ہمین رکھا نہ کہین کا

کیا ذکر تمنا کا یہان دل ہی نہین ہے
مدت سے پتہ ہے نہ مکان کا نہ مکین کا

ہم ذکر کبھی سوز نہان کا نہین کرتے
کیون فاش کرین پردہ کسی پردہ نشین کا

اے دل غم جانان کی نہو دلشکنی دیکھ
کرتے ہین بہت پاس ادب گوشہ نشین کا

گلشن مین نہ رہتے جو کہا مانتے یہ گل
بازار مین بکتے ہین یہ ثمرہ ہے نہین کا

سجدہ نہوا ایک بھی مقبول ہمارا
داغ دل ناشاد بنا داغ جبین کا

کہدو کوئی ناصح سے بہت ہمکو نہ چھیڑے — معلوم ہے سب حال ہمین خلد برین کا

سمجھا دو فروغ اس دل خود رفتہ کو اپنے
ہمسے نہ کرے اب نہ کبھی ذکر حسین کا

میکدے سے مین جا کے واعظ کیا ہی بہتر ہوگیا — جام مے کو دیکھکر جامے سے باہر ہوگیا

پہر ہوا کاشانہ تن مین ہجوم رنج و غم — تیر اسکن جا من غیرون کا پہر گہر ہوگیا

دست نازک آپکا صد شکر محنت سے بچا — خود مرا نالہ گلے مین آکے خنجر ہوگیا

ہم نہ کہتے تہے شب ہجران کا کیجے بند و بست — اب یہ قصہ طول اے زلف معنبر ہوگیا

ناز کیا کیا اپنی بیتابی پہ سمجھے سیماب کو — دیکہکر کل اس دل مضطر کو ششدر ہوگیا

دل کے باہر کوئی دم آتا نہین کیا انس ہے — میری حسرت کا خیال یار ہمسر ہوگیا

سخت تہی منزل مگر طے ہوگئی کس لطف سے — دل کا شوق اور شوق کا جو در رہبر ہوگیا

ہم تو اپنی چشم کے ممنون منت ہین فروغ
پردہ پوش آتش دل دیدہ تر ہوگیا

کسقدر احسان مجہپر تیغ قاتل کا ہوا — سر ہوا تن سے جدا تن بوجہہ سے ہلکا ہوا

اس دل پیمان شکن سے تنگ ہین ہم کسقدر — رات ہمکو پہر ملا تہا اسطرف جاتا ہوا

کیون نہ کرتا جبہہ سائی ان بتون کی در پہ مین — مٹ نہین سکتا تہا یہ تقدیر کا لکہا ہوا

شام سے در کو تکا کرتی ہی چشم وصل جو — جان آجاتی ہے تن مین جب ذرا کہٹکا ہوا

چہیڑ سے غافل نہونا ناخن بیداد یار — پہر مزہ کیا ہے کہ جب یہ زخم دل چہپا ہوا

لطف الفت کا جبھی ہے جبکہ دل مین زخم ہو
اور زخم ایسا کہ جسپر ہو نمک چھڑکا ہوا

لطف ہوگا حشر مین جب جائین گے دونون بہم
سنتین کرتے ہوئے وہ مین فغان کرتا ہوا

کیا مزہ ہے قصۂ درد محبت مین فروغ
قیس پہونچا تہا کہانتک حال دل کہتا ہوا

اس ادا سے ترا غمزۂ ستم ایجاد آیا
کہ کہا دل نے مرے گھر مین پریزاد آیا

بوئے پیراہن دلدار صبا لاتی ہے
طائر رنگ چمن بہاگ کہ صیاد آیا

بیخودی مین مجھے کس درجہ ملی ہے راحت
ہوش آتا ہے تو کہتا ہون کہ جلاد آیا

مین گیا وان مگر اے دل نہ کیا ذکر ترا
تیری قسمت کہ وہان تو نہ مجھے یاد آیا

کبھی مہمان سے خالی نہ رہا خانۂ دل
ناوک غمزہ گیا خنجر بیداد آیا

گل تسکین ہو مبارک تجھے اے بلبل دل
دام کے ساتھ چھری ہی لیے صیاد آیا

ایک تو دل ہی کہ ہر دم ہے خیال اسکا نہین
ایک مین ہون کہ نہ بھولے سے کبھی یاد آیا

پرسش یار کے انداز نے مارا مجھکو
لطف کے پردے مین لپٹا ہوا جلاد آیا

ہون وہ عاشق کہ مجھے دیکھکے کچھ دور نہین
کہے تصویر یہ بھی مجنون کی کہ استاد آیا

غزل دوم

ساتھ تیرے ترا گیسو جو مجھے یاد آیا
مرغ دل بولا کہ وہ دام وہ صیاد آیا

وہی تیور ہین تصور کے بھی اُنکے ابتک سا
کچھ اثر تم مین نہ اے نالۂ فریاد آیا

گر کہون کچہہ تو ہو خنجر کو ہوس خنجر کی
تہ خنجر جو مجہے لطف خداداد آیا

کچہہ عجب حال ہے بیمار محبت کا ترے
جب طبیب آیا تو چلایا کہ جلاد آیا

ہوگیا شکوہ تاثیر وفا سے صد شکر
لب پہ بہولے سے اگر شکوہ بیداد آیا

جب ہوئی قتل مین کچہہ تیغ تغافل سے کمی
ناوک غمزہ وہین بہر امداد آیا

صورت سرو ہے ایدل ترا نالہ کیون آج
کیا تجہے یاد کسیکا قد آزاد آیا

اے تمنا ے دلی عید مبارک تجہکو
گلے ملنے کو ترے خنجر فولاد آیا

جلوہ فرما جو ہوا دیر کے باہر وہ بت
دیکہکر کعبہ پرستون کو خدا یاد آیا

آئینہ دیکہتے ہو خوف ہے عالم نہ کہے
جو کیا تہا ترے آگے ستم ایجاد آیا

مین جو دیوانہ لب ہون تو مرے پاس فروغ
بیڑیان لیکے رگ لعل کی حداد آیا

داغون کا دل کے کوئی بہی پرسان وہان نہ تہا
اوس باغ مین تہے ہم کہ جہان باغبان نہ تہا

کسدن حضور ناز مرا امتحان نہ تہا
کسدم گلے پہ خنجر بُران روان نہ تہا

شب کو جو لب پہ نالہ آتش فشان نہ تہا
پہلو مین کی نظر تو دل خستہ جان نہ تہا

دل مین تہا رات درد مگر دم بخود تہا دل
جلتی تہی ایسی آگ کہ جسمین دہوان نہ تہا

بیوجہ چپ ہا تہا نہ مین سنکے کل وہ بات
پاس ادب تہا ورنہ مین کچہہ بیزبان نہ تہا

یہ شوق دل وہ راہ چلایا کیا مجہے
جس راہ مین کہ راہنما کا نشان نہ تہا

کیا خوب تہا وہ عہد طبیعت کہ جب جنون
ناموس پردہ دار کا نام و نشان نہ تہا

کرتا تھا سیر کوچۂ گیسو کی روز دل
کچھ بھی خیال سنبل باغ جنان نہ تھا

کٹتے تھے کس مسرت و عشرت سے رات دن
جس سرزمین پہ ہم تھے وہان آسمان نہ تھا

چڑھتے ہی اس پہ گرتے ہین اب سر کے بل سوار
اتنا تو تیز توسن عمر روان نہ تھا

زندہ ہے فراق مین ہم کسقدر فروغ
ہمسا بھی کوئی زیر فلک سخت جان نہ تھا

تب ہجران نے دل کے بعد جسم ناتوان ہوگا
مکان پیچھے جلایا پہلے اسباب مکان ہوگا

جیا تو تھی ادب آموز میرے دیدہ و دل کی
چراغ ہوش کو کیون لے اڑے آہی اجل جان ہوگا

تب اس دل کو ہوئی اللہ اکبر غش سے کچھ فرصت
جب اوسپر پڑ گئے سارا مصحف رخ بتان ہوگا

غم و شادی نظر آنے لگے دونون ہمین یکسان
جگر کی آگ نے کیا خانۂ سود و زیان ہوگا

نہین معلوم کسکے نالہاے گرم سے شکوہ
فلک پر پہنچا چلایا کہ میرا آشیان ہوگا

کسیکے کان کی بجلی غضب سے ہی گرے جسنے
دل عالم کا سارا خرمن تاب و توان ہوگا

بتا تو رات کیا سرگوشیان کاکل سے ہوتی تھین
ترے کانون مین اس کافر نے کیا آ جان جان ہوگا

تمناؤن کا مری جسقدر سامان تھا دل مین
تری اس گرم رفتاری نے اے عمر روان ہوگا

جہانتک دیکھتا ہون بزم مین سکتے کا عالم ہے
فسون کیسا یہ تونے اے فروغ خوش بیان ہوگا

ان من البیان لسحرا

نہ پوچھ حال کچھ مجھ سے دل مضطر کی وحشت کا
ہزار آفت کا آجانا ہے آنا اک طبیعت کا

عداوت کا بڑھانا خاصہ میری محبت کا
محبت کا بڑھانا معجزہ انکی عداوت کا

حیا شوخی پہ غالب ہو نہیں سکتی تو پھر اے دل
اشارہ ہو کے رہ جاتا ہے کیوں چشم عنایت کا

تپش میں وہ ملی لذت کہ سو دل مجھکو گر ملتے
تو ہر اک دل مرا مشتاق ہوتا سو جراحت کا

بہت صدمے اوٹھائے پر نہ نکلی کیسی صورت
مجھے اب جان پر اپنی گمان ہے اپنی حسرت کا

بولائیں کسطرح بزم طرب میں اپنی وہ مجھکو
سمجھتے ہیں کہ یہ اک درد ہے پہلوے عشرت کا

دل بیتاب نے توڑا اوسی بھی جتین کر کے
ذرا سا رہ گیا تھا سلسلہ صاحب سلامت کا

کیا ہے حشر برپا نالہ و فریاد و زاری نے
گمان ہے شام فرقت پر مری صبح قیامت کا

تحمل اسقدر شایان نہیں اے گیسوے جانان
نہایت بڑھ چلا ہے حوصلہ شبہاے فرقت کا

عبث کرتا ہے تو ذکر امید و بیم اے زاہد
نہ خائف ہوں میں دوزخ سے نہ طالب ہوں میں جنت کا

فروغ اس وادی پرخار میں پرسان ہے کون اپنا
مگر ہان اک خیال اوسکا کہ ہے غمخوار وحشت کا

کہا دل نے تماشا دیکھکر ساری خدائی کا
کہ جو کچھ ہے سو آئینہ ہے اوسکی خودنمائی کا

دل مضطر سے کیونکر دور ہو کھٹکا جدائی کا
یہان انداز ہے سب جسم و جان کی آشنائی کا

خطا سے دل ہی کچھ پایا کچھ غرور حسن کا ایما
سبب کچھ تو بھلا ٹھہرا ہے سو اس بے اعتنائی کا

الٰہی عالم دل کا ہی کیا باقی کوئی گوشہ
اوٹھا ہے غل جو وان پھر فوج مژگان کی چڑھائی کا

مرا نالہ صدا طوطی کی ہے نقار خانے میں
بڑھا ہے کسقدر اب شور اوسکی دلربائی کا

حرم سے دیر کو جاتا ہے ایمان صورت قیدی
بتوں کے حسن میں کیا زور ہے ساری خدائی کا

ہماری خاکساری کا مقلد ہے گہر وانہ
یہ کیوں گردیتیمی پر ہے اک عالم صفائی کا

نظر جب وہ اوٹھاتے ہین تو ہو جاتا ہون بسمل
نشانہ بنگیا ہون دیکھیے تیر ہوائی کا

چلا آتا ہی سوے بزم مے واعظ کوئی کہدو
کہ عشوہ دختر رز کا ہی دشمن پارسائی کا

ہین ایسے وصل کا لیے تیغ ناز یار ہون طالب
کہ جسمین نام کو بہی کچہہ نہو کہٹکا جدائی کا

فروغ اللہ اکبر اس شکستِ دل مین یہ لذت
کہ کوسون بہاگتے ہو نام سنکر مومیائی کا

کیا نالے نے بلبل کے جو شکوہ بیوفائی کا
کہا خندے نے گل کے ہی یہی پاس آشنائی کا

مرے نالہ کو کیون دیتے ہو طعنہ نارسائی کا
یہ کیا کم ہے کہ ڈنکا بج رہا ہے آشنائی کا

یہ دو ویرانیان دیکہو دل نخچیر الفت کی
اسیری نے بہی پہلے اسکو تہا کھٹکا رہائی کا

لقب ہے زندگانی یا الٰہی وصل کا کسکے
یہ مرگ ناگہانی نام ہے کسکی جدائی کا

دل نادان وہ کافر زلف پہانسی تجہکو دیگی
اگر کچہہ بہی کہلا وان جرم ذوق آشنائی کا

ادہر اہلِ زمین اور اوسطرف گردون ہے جنگ مین
یہ اک شمہ ہے اون غمزون کی کافر ماجرائی کا

جواب اپنا بہی اے ناصح وہی ہے جو کہ مجنون نے
دیا تہا سنکے افسانہ تمہاری ژاژخائی کا

درستی شکستِ دل ہوئی کچہہ نرم باتون سے
کیا ہے کام موم شہد نے یان مومیائی کا

فروغ افسوس اب تک کوچہ قاتل سے یہ غفلت
ارے نادان یہ موقع پہر کہان بخت آزمائی کا

غم اک لیلی کا ہے قاتل ہمارا
کفن ہو پردہ محمل ہمارا

نگاہ ناز ہے اور دل ہمارا
نصیب برق ہے حاصل ہمارا

گواہی دے رہا ہے دل ہمارا | کوئی انداز ہے قاتل ہمارا
کرم ہے تیرا اے صیاد ورنہ | نہ تھا دل صید کے قابل ہمارا
اوٹھائین بیکسی کا کیون ہم احسان | کسیکا غم ہے ہم منزل ہمارا
نہین ہیوجہ پیچ و تاب کاکل | پھنسا ہے اسمین شاید دل ہمارا
ظہور سوز دل نے شمع آسا | کٹایا سر سر محفل ہمارا
ارے دل آج مثل تیغ غمزہ | کھنچا ہے ہمسے کیون قاتل ہمارا
ترے بند قبا کے ساتھہ اے شوخ | کھلیگا عقدۂ مشکل ہمارا
ٹھہر سکتے نہین ہم لامکان پہ | ابھی گہر سے کہی منزل ہمارا
بنایا عشق نے سہکو وہ دریا | کہ طوفان ہے لب ساحل ہمارا
کہان ہم اور کہان وصل اوسکا اے شوق | تصور ہے یہ سب باطل ہمارا
لئے جاتا ہے اوس کوچہ مین اولٹا | ہمین کو جذبۂ کامل ہمارا

فروغ اب تو کسیکے لطف سے بھی
سنبہلتا ہی نہین یہ دل ہمارا

مہرو ہوا ہے آج زور دن پہ ہماری آہ کا | حال کیا ہوتا ہے دیکھین چشم مہر و ماہ کا
مہر اک ذرہ ہی اوس مہرو کے گرد راہ کا | یہ کہان رتبہ کہ مجرائی ہو اوس درگاہ کا
بارگاہ عشق سے ملتے ہین داغون کے درم | خاص ہے یہ فیض اس سرکار عالیجاہ کا
سامنا اوس برق وش کا آج شاید ہوگیا | طور کچھہ کچھہ ابر مین ہے میرے دود آہ کا

کیون ڈرتا ہی تو او قاتل اوڑا دے جلد سر
پاؤن ملنے کا نہین اس بندۂ درگاہ کا

ایکدم بہی راہ پر سیدہا نہین چلتا کبہی
کیا چلن بگڑا ہے میرے نالۂ جانکاہ کا

اے سلم اُس لب جان بخش کو جنبش ہوئی ایکدم
دیکہلے پرواز پہر تو مرغ بسم اللہ کا

دیکہئے فرمانروائی بارگاہ ناز کی
نام بہی لیتا نہین اب کوئی نادرشاہ کا

شان و شوکت دیکہکر اُس بت کی سب اہل حرم
بول اوٹہے آخر کہ آگے نام ہے اللہ کا

غیرت خورشید ہے نقش قدم اوسکا فروغ
اوس سے کرتا ہمسری کیا سہر اپنا ماہ کا

اس دل غم دوست کو کیا غم ہوا
درد اُسکا جب ذرا بہی کم ہوا

تاب دندان دیکہکر بیدم ہوا
آب گوہر میرے حق مین سم ہوا

کیا کہون گل دیکہکر اونکی ادا
حسن کا خود اونکے کیا عالم ہوا

حسرت و ارمان کی مجلس مین آج
میرے دل کا خوب ہی ماتم ہوا

آفرین اے زخم دل خود تیر شوق
بڑہتے بڑہتے ناخن ضیغم ہوا

غم نہین اسکا کہ وہ دل لیگیا
پہر وہ کیون آئیگا اسکا غم ہوا

کیون نہ ہے اے دل سرنگون مثل کمان
تیر تو اسکا ترا ہمدم ہوا

یان تو مرہم کا خیال آیا نہین
کیون مزاج زخم دل برہم ہوا

وان ہوئی تیغ نگہ جسدم علم
یان سر تسلیم اپنا خم ہوا

کیا وہ بگڑے عشق کی تصدیق سے
لو قسم کہانا ہمارا سم ہوا

تو ہوا گھر اوسکا مین حرمان نصیب
تو حرم ایدل مین نامحرم ہوا

کیا محبت تہی دل و غمگین کہ جب
دل گیا غم کو نہایت غم ہوا

دیکہکر اوس گل کا حسن رنگ و بو
خندۂ گل گریۂ شبنم ہوا

تشنۂ خون کیون ہوئی میری تیغ
زخم دل کب طالب مرہم ہوا

ہوگیا گل رونق افروز ظہور
جب ظہور سرور عالم ہوا

مہر رخ کی دہوپ دکہلادے فروغ
آنکہہ کا پردہ مرے جب نم ہوا

ردیف بای موحدہ

آستان یار ہے خاطر نشان آفتاب
جبہ سائی کے ہے قابل آستان آفتاب

پہر خیال روے جانان جلوہ فرما دل مین ہے
پہر بنے ہین آجکل ہم میزبان آفتاب

ذرہ کو بھی صنم سے خلق نے نسبت جو دی
ٹہ گئی اوس زور سے توقیر شان آفتاب

جب سے اولٹا ہی نقاب اس شمع رخ نے ملتا نہین
ماہ کا شب مین پتہ دن مین نشان آفتاب

وصف اوسکی روے تابان کا بہلا کیا ہو سکے
جسکا ہر نقش قدم ہے توامان آفتاب

کب سے ہم مشتاق رخ ہین کچہہ خبر بہی ہے تمہین
جب فلک پر کچہہ نہ تہا نام و نشان آفتاب

جلوہ گر تہا عکس روے یار دل مین جب جو نون
اپنے ہر داغ جگر پر تہا گمان آفتاب

روبرو اوسکے نہ ٹھہرا جب ہوا وہ بے نقاب
بارہا ہمنے کیا ہے امتحان آفتاب

نقش پا ہے اُسکے کسنے دی ہی نسبت اے فروغ
آسمان پر ہے دماغِ عزوشان آفتاب

آرزوے دل کا جب چاہا جواب / تیغ سے بولے کہ دے اسکا جواب
نامہ بر بنکر چلی خود آرزو / دیکھیے لاتی ہے اپنا کیا جواب
کسقدر یہ دل مکدر ہوگیا / صاف تمکو یون نہ دینا تھا جواب
لو سوال بوسہ بہی اب لقب وہان / اُس دہن کیطرح ٹھہرا لاجواب
دل کے کہنے پر عمل ہمنے کیا / ورنہ ہم دیتے بہت اچھا جواب
حال زخمون کا نہ مجھسے پوچھیے / ایک دل ہے سارے گلشن کا جواب
ناز دلواتا ہے مجھکو گالیان / نالۂ دل ہان ذرا دینا جواب
جب وہان زخم لائیگا سوال / وہ زبان تیغ سے دیگا جواب
سب سوالونکا تری اے محتسب / دے رہا ہے قلقل مینا جواب
خواب غفلت مین نہین ہون مین فروغ / سوچتا ہون اپنی غفلت کا جواب

خامشی کو مین رضا سمجھا فروغ
وصل کی شب جب نہ کچھ پایا جواب

کم لگایا کیجیے منہہ ہے بڑی پرفن شراب / سر پہ چڑھ ہی جاتی ہے مثل نشہ یہ دشمن شراب
اوسکی قدرت دیکھتا ہون تیری آنکھین دیکھکر / دو پیالون مین بھرے کیونکر یہ لاکھون من شراب
مین خدا ناخواستہ قاضی نہین واعظ نہین / کسلئے مجھسے چھپاتے ہو تہ دامن شراب

کیا شکایت مجھکو جب دونونکا حاصل ایک ہے
خونِ دل پیتا ہون مین اور وہ بت پیتے ہین شراب

طے کیا کرتا ہے دم مین یہ دونون عالم کو فروغ
کسقدر ہے دیکھئیے یہ گرم رو توسنِ شراب

پہر نالہ ہے دل کلا روان ہے اب
دیکھو تو آکے تن مین مرے جان کہان ہے اب
اور پوچھتا ہوا کہ وہ یوسف کہان ہے اب
رخ سے نقاب اُسنے تو اُٹھا دی دل اولٹ دیا
اک بات کتنے کرنیکو باقی فغان ہے اب
اے بوئے گل نہ چھیڑ ہمین دیکھ تو ذرا
ہستی کا تیری پردہ فقط درمیان ہے اب
کہتا ہے درد مسکن مجبور ہے دل تو پہر
وہ دل وہ ولولہ وہ طبیعت کہان ہے اب
اوس لب دہن کے روبرو چلتی نہین ذرا
اے نالہ تجھکو کیون ہوسِ لامکان ہے اب
وہ آنکھ پھیر لیتا ہے رخ کرکے اسطرف
کہنے کیواسطے مرے منہہ مین زبان ہے اب
دل ہوگیا ہے ناقۂ لیلی کا ساربان
تیرِ نظر کبھی یہ برنگِ کمان ہے اب
دل کی تپش نے تن کا یہ کیا حال کردیا
اے نالہ صرف پردۂ محمل گران ہے اب
مانع نہین ہے اب تو کسیکا بھی انتظار
ہر بال پر مرے رگِ دل کا گمان ہے اب
بیوجہ کیون یہ ٹھہری ہوئی لب پہ جان ہے اب

دیکھو دماغ اس سرِ شوریدہ کا فروغ
سایہ بھی زلفِ یار کا اسپرِ گران ہے اب

ردیف بائے فارسی

جھجھکے اے حضرتِ دل ابروئے خمدار سے آپ
واہ معلوم ہوا ڈر گئے تلوار سے آپ

ہم سمجھتے ہی نہین مست مے الفت ہین
باتین آداب کی کیجے کسی ہشیار سے آپ

گو ہر وصل کی امید بھلا کون کرے
جان بیعانے مین لیتے ہین خریدار سے آپ

ہمسری کرتی ہے ابرو سے تمہاری شمشیر
کیجے دو ٹکڑے اسے ناز کی تلوار سے آپ

بوسے کے دینے مین کچھ عذر نہ کیجے صاحب
ورنہ گھبرائیگا شوق کی تکرار سے آپ

زلف و مژگان کی وہ ٹھانی ہین جفا مین ایدل
اب تو عقرب سے ڈرینگے نہ کسی مار سے آپ

وعدۂ لطف تو کرتے ہین مگر عرض یہ ہے
کرین آگاہ بھی اس لطف کی مقدار سے آپ

مدح انکار لگے کرنے بمجبوری ہم
جبکہ بیزار ہوئے خواہش اقرار سے آپ

کیا عداوت کے بھی دشمن ہوئے ای کان نمک
دور رہتے ہین جو اتنا دل افگار سے آپ

زخم کاری کیطرح پھرتے ہین خون روتے ہوئے
اور اے حضرت دل ملئے ستمگار سے آپ

نامہ بر راہ لے اپنی یہ دل اپنا مطلب
جا کے خود عرض کریگا بت عیار سے آپ

آپ خود کان نمک ہین چلیے آئین بخوف
ہونگے شرمندہ نہ ہرگز دل افگار سے آپ

گردش چشم صنم سے ہوئے کیا زار فروغ
خط موہوم بنے گردش پرکار سے آپ

ردیف تاے مثناۃ فوقانیہ

بتا اے دل رہا تو کسکے گھر رات
پھرایا تونے مجھکو دربدر رات

روان تھا چشم سے فوارۂ خون
نہایت خون دل تھا جوش پر رات

اوسیکی رات تھی عیش و سیکا ۔ رہے ہے آرام جان تم جسکے گھر رات
خط اسنے مجھے بے یار پاکر ۔ رگ جان پر لگائے نیشتر رات
کسیکی چشم کی گردش سے عالم ۔ مژہ کیطرح تھا زیر و زبر رات
سنا تو کچھ مرا افسانہ لیکن ۔ بہت جھجکے وہ افسون جانکر رات

فروغ اوس رخ کی افشان کی ہوس مین
ثریا پہ رہی میری نظر رات

کسیکی ناز کی کا تھا جو ڈر رات ۔ نہ نکلا دل سے نالہ تا سحر رات
اودہر بس بس ادہر جوش ہوس تھا ۔ کٹی اسطرح قصہ مختصر رات
بہت بگڑے وہ گستاخی پہ اسکی ۔ بنی تھی میرے دل کی جان پر رات
نہ پوچھو حال میرا تم نکیرین ۔ لگا تھا دل پہ اک تیر نظر رات
ثوابت وار تھے حیرت مین سیار ۔ جو تھا وہ جلوہ فرما بام پر رات
وہ آکر پھر گئے دم بھر نہ ٹھہرے ۔ مرے گھر شام ہی سے تھی سحر رات

فروغ اوس زلف و رخ کے عاشقون کو
خبر کیا ہے کدھر دن ہے کدھر رات

لبون پہ ہے دل بسمل کی حسرت ۔ نکل او خنجر قاتل کی حسرت
لکھا تھا یون کہ دونون ساتھ نکلین ۔ ہماری جان کسیکی دل کی حسرت
پھنسیگی دل مین مثل خار کب تک ۔ خیال دوری منزل کی حسرت

دکھاتی کیا ہی دیکھین آگے چلکر
ہماری سعی بیجا وصل کی حسرت

نہین معلوم کسکی آرزو مین
سراپا بنگیا ہین دل کی حسرت

جلاتی ہے ہمین در پردہ یارب
یہ کسکی گرمی محفل کی حسرت

بیان کرتی ہے میرے دل کی روداد
کف افتادۂ ساحل کی حسرت

جو آئین چودہوین کو وہ لب بام
تو دیکھو پھر مہ کامل کی حسرت

عداوت اونکے دل کی ہوگئی ہے
فروغ بےنوا کے دل کی حسرت

ہمنشین گر رہے یہی دیدۂ تر کی صورت
کوئی دن مین نظر آئیگی نہ گھر کی صورت

نہ دکھائیگی اگر آج اثر کی صورت
کبھی دیکھونگا نہ مین آہ سحر کی صورت

کمر نازک جانان سے لپٹ کر دل زار
کیا بنا ہے گرہ تار نظر کی صورت

نہین معلوم کہ کیا حشر بپا کردیتے
دیکھ پاتے مرے نالے جو اثر کی صورت

پردۂ گل مین جو تھا اوسکو نہ دیکھا بلبل
ہوگئی تیری تو رہزن گل تر کی صورت

صدمے دیکر مجھے دیکھا کہ ہے زندہ تو کہا
دیکھنا چاہیے اب اسکے جگر کی صورت

حسن کے رعب نے اندر مجھے جانے نہ دیا
رہگیا در ہی پہ مین پردۂ در کی صورت

دوستو پوچھو نہ کچھ منزل مقصود کا حال
ترک جان ہے یہان آغاز سفر کی صورت

انتظار بت عیار مین مدت سے فروغ
در سے آنکھین ہین لگی حلقۂ در کی صورت

ایک مدت سے کھلی آنکھین ہین پری کی صورت
اپنا گھر جانکے آجاؤ نظر کی صورت

ذکر خورشید قیامت جو کیا واعظ نے
پھر گئی آنکھون مین اوس رشک قمر کی صورت

کوچہ گردی نہ کرو اتنی کہ چھپ جاؤگے
ایکدن گرد یتیمی مین گہر کی صورت

جب بٹھایا ہمین تیغ بیٹھہ گئی دل کیطرح
جب اوٹھایا تو اوٹھے درد جگر کی صورت

مرکے چاہا کہ چھوٹین عشق کمر سے لیکن
نظر آئی نہ عدم مین بھی سفر کی صورت

بزم مین تھی جو تیری نکہت گیسو سے تو رشک
جلگیا رشک کی آتش سے اگر کی صورت

گو خبر اپنی نہین مجھکو مگر اوسکے لئے
اوڑتا پھرتا ہون مین عالم مین خبر کی صورت

خط خورشید ذرا اور جو ہوتا باریک
تو مین کہتا کہ یہ ہے اونکی کمر کی صورت

شب مہتاب مین رہتا ہون مین بیتاب فروغ
اوسکی صورت سے جو ملتی ہے قمر کی صورت

گر پری دیکھے مرے رشک قمر کی صورت
ہوکے حیران کہے اللہ رے بشر کی صورت

چشم پر آب رہا کرتی ہے مثل شبنم
آپ ہنستے ہین بہت کیون گل تر کی صورت

حیرت حسن تو دیکھو کہ مری آنکھو مین
اشک تک ہلتے نہین آب گہر کی صورت

جیسے کی زیب کمر یار نے شمشیر ادا
دیکھنے مین نہین آتی ہے سپر کی صورت

اے رگ گل اسے کہتے ہین لطافت کہ کبھی
نظر آیا نہ کسیکو وہ نظر کی صورت

سیمبر کو مرے دیکھا تو کہا گل نے یہ شوخ
کاش آئے مرے آغوش مین زر کی صورت

تیری تسبیح سی پڑہتا ہے غم دل زاہد
ہے یہی میر بھی صد پارہ جگر کی صورت

تنگئی بزم نے کیا کام کیا رات فروغ
کہ ہوئی مجھسے نہ کافر کو سفر کی صورت

ع الفقیر سلطان الظفر

ایک مدت سے کھڑا ہون مین شجر کی صورت
اب تو پردے سے نکل آ تو ثمر کی صورت

اوڑ گئے ہوش مرے دیکھکے مضمون عتاب
خط بھی کافر کا جو آیا تو خطر کی صورت

زیب پا رنگ حنا وان ہے یہان بارش سنگ
ایک ہے پاے صنم اور مرے سر کی صورت

تو وہ قاتل ہے کہ گر سایہ فگن ہو گل پر
اوسکا ہر برگ ہو خونریز تبر کی صورت

چلکے اُس کوچے مین پیوند زمین ہو جانا
ہے یہی اپنے سفر اور ظفر کی صورت

ہو حنا سے کف مشاطہ و لاخون ہو کر
زلف تک اُسکے ہے اک یہ بھی گذر کی صورت

دیکھکر حسن کی گرمی کو تیرے اے کافر
اوڑ گئے ہوش سمندر کے شرر کی صورت

اونسے کیا دل کو ہو امید ترحم جنکو
اُسکے نالون سے تنفر ہے اثر کی صورت

کیون نہ مطبوع جہان ہو تری دشنام بھی یا
تیرے ہر عیب مین ہے لاکھ ہنر کی صورت

بدگمانی میری سائل ہے رقابت تجھسے
کیون ہے پرشور نمکدان مرے سر کی صورت

کیا عجب ہے کہ خود اوڑکے یہ مرا نامۂ شوق
وصل بازو سے کبوتر سے ہو پر کی صورت

لاغری اپنی سلامت رہے جس سے کہ فروغ
رہتی ہے پیش نظر اوسکی کمر کی صورت

ردیف تائے ہندی

جب جانین ترا خوب ہے ای تیغ نظر کاٹ
اک وار مین داغ دل مضطر کی سپر کاٹ

موقوف ہوئی کیون نمک افشانی خندہ
لِلّٰلہ نہ عاشق کا حق زخم جگر کاٹ

ایک خلق ہے سرگرم فغان دیکھکے وہ رخ
اے غمزۂ رہزن تو رہ جذب اثر کاٹ

یون تیز چلے تیرے لب لعل کے آگے
طوطی کی زبان بہر خدا صوت پر کاٹ

کرتی نہین بلبل ادب گوش نزاکت
سر اوسکا تو اے خنجر برگ گل تر کاٹ

تاب نگہ شوق نزاکت کو کہان ہے
تو دشنۂ مژگان سے ہر اک تیر نظر کاٹ

اے ماہ ترے بام پہ ہے کسکی رسائی
تو شل قمرات کو بخوف و خطر کاٹ

کہتا ہے بجا اوس سے فروغ اسکا دعارض
چلکر چمنستان مین رنگ گل تر کاٹ

ردیف ثای مثلثہ

باقی تہا کون کی یہ دوبارہ ادا عبث
سب جا چکے جہان سے آئی قضا عبث

وصل نگار ہجر سے بڑہکے ہی جانستان
رکہتی ہے تو امید اثر اے دعا عبث

دل مین وہ تاب اور وہ طاقت نہین رہی
اب اے نگاہ ناز یہ مشق جفا عبث

مین نے کہا کہ آپ تو ہین میری زندگی
بولے کہ زندگی سے امید وفا عبث

اوس بت نے بات بہی تو نہ کی تجہسے ایکدن
اے دل تو اوسکے واسطے کافر ہوا عبث

یکسان ہین مجہکو راحت و رنج ای ستم شعار
اب تجہکو قصد ہے مرے آزار کا عبث

مارے ہوئے کو مارنا بے سود محض ہے
کرتے ہو دل کیواسطے فکر سزا عبث

عقدہ ہے میرے دل کا وہ اے دست آرزو
کوشش پئے کشایش بند قبا عبث

شوخی کا زور شور اور اس دل کی چھیڑ چھاڑ
گستاخی ہو معاف یہ شرم و حیا عبث

مانند عمر رفتہ پھرا وان سے کب کوئی
قاصد کی بازگشت کا ہے آسرا عبث

کعبے کو گر مین جاؤنگا وان بھی تو سنگ ہے
پھر مجھکو بت پرستی سے ہے روکنا عبث

تم مجھسے بات کرتے ہو کیا کم ہے یہ اثر
کہتے ہو میرے نالے کو تم نارسا عبث

مقبول ہو چکی ہے دعا درد کی فروغ
کہاتی ہے اپنا خون جگر یہ دوا عبث

ردیف جیم معجمہ

خیر ہے مضطر بہت ہم آپکو پاتے ہین آج
اسقدر کیون حضرت دل آپ گہبراتے ہین آج

کیا کہین اے ہمنشین کیا بات ہے جو صبح سے
ہمکو سمجہاتا ہے دل ہم دل کو سمجہاتے ہین آج

کل تلک شیخ حرم تہے اپنے سب ہیچ شروح اوس
کوچۂ زلف صنم مین ٹہوکرین کہاتے ہین آج

صبر دل ہین اور دل سینہ مین کیون اے اضطراب
ہو گرفتار قفس کیطرح گہبراتے ہین آج

تجہکو اے شوق شہادت ہو مبارک کام دل
جلوہ گاہ ناز مین وہ مجہکو بلواتے ہین آج

کس غضب مین جان ہے یارب کہین وہ سن نہ لے
حضرت دل اور کچہہ ارشاد فرماتے ہین آج

ہو گیا شاید مصمم عزم میرے قتل کا
اُنکے انداز و ادا کچہہ جیتے تہراتے ہین آج

تیرا اے اندیشۂ عذر نارسائی سن چکے
ہم ہی جا کر آپ اپنی خبر لاتے ہین آج

شرمست کل تک ملا سکتے نہ تھے ہمسے نظر
یہ ہمارے مہربان آنکھیں جو دکھلاتے ہین آج

ساتھہ چلتے ہو ہمارے اے فروغ خستہ جان
سوے دل گم گشتہ کو ہم ڈھونڈنے جاتے ہین آج

قدمون پہ گرا یار کے کٹکر مرا سر آج
کیا دل کی مہم تیغ نگہ سے ہوئی سر آج

نکلی عوض خون مرے زخمون سے شکر آج
کیا آب دہن سے تھی بجھی تیغ دو سر آج

کس شوخ کا یارب ہے تصور مرے دل کو
جو برق بنے ہین مرے آہون کے شرر آج

سرگرم صف آرائی ہے وہ لشکر مژگان
اے حضرت دل باندھیے مضبوط کمر آج

زاہد یہ قد یار قیامت سے ہے کیا کم
کیونکر نہین مجھکو ہے بھلا کل کی خبر آج

کسطرح سے نکلینگے رہ حباب لاکھون ہی آنکھین
اوس در سے لگی ہین صفت حلقۂ در آج

بے پردہ وہ بیٹھے ہین ادھر پھیر تو منھہ کو
دیکھین تو ہم اے مہر ترا لاف نظر آج

کچھہ بیخودی کچھہ زلف ستمگر کی کشش تھی
آخر کو چلا ہی گیا مین غیر کے گھر آج

کیون شکل سے اس دل کی تمھین ہو گئی نفرت
کیا آگئی آنکھون مین فروغ اونکی نظر آج

تم دل کی طرح جاتے ہو اے ہوش کدھر آج
کچھہ کہتی ہے سمجھو تو لگاوٹ کی نظر آج

کیا تھا کہ جو لی آبلۂ دل کی خبر آج
اے خار رہِ دوست چلے آئے کدھر آج

وہ آتے ہین اور تیغ بھی ہے زیب کمر آج
ظاہر ہے سبب پوچھین بھلا کیا کہ کدھر آج

اُس تیغ سے کچھہ عذر کیا تمنے تو واللہ
یا ہم نہین یا تم نہین آگے گردن سر آج

ہر روز وہ اک تازہ ستم کرتے ہین ایجاد
کیونکر نہو ہر روز مرا کل سے بتر آج

کل دیکھینگے جب پردہ اوٹھائینگے وہ رخ سے
یون تو ہین بہت مدعی تاب نظر آج

نالے سے ہمارے تو عداوت تھی اثر کو
کیون آتے ہین تھامے ہوئے پھر دل وہ ادھر آج

اوڑتی ہوئی پھرتی ہے ابھی خاک ہماری
سمجھے تھے غلط ہم کہ ہوا ختم سفر آج

کیون صبح سے تصویر صفت بیٹھے ہو خاموش
کیا خواب مین دیکھا ہی مرا داغ جگر آج

وہ اونکو تماشا تو دکھا اے تپش دل
تکتی ہی رہے میری طرف اونکی نظر آج

تھامے ہوئے دل کو وہ فروغ آتے ہین کچھ
کیونکر نہو شاکی مرے نالون سے اثر آج

ردیف جیم فارسی

اے مصور نہ یون تصویر بت بے پیر کھینچ
ہے مرا آئینۂ دل عکس کی تصویر کھینچ

قتل عالم گر ہے منظور نظر بے شور و شر
شرمگین آنکھون مین سرمے کی ذرا تحریر کھینچ

جان نکل بھاگی کی صدمہ سے ابھی اے چارہ گر
پوچھکر میرے دل مجروح سے تو تیر کھینچ

اوس بت کافر کے سنگین دل کو از بہر خدا
بنکے مقناطیس ہی اے آہ بے تاثیر کھینچ

زاہد آیا ہے جو تو بہر نماز عاشقان
نالہاے گرم جا لے نعرۂ تکبیر کھینچ

ناتوان ہون دم نکلجائے نہ نالے کیطرح
اے خیال زلف آہستہ مری زنجیر کھینچ

دم گھٹا جاتا ہے دونون کا ترے جم جاہیئے
نالہ کھینچون مین ادھر اور تو ادھر شمشیر کھینچ

زاہدوں کی شیخیاں اب تو سنی جاتی نہیں
مثل ہے اونکا بھی دل اے میکدے کی پیر کھینچ

اس دل مضطر پہ اے حال پریشاں رحم کر
اسکی تسکین کے لئے اوس زلف کی تصویر کھینچ

کسقدر اپنے دل سنگیں پہ اسکو بھی گھمنڈ
مجھسے کہتا ہے کہاں تو آہ بے تاثیر کھینچ

عمر ساری کٹ چکی دو ایک دم باقی ہیں صرف
طول اتنا اب تو اے شوق کی تحریر کھینچ

ہے نشانہ سامنے یعنی کہ وہ ہے سامنے
ترکش دل سے فروغ اک آہ کا تو تیر کھینچ

ردیف حاے حطی

دل میں کچھ ایسی بسی ناوک مژگان کیطرح
کہ نکلنے لگے نالے مرے پیکان کیطرح

مجھسے ملجائیے جسطرح ملے ہیں دونوں
میری قسمت کیطرح آپ کی مژگان کیطرح

غم کسیطرح نکلتا ہی نہیں کیا کیجے
جم گیا ہے دل ناشاد میں ارمان کیطرح

زلف جانان کے مشابہ ہے بہت حال مرا
یعنی دونوں میں ہے سب شام غریبان کیطرح

اپنی بربادی ہوئی مد نظر کیوں یارب
نکہت زلف کو میرے سروسامان کیطرح

جوش وحشت یہ رہا ہمکو کہ دامن کے سوا
دامن دل بھی تھا صد چاک گریبان کیطرح

خوف سے کسکے پس آہ و فغان ہیں مرد
دل تو آباد ہے پر شہر خموشان کیطرح

چشم پر خون کا ہی فیض کہ دامن ہے مرے
باغبان سیکھنے آتے ہیں گلستان کیطرح

کیا زمانہ ہے تیری زلف سیہ فام کا واہ
کفر محبوب دل خلق ہے ایمان کیطرح

اوس ستم کش سے امید وفا رکھتا ہون
مین بھی نادان ہوا ہون دل نادان کیطرح

خون عاشق تو نصیب اسکو نہین ہر یارب
لعل نے کیسی اوڑائی لب جانان کیطرح

خوب جا پہنچا تو شب ہجر مین اس دل کا مرے
کوئی غمخوار نہ تھا سوزش پنہان کیطرح

چاہیے تا ہے مجھے ہر وقت یہ ہو جہ فروغ
دل نے بھی سیکھی ہے کیا غمزۂ خوبان کیطرح

ردیف خاے معجمہ

نہین ہے خندۂ گل کی اگر صدا گستاخ
تو گوش یار نے پھر اوسکو کیون کہا گستاخ

حیا حجاب تحمل مین کسطرح ٹھہرے
کرشمہ شوخ نگہ چلبلی ادا گستاخ

ادب سے کام نہ نکلا جو کچھ بھی اس دل کا
تو اضطراب کی مانند ہو گیا گستاخ

پسین تو ہم تہ سنگ جفا یہان آ کے چرخ
ہو سبز باغ دکھا کر وہان حنا گستاخ

نہ مانگون بوسہ تو کہتے ہین ہو گیا ہے غرور
جو مانگتا ہون تو کہتے ہین ہو گیا گستاخ

کشان لئے آتی ہے واعظ کو سوے میخانہ
یہ دخت رز بھی ہے کسدرجہ سا قیا گستاخ

لئے تو جاتی ہے اونکی ادا مین ڈرتا ہون
دل خراب ہے میرا بہت بڑا گستاخ

وہ اوسکو توڑ کے رکھتے ہین ہاتھ کانون تلے
شکستہ شیشۂ دل کی ہے کیا صدا گستاخ

جبین زلف پہ کیون چین ہے بوسہ لینے سے
اسینی تو دل مضطر کو کر دیا گستاخ
سینے زلف سینے ۱۲

یہ شوخیان دل مضطر مین پہلے کب تہین فروغ

کسیکی زلف کی صحبت مین ہو گیا گستاخ

ردیف دال مہملہ

نہ پوچھہ کچھہ سبب نالہ و فغان صیاد
نہ سن سکیگا مرے غم کی داستان صیاد

یہ میرے نالے نہ کیونکر ہون خونفشان صیاد
دل و جگر مین بہت زخم ہین نہان صیاد

تپان ہون اسلیئے اب تک کہ زخم پنہان ہے
خیال خندۂ گل ہے نمک فشان صیاد

قفس کی قید کا مین غم کرون معاذ اللہ
جناب عشق کا پہلا ہے امتحان صیاد

نہین خیال رگ گل کا نیش ان ہے اگر
تو پھر یہ کیون ہے خلش دل کے درمیان صیاد

برنگ گل ہمہ تن گوش تو اگر ہو جائے
تو کچھہ سناؤن تجھے اپنی داستان صیاد

امید رحم نہین اے دل عبث ہے گریہ و آہ
کہین ہوا ہے کسی پر بھی مہربان صیاد

قفس مین ہوگا خدا جانے حال کیا میرا
ہوا ہون دام مین پہنستے ہی نیمجان صیاد

خیال گل کا اوڑاتا ہے ہوش بکیطرح
میرے سکوت سے ہو نا نہ سرگران صیاد

چمن مین خوف خزان تھا یہان ہے رنج فراق
فراغ تہا نہ وہان کچھہ مجھے نہ یہان صیاد

بنا دیا ہے مجھے تو نے ہی سخت جان ورنہ
یہ زندگی مری اور ہجر بوستان صیاد

مین نالہ کرتا ہون تو دیکھہ آسمان کیطرف
جو میرے غم کا ہے منظور امتحان صیاد

خیال گل ہے جو ہمدم تو مین سمجھتا ہون
قفس ہے قصر مرا اور پاسبان صیاد

چمن سے ضد ہی تو رکھہ دے قریب شمع قفس
اوسیکے گل سے کہین دل ہو شادمان صیاد

فروغ بلبل دل کا خدا ہی حافظ ہے

زمین ہے دام بلا اور آسمان صیاد

عقل کو دیوانہ ہم سمجھے قدح نوشی کے بعد
ہوشیاری ہم میں کیا آئی ہے بیہوشی کے بعد

کسقدر آتی ہے مجھکو شرم جب آتا ہے یاد
منفعل ہونا کسیکا میری خاموشی کے بعد

آج کچھ بیطرح کانوں سے لگی ہے اوسکی زلف
کیا بلا کرتی ہے آفت دیکھیں سرگوشی کے بعد

چپ جو رہتا ہوں تو دیتی ہیں ہزاروں گالیاں
کیا گزک پاتا ہوں میں صہبائے خاموشی کے بعد

عید تو ملتے ہو مجھسے پر رہے مد نظر
کچھ کہیگی آرزوے دل ہم آغوشی کے بعد

سر کا ٹٹنے سے بڑھا ہے کسقدر اپنا وقار
چار کے کاندھے چڑھے ہیں ہم سبکدوشی کے بعد

پی تو لینے دے ذرا زاہد ہمیں پھر پوچھنا
ہوش ہوتے ہیں بجا رندوں کے مے نوشی کے بعد

اے زلف یار مشک سے بڑھکر ہے تو پسند
ہے سبکو یہ پسند مری مو بمو پسند

حربا کو خور تدرو کو مہ مجھکو تو پسند
عالم میں اپنی اپنی ہے اے خوبرو پسند

اے غم نہ مجھکو جان نہ تن عیش خو پسند
اک دل مجھے پسند ہے جسکو ہے تو پسند

ملتی ہوئی ہے کچھ دل بیتاب سے مرے
پروانے کی ہے مجھکو بہت آرزو پسند

یہ اپنا اپنا ذوق ہے اے تیغ ناز یار
پانی ترا مجھے تجھے میرا لہو پسند

باتیں وہی کریگا تمھاری نگاہ سے
جسکو زبان تیغ کی ہے گفتگو پسند

گل بھی ہے کیا تمھارے کسی خستہ جان کا دل
چاکوں کا اپنے اوسکو نہیں ہے رفو پسند

کیونکہ کریگا غیر ہمارا مقابلہ
ذلت ہمیں پسند اوسے آبرو پسند

مشکل پسندئ دل نادان نے جان لی
یعنی کہ اوسنے کی ہے تیری آرزو پسند

ہے ہنے تو چاک دامن دل کے لئے فروغ
تارِ رگِ جگر سے کیا ہے رفو پسند

ردیف ذال معجمہ

اتنی نہو گی آپکو جہوٹی قسم لذیذ
جتنا ہے مجہکو دست حنائی سے سم لذیذ

بوسہ تمہارے رخ کا میسر نہو مجہے
گر مین کہون ہے میوۂ باغ ارم لذیذ

چہڑکا نمک جو تیرے تبسم نے ای مسیح
کیا ہو گیا کباب دل پر الم لذیذ

آنے سے خط کی دل لب شیرین سے ہٹ چلا
قند سیہ نبات سے ہوتا ہے کم لذیذ

کیا پڑ گئی نظر کوئی اپنی ادا و نہین
جو کہہ رہے ہین آج کہ ہوتا ہے سم لذیذ

لکہا جو وصف اُس لب شیرین کا ہو گئی
شاخ نبات سے بہی زبان قلم لذیذ

یہ ذوق کا تمہاری ہے نقصان اے فروغ
جو اوسکی گالیون کو سمجہتے ہو کم لذیذ

ردیف رای مہملہ

وہان جانا ذرا اے دل سمجہکر
تڑپتے ہین جہان بسمل سمجہکر

خیال یار کی بہی خو ہے نازک
ذرا اور اضطراب دل سمجہکر

کبھی بند قبا کھولا نہ اوسنے
ہمارا عقدۂ مشکل سمجھکر

چلے ہین حضرت دل شل بسمل
تپش کو رہبر کامل سمجھکر

عطا ہو کچھ تو ہمکو دل کے بدلے
حساب دوستان در دل سمجھکر

وفور ضعف سے نالے بھی لب تک
نہین آتے کڑی منزل سمجھکر

یہ زخم دل ہے خندان کسقدر آج
زبان خنجر قاتل سمجھکر

لیے جاتا ہون وان ہمراہ دل کو
خطاب ناز کے قابل سمجھکر

وہ شمشیر قضا کا گھاٹ نکلا
جہان اوترے تھے ہم ساحل سمجھکر

گلوے عاشقان بھی ہے ادبگاہ
ارے او خنجر قاتل سمجھکر

کسی بسمل کو جب وہ دیکھتے ہین
بناتے منہہ ہین میرا دل سمجھکر

ابھی پردے مین گو وہ رخ ہے لیکن
ادھر آنا مہ کامل سمجھکر

بتون کی شان مین للہ واعظ
کہا کر کچھ حق و باطل سمجھکر

دم دیدار کر لیتے ہین ہم بند
فروغ اس آنکھہ کو حائل سمجھکر

کل ہمین غش آگیا دل کا تڑپنا دیکھکر
آپ ہی بیخود ہوئے اپنا تماشا دیکھکر

مین تو کچھ کہتا نہین لیکن یہی ہے مجھکو غم
کیا کہیگا تمکو عالم حال میرا دیکھکر

عذر بارش سد راہ مدعا ہو جائیگا
اب ذرا اے چشم تر آنسو بہانا دیکھکر

کسقدر تھا رات دل پر ہجوم آہ و فغان
دل بھی حیران تھا سروسامان اپنا دیکھکر

کوئے قاتل کا تماشا رات دیکھا ہمنے خوب
دیر تک ٹھہرے رہے تھے حشر برپا دیکھکر

کسقدر پھر کرم کرنے لگے اسرار غیب
فکر مضمون کمر کا دل مین آنا دیکھکر

سرو اور شمشاد کیا ہین فتنہ ہائی روز حشر
اپنی جا نین کھوئینگے اوسکا سراپا دیکھکر

ناگوار طبع کیونکر طعنۂ اغیار ہو
خود ہنسی آتی ہے ہمکو حال اپنا دیکھکر

اسقدر سوئے کہ چونکے صبح محشر تک نہ ہم
شام نا فرجام فرقت کا تماشا دیکھکر

اب جفاؤن کی شکایت ہر کسی سے ای فروغ
ہم نہ کہتے تھے ذرا دل کو لگانا دیکھکر

اب عبث ہی شکوہ اوس پردہ نشین کا ای فروغ
پہلے اوسکو دل دیا تہا آپنے کیا دیکھکر

ہر دم وہن زخم سناتا ہے بیان اور
پاتا ہے جو ہر دم ترے ناوک سے زبان اور

جز شمع سحر تجھکو ہے کیا مجھہ پہ گمان اور
کیون مجھکو جلاتا ہے تو اے سوز نہان اور

کس ناز سے آجاتی ہے تن مین مرے جان اور
جسوقت وہ جلا دے کہتا ہی کہ ہان اور

واعظ ہی ارشاد تو موسی کو ہوا تھا
ارباب ادب اور ہین اور سوختہ جان اور

ابتک نہین دیکھی قدر انداز قضا کی
ان ابرو و مژگان کے سوا تیر و کمان اور

کرتا ہون ادنا صبح نادان کا ابھی مین
کچھہ مجھہ پہ کرم کیجئے اے پیر مغان اور

آنکھون سے مرے بھگیا خون ہوکے دل زار
پھر کون ہے پہلو مین مرے گرم فغان اور

کیا فہم رسا ہے کہ لگاتا ہے وہین تیر
کہتا ہون مین جب بھیج کوئی راحت جان اور

پہونچیگا نہ تو ضد نکر اے قاصد نادان
عالم کے مکان اور ہین ادرا اوسکا مکان اور

نادان ہی رہا صورت بلبل دل شیدا
آیا نہ کوئی اسکو بجز غیب فغان اور

وہ گالیان لکہتے ہین ہمین اونکی تنا ہم
ہے رسم محبت کی یہان اور وہان اور

ہوتا ہی غضبناک وہ تاثیر سے اوسکی
کرتا ہے اوسے آگ مرا سوز نہان اور

سعدوم ہی ہی اوسکی کمر اور بہی موجود
عنقا کا نشان اور ہے اور اوسکا نشان اور

وہ تیغ زبان تیغ بکف آتا ہی لے دل
آئی تیرے سمجہانیکے لیے ایکنہ بان اور

جان لیتے ہو اک بوسہ پاکے عوض اسجان
ہے جنس گرانمایہ کرو اسکو گران اور

دیکہی مرے اک نالے کی تاثیر تو تمنے
آجاؤ بس اب ورنہ مین کرتا ہون فغان اور

فطرت سے فروغ اونکی جو آگاہ ہی یہ دل
وہ لطف بہی کرتے ہین تو کرتا ہے گمان اور

شیخصاحب کیجیے باتین نہ ایمان چہوڑکر
کون جاتا ہی حرم کو کوے جانان چہوڑکر

بے سبب آتے نہین ہین جا بجا کووان چہوڑکر
ہم خبر لیتے ہین یون جاسوس پنہان چہوڑکر

حسن نے کس گل کے یارب یہ جنون پہیلا دیا
بلبلین صحرا کو جاتی ہین گلستان چہوڑکر

دیکہیے زاہد کس ادب سے ہم کلیسا کیطرف
سر کے بل جاتے ہین یا اہل ایمان چہوڑکر

تو ہی بتلا دے ہمین بہر خدا اے چشم شوق
اشک جاتے ہین کہان دامان مژگان چہوڑکر

دیکہکر صورت مری وحشتکدے کے تیر یار
کسقدر گہبراکے بہاگا دل ہی پیکان چہوڑکر

ایک تو پردہ نشین وہ دوسرے نازک مزاج
ایدل اوسکے در پہ جا ہان آہ و افغان چہوڑکر

عشق گر صادق ہے تو جان زلیخا کیطرح
چاہیے زندان کو جانا قصر و ایوان چہوڑکر

ہر رگ و پے ہی رسن کی طرح وقف پیچ و تاب
ہو گیا ہے حال یہہ چاہ زنخدان چھوڑ کر

ایک دم کو رم نہین وہ ہوتے مثل غزال
کیا ہی سیکھا طرز حیوان وضع انسان چھوڑ کر

عشق صادق جب سمجھتے ہم کہ جب ہمراہ گل
بلبلین بازار کو آتین گلستان چھوڑ کر

روبرو اوس فوج مژگان کے ٹھیر سکتا ہی کون
ترک گردون ہٹ گیا سو بار میدان چھوڑ کر

جسکے دامن کی تمنا مین ہوے ہین خاک ہم
اوسکے قدمون کو کہان جائین ہم اسجان چھوڑ کر

اوسکی گر تصویر بہی تو دیکہہ لیگا ناصحا
لیگا پہر اپنا گریبان میرا دامان چھوڑ کر

تم نہ کہتا ماننا پاس اثر کا اے **فروغ**
سخت وحشت ہوگی شغل آہ و افغان چھوڑ کر

چھٹے ہم ہستی موہوم کے غم سے فنا ہو کر
ہمارا ساز راحت بنگیا اب بے صدا ہو کر

بہت ستا چھٹا یہ دل حساب روز محشر سے
شہید خنجر بیرحمئی ناز و ادا ہو کر

مرے خون گشتہ ارمانون کی قسمت مین لکہا تہا
کہ زیر پاے محبوبان رہین رنگ حنا ہو کر

بہار حسن جانان تک رسائی اپنی گر ہوتی
تو بوے زلف مشکین کو اوڑا لاتے صبا ہو کر

نہین وہ ہی تو دیتا زیب تن ہے اس ستمگر کے
ہمارا زخم دل یہ رنگ لایا ہے ہرا ہو کر

کرم کرتے ہین مجہپر اونکی عشوے شکل اکثر
کبہی تیغ جفا بنکر کبہی تیر قضا ہو کر

محبت نے عجب تاثیر بخشی ہے مرے دلکو
شکایت بہی جو نکلی ہے تو نکلی ہے دعا ہو کر

فروغ اتنا تردد تمکو اب زیبا نہین ہرگز
غلام خاندان سید ہر دو سرا ہو کر

عیان ہے رنگ سے چہرہ کے جسم و جان کی خبر
غبار جستہ سے پاتے ہین کاروان کی خبر

یہ برہمی ہے تپ غم سے خانۂ تن مین
جگر کو دل کی نہ دل کو ہے جسم و جان کی خبر

دم نشانہ آگہی نہ اضطراب کرے
اوڑہی سے ہے طائر دل کی پہر امتحانکی خبر

یہ بندوبست شۂ ناز نے کیا ہے وہان
کہ خواب مین بہی نہ آئے یہان وہان کی خبر

ہمارے زخم جگر کہل رہے ہین سن سنکر
تبسم لب لعل نمک فشان کی خبر

ہم ایسے محو ہوئے دیکہکر کسے یارب
کہ تن کا ہوش نہ باقی رہا نہ جانکی خبر

کسیکے راز کا یہ پاس حفظ ہمکو رہا
کہ دل سے بہی نہ کہی ہمنے اپنی جانکی خبر

رہا اسیر ہمیشہ وہ عندلیب ہون مین
قفس کی پوچہہ لو مجھسے نہ آشیان کی خبر

ہمارے نالے اگر کچہہ بہی یاوری کرتے
تو ہم بہی لیتے ذرا دور آسمان کی خبر

چمن مین شور ہے صحرا مین دہوم کوہ مین غل
کہان کہان نہ گئی میری داستان کی خبر

نہ شور رعد ہے یہ بے سبب نہ گریۂ ابر
گئی ہے چرخ پہ شاید مرے فغان کی خبر

نہ دیجیے چمن کوے یار سے نسبت
سنا ہی کیجیے بس گلشن جنان کی خبر

فروغ اوس سے کوئی بات چھپ سکے کیونکر
کہ جسکی جنبش ابرو ہو اک جہان کی خبر

کہلے بند قبائے یار کیونکر
الٰہی ہو کشود کار کیونکر

ملی شانے کو زلف یار کیونکر
ملا اسکو فسون مار کیونکر

ہوائے نفس ہے طوفان سے بڑہکر
الٰہی ہوگا بیڑا پار کیونکر

بتو کچھہ خوف بہی اللہ کا ہے
سہے اک جان ہزار آزار کیونکر

قیامت سے ہی بڑہکر قامت یار
نہ ڈہاے تم آفتین رفتار کیونکر

نزاکت اور حیا دونون ہین مانع
کرے جنبش لب اقرار کیونکر

ہین سنکر تجہسے واعظ حور کا وصف
کرونگا اون سے آنکہین چار کیونکر

یہ گیسو اور ہر اک تار اسکا ایسا
نہ ٹوٹین سبحہ و زنار کیونکر

بتا اے نافہ تاتار تجہسکو
ملی یہ بوے زلف یار کیونکر

جو کہتا ہون کہ مرجاتے ہین عاشق
تو کہتا ہے بت عیار کیونکر

چراغ داغ دل ٹہیرا ہے یارب
حضور مار زلف یار کیونکر

رقابت کے ہین باعث بس یہی بت
ملینگے کافر و دیندار کیونکر

چلو صحرا مین دیکہو خون سے میرے
رگ گل بنگئے ہین خار کیونکر

یہین کی ہے میری مٹی یہین کی
چہوٹیگا مجہسے کوی یار کیونکر

وہ سنکر غم مرا ہنسکر یہ بولے
ذرا پہر ہان فروغ زار کیونکر

ردیف زاے معجمہ

کیا پوچہتے ہو چاک دل زار کے انداز
سب آپ کے ہین روزن دیوار کے انداز

دیکہے ہین ہر اک ملک کی تلوار کے انداز
کچہہ اور ہی ہین ابروے خمدار کے انداز

ہین کسکو بتاؤن کہ لیا کسنے مرا دل
ایک ایک سے بڑھکر ہین ستمگار کے انداز

جان آگئی تن مین ترے آواز قدم سے
رفتار مین بھی ہین تری گفتار کے انداز

کیونکر نہو محشر سے جہان درہم و برہم
کچھ سیکھے ہین یا او سنے تری رفتار کے انداز

کسطرح کرے بات کوئی چشم سے اسکی
دیکھو تو ذرا غمزۂ خونخوار کے انداز

دیکھا تو خطا کچھ بھی نہ پائی گئی دل کی
خود کھینچتے تھے طرۂ طرار کے انداز

حیرانی و بیخوابی نرگس سے عیان ہین
کیا صاف ترے طالب بیدار کے انداز

اے چرخ ترا ناز بجا ہے کہ یہ انجم
کچھ رکھتے ہین افشان رخ یار کے انداز

وان مجھکو ٹھہرنے نہین دیتے سگ دربان
پہچانتے ہین طالب دیدار کے انداز

زاہد ہے تجھے سنگ در دیر کی حاجت
ہین سر مین ترے شیشۂ پندار کے انداز

قابو مین کسیطرح **فروغ** اب نہین آتا
کیا سیکھے ہین دل نے بت عیار کے انداز

ردیف سین مہملہ

زاہد چلو تو اوس بت کافر ادا کے پاس
پہونچوگے ایک شب ہی مین اسکے خدا کے پاس

غم ہے تمہارا میرے دل باوفا کے پاس
جسطرح عیش دل ہے تمہاری جفا کے پاس

گل نے کیا ہی اپنا گریبان جو چاک چاک
کسکے بدن کی بو تھی الٰہی صبا کے پاس

سودا ہوا ہے کیا تجھے اے دل کہ بار بار
جاتا ہے دوڑ دوڑ کے زلف دوتا کے پاس

آتی ہے تجھسے بوی کباب ے افغان مجھے | کیا دل گیا تھا آتش رنگ حنا کے پاس

اے تیر غمزہ کسلیے کاوش ہے اسقدر | جز درد کچھہ نہین ہے دل مبتلا کے پاس

کسدرجہ بدگمان ہے کہ مجھہ پر لگا کے تیر | پہر دیکھتا ہے غور سے وہ مجھکو آ کے پاس

جاتی ہے جان زار عجب شوق و ناز سے | شاید کہ اونکی تیغ ادا ہے قضا کی پاس

اے درد یار مجھسے نہو بدگمان ذرا | جاتا نہین ہے وہم بہی میرا دوا کے پاس

گہر بیٹھے دیکھتا ہی اوسے چشم داغ سے | کیا دور ہین ہے مرے دل مبتلا کے پاس

کیون نا امید کرتے ہو دل کو تم اے فروغ
شوخی بہی ہے کہڑی ہوئی شرم و حیا کے پاس

یون دل چلا ہے ترک کی تیغ جفا کی پاس | محتاج جیسے جاتا ہے حاجت روا کی پاس

اے دل تو پہر چلا اوسی زلف دوتا کی پاس | جاتا ہے جان بوجہہ کے کالی بلا کے پاس

کیا ہوشیار ہے دل ناداں بکار خویش | جاتا ہے بنکے آئینہ اوس خود نما کے پاس

نالے نے اوسکے پردۂ محمل اولٹ دیا | پہونچا جو وہم میرے فغان کا درا کی پاس

زاہد تم اپنی مسجد اقدس کی راہ لو | جاتا ہون دیر کو مین بڑے رہنما کے پاس

پہنستے ہین جان بوجہہ کے مرغان عقل و ہوش | پہندا عجیب ہے تری زلف دوتا کے پاس

اوس بت نے قتل کرکے کہا مجھسے دیکھہ لو | جاتے ہو تم ہماری بدولت خدا کی پاس

رہتے ہین دست بستہ یہہ بت اوسکے روبرو | اعجاز یا کہ سحر ہے یارب حنا کے پاس

آتے ہین روز جن و ملک سر کے بل یہان | کیا نقش ہے عجیب ترے نقش پا کے پاس

دنیا کا گرد دل کے فروغ آئی کیون خیال
کیا کام دیر کا حرم کبریا کے پاس

ردیف شین معجمه

کل تھی نالے سے مرے بلبل نالان خاموش
آج ہے سارا گلستان گلستان خاموش

ہے کوئی بات تو بات ہے وہ کہے یا نہ کہے
ورنہ یون جلتی کھڑی شمع شبستان خاموش

ذکر محبوب کا ہر حرف ہے ایک راز صبا
نہ سنین کان بھی میرے ارے نادان خاموش

گل کہان اور کہان وہ رخ رشک گلزار
یا وہ گویا نہ کرے بلبل نالان خاموش

کیا ادا ہو گیا شمشیر ادا کا کچھہ شکر
کیون ہوا ہے دہن زخم نمایان خاموش

آج کس بلبل شیدا کا سنا ہے نالہ
ہے جو غنچے کی طرح وہ گل خندان خاموش

پھر گیا ہو نہ کہین آ کے وہ شوخ آخر روز
آج ہے شام سے جو شمع شبستان خاموش

پاسبانی شب زلف کا منصب ہے تجھے
پھر تو کس واسطے ہے اے دل حیران خاموش

اس سبب سے کہ خموشی ہے جواب جاہل
مین تری بات پہ ہون ناصح نادان خاموش

واعظا چھیڑ سون تیرے نہین ہونگی کبھی
ایک ذرہ بھی مری آتش پنہان خاموش

شور کرتے تھے جو گل گشت مین مستی مین بہت
آج جاتے ہین سوئے شہر خموشان خاموش

کچھہ بتاؤ تو فروغ آپکا کیا حال ہے آج
بیٹھے کس سوچ مین ہو سر بگریبان خاموش

ردیف صاد مہملہ

زور پر ہے خنجر قاتل کی حرص
خوب نکلیگی ہمارے دل کی حرص

دل طلبگار سکون ہے عشق مین
شور کو طوفان مین ہے ساحل کی حرص

صبر سے ملنے نہین دیتی کبھی
دل کی دشمن ہوگئی ہے دل کی حرص

دل تڑپتا ہے مرا بہر وصال
ایک ہی سے ہے اوسکی اور بسمل کی حرص

بوسۂ لب مانگتا ہون دمبدم
کیا بڑہی ہے مطلب مشکل کی حرص

عشق ہے دریاے ناپیدا کنار
کشتئ دل کو ہے کیون ساحل کی حرص

ہوگئی چکّر کی عادت مثل چرخ
اب نہین ہے راحت منزل کی حرص

آتشین رخ سے اولٹ دیجے نقاب
ہے اگر کچھ گرمئ محفل کی حرص

دیکھکر کاسے کو مری چشم کے
کہتے ہین اللہ رے اس سائل کی حرص

اوس سے دعوی عشق کا اے بوالہوس
چھوڑ دے اس دعوئ باطل کی حرص

کام مین سستی نہ کرنا چاہیئے
دل کی حسرت بنتی ہے کاہل کی حرص

آج کر لو تم جو کرنا ہو فروغ
کل ہوا ہو جائیگی یہ دل کی حرص

ردیف ضاد معجمہ

ہمکو تو ہے فقط سخن یار سے غرض
اقرار سے غرض ہے نہ انکار سے غرض

زاہد ہے تجھکو جبہ و دستار سے غرض
مجھکو ہی اوسکی زلف کے اک تار سے غرض

اونکی بلا سے کوئی مرے یا کوئی جیئے
پرسش سے کچھہ نہ کام نہ بیمار سے غرض

سیدھی نہ بات کہئے تو گالی ہی دیجیے
اک حرف کی ہے لعل شکربار سے غرض

قدموں پہ اونکے آپ وہ گرتی ہے بار بار
نکلیگی خاک کاکل دلدار سے غرض

دل ہر معاملے مین بہت ہوشیار ہے
اسکو ہے کچھہ وکیل نہ مختار سے غرض

کیا ہوگیا ہے ہمکو کہ سب حال جانکر
رکھتے ہین پھر اوسی بت عیار سے غرض

لو پھونکتے ہین جامہ ہستی کو اپنی ہم
پھر اور کیا ہے آہ شرربار سے غرض

اکدم کو خواب ہی مین مرے پاس آئین وہ
اتنی سے ہے مجھکو طالع بیدار سے غرض

ہوتا ہے ہمکو حشر کا ہر روز سامنا
رکھتے ہین جبسے آپ کی رفتار سے غرض

کچھہ دست میکشان کو نہین واعظون سے کام
ہان کچھہ ہے اونکے جبہ و دستار سے غرض

دل کو خیال چشم صنم بے سبب نہین
درپردہ کچھہ ہے نرگس بیمار سے غرض

ہوتی تھی کیا ہی لطف سے اپنی بسر فروغ
جبتک نہ تھی ہمین بت عیار سے غرض

ردیف طای مہملہ

گو میرے ساتھہ نسبت تقصیر ہے غلط
لیکن نہ مین کہونگا کہ تقصیر ہی غلط

مین اور گلا ترا ابت بے پیر سے ہے غلط
واللہ مثل شکوہ تقدیر ہے غلط

تقدیر ہی مین اپنی شہادت نہین لکھی
اونکی طرف سے قتل مین تاخیر ہے غلط

اکدم نہ میرے دل کا کبھی غم غلط ہوا
لاف و گزاف نالۂ زنجیر ہے غلط

گو وہ نہ آئے تیر تو یہ اونکا آگیا
کہتا ہے کون آہ کی تاثیر ہے غلط

کچھ اور ہی ہین ابرو و مژگان دلربا
کہنا اوسے کمان اسے تیر ہے غلط

کیون حرف رکھین ہم خط رخسار یار پر
کیسے کہین نوشتۂ تقدیر ہے غلط

جبتک نہ آپ چہرے سے پردہ اوٹھائینگے
کیونکر کہینگے ماہ کی تنویر ہے غلط

تاخیر مقتضائے ترحم ہے اے فروغ
وہ ترک اور قتل مین تاخیر ہے غلط

ہر مثل تیر اے بت بے پیر ہے غلط
یان تک کہ کھچکے تیری تصویر ہے غلط

کوے صنم کی خاک کسیکو نہ جب ملی
کہنے لگے کہ نسخۂ اکسیر ہے غلط

کہتے ہین سنکے شکوہ ہجران بہت صحیح
لیکن ہمارے وصل کی تدبیر ہے غلط

سنبل ہین طیب پیچ و خم دلربا ہین سب
پر یہ کہ مثل زلف گرہگیر ہے غلط

ممکن نہین کہ شوخی سی وہ کھینچ سکے کبھی
واللہ مین نہ مانونگا تصویر ہے غلط

زاہد قسم خدا کی ترا قول سر بسر
مانند وعدۂ بت بے پیر ہے غلط

بیشک فروغ اوس رخ روشن کے سامنے
ماہ فلک کا دعوی تنویر ہے غلط

ردیف ظاے معجمہ

وعظ مین ذکر مے بھی لا واعظ
آرہیگا ہمکو بھی مزا واعظ

دیکھہ غصہ مین بہکگیا واعظ
چل زیادہ نہ مغز کہا واعظ

انتہا کا ذرا خیال رہے
آپ پینے کی ہے ابتدا واعظ

گرچہ بیخود ہین پر سمجھتے ہین
ہے یہ باتین نہ تو بنا واعظ

دینگے قاضی کو ہم ضرور سزا
اسمین فتوی ہے کیا تیرا واعظ

دیکھو چلکر بہشت روے صنم
ذکر دوزخ کا تا کجا واعظ

سنتے جاتے ہین رند سب تیری
کوئی ساعت مین دیکھنا واعظ

کیا کہون کرچکے ہین کیا تجویز
رند میکش تری سزا واعظ

راہ مسجد کی بھول جائیگا
ہو ہمارا نہ رہنما واعظ

میکشون پر گمان بیہوشی
ہوش کی اپنی کر دوا واعظ

کان مین رکھکے پنبۂ مینا
نہ سنونگا سخن ترا واعظ

دختر رز کے حسن کو اب دیکھہ
حور کا ذکر کرچکا واعظ

نعرۂ میکشان کو سنکے فرخ
کچھہ تو سمجھا جو چپ ہوا واعظ

ردیف عین مہملہ

خاک ہو جلکے ابھی مثل پروانہ شمع
گر زبان پر لائے کچھہ دل کا مرے افسانہ شمع

کیا کسیکی زلف و رخ دونون پہ شیدا ہوگئی
رکہتی ہے زنار بہی اور سبحۂ صد دانہ شمع

روے روشن سے ذرا اپنے اوٹھا دیجے نقاب
بہول جاے دیکہکر تا ناز معشوقانہ شمع

کچہہ اشارہ خندۂ جان بخش لب کا ہے ضرور
ورنہ یون ہنستی کبہی محفل مین بیباکانہ شمع

ترک مستی ہی نہین رہتی ہے غافل یکدم
کیا ہی مانند دل بیدار ہے فرزانہ شمع

دیکہیے تاثیر الفت اور پاس اتحاد
کیسی روتی ہے بروے لاشۂ پروانہ شمع

خانۂ زنبور سے نکلی نہ تہی باہر ہنوز
عشق مین تیرے تہی مضطر بصورت پروانہ شمع

دیکہیے زاہد تو اس روشندلی کا مقتضا
رہتی ہے یکسان میان کعبہ و بتخانہ شمع

جلکے آخر کہہ دیا پروانے نے بہی اے فروغ
آشنائے جور ہے اور مہر سے بیگانہ شمع

دیکہے تو گر کاکل و خال رخ جانانہ شمع
دام دل ہو جاے ترے اشک کا پروانہ شمع

دیکہہ اور پروانہ مین بہی کسقدر ہون دل جلا
دود بنکر اوڑ گئی سنکر مرا افسانہ شمع

حسن کی حیرت سے جنبش بہی تو کر سکتی نہین
کیا مجال آئے تری محفل مین گستاخانہ شمع

کر کے قالب کو تہی مانند فانوس خیال
دے رہی ہی گرد تیرے چکر اے جانانہ شمع

بے ثباتی دیکہکر اس ہستی موہوم کی
بہرتی ہے اشکون سے اپنی عمر کا پیمانہ شمع

گلشن محفل مین جب سے آپ ہین رونق فزا
رکہتی ہی نظرون مین حکم سبزۂ بیگانہ شمع

اس شب تاریک مین دل کسکے استقبال کو
داغ سے لیکر چلا ہے مشعل صاحبخانہ شمع

حسن ذاتی ہے نہین محتاج آرائش ذرا
زلف تو کہتی ہی اور رکہتی نہین ہے شانہ شمع

جب مسلّم ہے کہ ہین معشوق سنگین دل فروغ
کیون نہین پہر ڈالتی گلگیر مین دندانہ شمع

ردیف غین معجمہ

زخمون نے پہ زخم کہائی ہین دل نے سوا کے داغ — تبتا انسے ابہی ہے پئے دولت سرای داغ
ہے زندگی کا لطف یہی دیکہنا ذرا — اے ناخن ملال کہین مٹ نہ جائے داغ
آتے ہی دل کو بلبل شیدا بنا دیا — اب آگے چلکے دیکہیے کیا گل کہلائے داغ
کرتا ہے رشک جامۂ دلدوز دلبران — کس درجہ میرے دل پہ ہے زیبا قبائے داغ
سوزش کا کچہہ نہ چارہ ہوا آہ سرد سے — ہان کچہہ سرشک گرم نے دل سے چہوڑائے داغ
کیا باغ باغ ہوتے ہین وہ سنکے اسکا غم — اس دل نے جنکے عشق مین داغون پہ کہائی داغ
یان تک جلایا آتش فرقت نے ہمکو آہ — ہین شعلہ زن تنور جگر مین بجائے داغ
یہ مہر ہے قبالۂ الفت کی دیکہنا — ہان اے گداز قلب کہین بہہ نہ جائے داغ

کہئیے یہ کسکے حسن کی گرمی سے اے فروغ
روشن چراغ طور سے دل مین بجائے داغ

نہین ہے آپ گرا اے جان جان ہوتے نہین فارغ — تو دیکہ جان ہوتے ہین تقاضے سے ہمین فارغ
ہوا جو رفلک سے جا کی دل زیر زمین فارغ — بحمد اللہ ہوا مشکل سے یہ اندوہگین فارغ
اوٹہا دو جلد تر پردہ خدا کیواسطے رخ سے — خلش سے وہم کی تا ہو دل اہل یقین فارغ

خرام ناز سے کہدے ذرا اے ذوق بیتابی
کہ مدت سے ہی بیٹھا یہ دل گوشہ نشین فارغ

غم جانان کی یارب مجھسے کیونکر ہوسکی خاطر
نہ فرصت ہے مرے دل کو نہ یہ جان حزین فارغ

کسیکے رحم کی مانند ہم جاتے ہین عالم سے
شکن کی کشمکش سے اب تو ہو زیبا جبین فارغ

تمہارے نکہت گیسو کے دور سے ہین ہوا اے جان
ستم سے اپنی خونریزون کے سب آہوی چین فارغ

معاذ اللہ ہٹکانا پھر کہان تھا ہمسے رندونکا
غم امت سے ہوتے گر شہ دنیا و دین فارغ

رسالت گر نہوتی ختم اوس شاہ دوعالم پہ
تو پھر کسطرح ہوتے حضرت روح الامین فارغ

تو وہ ہے مظہر کل انتہاے حسن کا جسکو
بنا کر ہوگیا اب دست صورت آفرین فارغ

فروغ اس کشمکش سے دہر کی ہرگز نہ گھبرانا
بھلا دیکھا کسیکو تمنے دنیا مین کہین فارغ

ردیف فاے تازی

ممکن نہین کجی سے کبھی باز آئی زلف
سو بار گرچہ مصحف عارض اوٹھائی زلف

دیر و حرم مین بھی نہ کوئی اس سے بچ سکا
پہونچی کہان کہان یہ کمند رسائے زلف

ہوناتھا ہمکو کشور آشفتگی کا شاہ
پڑتا تھا ہم پہ سایۂ بال ہمائے زلف

دیتے ہین اسکو سر پہ جگہ مہر خاور ہم
اللہ رے شان شانہ حاجت روائے زلف

کیا تھی خبر کہ سنبل گلزار حسن ہے
ہوگا دلون کے خون سے نشو و نمائے زلف

کیونکر نہ اپنے جامے سے باہر ہو حسن یار
پہنے ہوئی ہی عارض جانان قبائے زلف

پرسشں وہ مرے حال پریشانکی پہر کرے
دل ہی نہین رہا کہ خریدار جور ہو

پہلے تو اپنی بگڑی ہوئی کو بنائے زلف
کہدو دکان ناز کو اپنی بڑہائے زلف

اندازہ اوسکے طول کا ممکن نہین فروغ
ہے انتہائے عمر ابد ابتدائے زلف

عشوہ کہتا ہی کہین ہون اونکی مژگان کیطرف
کسکو دیتے ہین شراب اور کسکو کرتے ہین کباب

جور کا ہونا بجا ہے تیغ بران کیطرف
دیکہتے ہین آج ہم ساقی کے ایمان کیطرف

شرح بیداد جنون کی کیا ہی صاحب احتیاج
جب ہوئی روز ازل تقسیم ہر اک چیز کی

دیکہیے میرے ذرا جیب و گریبان کیطرف
شوخیان رکہتی ہین رفتار جانان کیطرف

کچہہ تو درد ہجر مین لذت ہے ورنہ کسلئے
ہے یہی جائے ادب اے بسمل نا ہوشمند

دل ہمارا رخ نہین کرتا ہے دربان کیطرف
ہاتہہ کیون بڑہنے لگا قاتل کے دامان کیطرف

واہ رے جذب محبت کسقدر طے کرکے راہ
شیخ صنعا مجہے سینیے یون دا کیجے نماز

بو گئی تہی پیرہن کی پیر کنعان کیطرف
منہہ ہو قبلے کیطرف دل کوئی جانان کیطرف

ایدل غمناک اپنے کام سے غافل نہو
کان ہین فریادرس کے آہ و افغان کیطرف

ہوش اوڑ جاتے ہین میرے اے فروغ ناتوان
دیکہتا ہون جب مین تیرے بار عصیان کیطرف

ردیف قاف معجمہ

کون کہتا ہے ناتوان ہے عشق
ناز اوٹہاتا ہے پہلوان ہی عشق

روز کیطرح سے عیان ہی عشق
راز کیطرح سے نہان ہی عشق

خلق کی رازدان ہے تو اے عقل
اور خالق کا رازدان ہے عشق

یک رہے ہین کباب لخت جگر
میزبان دل ہے مہمان ہی عشق

جسطرف چاہے وہ اوڑا لیجاے
کشتئی دل کا بادبان ہے عشق

اپنے اوپر بہی اعتبار نہین
آہ کسدرجہ بدگمان ہے عشق

اے دل خستہ صبر کر کچھ اور
ابھی سرگرم امتحان ہی عشق

کیون نہ باہم ہو اتحاد دلی
ان بتون کا مزاجدان ہے عشق

دیکھ لو چیر کر مرے دل کو
پوچھتے کیون ہو تم کہان ہے عشق

کیا کہون باعث ہجوم بلا +
آج کل مجھ پہ مہربان ہے عشق

نام منزل رہے نہین سکتا
جسکا سالار کاروان ہے عشق

حرف کیونکر ہو باریاب یہان
بے دہان حسن بے زبان ہے عشق

مانگئے خیر جان و دل کی فروغ
دلربا حسن جان ستان ہے عشق

ردیف کاف تازی

یہ دل بسمل صفت تڑپے کہان تک
تپش تو ہی اسے پہونچا دے وان تک

تڑپنے کی بہی کوئی حد ہے آخر
کہانتک اے دل بسمل کہان تک

نہ کیونکر خونفشان نکلے مری آہ
جراحت زار ہے دل سے زبان تک

معاذ اللہ یہ کافر ادائین
بچائیگا کوئی ایمان کہان تک

نہ جانے پاسے ہان اے سخت جانی
یہ جان زار وقت امتحان تک

وہ مطلب ہون کہ گر سمجھے مجھے دل
تو جلکر خاک ہوجائی زبان تک

کرین کیون شکوۂ حرمان ہم ایدل
ہماری آہ جاتی ہے وہان تک

قفس کا لطف کہتا ہے نہ جانا
تصور مین بھی ہرگز آشیان تک

زبان تیغ بھی تو تہک گئی آہ
کوئی اس دل کو سمجھاے کہان تک

خبر پاتے ہین ہم نالون سے اونکے
لگا ہے تار برقی یان سے وان تک

یہ لپکا قتل کا اللہ اکبر
نہین ہے اوس گلی مین پاسبان تک

رہ مقصود کا اللہ رے طول
ہوا شل توسن عمر روان تک

فروغ اس ضعف کا دیکھو تو تم زور
نہ اوٹھا آتش دل سے دہوان تک

تواضع سے ہے نفرت اونکو یان تک
کہ شل تیر ہے اونکی کمان تک

زمین کو آسمان کہنے لگی خلق
بڑھی ہے مشق ستمگاری یہان تک

حجاب اب آپکو کسواسطے ہے
نہین ہے میری ہستی کا گمان تک

تماشا دل کا دکھلاتے ہوئے ہم
لے آئے اونکو کل اپنے مکان تک

سر تربہ نور تیری ہے یہ معراج
جو پہونچے اونکے سنگ آستان تک

نہین ہے ضعف سے ہستی یہ میری
گمان سایۂ موئے میان تک

نہین آتا ہون تنہا مین وہان سے
مرے ساتھ آتی ہے حسرت یہان تک

بہت باتین بنائین تو نے واعظ
ذرا چل حضرت پیر مغان تک

اثر لوکر مدد اتنی تو اسوقت
کہ پہونچے میرا اک نالہ دہان تک

فروغ اس دل کی ہے اب آمدورفت
مثال سایۂ دیوار بستان تک

ہمسے یون ترچھی نظر او بت پرفن کب تک
اور پہراو سپہ پہ سترامے دشمن کب تک

عشق اوٹھاویگا کسی رخ روشن سے نقاب
شعلۂ حسن چھپیگا تہ دامن کب تک

رحم اے ذوق ہم آغوشی خورشید لقا
آتش شوق و تمنا مین جلی تن کب تک

مستی ملتے تو ملی پر ہین حیا سے خاموش
دیکھیے اب یہ کھلے غنچۂ سوسن کب تک

چشم سے پوچھ تو اے دل تجھے منظور ہے کیا
اشک گلگون سے رہے تر مرا دامن کب تک

یاد مین زلف کی ہے جان حزین لب پہ گرہ
اے تمنای دل و دیدہ یہ الجھن کب تک

رحم کر آج کہ کل کو نہو افسوس تجھے
اے مراد دل مشتاق یہ جوبن کب تک

اے دل خانہ خراب اب تو نکل سینے سے
دوست رکھون مین تجھے جان کے دشمن کب تک

مردم دیدۂ محجوب سے پوچھو تو فروغ
نہ اوٹھیگی صف مژگان سے یہ چلمن کب تک

ردیف کاف فارسی

لاتے ہین روز تازہ رخ و زلف یار رنگ
دیکھینگے جو دکھائینگے لیل و نہار رنگ

عالم مین چار فصل کے ہوتی ہین چار رنگ
یان میرے ایکدل کے ہین ہر دم ہزار رنگ

کہتے تھے ہم تو آپکے دامان ناز سے
لائیگا ایک روز ہمارا غبار رنگ

کیا بوے پیرہن نے کسیکی اوڑا دیا
چہرے سے کاروان کے برنگ غبار رنگ

کیسی قبا کہ پردہ تن مین چھپتا نہین کبھی
کیا شوخ ہی بدن کا ترے گلعذار رنگ

آئینے مین وہ روے عرقناک دیکھکر
کہتے ہین کیا ہمارا ہی ہے آبدار رنگ

گر سیکڑے ہین اوس لب میگون کا ذکر ہو
ہو جاے شکل ہوش کے مے کا فرار رنگ

کلیون سے اپنی کیسا اوڑاتا ہے بلبلو
خون چمن کا دامن ناز نگار رنگ

دیکھا ہے ہمنے گل کو ملا کر بہت فروغ
پھیکا ہے اوسکا پیش رخ گلعذار رنگ

جسوقت وان حنا کا ہوا آشکار رنگ
لایا یہان عجیب دل بیقرار رنگ

بے یار کار نشتر الماس کر گئی
لائی کچھہ اور ہی رگ ابر بہار رنگ

جو چاہتے ہو کرتے ہو مانند آسمان
تم دیکھتے نہین ہو زمانے کا یار رنگ

جلجائے کچھہ تو گرمی حسن نگار سے
اس بخت کا بھی اے مرے پروردگار رنگ

تاثیر آہ اب تری حاجت نہین رہی
شوخی سے ہو چلا ہے حیا کا فرار رنگ

بلبل یہ زور شور نہوگا کبھی نصیب
میرے جنون کا قیس اوڑاے ہزار رنگ

مانی نہ رہنے دیگی اثر شوخی ادا
بھرتا ہے کیون شبیہ مین تو بار بار رنگ

دیکھو تو آب و رنگ گل و باغ اے فروغ
اوس پر فدا ہے آب چمن اور نثار رنگ

ردیف لام

تنہا چلا گیا طرف کوے یار دل
سوچا نہ کچھ بھی دیکھیے انجام کار دل

رہتا ہے ابر زلف مین بھی بیقرار دل
کیا برق ہو گیا مرے پروردگار دل

سنگ جفاے یار نے کیا ہی کیا ہی کام
ایک دل کے ایک دم مین بنائے ہزار دل

پڑھتا ہے کفر زلف کا کلمہ خدا سے ڈر
کیا تجھکو ہو گیا مرے پرہیزگار دل

دیکھین پسند کرتی ہے کسکو نگاہ ناز
اس تیر کے ہین سیکڑون امیدوار دل

مین چاہتا ہون ترک تعلق بتون سے اب
زاہد تو دیدے اپنا ذرا مستعار دل

بجلی کی بیقراری ہے گرد اُسکے سامنے
لایا ہے کوے یار سے کیا اضطرار دل

نسبت نہین ہے اُس رخ رنگین سے کچھ اسے
یہ لالۂ چمن ہے کوئی داغدار دل

اے صبر تجھسے یہ نہ رکیگا کسیطرح
گھوڑے پہ اب ہوا کے ہوا ہی سوار دل

آیا ہے اُسکے زخم کو کچھ بخیے کا خیال
ورنہ ہے تیغ ناز سے کیون شرمسار دل

پہلو مین ایک لحظہ ٹھہرتا نہین کبھی
گویا وہ گلعذار ہے یہ بیقرار دل

پہونچا دے جان زار کو تا زلف و روے یار
اے شہسوار ابلق لیل و نہار دل

روتی ہے جب یہ آنکھ بامید رحم یار
ہنستا ہے مثل زخم کے بے اختیار دل

راز نہان ہم اپنا کہین کس سے اے فروغ
جان بیوفا ہے اور ہے بے اعتبار دل

دل آئینہ سان ہے صفائی کے قابل
کوئی اسمین ہے خود نمائی کو قابل

نہین مرد دل ہے جدائی کے قابل
یہ محبوب ہے آشنائی کے قابل

غم یار آتا ہے اے جان جا تو
یہ مہمان ہے پیشوائی کے قابل

شکست دل زار اے رحم جانان
ابھی تک ہے کچھ مومیائی کو قابل

گزرگاہ ہے چاک دل اوسکے غم کا
یہ کوچہ ہے ہر دم صفائی کو قابل

اسیران گیسو کو چھوڑو نہ ہرگز
یہ مجرم نہین ہین رہائی کے قابل

شرارت دل زار تیری ہے ورنہ
ہمین کیا تھے بے اعتنائی کی قابل

ادا میرے بت کی نہ سمجھین ذرا بھی
جو ہون جمع ساری خدائی کی قابل

جو لے ہاتھہ مین کاسہ سر کو اپنے
وہ ہو اوسکے در کی گدائی کی قابل

نہین اے خرد کوئی اس راہ مین ہے
جنون کے سوا رہنمائی کی قابل

ابھی تک تو دیکھا نہین کوئی بلبل
فروغ آپکی ہمنوائی کے قابل

ردیف میم

گئے دل کیطرح یارب کدھر ہم
کہ پھر آئے نہ ابتک اپنے گھر ہم

بچائین کسطرح جان و جگر ہم
اودہر فوج مژہ تنہا ادہر ہم

خدائی کا تماشا دیکھنے کو
چلے ہین بنکے خود بینا بسر ہم

چلے مسجد سے سوے بتکدہ آج
بہت مدت مین آئے راہ پر ہم

چکا دینگے دل و کاکل کا جھگڑا
کرینگے آج قصہ مختصر ہم

اودہر غصہ ادہر سے بیقراری
وہ آتش بنگئے ہین اور شرر ہم

دل اور عشوے مین جھگڑا ہو رہا ہے
کہو کسکی کہین بولین کدہر ہم

نہین ملتی ہے فرصت تجھسے اے دل
وگرنہ اپنی کچھ لیتے خبر ہم

تجھے معلوم ہے کیون تجھسے پہلے
بجھے جاتے ہین اے شمع سحر ہم

برنگ شعلہ غیرت از بیقراری
نہین رکھتے ہین کچھ زاد سفر ہم

خبر لین کسطرح تیری دل زار
اوڑے پھرتے ہین خود مثل خبر ہم

پڑھا لے اپنا کلمہ ہر طرح سے
ترے بس مین ہین او کافر نظر ہم

یہ غفلت کیا قیامت کر رہی ہے
نہین رکھتے ہین کچھ کل کی خبر ہم

فروغ اوس تیغ ابرو کا ہے ایسا
جو ہاتھون پہ لیئے پھرتے ہین سر ہم

جگر کو لائے ہین میدان کارزار مین ہم
کھڑے ہین ناوک مژگان کے انتظار مین ہم

خدا کیواسطے اے چشم شوخ تو ہی بتا
یہ تنگے چھننے لگے کسکے انتظار مین ہم

ہمارے حال کا جز غم نہین کوئی پرسان
لیے ہین آ کے الٰہی یہ کس دیار مین ہم

تم اپنے غم کو ذرا آ کے دیکھ لو صاحب
کہ کیسے رکھتے ہیں اس جان بیقرار ہیں ہم

کہین گے دل کی حقیقت ذرا ذرا دم وصل
اگر ذرا بھی رہے اپنے اختیار ہیں ہم

ہوا نہ وصل میسر شباب مین افسوس
چمن سے دور رہے موسم بہار ہین ہم

عجیب ڈھب سے رہے ساتھ اپنے یوسف کے
لپٹ رہے تھے پس کاروان غبار ہین ہم

جو اور جیتے تو جز اسکے اور کیا کرتے
کہ رہتے بیٹھے نظر چشم انتظار ہین ہم

فروغ تمسے وہ آنکھین ملائینگے کیونکر
بسے ہوئے ہین بہت دن سے چشم یار ہین ہم

جا کے اوس محفل مین پہلے شمع سان روتے ہین ہم
جلکے پھر پروانہ اسا آپ کو کہوتے ہین ہم

آرزو پہ اپنی ہنستے ہین کبھی بے اختیار
اور اس بے اختیاری پہ کبھی روتے ہین ہم

ناصح نادان وہ بہتر ہے ہزارون جان سے
ایک جان زار کو جسکے لئے کہوتے ہین ہم

جان فدا دست قاتل جسکی اک تکلیف سے
پاؤن پھیلا کر بڑے آرام سے سوتے ہین ہم

چشم و دل لڑتے ہین جب اونکے سوا ونا یہ
فیصلے کیواسطے تجویز تب ہوتے ہین ہم

بے وفائی ان گلون کی دہر مین مشہور ہے
وا ہے نادانی کہ انپر جان کو کہوتے ہین ہم

وہ نہین آتے تو کرکے ترک الفت اے فروغ
اپنی جان غمزدہ پر مہربان ہوتے ہین ہم

ردیف نون

دل مین آتے ہی ستم آموز جانان ہو گئین | آہ دل کی آرزوئین دشمن جان ہو گئین

آنکھین وہ کھلائین تھین کل تک اوسکی دربان نے فقط | آج گلچین ہی در کی چشم دربان ہو گئین

ترک ایمان کی کوئی تدبیر اے ناصح بتا | سب ادائین اوس بت کافر کی ایمان ہو گئین

کسقدر جان بخش ہے اوسکی نگاہ شرمگین | جسقدر پہانسین جگر مین تھین رگ جان ہو گئین

بہگیا آنکھون سے خون ہوکر دل آفت پسند | میری اونکی مشکلین جتنی تھین آسان ہو گئین

مجھکو اوس شکل فقیرانہ نے کیا نادم کیا | خواہشین سب دل کی چہرے سے نمایان ہو گئین

آگیا آغوش مین آنکھون کے جب وہ نازنین | میری مژگان شانۂ زلف پریشان ہو گئین

چارہ سودا کیا کچھہ اونکی چشم لطف نے | یعنی نظرین بخیۂ چاک گریبان ہو گئین

ذوق ایمان لیچلا تھا دیر سے باہر مجھے | پر ادائین کفر کی دست و گریبان ہو گئین

تیرے ابرو ہین وہ ماہ نو کہ جسکے شوق مین | سیکڑون عیدین تیرے کوچے پہ قربان ہو گئین

سایہ بہی اوس مہروش کا ہے مسیحائے زمان | سنگ در تک کی رگین دیکھو رگ جان ہو گئین

آہ کیا کیا صورتین جنپر تہا زیبائی کو ناز | صورت تار نظر نظرون سے پنہان ہو گئین

کسکی صورت بسگئی آنکھون مین جو کہتے ہین سب | میری آنکھون کو کہ یہ یوسف کا زندان ہو گئین

بے اجازت نقش پا کا ہم نہ لینگے بوسہ اب | جو خطائین ہو گئین اے دست جانان ہو گئین

جتنی محرابین تھین مجھکو یاد ابروے یار | سب ترے باعث سے گرد طاق نسیان ہو گئین

حسن کی گرمی سے یا گرمی سے بزم ناز کی | مچھلیان بالون کی تیرے دیکھہ بریان ہو گئین

آہ وہ نیچی نگاہین ترک آہو چشم کی | دل کے حق مین نیزۂ نیستان ہو گئین

اشتیاقِ دیدِ ابرو مین جو دل پہونچا وہان
دیکھتے ہی اُسکو بس تلوارین عریان ہوگئین

ہوگیا سینہ مشبک آپ ہی ہاتھون سے آہ
اونگلیان ہاتھون کی اپنے تیر و پیکان ہوگئین

کیا ہوئین یارب وہ زیبا صورتین جنمین سے دو
تیری قدرت سے مہ و خورین نمایان ہوگئین

خواب مین کل دیکھکر اوسکی نزاکت کو فروغ
آرزوئین جسقدر تھین سب پشیمان ہوگئین

ہمین دیکھو ہم کیا ستم دیکھتے ہین
وہ غیرون کو اور اونکو ہم دیکھتے ہین

یہ کس چشم مخمور کا ہے زمانہ
کہ ہم جام کو رشکِ جم دیکھتے ہین

وہین لوٹ جاتے ہین ابرو کے شیدا
لکھا جب کہین لفظ خم دیکھتے ہین

ٹھکانے لگے جان وہ آئین ادہر تو
یہی راہ مدت سے ہم دیکھتے ہین

دعا چاہین سائل سے دشنام دیکر
نیا اون کا طرز کرم دیکھتے ہین

حرم والے کہتے ہین اللہ اللہ
جو اوس بت کا جاہ و حشم دیکھتے ہین

نصیبون سے بیٹھے ہوئے بتکدے مین
ہم اے شیخ شان حرم دیکھتے ہین

جو دیکھے تری تیغ ابرو کو دمبھر
کسی مین نہین ہم یہ دم دیکھتے ہین

نہین تو نے بھی دیکھنے ہین وہ ادائین
سراپا مین تیرے جو ہم دیکھتے ہین

نہ کیونکر ہون اس راہ مین پاؤن زخمی
دمِ تیغ پر ہم قدم دیکھتے ہین

ارے عشق یہ کیا ہے جو نیک و بد کچھ
نہ وہ دیکھتے ہین نہ ہم دیکھتے ہین

نہین دیکھ سکتی ہے چشم فلک بھی
ان آنکھون سے جو کچھ کہ ہم دیکھتے ہین

یہ زاہد خجل کیسے ہوتے ہین واللہ
جب آداب بیت الصنم دیکھتے ہین

ستم کیا کیا تونے اے آئینہ یہ — کہ ہم اونکی آنکھون کو نم دیکھتے ہین
سبب پوچھہ لیتے ہین ہم رشک دیکھو — جسے مبتلاے الم دیکھتے ہین
یہی ہے جو شوق کمر ہمکو تو ہم — کوئی دم مین ملک عدم دیکھتے ہین

یہ کس گل کی بو سے زمانے کا ہر دم
فروغ اور ہی رنگ ہم دیکھتے ہین

ادائین ہم تری او خنجر قاتل سمجھتے ہین — سمجھہ کو اپنی ہم اسواسطے کامل سمجھتے ہین
اونھین کو عشق مین لیلی و قیس ہم کامل سمجھتے ہین — جو درد دل کو اپنے لیلی و محمل سمجھتے ہین
جگر تشنہ ہی تو زاہد شراب ناب کوثر کا — ہم اوسکو درد آب خنجر قاتل سمجھتے ہین
گذر کر وادی دل مین تو ہم اے قیس نادان — وراسکو کیسے لیلی کے محمل سمجھتے ہین
زبان لاوس سے ہین کی ہی کلید اسواسطے اے دل — کشود قفل مطلب کو ترے مشکل سمجھتے ہین
ٹھہر جاتا ہی جب یہ دل عشقی سی پاکہ حیرت سے — تو یہ نافہم سب اسکو سکون دل سمجھتے ہین
الٰہی یہ نزاکت یا کوئی غمزہ ہی جس سے وہ — تصور مین بھی آنیکو کڑی منزل سمجھتے ہین
فقط اک نالۂ بلبل ہے شاہد اسلئے اے گل — ترے اس دعوی خوبی کو ہم باطل سمجھتے ہین
برنگ شمع کیونکر بزم سے مجھکو وہ اوٹھنے دین — وہ میرے سوز دل کو گرمی محفل سمجھتے ہین
دل مضطر تجھے کیونکر وہان ہم ساتھہ لیجائین — تپش کو تیری گستاخی مین وہ داخل سمجھتے ہین
چمن گو خلد ہو لیکن تمہارے دیکھنے والے — جہنم کسطرح کب سیر کے قابل سمجھتے ہین

فروغ اس عاشقانہ عارفانہ نظم کو سنکر

جو اہلِ دل ہیں تمکو میرزا بیدل سمجھتے ہیں

میرے نالے بھی تیری طرح اے دلبر نکلتے ہیں
کہ ڈہاتے ہیں قیامت دل سی جب باہر نکلتے ہیں

پہنچکر کوے قاتل میں نہ گھبرانا دلِ مضطر
بڑے خوش قسمتون کے دم وہان جاکر نکلتے ہیں

یہ کس رشکِ پری کی یا الٰہی آمد آمد ہے
کہ صبر و ہوشِ دل کے ساتھ سب مضطر نکلتے ہیں

عجب پرشکستہ ہی میرا سینہ بھی معاذ اللہ
کہ جس سے ناوکِ جانان بھی گھبراکر نکلتے ہیں

کہان سے خون تک لاغر ہیں جو آنکھون سے جاری ہیں
یہ ارمانِ دلِ شوریدہ خون ہوکر نکلتے ہیں

وہ مجنون ہون کہ مثلِ طفل مرقد کیطرف میرے
جوان و پیر ہاتہون میں لیے پتھر نکلتے ہیں

تم اپنے حسن کی صاحب خبر لو خط کی آمد ہے
اوڑیگا جلد یہ شہباز دیکھو پر نکلتے ہیں

دہانِ یار کا چرچا ہوا ہے جب سے گلشن میں
تو غنچے سر سے پاتک اوڑہکر چادر نکلتے ہیں

جگر پر کسقدر احسان کیے ہیں تیرِ مژگان نے
کہیں مینا ہیں ایسے اشتباہ پر ور نکلتے ہیں

سخنور جانتے ہیں کاوشِ فکرِ مضامین کو
کہ کس مشکل سے بحرِ دل سے یہ گوہر نکلتے ہیں

فروغ اللہ اکبر ابتک نالے آپکے دل سے
نگاہِ نازِ خوبان سے بھی نازان تر نکلتے ہیں

نہ اونکے رخ کو نہ اونکی نظر کو دیکھتے ہیں
ہم اپنے نالۂ دل کے اثر کو دیکھتے ہیں

الٰہی خواب میں دیکھا ہی کسکو ہمنے رات
کہ آج لوگ ہماری نظر کو دیکھتے ہیں

یہ رشک دیکھو کہ پیش از جوابِ نامۂ شوق
بغور ہم نظرِ نامہ بر کو دیکھتے ہیں

الٰہی خیر کے بھی جذب میں اثر ہے کیا
کبھی ادہر کو کبھی وہ اودہر کو دیکھتے ہیں

یہ چشم شوق ہی اسکی نظر سے گرم بہت / حضور کیون مرے داغ جگر کو دیکھتے ہین
تمہارے عشق مین اے جان ہم ایک مدت سے / رقابت دل جان و جگر کو دیکھتے ہین
شب وصال جو آئی تو شام ہی سے ہم / ہر ایک سمت سے جوش سحر کو دیکھتے ہین
تن نزار کو پہونچائیگی وہان کیونکر / ہم آج یاوری چشم تر کو دیکھتے ہین
امیدوار ہی اونکی شب وصال کے کیا / نگاہ قہر سے روے سحر کو دیکھتے ہین
صبا بہی دل کیطرح وان کا عزم رکھتی ہے / ہم اسکے حوصلۂ بال و پر کو دیکھتے ہین
وہ چشم و لب کو مرے دیکھکر یہ کہتے ہین / کہ اپنے عہد کے ہم خشک و تر کو دیکھتے ہین
یہ سخت جانی تو دیکھو کہ بیٹھے بیٹھے ہم / نہ دیکھنا بہی کسیکا ادہر کو دیکھتے ہین
وہ پہیر لیتے ہین کیا کیا بنا کے منہہ اپنا / جو اونکو دیکھلے شمس و قمر کو دیکھتے ہین

الہی خیر کہ ترچہی نظر سے آج وہ پہر
فروغ خستہ و خونین جگر کو دیکھتے ہین

ابتک وہی ہے درد دل بیقرار مین / ورنہ ہے کیون تپش رگ سنگ مزار مین
نکلی جو جان زار اسی اضطراب مین / ہوگا محال اپنا ٹہہرنا مزار مین
باد صبا سنبہال کی رکہنا یہان قدم / آشفتگی سے نہان ہین ہماری غبار مین
تا دیر وقت ذبح نہ دیتا نکلنے مین / جان حزین جو ہوتی مرے اختیار مین
اے دل خفا نہو سخن چشم یار سے / مستون کی بات آتی نہین ہے شمار مین
ہیہات خاک اور یہ یار اسے سرکشی / پنہان ہے شہسوار کوئی اس غبار مین

بلبل نے کسکے عارضِ رنگین کو دیکھکر
چھوڑا چمن کو عین کمال بہار مین

کرتا ہون اپنا رشتۂ جان نذر مین ترے
اے گلفروش کیجیو صرف اونکے ہار مین

جھوٹے بنا بنا کے سنائے پیامِ وصل
کیا کیا فریب دل کو دیے ہجر یار مین

کہئے تو کچھہ فروغ یہ جھگڑا تمہارا کیا
آہ شرر فشان و دل بیقرار مین

ترا ہم پاس خاطر اوس ستم ایجاد کرتے ہین
یہ نالے ورنہ بڑھکر تجھسے بھی بیداد کرتے ہین

جب اونکے دفتر حسن نگہ کو یاد کرتے ہین
تو ہم صل علی سے لیکے اوسپر صاد کرتے ہین

اسیران قفس پر کیا ستم صیاد کرتے ہین
کہ حکم ذبح دیتے ہین جو وہ فریاد کرتے ہین

تغافل کی تلافی جسکے مشرب مین جفا ٹھہری
اوسی بیدرد کو افسوس پھر ہم یاد کرتے ہین

فدا کیونکر نہون ہم خنجر بیداد قاتل پہ
جب اسکو دیکھتے ہین جی وہ تو ہمکو یاد کرتے ہین

اونھین کا گھر تھا یہ دل اور انھین نے کر دیا ویران
اونھین کے غم سے پھر اس گھر کو ہم آباد کرتے ہین

کہان ہے او خیال خوے نازک دیکھہ تو آکر
بہت اب شوخیان یہ نالہ و فریاد کرتے ہین

دل اپنا اونکا قیدی ہے غم اونکا اپنا قیدی ہے
نہ وہ آزاد کرتے ہین نہ ہم آزاد کرتے ہین

خیال رشک کچھہ ہے اور کچھہ ہے بیم رسوائی
اسی خاطر اونھین ہم دل ہی دل مین یاد کرتے ہین

مہ و خور سے تو پوچھہ بیدل کوئی دیکھا نظیر اوسکا
بہت مدت سے سیر عالم ایجاد کرتے ہین

سمجھنا ہے ہمارا خندۂ زخم جگر اوسکو
تبسم کرکے زیر لب جو وہ ارشاد کرتے ہین

تحمل پر ہمارے طعن ہے او تہمت خامی
کہین بھی پختہ مغزان جنون فریاد کرتے ہین

فریب عشوہ پردے مین زیادہ کارگر ہوگا
کہ زیر خاک پنہان فی الامر کو صیاد کرتے ہین

کبھی رہتی ہے ہمسے دیکھیے تصویر ہی جسکی
اوسیکی یاد سے ہم دل کو اپنے شاد کرتے ہین

خدا خوشنود رکھے نالہ و فریاد و زاری کو
ہماری بیقراری کی بڑی امداد کرتے ہین

نمایان ہو چلا ہے خط عارض اوسکی صدقے ہین
سنا ہے قیدیان زلف کو آزاد کرتے ہین

وہ مانے یا نہ مانے ضبط کی طاقت نہین ہم مین
بیان مدعا ہم ہر جہ بادا باد کرتے ہین

فروغ اونکو ہوا ہے شوق پھر گلگشت گلشن کا
جو رنگ گل کو مثل بوئے گل برباد کرتے ہین

دل و دین تو ناز و ادا مانگتے ہین
وہ خود دیکھئے مجھسے کیا مانگتے ہین

محبت مین کامل ہی ہین جہان مین
کہ تجھسے نہ تیرے سوا مانگتے ہین

ہین اک وہ کہ بت مانگتے ہین خدا سے
اور اک ہم کہ بت سے خدا مانگتے ہین

کیا ہجر نے ناتوان ہمکو ایسا
کہ آہ رسا سے عصا مانگتے ہین

خدا جانے ہمکو مرض کیا ہوا ہے
کہ دشمن سے اپنی دوا مانگتے ہین

ہوا حال زار اپنا ایسا کہ وہ بھی
مرے حفظ جان کی دعا مانگتے ہین

شہیدون کا پھر خون بہا و ادا سے
وہ ہمسے بھی خونبہا مانگتے ہین

گدائی ملے اسکے کوچے کی ہمکو
نہ دولت نہ دولت سرا مانگتے ہین

سنبھلنے نہ دے جو کہ تا روز محشر
وہی مے تو ہم ساقیا مانگتے ہین

فروغ اونکے ناز و ادا سے تو پوچھو

کہ اب اپنے کشتون سے کیا مانگتے ہین

رہرو الفت ہین ساماں پر نظر رکھتے نہین
ہم صبا کیطرح کچھ سازِ سفر رکھتے ہین

تیغ وہ کسطرح باندہینگے کمر رکھتے نہین
اور باندہی بہی تو کیا عشاق سر رکھتے نہین

رشک کے باعث سے ہی ہم خود وان گذر رکھتے نہین
اسلئے حاجت تری اے نامہ بر رکھتے نہین

دیکھیئے دست جنون کی کیا عنایت ہم پہ ہے
جسم پر ایک تار جز تار نظر رکھتے نہین

کل گئے تھے دل کے پیچھے دل کو سمجھاتے ہوئے
ہم زیادہ اس سے کچھ اپنی خبر رکھتے نہین

جذب دل پر یا الہی کیا بلا نازل ہوئی
اب قدم بہی اسطرف وہ بہولکر رکھتے نہین

گر گمان کچھ اور ہو تو امتحان کر لیجئے
دل نہین رکھتے ہین ہم تو کیا جگر رکھتے نہین

اب لکھینگے کبھی ہم خط تمہین تم دیکھنا
ہان مگر قسمت کے لکھے سے خبر رکھتے نہین

شکوہ آجاوے نہ لب پر چشم فتان کا کہین
اسلئے ہم حال پر اپنے نظر رکھتے نہین

کچھ نہین پروا کہ لب ہون خشک یا ہو چشم تر
اونکے شیدائی خیال خشک و تر رکھتے نہین

حضرت ناصح جواب پند کو سمجھینگے کیا
درد دل رکھتے نہین داغ جگر رکھتے نہین

یاد مین کسکے یہ رنگین اشک جاری ہین فروغ
آب و رنگ اسطرح کا لعل و گہر رکھتے نہین

کوچۂ جانان مین جانا کچھ نہین آسان فروغ
پاؤن وہ رکھتے ہین جو پروائے سر رکھتے نہین

حرارت بڑہ گئی ہے دیکھ خون جسم لاغر مین
نہ پڑ جائین کہین فصاد چھالے تیرے نشتر مین

کسیکے خانۂ فرزگان سے اسکو گر نہین لکھا
تو کیون ہے اسقدر برگشتگی میرے مقدر مین

کیا ہے امتحان کس سخت جان پر صاف کہدیجے
کبھی پہلے تو ایسے بل نہ تھے ابرو کی خنجر مین

الٰہی کیا کہونگا مین خدنگ ناز جانان سے
جگہہ اب نام کو باقی نہین ہے جسم لاغر مین

جگر نے خوب ہی بوسے لیے کل تیر مژگان کے
دل نادان مرا الجھا رہا زلف معنبر مین

کرشمہ جنبش ابرو سے ہر دم قتل کرتا ہے
الٰہی اتنے کیون خنجر دلے دست ستمگر مین

غم و شادی فروغ اب دونون یکسان ہو گئے ہمکو
یہانتک سختیان جھیلین اوٹھائین ہجر دلبر مین

خدا جانے یہ کیسی مے ہے چشم مست دلبر مین
کہ بیخود ہو گیا عالم کا عالم ایک ساغر مین

غضب ہے دل مین پھر ہونے لگا جلوہ حسینونکا
بتون کو پھر جگہہ ملنے لگی اللہ کے گھر مین

تعجب ہے مجھے اس انتظام شاہ خوبان پر
کہ اپنی مملکت آباد کی دلہائے مضطر مین

شہنشاہ ازل کے حکم سے منشی قدرت نے
دل آشفتہ کا چہرہ لکھا کاکل کے دفتر مین

ترے باغ جنان کو مول لے سکتے ہین ہم واعظ
بھرے ہین بیبہا گوہر ہمارے دیدۂ تر مین

شب فرقت مین کیونکر ناصح مشفق تمہین بتا
کسیکی یاد بنکر چھپ رہا تھا قلب مضطر مین

نہین کچھ ڈر فروغ اس آتش دل کے بھڑکنے کا
چھپا رکھا ہے ایک دریا کو ہمنے دیدۂ تر مین

ہم اونکے وصل کا دلمین خیال خام کرتے ہین
کہ عرض مدعا کا نام جو دشنام کرتے ہین

تجھی سے پوچھتے ہین ہم بتا اے ذوق آزادی
کہ ہم بھی کچھ خیال گردش ایام کرتے ہین

خدنگ ناز کو اپنے تو وہ کرتے نہین سیدھا
اور الٹا دیکھئے دل پر مرے الزام کرتے ہین

غضب میں جان ہے اک دم بھی جی ضبط کرتا ہوں
تو پھر یہ حضرت دل مجھکو کیا کیا نام رکھتے ہیں

ہمیں فرصت کہاں ہے صبر و تسکین بات کرنیکی
ابھی بیتابی دل سے بہت ہم کام رکھتے ہیں

وفاے وعدہ کی امید دون ہے ای دل ناداں
کہ جو تیری تمنا کا تو ہم نام رکھتے ہیں

خدا صحت عطا کرتا تو کرتے سیر صحرا کی
ابھی ہم اے **فروغ** آزار ننگ و نام رکھتے ہیں

کہیں کیا تجھسے ہم کیا کام ہے گلفام کرتے ہیں
زباں سے جسکو کہہ سکتے نہیں وہ کام کرتے ہیں

اوٹھائیں کیوں نہ ناز زخم دل کو وہ تہ دل سے
کہ مانند نگیں جو آرزوے نام رکھتے ہیں

کہاں تم اور کہاں خورشید مہ جو ایک مدت سے
تمہارے وصل کا دل میں خیال خام رکھتے ہیں

عجب بیرحم ہیں صیاد مجھسے صید لاغر کو
تڑپنے کے لئے تا دیر زیر دام رکھتے ہیں

وہ نخوت حسن کے شایاں وہ استغنا کی پایاں
غنیمت ہے کہ رسم نامہ و پیغام رکھتے ہیں

فروغ احباب سب بیٹھے ہوئے ہیں تکمیں حیراں
زباں سے بھی تو کچھ کہیے کہ ہم یہ کام رکھتے ہیں

دل لگے کیا خاک کوئی لطف کا ساماں نہیں
کوئی خندہ بھی تو زخموں پر نمک افشاں نہیں

دوستوں نے اسقدر ہمکو کیا رسواے دہر
دشمنوں کے دل میں اب باقی کوئی ارماں نہیں

بدگماں ہو کر نہ اتنا ہو جیئے گرم عتاب
آرزومند جفا ہوں لطف کا خواہاں نہیں

غمزہ و ناز و کرشمہ عشوہ و طرز خرام
کون ہے ان میں کہ جو دل کا عدوے جان نہیں

کیوں نہیں آتی ادہر کو اے نسیم ناز یار
دیکھ تو کب سے گل زخم جگر خنداں نہیں

رد نہین کرتے ہین سائل کا سوال اہل کرم
آپکو زیبا نہین اے جان مشتاقان نہین

سخت جانیکا گریبان گیر ہونا چاہیئے
اے دل نالان قصور خنجر بران نہین

پیچ مین کاکل کے آکر دل نے یہ رو کر کہا
بیگنہ بیدست و پا ہون قابل زندان نہین

سیر سے آئی سی چمن مین بلبلو ناخوش نہو
یار شاطر ہون مین بار خاطر یاران نہین

دل کے بہلانیکی خاطر اے فروغ خوش بیان
یہ غزل بس ہے تری کچھہ حاجت دیوان نہین

درد دل کہتا ہی مجھکو خواہش درمان نہین
خوشنما میری نظر مین صورت احسان نہین

غیر کا کیا منہہ اگر کہیئے تو ہم دکھلائین لطف
جان کا دینا بہت مشکل ہے کچھ آسان نہین

بیقراری سے تری اے گریۂ بے اختیار
اشک کو پھر چین زیر سایۂ مژگان نہین

پھر رہا ہے روبکاری اس دل مضطر کی آج
جس عدالت مین کہ اذن جنبش مژگان نہین

ہے جنون کا کسقدر اس عہد مین بذل کرم
دولت وحشت سے خالی اب کوئی دامان نہین

چھوڑ کر تنہا غم جانان کو جاتا ہے کہان
تجھکو اے دل کچھہ بھی پاس خاطر مہمان نہین

رشک ہوگا دیکھکر فردوس مین انکا عروج
اس خراب آباد مین جنکا کوئی پرسان نہین

دیکھیئے جا کر چمن مین ہے ہر اک گل خندہ زن
بے ثباتی پر جہان کی ہین فقط خندان نہین

دربدر ہمکو پھراتا ہے تقاضا حرص کا
ورنہ کیا اکسیر خاک کوچۂ جانان نہین

دیکھنے کیواسطے چشم بصیرت چاہیئے
ورنہ مظہر حسن جانان کس جگہہ تابان نہین

آفرین صد آفرین اس ظرف پر تیرے فروغ

نغز گفتاری پہ اپنی تو ذرا نازاں نہیں

ابھی آپ ہین ہم کب آئے ہوئے ہین — منہہ آپ اپنا ناحق چھپائے ہوئے ہین
نہین تیر اونکے خود آئے ہوئے ہین — یہ مہمان دل کے بلائے ہوئے ہین
ہر ایک ذرہ کیونکر نہو چشم مجنون — وہ محمل کا پردہ اوٹھائے ہوئے ہین
نہین کچھ بہی نسبت ہے لیلی کو ان سے — یہ لاکھون کو مجنون بنائے ہوئے ہین
انہین کے لب لعل قتل جہان کا — بہت دن سے بیڑا اوٹھائے ہوئے ہین
یہی ہین کہ آفت ہے رفتار جنکی — قیامت بہی ہم پہ ڈہائے ہوئے ہین
وہ انداز ہین انکے بیداد کے بہی — کہ عالم کے دل کو لبہائے ہوئے ہین
مری خاک کو ضعف ملنے نہ دیگا — یہ کیون آپ دامن اوٹھائے ہوئے ہین
ترے حسن کا شور خود کہہ رہا ہے — کہ سب فتنے سر سے جگائے ہوئے ہین
جو دیکہا مجھے اشک خونین ہین ڈوبا — کہا ہنسکے یہ رنگ لائے ہوئے ہین
فلک کو سکہائی ہے جسنے یہ گردش — اوسی آنکہ کے ہم ستائے ہوئے ہین
زبان سے تری مثل تیرے دہن کے — ہم اب تو بہت تنگ آئے ہوئے ہین
مرے دل کے داغون کو دیکہا تو بولے — ترے دل کے یہ گل کہلائے ہوئے ہین
اگرچہ یہ سر بار تن ہے مگر ہم — پئے تیغ جانان لگائے ہوئے ہین
دہن سے ترے ہمسری کرکے اے گل — یہ غنچے بہی کیا منہہ کی کہائے ہوئے ہین
مجھے بہی وہی بات اے دل سکہا دے — جسے سنکے وہ مسکرائے ہوئے ہین

دل و دین کے رہزن تن و جان کے دشمن
یہی ہین جو تشریف لائے ہوئے ہین

فروغ آئینگے کب وہ دم مین تمہارے
وہ غمزون کی پٹی پڑھائے ہوئے ہین

فروغ آج ہین منتظر آپ کے
جو آنکھون کے پردے چھپائے ہوئے ہین

کیا مصیبت ہے کہ اونکے پاس جا سکتے نہین
اور جائین بھی تو کیا وان لب ہلا سکتے نہین

دل ہے کچھ واقف کیسے درد کی لذت سے آہ
ہم زبان سے کچھ مزہ اسکا بتا سکتے نہین

چشم مست ناز سے جو کچھ ہوا ایما ہمین
ہم زبان حال پر بھی اوسکو لا سکتے نہین

کیا حیا کا عذر اور کیا دل کی گستاخی کا خوف
وہ اگر چاہین تو کیا پردہ اوٹھا سکتے نہین

شرم اونکے ناز کو آتی ہے اپنے کام سے
ورنہ کیا ٹھوکر سے مردونکو جلا سکتے نہین

اپنے چہرے کی صفائی آئینہ مین دیکھکر
اسقدر ہین محو حیرت کچھ بتا سکتے نہین

شوق کے ایما سے دل کرتا ہے کیا گستاخیان
ہم تصور مین جہان پر لب ہلا سکتے نہین

کہتے ہین ہم رحم کر سکتے ہین لیکن کیا کرین
اس لکھے کو تیری قسمت کے مٹا سکتے نہین

پردہ داری اونکی خود منظور ہے ہمکو فروغ
ورنہ ہم آنکھون سے کیا دریا بہا سکتے نہین

سیکھی ہے کس سے آپنے ایسے خو برہین
اہل کرم کی یہ روش گفتگو نہین

کہدے نگاہ شوق تو اوس چشم شوخ سے
پھرنا ترا پسند ہمین چارسو نہین

رنج یا ہے گرچہ آپکو پر مجھکو خوف ہے
انسان کا کوئی بڑھکے خودی سے عدو نہین

ہے لطف جبکہ ہان ہی کبہی ہو نہین کے بعد
آٹھون پہر کی خوب نہین تند خو نہین

تشنہ تہی تیغ یار پہ قسمت تو دیکہئے
کاٹا تو مجہہ مین نام کو بہی تہا لہو نہین

اے مژدۂ وصال یہ کیا بات ہے کہ اب
آتا ہمارے گوش تمنا مین تو نہین

کہئے تو کچہہ فروغ یہ کیا بات ہے کہ آپ
لیتے مغان کا نام کبہی بے وضو نہین

ردیف واو

جوش پر ہوتی جو دست تیغ زن کی آرزو
کیا ہی بر آتی مرے ہر عضو تن کی آرزو

سلسلہ جنبان ہے زلف پُر شکن کی آرزو
پاؤن پہیلاتی ہے پہر دیوانہ پن کی آرزو

کب تک اے زلف پریشان صورت آشفتگی
شام غربت مین رہے صبح وطن کی آرزو

کرکے سو آجہات جانان کو جان کہوئی تو کیا
سر بیہودگی تہی کوہکن کی آرزو

کیا کسیکی زلف و مژگان کا اشارہ تہا تمہین
تمنے کی منصور جو دار و رسن کی آرزو

ہوشیار اے دل کہ بو ہے زلف جانان کیلئے
پہر رہی ہے مضطرب مشک ختن کی آرزو

پردۂ محمل کہان اور تو کہان اے قیس بس
کر غبار راہ لیلی سے کفن کی آرزو

کوچہ گیسو مین ہمکو لیچلی ہے کہینچکر
اس دل آوارۂ پیمان شکن کی آرزو

پہر کسی آئینہ رو کے حسن کا آیا خیال
پہر ہوئی انگشت حیرت کو دہن کی آرزو

کیون ستاتے ہین مجہے یہ خار صحرا اسقدر
کب مجہے تہی فرش گلہاے چمن کی آرزو

جگمگیا کوچے میں وہ کے اپنا پائی بیخودی
بیٹھی پہرتی ہے سر چرخ کہن کی آرزو

صورت خط پہلے منہہ ہوائے اپنا فروغ
کیجے پہر بوسہ شیرین دہن کی آرزو

فروغ اب پہر خیال چشم مست یار کرتے ہو
بہلا سوتے ہوئے فتنے کو کیون بیدار کرتے ہو

تسلی بخش کوئی جز اجل اسدم نہین ہوتا
ہماری التجا پر جبکہ تم انکار کرتے ہو

بہلا کیون منہہ لگاتے ہو چمن مین جا کی غنچونکو
تنک ظرفون کو کیون تم واقف اسرار کرتے ہو

جگاتے ہو عدم کے سونے والون کو تو ٹھوکر سے
ہمارے بخت خفتہ کو نہین بیدار کرتے ہو

ہوئے ہین خاک جو در کر تمہاری راہ الفت مین
اونہین پر حشر برپا تم وہ رفتار کرتے ہو

ہمارا حال پوچھا تمنے ابرو کے اشارے سے
زبان تیغ سے بہی پرسش بیمار کرتے ہو

ادب ہتا نہین ہے بیخودی مین جا من دیکہو
شراب ناز سی پہر مجھکو تم سرشار کرتے ہو

گرد گئے کہ کی غش سے آخر شدل یکبار دم مین
نظر ہر دم جو سوئے روزن دیوار کرتے ہو

نمایان ہو چلا ہے سبزہ خط اونکے عارض پر
فروغ اب کیون تلاش مرہم زنگار کرتے ہو

خوب ہو عشو جو بیجا کے کرے گم مجھکو
اور بہر لے مین عدالت کے مارو تم مجھکو

عین اندوہ مین یہ جوش مسرت کیسا
خندہ کرز خم پہ آتا ہے تبسم مجھکو

جگر و دل کو ہے کیا شوق ترے ناوک کا
کہتا ہر ایک ہے یا رب ہو تقدم مجھکو

واہ اے عشق وہ ہر لحظہ نئے ظلم کرین
اور کسیطرح نہو اذن تکلم مجھکو

کشمکش دیکھو کہ واعظ ہے ادہر دامنگیر
اور اودہر کھینچ رہی ہے کشش خم مجھکو

اب تو مرنے کی بھی فرصت نہین دیتا یارب
بحر ذخار تمنا کا تلاطم مجھکو

لب نازک پہ ہین خود آنکے ہی دانتون کے نشان
کیون ستاتا ہے تو ہر لحظہ توہم مجھکو

جب کہا مین نے کہ پردے کو اوٹھا دو تو کہا
زندگی پہ تیری آتا ہے ترحم مجھکو

اونکی افشان ہے شب وصل جو پڑتی ہے نظر
شب گذر جاتی ہے گنتے ہوئے انجم مجھکو

بزم عالم مین وہ شیدائی بیتابی ہون
رقص پریون کا ہے اشکون کا تلاطم مجھکو

کسطرح اون سے سفارش کرون تیری اے دل
نہین رہتی ہے وہان تاب تکلم مجھکو

خامشی نے ہے کیا رتبۂ عالی بخشا
مردم دیدہ سمجھنے لگے مردم مجھکو

تم وہ نازک کہ تمھین نیش ہے الفت کی نظر
ہین وہ عاجز کہ نفس ہین مرے کژدم مجھکو

ہون مین بیمار جو عشق در دندان کا فروغ
چاہیئے گرد یتیمی پہ تیمم مجھکو

کیون نہ حیرت ہو کہ اس دل مین ملے تم مجھکو
ذرے مین مہر ملا قطرے مین قلزم مجھکو

شوق پر خندہ ہے یا اذن تکلم مجھکو
کوئی بتلاؤ تو مقصود تبسم مجھکو

شوق آغوش تو کچھ اور ہی کہتا ہے مگر
نازکی پر تری آتا ہے ترحم مجھکو

یاد بھی اوس بت کافر کی ہے ظالم ورنہ
دل سے کیون آتی ہے آواز تظلم مجھکو

تم سکالون کے ہو خواہان مین تمکین کا جویا
تمپر اے شیخ و برہمن ہے تقدم مجھکو

ہنسکے کہتا ہے غم یار کہ سبحان اللہ
گر تصور مین بھی آتا ہے تبسم مجھکو

ہوگیا ہجر مین اوس بت کے چمن دشت بلا
شاخ گل مار ہے گلبرگ ہے کژدم مجھکو

زلف مشکین ہے تیرے غمزے کی مشکین بانہون
تیرے عشوے کا جو لیجاے تحکم مجھکو

زخم دل بولا جو کی فکر دوا کچہہ مین نے
راہ مقصود ہون مین تم نہ کرو گم مجھکو

اس گمان سے کہ یہ مطلب کی کہیگا اپنے
نہین دیتے ہین کبھی اذن تکلم مجھکو

ہون مین بیمار غم عشق بتان اے واعظ
اپنی ہی خاک پہ واجب ہے تیمم مجھکو

خون رلائیگا بھلا زخم کی صورت کب تک
اے لب یار تیرا ضبط تبسم مجھکو

ضبط نالہ نہین کرتا ہون مین بیوجہ **فروغ**
فلک پیر پہ آتا ہے ترحم مجھکو

ردیف ہاے ہوز

خرام ناز سے کہدو ذرا آہستہ آہستہ
نہو جاے کہین محشر بپا آہستہ آہستہ

یہ کسکے پاؤن کی آئی صدا آہستہ آہستہ
کہ بہر پیشوائی دل چلا آہستہ آہستہ

غبار قیس پر مجھکو نہایت رشک آتا ہے
کہ فرش کوچہ لیلی بنا آہستہ آہستہ

مین وہ ہون ناتوان ہے پاس خاطر جسکا عالم کو
مرے صحرا مین چلتی ہے ہوا آہستہ آہستہ

نہ تنہا دل ہوا غمگین نکلجانے سے پیکان کے
جگر بہی دیر تک روتا رہا آہستہ آہستہ

نگہ نیچی تبسم زیر لب ہے غور کر اے دل
کچہہ اب کہتی ہی ہے یہ دین حیا آہستہ آہستہ

قیامت ہے مریض عشق سے یہ بات کا کہنا
کہ کرتی ہے اثر اپنا دوا آہستہ آہستہ

نہین طاقت ہے ہم مین اے **فروغ** اب لب ہلانیکی

کرینگے اشک شرح مدعا آہستہ آہستہ

روتے سے رکھے اے چشم سرو کار ہمیشہ
تا سبز رہے نخل غم یار ہمیشہ

دل صبر کا دشمن ہے مجھے صبر سے الفت
ہوتی ہے بہم اسلیے تکرار ہمیشہ

کیا شکوۂ بیداد ستم اونسے مین کرتا
مین بہی تو رہا اونکا طرفدار ہمیشہ

یہ غم بہی عجب جنس گرانمایہ ہے واللہ
رہتے ہین بہت اسکے خریدار ہمیشہ

فرقت مین بہی ہمنے کبہی تکلیف نہ پائی
غمخوار رہا اپنا غم یار ہمیشہ

انجام ستم دیکہ لے اے چشم جفا جو
گردش مین رہا چرخ ستمگار ہمیشہ

کہتی ہے پریشانی دل سبسے کہ تجہکو
اوس زلف مین رہنا ہے گرفتار ہمیشہ

میخوار نہ تہے شیخ تو پہر پاس مغان کے
کیون رہن رہا جبہ و دستار ہمیشہ

کرتے ہین فروغ آپ عبث فکر و تردد
دوزخ مین رہینگے نہ گنہگار ہمیشہ

کیا پریون کو کرتا ہے مسخر آئینہ
سحر کرتا ہے بلا کا یہ ستمگر آئینہ

پہر ہوتا اوسکی خود بینی کا رہبر آئینہ
میرے دل کا گر بناتا آئینہ گر آئینہ

صنعت مخلوق ہے یہ اور وہ صنع اللہ
اوسکے رخ سے ہو مقابل کیونکر آئینہ

جلوہ گاہ عکس مژگان ستمگر جبسے ہے
چہبہ رہا ہے میرے دل مین مثل نشتر آئینہ

ہین عیان عکس و گیسو سے بلائین چار اور
دل ہمارا آئینہ رخسار دلبر آئینہ

اونکو خود بینی سے فرصت ہی نہین جو اپنا پا
ہو رہا ہے آجکل سد سکندر آئینہ

ہوشیار اے دل کہ پھر آثار حیرت ہین نمود
خواب مین ہمکو نظر آتا ہے شب بھر آئینہ

مہر انور ہو خجل جسکے کف پا سے فروغ
روبرو اوسکے بھلا ٹھیرے یہ کیونکر آئینہ

ردیف یاے تحتانی

ذرا کہدو نگاہ شرمگین سے
فلک کو شرم آتی ہے زمین سے

تیری صورت کے معنی پوچھتا ہین
جو ہوتا قرب صورت آفرین سے

بتون کا ذکر کیا مین خود ہون بیزار
تمناے دل آفت گزین سے

مری آنکھون پہ پردہ پڑ گیا تھا
لڑین جا کر جو اوس پردہ نشین سے

ترے وعدے پہ کرتا ہون نہین کیسے
نہ شرمانا مجھے میرے یقین سے

گدائی مانگتا ہون مین نہ شاہی
مجھے خود عار ہے تاج و نگین سے

فروغ اب نالہاے دل کو روکو
نہ بڑھ جائین کہین عرش برین سے

نہ آئین باز وہ اپنی نہین سے
ہمین باز آئینگے جان حزین سے

یہ کیسے ہو گئے ہم اونکے غم مین
کہ ہمکو پوچھتے ہین وہ ہمین سے

کیا دل نے جو عزم کوے جانان
تو جان بولی کہ مین رخصت ہین ہین

نکالون کسطرح مین دل سے غم کو
مکان کی زیب و زینت ہے مکین سے

خدا جانے قرار و صبر و تسکین
خفا کیون ہین دل اندوہگین سے

عیان ہین جوہر تیغ قضا سب
بت سفاک کی چین جبین سے

یہ دل کی بیقراری جائیگی کیونکر
خبر بہی تو نہین آتی کہین سے

فروغ اون سے نہ رکہیئے ہان کی امید
اونہین فرصت نہین ہوگی نہین سے

اونکی تیغ ناز کچہہ چلتی ہے شیدائی ہوئی
آج شاید کچہہ دل نالان کی شنوائی ہوئی

دل مین پہر پیدا ہوا ہے دشت پیمائی ہوئی
پہر جنون فتنہ زا کی کارفرمائی ہوئی

آج کچہہ برہم ہے شاید ہمسے وہ گل پیرہن
ورنہ کیون باد صبا آتی ہے گہبرائی ہوئی

اس سے امید ثمر اے دل نہ رکہنا تو کبہی
ہر کلی نخل تمنا کی ہے مرجہائی ہوئی

ضبط نے میرے جلا کر خاک مجہکو کردیا
آتش سوزان مرے حق مین شکیبائی ہوئی

کیون جہجکتا ہے دل نادان خدنگ ناز سے
غیر ممکن ہے کہ پہر جائے قضا آئی ہوئی

بیخودی یون بے سبب ہمکو نہین ہوتی کبہی
رات بزم غیر مین کچہہ بادہ پیمائی ہوئی

یہ کتاب بیقراری جسکا دیباچہ ہے آہ
اس دل مضطر کی ہے تصنیف فرمائی ہوئی

حسرت و اندوہ و غم سے کہدو باہر ہی رہین
یاد اک پردہ نشین کی دلمین ہے آئی ہوئی

دیکہتے ہی پاے وحشت میرا چلانے لگی
تہی جو زنجیر جنون مجنون کی بنوائی ہوئی

تیرے چہینٹون سے نہین بجہنے کی اے واعظ کبہی
آتش دل ہے کسیکے غم کی بہڑکائی ہوئی

قصد توبہ کا نہ اوسنے کر لیا ہوا ہے فروغ

آرزوے وصل ہی کہہ آج گھبرائی ہوئی

خدنگ ناز سے کہہ دو ذرا خدا کے لئے
کہ چہوڑ دے کوئی دو چار تو قضا کے لئے

مرے ہی دل کو بنایا مری تمنا نے
جگہہ تلاش جو کی طرح کربلا کے لئے

نگاہ ناز نے سب ابتدا مین کرچہوڑا
رہا نہ طرز ستم کوئی انتہا کے لئے

ہجوم غم دل نالان کو پاکے کیا خوش ہے
بہت ملول تہا یہ کاروان درا کے لئے

حنا کو خون جگر سے بہت دنون سینچا
نئے طریق سے بوسے کیے پا کے لئے

جفاے یار نے شکوہ مری وفا سے کیا
جو مین نے ہاتہہ اوٹہائے کبہی دعا کے لئے

چہوڑا کے دیر کو راہ حرم بتانا ہے
نہ شیخ بن تو برہمن ذرا خدا کے لئے

اوسیکے دل مین ہمیشہ غبار ہمسے رہا
کہ خاک راہ بنے جسکے نقش پا کے لئے

فروغ کیا مجہے دیوانہ تم سمجہتے ہو
ہوا ہون آپ سے بیگانہ آشنا کے لئے

کسی سے یہ کہنے کے قابل نہین ہے
کہ پہلو مین پہر شام سے دل نہین ہے

تصور ہی بوسے کا کہتا ہے مجہسے
کہ تو منہہ لگانے کے قابل نہین ہے

پڑی ایسے دریا مین کشتی ہماری
کہ جسکا دو عالم مین ساحل نہین ہے

نکر رنج گر تجہسے خنجر نہ اوٹہا
ادا کیا تیری یار قاتل نہین ہے

سلامت ہے اے جنون زور تیرا
مجہے کچہہ بہی خوف سلاسل نہین ہے

ذرا سوچ تو تجہکو جانا کہان ہے
ارے دل تجہے فکر منزل نہین ہے

فروغ اب تو سامان چلنے کا کیجے
یہ بستی تو رہنے کے قابل نہین ہے

دل سے ہوس ناصیہ سائی نہین جاتی
تحریر جبین ہمسے مٹائی نہین جاتی

نادم ہون بہت دل سے ہین آ وعدۂ جانان
اب بات کوئی مجھسے بنائی نہین جاتی

منظور نظر پاتے ہین واہ رے قسمت
یا آنکھ بھی اب ہمسے ملائی نہین جاتی

اطفال سے امید وفا کیا کوئی رکھے
اشکون سے لگی دل کی بجھائی نہین جاتی

دنیا مین بجز شدت تکلیف شب ہجر
وہ کیا ہی جو انسان سے اوٹھائی نہین جاتی

للہ ذرا صبر تو کر اے دل مضطر
یون خاک مین توقیر ملائی نہین جاتی

اللہ رے بیدردی شمشیر تغافل
بسمل سے ذرا خاک اوڑائی نہین جاتی

اے نالۂ دل تو ہی وہان جا کے خبر کر
زحمت شب فرقت کی اوٹھائی نہین جاتی

کسطرح کہین تیر نظر سے کہ پلٹ جا
ہمسے تو دلا آنکھ چورائی نہین جاتی

بیتابی دل ہمسے فروغ اب کسی صورت
آغوش تمنا مین سولائی نہین جاتی

کسلئے پر شور و شر اے نالۂ شبگیر ہے
عشق کا روز ازل سے ہجر دامنگیر ہے

کون کہتا ہے کہ زلف پر شکن زنجیر ہے
یہ مری تقدیر کی پیچیدہ اک تحریر ہے

ہر قدم پر سیکڑون جانین قلم ہونی لگین
کیا خرام ناز ہے کیا ناز کی تسخیر ہے

اپنی مژگان کو چھپا لو تم خدا کیواسطے
مین کمانداروں کو سنتا ہون تلاش تیر ہے

سیکڑون تیر جفا کہاتا ہی یہ پلٹتا نہین
طائر دل ہے مرا یا طائر تصویر ہے

کچھ سبب ہے زلف مین پہنسی کا دل کے ورنہ کیون
پابہ آزادگی یون بستۂ زنجیر ہے

آمد آمد یا الٰہی کس شکار افگن کی ہے
جسکا صحرا مین تمنائی ہر اک نخچیر ہے

چین نمایان کرکے پیشانی یہ فرماتے ہین وہ
یہ ہمارے طالبان وصل کی تقدیر ہے

جان شیرین کو نہ کہوتا کوہکن گر جانتا
صاحب صبر و محن سیراب جوئے شیر ہے

دولت بیدار ہے عالم مین عجز و انکسار
خاک کوئے خاکساری غیرت اکسیر ہے

مرشد کامل نے ہمکو یہ نصیحت کی فروغ
بے غرض احسان کرنا اک عجب تسخیر ہے

جو یہ سمجہتے کہ ایسی بری ہے خو دل کی
تو بہول کر بہی نہ ہم کرتے آرزو دل کی

ضرور کوچۂ گیسو سے کوئی آتا ہے
مشام جان مین مہک آرہی ہے بو دل کی

پسند یار جو ذلت ہوئی تو بسم اللہ
اونہین کے غم نے بڑہائی تہی آبرو دل کی

عجب مذاق کی کرتا ہے آجکل باتین
قریب آکے ذرا سنئے گفتگو دل کی

ہوئی ہے آج یہ کیون صبح سے الٰہی خیر
تلاش دل کو مری مجھکو جستجو دل کی

یہ کسکے آتش رخسار کا ہے شیدائی
کہ شکل شعلے نے پائی ہے ہو بہو دل کی

گمان یہ ہمکو نہ تہا آپکی محبت سے
کہ اپنی جان بہی ہو جائیگی عدو دل کی

سنا ہے لشکر مژگان کی کی ہے مہمانی
خدا ہی ہے جو بچے آج آبرو دل کی

اونہین کے دل کی صفائی کا سیکہے انداز
جو اشک گرم سے کرتے ہین شست و شو دل کی

فروغ کیجیے تو اس بیخودی کے عالم مین
تلاش اپنی کرین ہم کہ جستجو دل کی

دل مرا اونکی طبیعت دونون نازک ہین — سخت حیرانی ہے مجھکو دیکھیے کیونکر بنے
ہے یہ کافر ماجرائی حضرت عشق آپکی — ورنہ دل کو کب لیاقت تھی کہ اُسکا گھر بنے
کون مہمان تیرے گھر مین تھا بتا اے دل کہ رات — پتلیان دربان نہین آنکھون کے حلقے در بنے
دوست ہے یا دشمن کا اوسکے جب یہ چرخ کینہ جو — پھر بھلا دل کی مرے بگڑی ہوئی کیونکر بنے
گر تیرے روے کتابی کا سنے گلزار وصف — ہر ورق گل کا یقین ہے شوق کا دفتر بنے
رات مجھسے وہ کہ فرما بڑے اصرار سے — پوچھتے تھے داغ دل کیسے نئے کیونکر بنے

بارگاہ گردش چشم ستمگر سے فروغ
حکم ہی پھر گھر ہمارا شہر سے باہر بنے

مطلب بیتا ہم ترا بیدادگر کہنے کو تھے — کچھ مصیبت دل کی کچھ حال جگر کہنے کو تھے
دیکھ لو اب غیر سے کچھ بن نہین پڑتی تمہین — بس ہمین کو تم بُرا آٹھون پہر کہنے کو تھے
پیشتر آنے سے اونکے بیخودی سی آگئی — کچھ نہ کہنے پائے ہم اور کسقدر کہنے کو تھے
دل کی بیتابی سے کل شرما گئے وہ ورنہ کچھ — ہم ادہر سننے کو تھے اور وہ اُدہر کہنے کو تھے
ہے بڑا احسان اوسکا منع جسنے کر دیا — ورنہ اون سے آج ہم دل کی خبر کہنے کو تھے
ہو چکین غیرون سے باتین یا ابھی باقی ہین کچھ — ہم بھی حال درد دل کچھ مختصر کہنے کو تھے

گفتگو زاد سفر کی اب عبث ہے اے فروغ

شرم عصیان سے کہا ہوتا اگر کہنے کو تھے

نظر بطرح کچھ بدلی ہوئی ہے چشم پرفن کی
نگاہِ قہر یارب برق ہوگی کسکے خرمن کی

دل ناشاد مین پھر ناامیدی گھر بناتی ہے
خبر لے او خدنگِ نازِ جانان اپنے مسکن کی

ہمیشہ یا الٰہی تر رہے خون شہیدان سے
رہے ہے رشک گلستان ہر گلی قاتل کے دامن کی

سمجھتا ہے جہان سینے کو میرے وادی ایمن
وہ مشعل تیرے سوز غم نے میرے دلمین روشن کی

مرے لب پر جفا سے دوست کا شکوہ معاذ اللہ
شکایت بھی کبھی مجھسے سنی بیداد دشمن کی

عنایت جو نگاہ ناز کی ہی دل پہ کیا کہئے
عیان ہے سارے عالم پہ حقیقت برق و خرمن کی

ذرا آکر تماشا دیکھئے اس دل کے زخمون کا
بہار اب دید کے قابل ہوئی ہے میرے گلشن کی

کہان لیجاؤن یارب اس دل مضطر کو بہلانے
چمن سے بھی تو آتی ہے صدا فریاد و شیون کی

الٰہی کیا ہوے وہ دن کہ وحشت مجھہ پہ مرتی تھی
جنون کو آرزو رہتی تھی مرے جیب و دامن کی

تڑپنا دیکھکر دل کا مرے مخلوق کہتی تھی
کہ یارب یہ نہو حالت کسی دشمن سے دشمن کی

بلائین لیتی تھی دست تمنا کس محبت سے
کبھی میرے گریبان کی کبھی جانان کے دامن کی

نہ خالی ہو مری پیری خیال روے جانان سے
رہے یارب خزان بھی گل بدامان میرے گلشن کی

فروغ اوس گفتگو سے شب کا مطلب آپ کچھ سمجھے
شکایت تھی تمہارے نالہ و فریاد و شیون کی

گل کو پہچان تو بلبل کہ یہ تن کسکا ہے
اسکے خنجر کی صدا حرف و سخن کسکا ہے

آپ ہی کے قد دلجو نے کیا حشر بپا
اور یہ کام بھلا مشفق من کسکا ہے

ہنس دیے گل کسطرح مین نے جو گلشن مین کہا
یارب ان غنچون کی مانند دہن کسکا ہے

ہے وہی بلبل مہجور شکستہ پر و بال
اور یہ غل پس دیوار چمن کسکا ہے

بیوفائی کا گلہ شیوۂ عشاق سہی
آشنائی مین جفا کیجئے چلن کسکا ہے

رنج کا گھر ہے کبھی مسکن راحت ہے کبھی
نہین معلوم یہ دل خاص وطن کسکا ہے

ایکدم کو نہین گردش سے تجھے چین کبھی
ایسا جوئندہ تو اے چرخ کہن کسکا ہے

خلق کہتی ہے اسے رشک گلزار جنان
دل پہ داغ خدا جانے چمن کسکا ہے

ہے حدیث نبوی یہ کہ تو رہ مثل غریب
یہ مسافر کدہ دنیا ہے وطن کسکا ہے

وہ نہ گلشن ہی رہا اور نہ وہ اوسکی بہار
اب تصور تجھے اے ذوق چمن کسکا ہے

شوخ کس درجہ کلام آپکا ہوتا ہے فروغ
سچ تو فرمایئے یہ طرز سخن کسکا ہے

پہر دل سے مرے آج مری آہ لڑی ہے
حیران ہون کہ آپسمین یہ کیا پھوٹ پڑی ہے

کرنا نہ ضیا ذکر مری کلفت دل کا
کہنا کہ تری یاد کو تکلیف بڑی ہے

کاکل سے تمنا مری آگے نہین بڑہتی
یہ خام ابھی ایک ہی سودے پہ اڑی ہے

پر جلتے ہین فریاد کے جاتے ہوئے وانکو
دیکھو تو کہان جا کے مری نگہہ لڑی ہے

تھے کل سے کہان آے دل وحشی ادہر آؤ
زنجیر جنون آپکی مشتاق بڑی ہے

ناصح نہین مانیگی تمنا سے دل زار
کچھہ کہئے نہ اسکو کہ یہ بیہودہ بڑی ہے

کس خواب گران مین ہو فروغ آنکھ تو کھولو

خورشید قیامت کا سے ہے اور دہوپ کڑی ہے

پہر خرابی کے ہین آثار خدا خیر کرے
ہمسے اور دل سے ہے تکرار خدا خیر کرے

رات سے درد ہے پہر زخم جگر مین پیدا
اور دوا سے ہے ہمین عار خدا خیر کرے

دل بلا مین تہا پہنسا فکر تہی ہمکو اوسکی
اب ہوئے ہم بہی گرفتار خدا خیر کرے

آج پہر شام سے یہ درد و غم و رنج و الم
ہمکو کرتے ہین بہت پیار خدا خیر کرے

ہو گیا ہو نہ کہین شیخ بہی اوس بت پہ فدا
سبحہ کے ساتہہ ہے زنار خدا خیر کرے

خواب مین رات بڑی حیلہ و چالاکی سے
ہمنے چومے ہین لب یار خدا خیر کرے

دیکہکر اونکا تبسم دم ذکر دل زار
پہر یہ آنکہین ہوئین خونبار خدا خیر کرے

پہر مرے زخم جگر نے بحضور قاتل
وا کئے ہین لب اظہار خدا خیر کرے

آج پہر دیکہو فروغ اوس بت کافر کے حضور
حال دل کرتے ہین اظہار خدا خیر کرے

بہت داغ ہین جسمین وہ دل یہی ہے
سواد چمن کا مقابل یہی ہے

اسی دل مین ہوتی ہین قتل آرزوئین
تماشاگہ رقص بسمل یہی ہے

نہ جانا غم یار تو دل سے میرے
مکان تیرے رہنے کے قابل یہی ہے

دم قتل ہرگز تڑپنا نہ اے دل
یہان پاس آداب قاتل یہی ہے

رولائیگی خنجر کو خون دیکہہ لینا
اگر حسرت دیدۂ و دل یہی ہے

تمہارے کف پا سے ہونگے خجل ہم
جو پامالے شیشۂ دل یہی ہے

لیا میں نے کب نام تیری ادا کا
ہنستی جو ایک دم نہ روتی تو اتنا
کوئی دم میں کٹتا ہے اس دل کا جھگڑا
نہ ٹوٹے ابھی تار جور و ستم کا

قضا میری کہتی ہے قاتل یہی ہے
سزا تیری اے شمع محفل یہی ہے
اگر خنجر ناز قاتل یہی ہے
تقاضائے بیتابیٔ دل یہی ہے

دل زار پہ کیجیے جان کو قربان
فرغ اپنی لیلی کا محمل یہی ہے

جوش پر ہے پھر یہ بحر دیدۂ تر دیکھیے
کیا تامل ہے جو کرنا ہو وہ سب کر دیکھیے
پھر مزاج یار کچھ برہم نظر آتا ہے آج
پھر لب زخم جگر کچھ خشک ہے اے چارہ گر
رات کیا غم نے کہا تھا یاد ہے اے چشم تر
اوٹھ نہیں سکتا ہے اب بار نگاہ لطف بھی
بے تکلف آپ ہیں آپ کے غم کے سوا
رات سے کہتی ہے مجھسے یہ گرانباری مری
ناخن اندیشۂ دل گرم کاوش ہے بہت
کیجیے اوس سے محبت ہے وہی کچھ کام کا
اونکے آنے کی خبر اے دل نہایت گرم ہے

روکتے ہیں دست و دامن اوسکو کیونکر دیکھیے
جان و دل حاضر ہیں دونوں بندہ پرور دیکھیے
پھر بدلتا ہے زمانہ ہمسے تیور دیکھیے
چاہتا ہے پھر یہ شاید آب خنجر دیکھیے
پھر یہ طفل اشک نکلے گھر سے باہر دیکھیے
کسقدر کمزور ہے یہ جسم لاغر دیکھیے
کون رہتا ہے ہمارے دل کے اندر دیکھیے
ہمت دوش عزیزان آج مر کر دیکھیے
کب کھلے یہ عقدۂ زلف معنبر دیکھیے
جس دل بیتاب کو قابو سے باہر دیکھیے
اب کہیں جانے نہ پائے جان مضطر دیکھیے

نامۂ شوق اپنا پہلے تہا نہایت مختصر
رفتہ رفتہ ہوگیا دفتر کا دفتر دیکھئے

دیکھنا ہے حال ہمکو رند و زاہد کا فروغ
کون چھپتا ہے تر دامان محشر دیکھئے

دل پہ کچھ آفت نئی دیکھی ہے کیا آتے ہوئے
میری آنکھوں میں جو اشک آتے ہیں گھبرائے ہوئے

ارے کشش کتنک فریب وعدہ اسکو سمجھے
شرم آتی ہے مجھے اب دل کو سمجھاتے ہوئے

یہ ستم اے بخت برگشتہ کہ اوس بے رحم کو
خواب میں بھی شرم آئی شکل دکھلاتے ہوئے

حسرت دل نے کیا تہا رات ایک محشر بپا
دیکھکر اوس بزم میں پروانے کو جاتے ہوئے

پارسائی سے تو اب ہم پر خدا باز آ لئے
عمر گزری آرزو کو مری شرماتے ہوئے

ہمنے دیکھا ہے چمن میں دیکھکر اونکی بہار
رنگ گل کو بو لئے گل کی طرح اوڑ جاتے ہوئے

کسقدر سر اپنا پیٹا دل نے کوے یار میں
ناتوانی کو جو دیکھا پاؤں پھیلاتے ہوئے

اونکا جانا پاس سے مرے وہ آکر دیکھ لے
جس کسی نے جان کو دیکھا نہو جاتے ہوئے

ہجر کی شب اس دل بیتاب نے خون رو دیا
صبر بیکس کو جو دیکھا ٹہوکرین کہاتی ہوئے

کچھ عمل ہوتا تو ہم بھی ساتھ لیجاتی فروغ
شرم آگئی ہمیں جنت میں یون جاتے ہوئے

نکل جاؤ دل مضطر مرے کاشانۂ تن سے
غضب میں جان ہے میری تری فریاد و شیون سے

عجب کچھ چین میں یہ حضرت دل بھی معاذ اللہ
شکایت جور کی کرتے ہیں اوس کافر کی چتون سے

بوقت ذبح بہایا ہے میں نے خون کو اپنے
کہ محشر تک نہونا تو جدا قاتل کے دامن سے

عجب ہنگامہ برپا ہی اس کشور دل مین
خیال زلف لڑتا ہی ہوا روے روشن سے

برا ہو اس بد آموز بتان یعنی مرے دل کا
عیان تھے صلح کی آثار کل تک اونکی چتون سے

مجھے عشق آگیا تھا گل چمن مین دیکھکر گل کو
نہایت منفعل ہون آج مین اوس شوخ بدظن سے

گلون کو دیکھکر یاد آئے شاید داغ دل میرے
سنا ہے آج کل بیزار ہین وہ سیر گلشن سے

وہ مجنون ہون اگر روتا ہوا جاؤن مین صحرا کو
تو اشکون کو مرے پونچھے جنون صحرا کی دامن سے

وبال جان ہوا آخر کو رکھنا دل کا پہلو مین
بہت چوکے جو ہمنے دوستی کی اپنے دشمن سے

ہوا تاریکیِ مرقد مین آکر ہمکو یہ روشن
کہ شمع زندگی روشن ہوئی تھی شمع مدفن سے

فروغ اپنے مقدر کا بھلا پھر پوچھنا کیا ہے
تصور مین وہ پونچھین میرے آنسو اپنے دامن سے

سرگشتہ بہر خال رخ یار ہو گئے
ہم دل لگا کے نقطے سے پرکار ہو گئے

لاغر ہوئے ہم اتنے کہ نفرت ہوئی اونہین
ایسے سبک ہوئے کہ گرانبار ہو گئے

رخصت ہوا امید نشاط شب وصال
ہم نذر امتحان غم یار ہو گئے

وہ دیکھتے ہین ہمکو پس قتل بار بار
ہم قتل ہوکے کیا ہی طرحدار ہو گئے

اے چشم شوق تو نہ ہٹی ہم تو مر مٹے
پردے تیرے حجاب رخ یار ہو گئے

یہ اعتبار عشق بھی کیا ہے بلاے جان
تڑپا تو غیر مجھسے وہ بیزار ہو گئے

ہے ہے نہ پوچھو عالم آزادگی کا حال
ہم آنکھ کھولتے ہی گرفتار ہو گئے

دیکھا جب اونکو یاد مرے حال زار کو
گلہاے باغ دیدۂ خونبار ہو گئے

یہ ہے کمال خوبیِ زلفِ دوتا کہ ہم
سنبل کو دیکھتے ہی گرفتار ہو گئے

بگڑے سفارشِ دلِ مضطر پہ وہ فروغ
ہم کارِ خیر کر کے گنہگار ہو گئے

کلیجا آج پھر سینہ کو دم فریاد آتا ہے
وہی بیداد گر پھر دل کو شاید یاد آتا ہے

قفس سے گو چھٹے مدت ہوئی لیکن مجھے اب تک
خیالِ انتشارِ خاطرِ صیاد آتا ہے

وہ رنج بھی تو نہیں کرتے ادھر کیا ذکر انکا
تمھیں کچھ ننگ بھی اے نالہ و فریاد آتا ہے

الٰہی کس جگہ یہ وحشتِ دل مجھکو لائی ہے
جدھر دیکھا ادھر سے ناوکِ بیداد آتا ہے

نہیں معلوم یا رب یہ رگ کا درد یا نزاکت ہے
بہت آہستہ آہستہ ستم ایجاد آتا ہے

خموشی سے تو میری پوچھ لے اے غمزۂ دلبر
کبھی میرے بھی لب پر شکوۂ بیداد آتا ہے

تعجب ہے بہت مجھکو کہ با این خرم و ہشیاری
بتوں کے دام میں کیونکر یہ دلِ ناشاد آتا ہے

کہاں کیا کون کرتا تھا ہماری پرسشِ ہر دم
بھلا اب وہ زمانہ کب کسیکو یاد آتا ہے

مرے ہوتے ہوئے غیروں پہ ہو مشقِ جفا کاری
بہت افسوس مجھکو اے ستم ایجاد آتا ہے

بہت خوش ہو کے جاں پھر لب پہ استقبال کو آئی
کدھر سے یا الٰہی مژدۂ بیداد آتا ہے

اثر کو آشتی لازم ہے ورنہ دیکھئے کیا ہو
دلِ بیتاب خود لب پر لئے فریاد آتا ہے

بہت لڑتا ہے میری ناتوانی سے غمِ جاناں
دلِ مضطر میں رہنے کا مزہ جیسا یاد آتا ہے

یہ شور و شر جو سنتے ہو نہیں ہے حشر کا ساماں
فروغِ خستہ دل کرتا ہوا فریاد آتا ہے

خدا سمجھے مری اس چشم تر سے
بہڑایا دل کو کس کافر نظر سے

تغافل اور نگاہ ناز اتنا
گرے جاتے ہین ہم اپنی نظر سے

کسی پہلو نہین ہے ہجر مین چین
جو دل بیٹھا تو درد اوٹھا جگر سے

طلب کرتا ہے ہر دم داغ تازہ
کلیجا پک گیا اب تو جگر سے

قرار و صبر مرے غمکدے تک
نہین آتے دل مضطر کے ڈر سے

نگاہ ناز اونکی زور پر ہے
گرائے جسکو وہ چاہے نظر سے

دل گستاخ کا ہو خانہ ویران
نکالا جسنے مجھکو اوسکے گھر سے

آلہی بند تھے مرے لب و چشم
یہ لخت دل نکل آئے کدھر سے

ہوئے پامال ہم کوچے مین اونکے
پڑا ہی بوجھ اوترا اپنے سر سے

جواب نامہ و پیغام کیسا
لڑائی ٹھن گئی خود نامہ بر سے

ہمارے دل کے کام آئے الٰہی
کٹاری وہ لگاتے ہین کمر سے

ہوئے جاتے ہین زخم دل کے در بند
غم جانان اب آئیگا کدھر سے

بلندی دیکھیے گر اس سیکدے کی
عمامہ شیخ کا گر جائے سر سے

نثار وصف دندان کا ہے گر قصد
وضو کیجے **فروغ** آب گہر سے

کسطرح نظر آئیگی شکل اونکی کمر کی
تصویر کھینچی ہے مرے نالون کے اثر کی

شمشیر اجل کا مجھے ممنون نہ کرنا
اے تیغ نگہ تجھکو قسم ہے مرے سر کی

لے درد نہان آپکی کیا بات ہے واللہ
لی خوب خبر دل کی مرے اور جگر کی

ٹوٹے نہ ابھی تار مجھے خوف ہے اسکو
خجلت نہو دمساز کہین دیدۂ تر کی

جز مست کوئی آنکھہ ملاتا نہین اس سے
شاگرد ہے یہ دختر رز کسکی نظر کی

ہر دم ہے کسی کان ملاحت کا تصور
کٹتی ہے بڑی لطف سے اپنے غم جگر کی

غیرت تو فروغ آہ شرربار کی دیکھو
کہتی ہے کہ ممنون نہونگی مین اثر کی

ہوا دل خاک اور زخم غم دلدار باقی ہے
گری دیوار لیکن رخنۂ دیوار باقی ہے

خدا کیواسطے مجھکو نہ کیجے منع رونے سے
ٹپکنا دل کا خون ہوکر ابھی اے یار باقی ہے

تغافل کی شکایت کو نہ لاتا لب پہ مین لیکن
تحمل اب نہین مجھمین بت عیار باقی ہے

صفائی پر تو اپنی اسقدر نازان نہو اے دل
ابھی آئینہ مین تیرے بہت زنگار باقی ہے

لیا کرتے ہین بل کیونکے گیسو مصحف رخ سے
ابھی رنجش میان کافر و دیندار باقی ہے

نہین آتا ہی پھر فاتحہ تو خاک پر میری
ترے دل مین غبار اے یار یا کچھ پیار باقی ہے

تعجب ہے کہ تیرے عہد مین اے ساقی سرخوش
تن زاہد پہ اب تک جبہ و دستار باقی ہے

فروغ خوش بیان اک اور بھی تازہ غزل لکھیے
ابھی تو کلک مین کچھ شوخی رفتار باقی ہے

نہین ہر چند یان کچھ تن مین جان زار باقی ہے
وہان کچھ پردۂ انکار مین اقرار باقی ہے

غم جانان کبھی ہرگز نہ گیا دل کی کاوش مین
ابھی کچھ آبروئے دیدۂ خونبار باقی ہے

کہان جاتا ہی ای دل زخمی تیر مژہ ہو کر — ابھی تو تیغ ناز دلربا کا وار باقی ہے
سنا ہی کیجیے صاحب تمہاری اس زبان ہین — کہان یوسف کی اب وہ گرمئی بازار باقی ہے
ہے یارب ترقی پر ستم اونکا جفا اونکی — دل مضطر مین جب تک خواہش آزار باقی ہے
کہلا ہم پر یہ عقدہ بعد مردن قبر مین آکر — بہت آسان تہا جو گزرا بہت دشوار باقی ہے
لحد مین بہی وہی سامان وحشت سب مہیا ہین — وہی ہم ہین وہی دل ہے وہی آزار باقی ہے

سبب کیا پوچہتے ہو تم فروغ اس زندگانی کا
دہان کچہہ پہ پردۂ انکار مین اقرار باقی ہے

اگر کچہہ خون دل کو دامن قاتل سے کہنا ہے — تو فرمان ادب کچہہ ہمکو بہی اس دل سے کہنا ہے
جو کچہہ کہنا ہے پروانے کو شمع محفل آرا سے — وہی ہمکو بہی اوس برہمزن محفل سے کہنا ہے
کہان جاتا ہی او قاتل ٹہہر بہر خدا دم بہر — ابہی خنجر کو تیرے کچہہ دم بسمل سے کہنا ہے
دل نادان اوٹہا کر ہاتہہ ہمکو اپنی ہستی سے — سلام شوق تیر و خنجر قاتل سے کہنا ہے
کہو اس چرخ سے رکے نہ ہرگز میرے نالے کو — پیام دل وہی اوس لامکان منزل سے کہنا ہے
سحر بہی متصل ہے زندگی کی شب سے او غافل — زبان حال سے یہ شمع کو محفل سے کہنا ہے
جرس کس طرح چلا کر دل مجنون کو کہنا تہا — کہ میری چشم کو کچہہ پردۂ محمل سے کہنا ہے
کسی افسون سے اوس چاہ ذقن تک جا نہین سکتے — یہ اب ہمکو اسیران چہ بابل سے کہنا ہے
نکل آئے ذرا پہلو ہی کہہ دے اے غم جانان — مجہے کچہہ اور کچہہ اس چشم تر کو دل سے کہنا ہے
حصول اہل کرم سے کیا تہی دستان قسمت کو — زبان موج سے دریا کو یہ ساحل سے کہنا ہے

پہونچا جام شکر تا لب جانان کسی ڈھب سے
دم آخر مجھے یہ اپنے آب و گل سے کہنا ہے
ذرا فرصت تو دو پھر خدا اے درد بیتابی
کہ پھر کچھ دل کو مجھ سے اور مجھے کچھ دل سے کہنا ہے

فروغ اس آفتاب داغ دل کو روبرو کرکے
سلام عارض جانان مہ کامل سے کہنا ہے

سنا چاہے ہے دل مضطر کا میرے گریبان کوئی
دہان زخم دل مین تیغ کی رکھدے زبان کوئی
بتا سکتا نہین اونکے دہن کا اب نشان کوئی
کسیکو ہو سخن گر اسمین تو کھولے زبان کوئی
وہی حالت دل مضطر کی ہے سودا کے کاکل مین
کہ جیسے مضطرب ہو طائر بے آشیان کوئی
عجب ناز و ادا سے خاک رہ یان کی تڑپتی ہے
ابھی اس دشت سے شاید گیا ہے کاروان کوئی
بہت دیکھی ہین ہمنے دعوتین مخلوق مین لیکن
نہ غم سا میہمان دیکھا نہ دل سا میزبان کوئی
جسے دیکھو تمنائی ہے اونکے آب خنجر کا
نہین اب چاہتا اے خضر عمر جاودان کوئی
جگر اور دل کی میرے دیکھکر بھڑکی ہوی آتش
خدنگ ناز کہتا ہے کہ اب بیٹھے کہان کوئی
دل محبوس کا کل آہ کیسا یاد آتا ہے
جو میرے سامنے آتا ہے پہنے بیڑیان کوئی
الٰہی آتش گل نے بھڑک کر کیا جلایا ہے
نظر آتا نہین اب اس چمن مین آشیان کوئی
نگون سر تا زمین ہون اور نالہ آسمان جنبان
نہ مجھسا پیر عالم مین نہ مجھسا ہے جوان کوئی
برائے نام ہے وہ اور اوسمین تیغ لٹکی ہے
سوا اسکے کمر کا اونکی دیگا کیا نشان کوئی

حرم مین بھی صنم کا کس ادب سے نام لیتا ہے
فروغ اس دل سا دیکھا ہے جہان مین بے ایمان کوئی

اشک اب کم ہو چلے لخت جگر آنے لگے
پہول گر کر نخل مژگان مین ثمر آنے لگے

اندنون پہر غیر شاید اوسکے گہر آنے لگے
پہر فرشتے سوت کے ہمکو نظر آنے لگے

اضطراب دل کا شاید ہو چلا ہنگامہ گرم
لخت دل گہبرا کے سوے چشم تر آنے لگے

پیش ہجوم گریہ و آہ و فغان ہونے لگا
پہر دل مضطر کے منظور نظر آنے لگے

دیکہیں اب دل آگیا اندہیر کا عہد شباب
گیسوے مشکین جانان تا کمر آنے لگے

فیض قید عشق سے کیا ہو گئے آزاد ہم
شادی و غم اب ہمین یکسان نظر آنے لگے

جلد جل اے دل اگر ہے سرخروئی کی طلب
کوچۂ قاتل سے مردم خون مین تر آنے لگے

تب کمال گریۂ بے اختیار شوق ہے
اشک تر کے ساتہہ جب لخت جگر آنے لگے

پہر چلا پیمانہ شاید شوق کے بہی عمر کا
خط کسیکے اب نہایت مختصر آنے لگے

بت پرستی کا ہماری نفع دیکہا زاہدا
پاس سے اللہ کے پیغامبر آنے لگے

کسلیے یہ شور و شر اے گریۂ بے اختیار
اب تو نالے دل سے مقبول اثر آنے لگے

ہم بہی قائل ہین ترے دل کی صفائی کے فروغ
اب تو وہ جان جہان آمین نظر آنے لگے

نگاہ ناز کا پہرنا یہ چار سو کیا ہے
الہی خیر یہ انداز جستجو کیا ہے

نہ کفر و دین مین یہ عشوے نہ روز و شب مین ناز
خدا ہی جانے کہ وہ زلف کیا ہے رو کیا ہے

جناب پیر مغان غور کیجئے تو ذرا
یہ میرے لب پہ صدائے سبو سبو کیا ہے

کسیکے سوزن مژگان کی یاد ہی باعث
وگرنہ چاک جگر کو غم رفو کیا ہے

نگاہ ساقی و ناز نگاہ سے ہے صہبا
ہمارے واسطے فکر مے و سبو کیا ہے

عجب دماغ ہے خنجر کا اوسکے کہتا ہے
کہ میری شان کے آگے تیر اگلو کیا ہے

کسیکے جور کی رسوائی کا ہے ہمکو خیال
وگرنہ عشق کے نزدیک آبرو کیا ہے

نہین مجال سخن وان ہے اور اگر ہو بھی
تو کس زبان سے کہین ہم کہ آرزو کیا ہے

ہمارے پردۂ ہستی مین کوئی بیٹھا ہے
وگرنہ آپ ہمین اپنی جستجو کیا ہے

بہار عارض جانان کو دیکھتے ہین فروغ
چمن کے سنبل و گل کیا ہین رنگ و بو کیا ہے

اب اسکے بعد نہ کہیگا مجھسے تو کیا ہے
وگرنہ مین بھی کہونگا یہ گفتگو کیا ہے

دل حزین سے مرے تجھکو گفتگو کیا ہے
رہگئی پاس یہان اے امید تو کیا ہے

کہین وہ گھر سے نہ نکلے ہون دیکھ تو اے دل
وگرنہ آج یہ ہنگامہ چار سو کیا ہے

جلا کے خاک کیا خاک کو اڑا بھی دیا
اب اور ہمسے ترے دل کی آرزو کیا ہے

ہے آج پہلو مین برپا عجیب ہنگامہ
کوئی سنو تو دل و غم مین گفتگو کیا ہے

غبار دل سے کسیکے دہلے تو جانین ہم
وگرنہ رخ کی سترہ شست و شو کیا ہے

جو سوز دل سے نہ پڑھیے تو وہ نماز ہے کیا
جو خون دل سے نہ کیجے تو وہ وضو کیا ہے

یہ جان زار ہے کیون دل یہ اسقدر شیدا
الٰہی دل مین بجز درد آرزو کیا ہے

جواب پائیگا اے دل زبان تیغ سے تو
دہان زخم سے ہر دم یہ گفتگو کیا ہے

دل نحیف کو میرے کہان ہے تاب سخن
جناب پوچھیے مجھسے کہ آرزو کیا ہے

فروغ تم ہی کہو تم او نہین سجاے حضور
جو بات بات پہ کہتے ہین تمسے تو کیا ہے

آہ ابتک یہ آبلے دل کے — نہ بنے چھالے تیغ قاتل کے
اون سے یا اونکی تیغ سے ملکے — خوب نکلینگے حوصلے دل کے
دیکھہ او قیس طور اس دل کے — ہین سب انداز اسمین محمل کے
دست قاتل کو چوم لین کہین — دیکھنے والے زخم بسمل کے
سخت جانی بس اب خدا کیلیے — دکھہ چلے ہاتھ میرے قاتل کے
قیس کو خاک ہو کے رہنا تھا — گرد کیطرح گرد محمل کے
بدگمانی تو دیکھو ذبح کے بعد — بال و پر تولتا ہے بسمل کے
اپنی چیتون سے پوچھیے تو ذرا — کسنے لوٹے ہین قافلے دل کے
فصل گل آئی دل ہین لینے لگے — چٹکیان نالے سیہ عنادل کے
کھینچکر تیغ کھینچ رہا مجھسے — جذب دل دیکھہ جور قاتل کے
دونون آنکھین ہین چشم دید گواہ — اور ہم مدعی ہین اس دل کے
قیس لیلی کو کیسے پاسکتا — ہوش اوڑاتے تھے ناز محمل کے
ناخن تیغ سے کھلے آخر — جتنے عقدے تھے میری مشکل کے
کعبے سے تنگ ہے کو پہونچا دے — ہمتو جویا ہین ایسے کامل کے

شوق پابوس مین کسیکے فروغ

فرش ہم بنگئے ہین محفل کے

نہ سمجھا عمر گزری اس دل مضطر کو سمجھاتے
اگر ملتا تو اب ہم کچھہ ترے خنجر کو سمجھاتے

کسیکے ناز کو سمجھا کے ای دل تم ہوئی ملزم
سمجھکر حضرت من آپ اوس خود سر کو سمجھاتے

ہمارا ہر رگ و پے کسقدر مشتاق کاوش ہے
اگر کچھہ ہوش آجاتا تو ہم نشتر کو سمجھاتے

زبان یار کا ہو طرز جسمین وہ رسے کیونکر
بتاؤ کسطرح ہم تیغ اور خنجر کو سمجھاتے

بتون کے حال سے ای اہل غفلت بے خبر تمکو
جو ہم ہوتے تو ہم کچھہ اور ہی آذر کو سمجھاتے

تمنا تھی کہ وقت قتل کچھہ ملتی اگر فرصت
گلو کو اپنے کچھہ اور کچھہ دم خنجر کو سمجھاتے

بہت مجبور ہین دل سے کہ ہمسے دور رہتا ہے
دگر نہ مار کر ہم خوب اس خود سر کو سمجھاتے

حضور حسن گر پرسش **فروغ** اپنی ذرا ہوتی
تو دل کے باب مین کچھہ عشوۂ دلبر کو سمجھاتے

اگر ملتا کہین تو پھر دل مضطر کو سمجھاتے
بہت گزری اگرچہ پہلے اُس پتھر کو سمجھاتے

اثر نالے مین ہوتا یا عمل تسخیر کا ملتا
تو ہم آغوش مین لیکر پری پیکر کو سمجھاتے

نہ ہو صدمہ اونہین اسطرح گرنا اونکے قدمون پر
گزرتی ہے ہماری بس یہی اس سر کو سمجھاتے

حیا کا اور گستاخی کا جھگڑا ہی رہا شب بھر
دل مضطر کو سمجھاتے کہ ہم دلبر کو سمجھاتے

اگر ہم جانتے یہ ظلم ہوگا اونکے زیور سے
تو ہم بننے سے پہلے کچھہ الگ زرگر کو سمجھاتے

اگر کچھہ ہوش آجاتا تو سر کوبی کی حالت مین
کچھہ اپنے سر کو ہم کچھہ اوسکے سنگ در کو سمجھاتے

اگر خود رفتگی سے ایک دم فرصت نہین ملتی
تو ہم بھی کچھہ جناب واعظ رہبر کو سمجھاتے

فروغ اولٹی سمجھ کیسی ہے ان سمجھانے والون کی
جو سمجھاتے ہین مجھکو وہ دل مضطر کو سمجھاتے

دل صد چاک کی میرے نہ خبر تک پہونچے
اور شانے کی یہ قسمت کہ وہ سر تک پہونچے

شور گریہ کا ذرا باب اثر تک پہونچے
تک خندہ کہین زخم جگر تک پہونچے

کیا غضب تو نے کیا اے اثر نالۂ دل
کہ وہ تہامے ہوئے دل کو مرے گہر تک پہونچے

شام غم جان سے کہتی ہے کہ چل لب کیطرف
ضعف کہتا ہے کہ شاید یہ سحر تک پہونچے

تمنے مجھسے جو کجی کی تو ہوا کیا اے جان
ناوک غمزہ تو سب سینہ جگر تک پہونچے

غیر وان صورت پروانہ او جیلتے جائین
اور اوس شمع کو میری نہ خبر تک پہونچے

نازکی زلف سے کہتی ہی کہ ڈر ہے مجھکو
تیرا سایہ نہ کہین ہو کے کمر تک پہونچے

دل بیتاب سے تمکو تو بہت گہیرے ہوئے
کہئے کسطور سے پہر تم مرے گہر تک پہونچے

قد دلدار جو طوبی سے ہے تو کیونکر یہ ہاتھہ
زندگانی مین بہلا اوسکے ثمر تک پہونچے

ناتوانی کا بہت زور تہا لیکن اے یار
ہم عصا نالے کی لیکر ترے در تک پہونچے

شوخی چشم سے ہو جائے ہر اک حرف غزال
یہ غزل میری اگر اونکی نظر تک پہونچے

اے فروغ آپنے کچھہ رنگ اثر بہی دیکھا
نالے بلبل کے تو گوش گل تر تک پہونچے

یہ رنگ مسی آیا ہے سوسن مین کہان سے
یہ سرخی پان آئی ہی گلشن مین کہان سے

وہ مر ہی گیا جسکی طرف آپنے دیکھا
آیا ہے یہ زہر آپ کی چتون مین کہان سے

بلبل بہی مرے ساتھ یہ کہتی ہے کہ یارب
لاؤن مین اثر نالۂ شبگیرون مین کہان سے

ہر ذرے پہ خورشید قیامت کا گمان ہے
آئے یہ ترے قصر کے روزن مین کہان سے

ہر سمت سے حملے ہے مرے نالون کا اونپر
چین آگیا اونہین پہلوے دشمن مین کہان سے

اے امت موسی کہو اب تم کہ وہ مشعل
آئی تہی بہلا وادی ایمن مین کہان سے

جہکتا ہی نہین سامنے اوس بت کے ترا سر
زنار یہ رگ آئی تری گردن مین کہان سے

داغون کو مرے دیکھکے بلبل بہی یہ بولی
گل اتنے بہلا آئینگے گلشن مین کہان سے

باقی نہین اک قطرۂ خون بہی مرے تن مین
اب چہینٹے پڑینگے ترے دامن مین کہان سے

اوس بت کو پسند آئی ہے خود ہی یہ دورنگی
الفت ہو بہلا شیخ و برہمن مین کہان سے

وہ فاتحہ پڑہنے کو **فروغ** آئے ہین ورنہ
بیتابیان آئین مرے مدفن مین کہان سے

نہین غنچے نے صاحب کچھ خطا کی
نزاکت آپ مین ہے انتہا کی

بہلا تو اور توجہ اوس ادا کی
تمنا کر دل نادان قضا کی

صبا نے لاکے بو زلف دوتا کی
پہنائین دل کو زنجیرین بلا کی

بہاؤ خون مری امید کا بہی
یہ صورت ہے ادا سے خون بہا کی

محبت تو بہی کیا بیدادگر ہے
مین اونکا وہ مرے ستے ہین شنا کی

خدا کیواسطے اے سخت جانی
ہے حسرت نہ اونکو کچھ جفا کی

وہ دل تہامے ہوئے بیٹھے ہین اپنا
پڑی ہے تجہکو اپنے مدعا کی

نہین آیا کوئی ناوک تو پھر کیون صدا پہلو سے آئی مرحبا کی
کرے عرض تمنا کچھہ دل زار اجازت ہو اگر شرم و حیا کی
خدا جانے بتو ہو جاتے کیا ہم جو اتنی بندگی کرتے خدا کی

فروغ اب دم نہ مارو زیر خنجر
یہی ہے راہ تسلیم و رضا کی

برائی آرزو اب لو ادا کی تمنا ہے دل نے بھی قضا کی
بلا جانے تری زلف دوتا کی کہ کیا حالت ہے جان مبتلا کی
نہ ہم دل کے نہ دلبر کے ہین شاکی ہمین نے اپنے اوپر خود جفا کی
لڑی تو آنکھہ دل کا کردیا خون خطا کسکی تھی اور کسکی سزا کی
تکلف ہو رہے ہین دل مین کیا کیا وفا نے کی ہے ٹھانی جفا کی
کیا اوس بت سے جو اظہار مطلب کہا مین اور تو قدرت خدا کی
جفائین آپ کی ہین خوب واقف کہ ہمنے کس تمنا پر وفا کی
بہت مدت سے دل کو جستجو ہے خریدار متاع نارسا کی
حجاب آتا ہے آئینہ سے اسکو بھلا کچھہ انتہا ہے اس حیا کی
کیا کرتے ہین وہ نکلے گوش نازک شکایت خندۂ گل کی صدا کی
کیا وہ کام بتخانے مین دل نے کہ بت کہنے لگے رحمت خدا کی

فروغ اس دل کی نادانی تو دیکھو

تمنا اوس سے رکہتا ہے وفا کی

تدبیر چلی نہ جستجو کی
تقدیر یہہ تہی مری آرزو کی

اے خنجر عشق چلکے کر دے
گلزار گلی مرے گلو کی

اس دل کی یہ کافری تو دیکہو
اللہ سے بت کی آرزو کی

کم ہوتی نہین ہے حیرت حسن
مسدود ہے راہ گفتگو کی

اے دیر و حرم کے جانیوالو
راہین یہ نہین ہین جستجو کی

ایک ہوش ربا ہی ایک جان بخش
یہ بو کی ہے کیفیت وہ خو کی

جب کہتا ہون سچ کہو تو ظالم
کہاتا ہے قسم سر عدو کی

بہاگا نہ نگاہ قہر سے دل
کیا چوٹ سنبہالی روبرو کی

جاتا نہین راہ پر تو سیدہا
اے نالہ یہ ہے بدسلوکی

دل ہی نہ رہا کہ جسمین تہی چاک
کیون فکر ہے چارہ گر رفو کی

اوس تیغ سے بہی فروغ ہرگز
کٹتی نہین گردن آرزو کی

وان تاب ہے کسکو گفتگو کی
کیونکہ ہو وکالت آرزو کی

ہین ہم کو رخ کسیکا سمجہا
کیا رات مری نگاہ چوکی

کچہہ ذکر ہمارے بت کا واعظ
کچہہ فکر ہماری آرزو کی

حیرت سے وہ سمجہے ہیں مطلب
خاموشی نے خوب گفتگو کی

اے چارہ گر اک تڑپ ہین دل کی / اوڑ جائینگی دھجیان رفو کی
کیا اون سے شکایت تغافل / ہے جنکو شکایت آرزو کی
گو گالیان دین مگر سنے تو / کچھہ رہ گئی بات گفتگو کی
آب دم تیغ و چشم تر نے / دل کی مرے خوب شست و شو کی

پوچھو تو ذرا فروغ دل سے
کچھہ حد بھی ہے تیری آرزو کی

علم جب وہ تیغ دو سر ہو گئی / سرون کی مہم دم مین سر ہو گئی
تصور بھی مرہم کا کرنا نہ تھا / خطا تجھسے زخم جگر ہو گئی
نہ اب کیجیے آپ تکلیف کچھہ / جو ہونی تھی اے چارہ گر ہو گئی
دیا اوسنے پرزے سی خط کا جواب / بڑی خیر اے نامہ بر ہو گئی
مین سمجھا کہ توام ہین شادی و غم / دم خندہ جب آنکھہ تر ہو گئی
برا ہو نزاکت کا یان تک اونھین / پہونچتے پہونچتے سحر ہو گئی
ضرورت ہے کیا حضرت خضر کی / یہان گمرہی راہبر ہو گئی
شب وصل آیا شرم غش / سنبھلتے سنبھلتے سحر ہو گئی
ترحم نہ تھا اک اداتھی جو آج / اونھین قتل سے درگزر ہو گئی
دماغ آشنا ہوتی ہی اوسکی بو / طبیعت برنگ دگر ہو گئی
جگاتے جگاتے تجھے ای نصیب / شب زندگی کی سحر ہو گئی

چلونگا ترے ساتھہ ای دل ہان / مجھے غم سے فرصت اگر ہوگئی
نہین بے سبب مضمحل طفل اشک / ڈرے کچھہ ہین یا کچھہ نظر ہوگئی
دلون کی بھی کیا تار برقی ہی راہ / یہان دل ہلا وان خبر ہوگئی
نہین سخت جان ہون مین اے تیغ زن / نزاکت تیری خود سپر ہوگئی

ہوا ضبط گریہ نہ اس سے **فروغ**
مری چشم خود پردہ در ہوگئی

نہین اے شمع رو تیری طرف پروانہ آتا ہے / یہ ٹکڑا ہے مرے دل کا کہ بیتابانہ آتا ہے
تحمل درد پنہان کا نہین ہوتا ہی کچھہ تمسے / تمہین کچھہ ننگ بھی اے بلبل و پروانہ آتا ہے
ذرا تو دیکھہ اے فوج مژہ آنا مرے دل کا / کوئی بھی یون ترے میدان مین مردانہ آتا ہے
کوئی شیدا ہے چشم مست کی حالت کو پھر دیکھے / حباب اوسکے روبرو مے سے بھرا پیمانہ آتا ہے
چمن مین حسن کے جز خط کوئی پرسان نہین اپنا / نظر اک آشنا یہ سبزۂ بیگانہ آتا ہے
اُسے سونے دیا ایدل غ تونے وصل کی شب مین / جگانا سحر کا بھی تجھکو اے دیوانہ آتا ہے
کبھی آیا تو دم بھر بھی نہ ٹھیرا میرے پہلو مین / دل وحشی تجھے بھی ناز معشوقانہ آتا ہے
مجھے دیکھا جو نقد جان بکف تو ہنسکے فرمایا / خریدار ادا دیکھو لئے بیعانہ آتا ہے
پریشانی کی باتین کس مزے سے آہ کرتا ہے / ذرا بھی ہوش مین جسدم دل دیوانہ آتا ہے
مین لا سکتا ہون جذب دل سے اس ویرانہ مین اُسکو / مگر مجھکو خیال شوکت شاہانہ آتا ہے

فروغ اوس چشم کے افسون کا ہردم ذکر کرتے ہو

تمہین اسکے سوا کوئی نہین افسانہ آتا ہے

نہین عارض پہ یہ خط اے دل دیوانہ آتا ہے
رہائی کا تری یا قتل کا پروانہ آتا ہے

بتا اے عقل اوس کاکل کو تجھسے کیا عداوت ہے
کہ جب آتا ہے اوسکے پیچ مین فرزانہ آتا ہے

اوچھلنا دوڑنا گرنا تڑپنا جلکے مرجانا
مرے دل کا تجھے ہر طرز اے پروانہ آتا ہے

الٰہی سخت جانی سے مری کیا ہو گیا واقف
مری جانب جو لرزان خنجر جانانہ آتا ہے

سراپا گوش اور حیرت زدہ ہے گل گلستان مین
مگر ان بلبلون کو کچھ مرا افسانہ آتا ہے

بولایا ہے کسینے یا کسیکی پیشوائی ہے
کلیجا آج منہہ کو کیون یہ بیتابانہ آتا ہے

ابھی ہے تو اسیر ذوق تو گھبرا نہ دقت سے
بہت مدت مین زاہد شیوۂ رندانہ آتا ہے

ہمین کوچہ کسیکا یاد آتا ہے ذرا ایدھر ہان
تجھے جنت کا واعظ خوب ہی افسانہ آتا ہے

اوسکو بار ملتا ہے فروغ اوس بزم عالی مین
جو کوئی جان دینے صورت پروانہ آتا ہے

دل مضطر کی جانب ناوک جانانہ آتا ہے
نکل ارمان اس گھر سے کہ صاحبخانہ آتا ہے

اوٹھا وہ ابر اور ساقی بھی آیا دیکھئے واعظ
لب اب خاموش وقت گردش پیمانہ آتا ہے

عیادت یا زیارت کو تری اے نرگس جانان
کبھی ساغر کبھی مینا کبھی میخانہ آتا ہے

کوئی سنگ جفا تجھپر پڑا یا نازنے جھڑکا
جو روتا اوس طرف سے تو دل دیوانہ آتا ہے

دل صد چاک سے پہلے پہونچکر مین کہونگا یہ
مبارکباد اے گیسو بنا اک شانہ آتا ہے

ارے دل صبر کر ہمراہ میرے ہوش رفتہ کے
کوئی دم مین یہان وہ شوخ مستانہ آتا ہے

فروغ اوس حسین کاکل کے ہین ہم تو دیکہنے والے
نظر مین کب ہماری چین کا بتخانہ آتا ہے

آہ بہی خون مین تر نہین آتی
تجہکو شرم اے جگر نہین آتی

وہ نگہ رحم پر نہین آتی
جان بچتی نظر نہین آتی

جان کو جانے مین تہی یا سو ناز
یا ادہر سے ادہر نہین آتی

مے کہنہ سے بلکہ موت سے بہی
بیخودی اسقدر نہین آتی

موت کو موت آگئی شاید
جو کبہی بہولکر نہین آتی

لامکان پہ رہا کہ آگے بڑہا
دل کی اب کچہہ خبر نہین آتی

ہنسی آتی ہے زخم کو لیکن
اے جگر اسقدر نہین آتی

درد دل پر مرے ذرا رحمت
تجہکو اے چارہ گر نہین آتی

کوچۂ زلف ہی مین پہرتی ہے
او صبا تو ادہر نہین آتی

دیکہکر تجہکو اب تو بلبل کو
یاد گل بہولکر نہین آتی

آہ سے پوچہتا ہے درد کہ کیون
دل کی وان سے خبر نہین آتی

وہ شرارت سے بنگیا ہے بت
کیا اوسے بات کر نہین آتی

ابہی بہہ جاے کوہ غم لیکن
جوش پر چشم تر نہین آتی

تیغ ابرو ہے طرفہ تیغ فروغ
دل پہ چلتی نظر نہین آتی

محتسب لیتو آگیا یان اک نگار آنیکو تھی
خار غم جانے کو تھا جان بہار آنیکو تھی

کوئی شے کیا داغ آسا یادگار آنیکو تھی
رات جو ہچکی مجھے بے اختیار آنیکو تھی

اوڑ گئے تھے ہوش پھر میرے رنگ رخ کیطرح
کسکی بوئے زلف اے پروردگار آنیکو تھی

یاد چشم مست نے پھر کردیا بیخود مجھے
ورنہ کچھ قابو مین طبع بیقرار آنیکو تھی

وصل کی شب بیخودی کسدرجہ طاری ہو گئی
آج ہی اے وائے یہ غفلت شعار آنیکو تھی

روشنی داغ دل کا حال سنکر رہ گئی
شمع ورنہ جانب کنج مزار آنیکو تھی

سخت برگشتہ کیصورت اونکی آنکھین پھر گئین
ایسی گردش ہے یہ اے لیل و نہار آنیکو تھی

ہو گیا مہر دہان بوسہ لب جان بخش کا
ورنہ لب پر کچھ شکایت اے نگار آنیکو تھی

پا کے بو اسکی دل غم دوست بھاگا مثل صبر
کیا کوئی راحت مرے پروردگار آنیکو تھی

زخم دل بدبخت ہے تو ورنہ ہمراہ صبا
کل ادھر کو بوئے زلف مشکبار آنیکو تھی

اوس کمر کا کچھ نشان شاید عدم مین ملگیا
ورنہ جان اس تن مین پھر بے اختیار آنیکو تھی

کیا طبیعت سیایہ ناصح سے پتھر ہو گئی
ایک بت پر رو نہ دہ بے اختیار آنیکو تھی

رخ مے کو کیا گھٹایا اوسکی چشم مست نے
کوڑھی کو ملتی ہے اب جتنی کہ چار آنیکو تھی

شوخیون کا شکر احسان تجھپہ واجب ہے فروغ
وصل کی شب مین حیا تو بار بار آنیکو تھی

وہ کل شب کو جو مجھپر مہربان تھے
دل آگاہ کو کیا کیا گمان تھے

غبار آسا پس محمل روان تھے
کبھی ہم بھی شریک کاروان تھے

کبھی ہم ہمدم ہوے میان تھے ۔ کبھی ہم ہبی کسیکے رازدان تھے
کبھی اوس زلف سے کوششیان تھین ۔ کبھی ہم طوطی ہندوستان تھے
دکھایا عشق نے یہ روز ہمکو ۔ وگرنہ ہمتو اک راز نہان تھے
یہ دوہرے زخم کیون پڑتے تھے دلبر ۔ نہ غمزے گر شریک امتحان تھے
ہم آتے ہین جہان بیخودی سے ۔ بتا دو حضرت دل تم کہان تھے
ترپتے ہین تمہارے عاشق زار ۔ کہان تم یوسف بے کاروان تھے
جہان تھے آپ شبکو جلوہ فرما ۔ وہان حاضر مرے وہم و گمان تھے
محبت کی بدآموزی ہے ورنہ ۔ یہ انداز ستم پہلے کہان تھے
جدا ہم تم ہین اب مثل دل و صبر ۔ کبھی باہم مثال جسم و جان تھے
کیا ہے واعظون نے ناک مین دم ۔ کہان تم حضرت پیر مغان تھے
نیاز و ناز کا کل معرکہ تھا ۔ وہ تیر افگن بنے ہم اونکے نشان تھے
رہے آوارۂ صحرا ہمیشہ ۔ الٰہی ہم بہی کیا ریگ روان تھے

فرشتون کے وہان جلتے نہ کیون پر
مرے نالے فروغ آتش فشان تھے

کون کہتا ہے وہ جفا نہ کرے ۔ حسن کا کیا وہ مقتضا نہ کرے
نخوت اتنی تو پھر جفا نہ کرے ۔ کاش یہ عشق بہی وفا نہ کرے
کسکو ہو قدر عافیت معلوم ۔ وہ پریرو اگر جفا نہ کرے

نہین ممکن کہ زاہد اوس بت کو
دیکھے اور پہر خدا خدا نہ کرے

حضرت ناز دل کو کیا ہے حکم
کچھہ کرے عرض حال یا نہ کرے

جان نثاری ہے شکر وعدے کا
گرچہ وعدے کو وہ وفا نہ کرے

واعظو کوچہ صنم ہے یہہ
یان سے بندہ پہرے خدا نہ کرے

یار آئے نہ ہاتھہ وہ جب تک
ضعف مجھکو شکستہ پا نہ کرے

گو گلے کٹتے ہین وہان لیکن
اوس گلی کا کوئی گلا نہ کرے

کون لائے نگاہ ناز کی تاب
پردہ داری اگر حیا نہ کرے

اوسکو شکوے کا ہو گمان کہین
لب ترا زخم دل ہلا نہ کرے

جب مین جانون کہ دیکہکر اوسکو
کہے کوئی کہ وہ جفا نہ کرے

دل تو جاتا ہے پر یہ ڈر ہے مجھے
کہ وہان جا کے کچھہ گلا نہ کرے

حال دل کا ہو کسطرح معلوم
گرہ زلف گر وہ وا نہ کرے

اوسکا غنچہ نہ بدگمان ہو کہین
کوئی مجھسے گلے ملا نہ کرے

نکلی جاتی ہین جانین بے دیکھے
کیا وہ پردے مین بہی ادا نہ کرے

حکم ہے بزم ناز مین کوئی
کبہی اظہار مدعا نہ کرے

گل کو بلبل نے خوب سمجھایا
کہ ترے رخ کا سامنا نہ کرے

کیجئے دو دن کی زندگی مین فروغ
کیا کرے کوئی اور کیا نہ کرے

تم فروغ اوس کمر کو کیا سمجھے — نصف لا سمجھے یا کہ لا سمجھے
جان سمجھے تجھے نہ دشمن جان — کیا سمجھنا تھا آہ کیا سمجھے
پھر وہی ذکر اضطراب بتان — تجھسے اے ذوق دل خدا سمجھے
شکوۂ جور اوس سے کیا کیجے — شکر کو آہ جو گلا سمجھے
دیکھہ نخوت یہ سہو کا احسان — خون کو میرے وہ حنا سمجھے
موت کو آگئی ہنسی جو طبیب — درد کو میرے لا دوا سمجھے
ناز کر روز حشر ہم تجھکو — اوسکے پازیب کی صدا سمجھے
کون ہے جز شب فراق جو کچھہ — زلف کافر کا ماجرا سمجھے

کعبہ سمجھے فروغ دیر کو آپ
اور اوس بت کو کہئے کیا سمجھے

دل پھر چلا ہی زخم کو پنہان کئے ہوئے — عزم دکان مشک فروشان کئے ہوئے
بیٹھے ہین اہل بزم کو حیران کئے ہوئے — محفل کو اپنی شہر خموشان کئے ہوئے
اللہ رے احتیاط کہ جاتا ہی دل وہان — اپنے سی اپنے آپ کو پنہان کئے ہوئے
کیا بد بلا ہے عشق وہ آتے ہین سوئے دل — یوسف کیطرح خواہش زندان کئے ہوئے
خالی نہین ہین جو ابھی اونکی بہار سے — زخمون سے ہین دلون کو گلستان کئے ہوئے
پھر دیکھتے ہین ناوک مژگان کو آج ہم — جان نذر آبداری پیکان کئے ہوئے
گریے سے کچھہ نہ سود نہ نالے سے فایدہ — یہ کام سب ہین اول نادان کئے ہوئے

گو سو بلا کا آتا ہے پر چاہتا ہے دل
آنا کسیکا زلف پریشان کئے ہوئے

کیا حال پوچھتے ہو مرے دل کا دیکھہ لو
سینے کو ہے یہ حشر کا میدان کئے ہوئے

خود کہہ رہے ہین زخم دلون کے ہر ایک سمت
بیٹھے ہین آپکا رنمایان کئے ہوئے

بیوجہہ آج دل سپر انداختہ نہین
آتا ہے کوئی تیغ کو عریان کئے ہوئے

اے چرخ وہ کہان ہین جو ہین آپنے داغ سے
شمس و قمر کے حال کو یکسان کئے ہوئے

بیٹھے ہین ہمتو خون تمنا سے اے فروغ
چہرے کو اپنے رشک گلستان کئے ہوئے

وہ تازہ گل ہین زیب گریبان کئے ہوئے
ہم ٹکڑے دل کے زینت دامان کئے ہوئے

آتا ہے دل تلاش نمکدان کئے ہوئے
تعمیل حکم زخم نمایان کئے ہوئے

آتی ہے زخم دل کیطرف بوے زلف یار
لاکھون ہی مشک نافے کا سامان کئے ہوئے

گردش سے اپنی چشم کی مدت ہوئی انہین
ایمان کو کفر کفر کو ایمان کئے ہوئے

کیا چھو گئی نسیم جو بیٹھے ہین آج آپ
غنچے کیطرح سر بگریبان کئے ہوئے

پوچھو نہ ہمسے کچھہ ابھی اے اہل لامکان
آتے ہین سیر عالم امکان کئے ہوئے

کیا احتیاج تیغ صفاہان گر آئین آپ
سرمے کو زیب نرگس فتان کئے ہوئے

تا حشر کیا مجال کہ مارین کبھی پلک
ایسجان تمہارے حسن کے حیران کئے ہوئے

میرے غبار کی یہ کشش تہی کہ آج آپ
آئے سمند ناز کو جولان کئے ہوئے

مہر و وفا کا خوب ہی ہم کر کے امتحان
بیٹھے ہین ترک صحبت یاران کئے ہوئے

تیزی یہ ہے فروغ نسیم خرام ناز
رہنا چراغ دل تہہ داماں کئے ہوئے

مدت ہوئی ہے سوز کو مہمان کئے ہوئے
داغوں سے بزم دل کو چراغان کئے ہوئے

بیٹھے ہیں رخ پہ زلف پریشان کئے ہوئے
صبح وطن کو شام غریبان کئے ہوئے

ہم تو کسیکی جنبش دامن کے شوق میں
پھرتے ہیں تار تار گریبان کئے ہوئے

دل نے بہت ستایا ہے یارب وہ جلد تر
آجائیں تیز خنجر مژگان کئے ہوئے

اب فکر کیا ہی تجھکو تو مدت ہوئی ہے زلف
تاراج کشور دل و ایمان کئے ہوئے

نادانی دیکھو حضرت دل کی کہ آتے ہیں
ناوک فگن سے شکوۂ پیکان کئے ہوئے

واعظ سے ذکر توبہ کا کیوں ہمسے ہم تو ہیں
پیمانۂ شراب سے پیمان کئے ہوئے

بلبل وہاں کا عزم ہے سیر آکے ہیں
یہ گل جہاں ہے چاک گریبان کئے ہوئے

سمجھے گا کون ناصح نادان کی پند کو
بیٹھے ہیں ہم تو ہوش کو ویران کئے ہوئے

مدت سے ہوش رفتہ اڑے ہیں ہیں فروغ
اظہار مدعائے دل و جان کئے ہوئے

بہتر نہیں ہے خندہ مرے گریہ پہ فروغ
قطرہ ہی تہیۂ طوفان کئے ہوئے

ترے سر پہ قربان ہوا چاہتا ہے
دل زار ہی جان ہوا چاہتا ہے

ادھر روئے مژگان ہوا چاہتا ہے
دلا تیغ بران ہوا چاہتا ہے

نہیں اب ہی طاقت ضبط گریہ
عیان راز پنہان ہوا چاہتا ہے

اری شکوہ جور تیرا پرا ہو
وہ سرو گریبان ہوا چاہتا ہے

عجب گل کھلاتا ہے وحشی تمہارا
بیابان گلستان ہوا چاہتا ہے

جدائی نہونے کا اے یار جانان
دل و غم مین پیمان ہوا چاہتا ہے

غضب ہے نہ آیا وہ اے جذب اب تک
مرا دل پشیمان ہوا چاہتا ہے

اشارہ نہ یون کیجیے ورنہ جھگڑا
بیان دل و جان ہوا چاہتا ہے

سنا ہے وہ آتے ہین پردے سی باہر
جو پیدا ہے پنہان ہوا چاہتا ہے

فروغ اب تو دست جنون سے تمہارے
یہ دامن گریبان ہوا چاہتا ہے

محفل بے یار مین کیا چاہیے
مے سے بڑھکرے سے کھینچا چاہیے

زخم بھی ہے درد بھی ہے داغ بھی
اور اے دل تجھکو اب کیا چاہیے

ہے ادائے ناز ہنگامہ پسند
شوق بھی ہنگامہ آرا چاہیے

اے دہان زخم دل وس تیغ سی
دل کا مطلب بھی تو کہنا چاہیے

جامہ عریانی کا بھی اب بار ہے
اور جامہ اس سے ہلکا چاہیے

دیکھنے کو زاہد و دیدار کے
حشر مین بھی چشم بینا چاہیے

کیا نہین یہ رحم جو کرتے نہین
جسقدر جور اونکو کرنا چاہیے

دیکھتے ہین کسکو کیونکر بزم مین
دیکھنا بھی اونکا دیکھا چاہیے

جور جان ناتوان پہ جان مین
آپ ہی کہیے کہ اٹھنا چاہیے

گر خطا ثابت ہو کھینچو تیغ تیز / تمکو خود ہرگز نہ کہنا چاہیئے

جسکی خاموشی ہو شور حشر یار / نالہ زن اوسکو نہ کرنا چاہیئے

جان رفتہ کے پھر آنے کے لئے / اون لبون کا کچھ اشارا چاہیئے

کیا کہون اے حضرت ناصح تمہین / بات کرنیکو سلیقا چاہیئے

رشک کہتا ہے کہ قاصد کے عوض / نامہ لیکر آپ جانا چاہیئے

کم نگاہی سے کمینگاہ جفا / اس سے بس ہشیار رہنا چاہیئے

ہر گھڑی کہتے ہیں اونکے رنگ ڈھنگ / کہ کوئی تازہ گل کھلانا چاہیئے

شوق روے یار مین شبنم صفت / گل سے ملکر خوب رونا چاہیئے

اوسکے کوچے مین ٹھیرنے کیلیے / دل کو کچھ حیلے سکھانا چاہیئے

بعد مردن خوک بھی ہوتا ہی خاک / زندگی مین خاک ہونا چاہیئے

جان سے بیزار ہو گر تم فروغ / تمکو اوس کوچے مین جانا چاہیئے

بڑھیگی اے دم خنجر تب آبرو تیری / کہ ٹھرکے لیگا بلائین مرا گلو تیری

کہان سے زلف معنبر کہان ہے بو تیری / مشام جان کو ہے مدت سے آرزو تیری

خلش ہے خار مین اور گل مین نکہت دلکش / کسی مین خو ہے تری اور کسی مین بو تیری

تری زبان ہے شہنشاہ کشور اعجاز / خراج لیتی ہے جادو سے گفتگو تیری

یہ ڈر ہے مجھکو کہ تجھکو بھی اے بت طناز / بلا مین ڈال نہ دے زلف مشکبو تیری

وہ پہونچی پاون تک اُسکے تو اُسکے دہن تک
حنا سے بڑھ گئی شوخی مرے لہو تیری

ستم کو چرخ کے اب لوگ رحم کہنے لگے
یہ بڑھ گئی ہے جفا یار تند خو تیری

گلا مین اپنے ہی ہاتھون سے کاٹتا اپنا
نگہ جگہ سے ہے تر یہ رگ گلو تیری

نہ پوچھا آہ کبھی مجھسے اوس ستمگر نے
کہ کون شخص ہے تو کیا ہے آرزو تیری

روا روی سے یہ عالم کی ہے عیان کہ کہین
ٹھہرنے دیگی کسیکو نہ جستجو تیری

حجاب اوسکا اوٹھا دو فروغ یہ کہکر
کہ مہر چرخ کی صورت ہے ہوبہو تیری

جان صرف فکر راحت ہو گئی
کیا امانت مین خیانت ہو گئی

آجتک کل کا نہ آیا کچھ خیال
زندگانی خواب غفلت ہو گئی

ہجر کی شب دیکھیے دکھلائے کیا
شام ہی صبح قیامت ہو گئی

آہ خود بینی یہ تو نے کیا کیا
میری اونکی ایک حالت ہو گئی

اونکے رخ کو دیکھکر آئینہ کیا
بلکہ خود حیرت کو حیرت ہو گئی

دیکھکر مجھکو ہوئے چین بر جبین
میری صورت ہی شکایت ہو گئی

مین وہ وحشی ہون کہ جب صحرا گیا
دیکھکر وحشت کو وحشت ہو گئی

نکہت گل کیا ہے اوس گل رو سے بھی
اپنی نازک تر طبیعت ہو گئی

حضرت ناصح انہین باتون سے تو
سلطنت دہلی کی غارت ہو گئی

تیر اونکے اب نہین کرتے کجی
اب تو سیدھی میری قسمت ہو گئی

کہہ رہی ہے خندۂ گل کی صدا | بلبلون پر کچھ عنایت ہوگئی
تجھکو بلبل گل سے ہے عشق مجاز | اسلئے تو بے حقیقت ہوگئی

کر کے سینے مین میرے دیکھو فروغ
تیغ اوسکی سین حسرت ہوگئی

متفرقات

جب سے نکلا تیر سے پہلو ہی نہ پلٹا آجتک | اسقدر دل تھا مرا یا شعلہ بیتاب تھا
وصل کا کام کیا تیرے تصور نے صنم | ورنہ اس ہجر مین دشوار تھا جینا میرا
دیکھکر اوس شعلہ رو کے حسن کو | شمع سے پروانہ بھی جلنے لگا
ہزارون کو کیا ہے قتل تمنے | کہان تم اور کہان شیرین و لیلی
تھا دم قتل اک ہجوم ادا | کس ادا کا مین نام لون یارب
تیر مارے ہین بے نشان کیا کیا | واہ کیا کہنا اے تغافل یار
کہتا ہون جب اون سے درد دل مین | کہتے ہین کہ ہوش کی دوا کر
کار پرداز ہے تغافل یار | دل کی امید کا خدا حافظ
زلف سا دام خال سا دانہ | طائر دل ترا خدا حافظ
لیتے ہو اک نگہ کے عوض جان ہزار حیف | یہ جنس اور اسقدر ارزان ہزار حیف
خاک ایسی خاک ہونے پہ ہو کر خاک بھی | ذکر کیا دامن کا پہنچے اوسکی کوچے تک نہ ہم

راہ مین سے ہے غیر کا کھٹکا فروغ
جذب دل سے کسطرح مین کام لون

نہ پڑ جائین بلا مین آپ اسکا خوف ہے مجھکو
بلا کے پیچ وخم مین آپ کے گیسو بپیچان ہین

نقاہت سے زبان تک اب بہت رُک رُک کے آتے ہین
ہمارے نالہاے دل کی یارب مشکل آسان ہے

ہماری زندگی مین وہ بہی اک دن ہو کبہی یارب
کہ نقد دل گران ہو اور جنس حسن ارزان ہے

مری تدبیر کا نقشہ وہی ہے وصل کی خاطر
کہ جیسے پردۂ ناموس عاشق کا نگہبان ہے

مجہے اے خواہش آزار تو جلدی ہان لیجیے
کہ بیتابی کا مرے جس جگہہ کوئی نہ پیمان ہے

آنکہہ مرقد مین کیون کہلی ہے فروغ
کسکا اب انتظار ہے تمکو

سن تو ذرا نہین تری آواز پا ہی یہہ
میرے شکست دل کی ستمگر صدا ہی یہہ

یہہ ادا لا الہ الا اللہ
ہے قضا لا الہ الا اللہ

آپ سے مجھکو محبت نہ سہی
آپ کو مجھسے عداوت نہ سہی

قاتل جب آزمایش اہل وفا کرے
یارب مجہی سے قتل کی وہ ابتدا کرے

جلوہ فرما آج دل مین وہ سراپا ناز ہے
پردۂ چشم حسینان جسکا پا انداز ہے

ہون مین اُس بت کا طالب دیدار
رو نما جسکا دین و ایمان ہے

ہزارون پیچ و خم آشفتگی کے ساتہہ رکہتے ہو
ملال ہجر کیا تم کا کل شام غریبان ہو

تمت بالخیر

بسم الله الرحمن الرحیم

تقریظ از تصنیف مولوی قاضی محمد ممتاز حسین صاحب ممتاز حسین سیکی بیست

رباعیات

سـ۵۱ از نور غفور در فروغ ست نور دانم که غفور را بعفوش رائی ست		وز نام غفور نام او راست ظهور او را بود اتحاد قلبی بغفور
سـ۵۲ مصباح صباح راست از روی فروغ بگرفت سر دعا کردال ست بصدق	وله	کو را روی امید باشد بفروغ صدقش همه ورنه دال بودی بدروغ
سـ۵۳ ای صبح زنام او سخن راست فروغ از نام فروغ یکدمت نیست فراغ	وله	گردم زنی از فروغ کذب ست دروغ هر روز وظیفهات فروغ ست فروغ
سـ۵۴ از روی فروغ روی نورانی تست ای صبح ز فیض او ترا ثانی نیست	وله	از خندهٔ او خندهٔ پیشانی تست آن نیز یکی توئی اگر ثانی تست

تو بندهٔ خواجه عبد رحمن خانست زین نام نموده منتخب نام خدا	وله	او را هر بنده عبدهٔ گویانست ای صبح ترا وظیفه یا رحمن ست
ای صبح از و جمله پریشانی تست داری دم سردی و دل پر دردی	وله	ای صبح از و چاک گریبانی تست ای صبح از و ستاره افشانی تست
از اختر بد جمله پریشانی تست در پیش سمند قلمش دعوے مکن	وله	دم از برکت مزن که نادانی تست ای صبح ستارهٔ زپیشانی تست

نثر

اے صبح در بیاض تو یک مطلع ست و در دیوان فروغ هزار و ترا در روز یکدم فروغ ست و فروغ را هر دم تا روز شمار اے صبح شیرازهٔ بیاض تو که تار نفس بسته است یکدم تار و مار ست و شیرازه دیوان فروغ تا در وازهٔ صبح قیامت قایم و پایدار اے صبح ابتدائی فروغ از انتهاے تو ده چندست واگر خواهی که ده در خود افزائی تا صبح شوی بقبح صد گردی اے صبح ترا یک دیده است و فروغ را هزار و یکے را از عهدهٔ هزار بدر آمدن هزار دشوار اے صبح صفحهٔ بیاض تو بے صاد فروغ فروغ نگیرد و چون حکم بیاضی سر صحت و صداقت نپذیرد اے صبح طفلی که ابجد خوانده هم داند که آغاز فروغ از آغاز تو بیشتر ست و در شمار حرف هم از تو بیشتر اے صبح فروغ دو نقطه چپ و راست دارد و آن هر دو بعینه مردمک هر دو دیده است که نیک و بد را بدان هر دو دیده است

ودرین نکتہ شکی نیست کہ ترا ازین ہر دو نقطہ یکی نیست اے[91] صبح تو
بتسبیح سبحۂ صد دانہ بامید قبول در دعاے چہار عنصر فروغ مشغول
اے[92] صبح نکتہ چین داند کہ تو سراپا مہمل ہستی و بدین ہستی یکدو نفس نقطۂ
عناد در دل داری و فروغ را روے سینہ صاف ست کہ روے روح
وودا دور دل دارد اے[93] صبح ستارۂ تو سوختہ و ستارۂ فروغ افروختہ
اے[94] صبح پنجۂ آفتاب بجرم دزدی فروغ تپانچہ بر روے تو زند و ترا در آفتاب
نشاند و بیک ضرب تیغ ترا چون شفق خواباند و زندگی دوبارۂ تو بیکبارہ
دوبارہ کند اے[95] صبح آغاز و انجام صفحۂ تو سراسر معطل و تلمع و دیوان فروغ
از مغز تا پوست منور و مرصع

فرد

پیش[96] فروغ دم مزن ای صبح از فروغ	مو بیت چو شیر گشت دہان شیر خوارہ

مثنوی

اے[97] صبح بیا کہ راح روحی	بر یاد فروغ کن صبوحی
خورشید[98] بہ پنجہ جام دارد	سرخوش خوشی مدام دارد
اے[99] صبح فروخت از فروغ ست	لاف تو دروغ بے فروغ ست
اے[100] صبح مشو سپید از شرم	او راست ہزار اصطلاع گرم
شیرازۂ[101] نظم او چو بستند	تار نفس ترا گسستند
عرضش[102] چون داد نظم دادہ	از نظم بیاضت اوفتادہ

۱۰۱ آنرا که بنظم او دچارست — با قند دوباره ات چکارست

۱۰۲ دیوان فروغ خوش سوادست — ای صبح ترا بیاض سادست

۱۰۳ بر سر ورق تو یک ستاره — بر صفحهٔ او دو لک ستاره

۱۰۴ تو مردهٔ و نام اوست زنده — شد زندگیت بزهر خنده

۱۰۵ پیشش نبرے ز زندگی نام — خورشید تو آمده لب بام

۱۰۶ اے صبح صباحت تو بیکار — کافور تو نیست قایم النار

۱۰۷ نور تو شد از فروغ مستور — بازار تو سرد از وچو کافور

۱۰۸ شد زندگیت ازو دوباره — این راز چو روز آشکاره

۱۰۹ از مهر ترا فروغ دیدست — هر روز تو صبح روز عیدست

۱۱۰ هر لحظه فروغ در فروغ ست — هر لمحه فروغ بر فروغ ست

۱۱۱ خورشید ترا بگو چه عیبست — کز شرم فروغ سر بجیبست

۱۱۲ از مهر فروغ مهر در چرخ — دارد ز فروغ چرخ بر چرخ

۱۱۳ در خدمتش آفتاب تابان — هر روز بفرق سر شتابان

۱۱۴ خورشید تو سرفگندهٔ اوست — مولاے تو کهنه بندهٔ اوست

۱۱۵ تو بندهٔ بندهٔ خدائے — چون بنده بنام او فدائے

۱۱۶ داری بفروغ روے امید — در پنجهٔ اوست نبض خورشید

۱۱۷ خورشید تو آفتابهٔ اوست — مهتاب سیاه تابهٔ اوست

۱۱۸ تو سیلی آفتاب خورده — او پنجه ز آفتاب برده

۵۱ خورشید بنان اوست نزده | ناهید بخوان اوست سروده
۵۲ پیشش نام تو تنگ ظرف ست | ای صبح بنام تو سه حرف ست
۵۳ از نور خدا فروغ زاده | تو از شکم شب اوفتاده
۵۴ تا چند بادروغ بافی | ای صبح چه از فروغ لافی
۵۵ می باش از فروغ جویان | هر روز بادصباح گویان
۵۶ ای صبح تو دیر زنده مانی | داری ز فروغ ما نشانی
۵۷ او هست بخواجگی فتاده | تو بنده به بندگی ستاده
۵۸ ای صبح فروغ کیست دانی | روشن کنمت که یار جانی
باشد بفروغ غم آشنائی | نبود بدروغ غم آشنائی
۵۹ نازم که بدوست فرط اخلاص | نیک ست بدوست شرط اخلاص
۵۱۰ نظمش همه انتخاب باشد | یک حرف دو صد کتاب باشد
۵۱۱ اکثر ز زبان او شنیدم | کمتر بنگاه خویشش دیدم
۵۱۲ وا دیده شنیده هم ورانست | نشنیده ندیده هم ورانست
از بسکه کلام اوست مرغوب | نشنیده ندیده هم بود خوب
نظمش چو نبات و قند باشد | دانم همه دلپسند باشد
از دوست هر آنچه رو نماید | در دیدهٔ من نکو نماید
از دوست بجز هنر نبینم | بینم هنر و دگر نبینم
بستم بفروغ عهد تقریظ | نبود بدروغ عهد تقریظ

بگرفته ز من فروغ وعده — هرگز نکنم دروغ وعده

تقریض ز قرض کمترم نیست — غیر از سر مدح در سرم نیست

ممتاز بامر او کمر بند — هر بند به بند چون نے قند

در خدمتش ایستاده کلکم — سر بر خط او نهاده کلکم

از حکم حبیب سر نه پیچم — نزدیک لبیب ورنه هیچم

از عهدهٔ عهد خود برایم — قولی ست که مدح او سرایم

در کشور نظم کدخدایم — یکتایم و دوست را ستایم

خواهم نامم فروغ روشن — گو باش سیاه چشم دشمن

من مدحت ناکسان نگویم — وصف صفت این خسان نجویم

صرف ست بوصف دوست هر حرف — نقد سخن من ست و این صرف

ممتاز برائے اوست دمساز — دمساز برائے دوست هم از

وصفش ز زبان من فزون ست — مدحش ز بیان من برون ست

کس را نرسد که خواندش هیچ — خس را نسزد که خواندش هیچ

ممتاز بمدح هر که باشد — دریاب که رتبه اش چه باشد

اے دوست به نثر و نظم من بین — اے دوست بنظم جزم من بین

معنی بودم سے لب سینه — وز سینه یکیست در سفینه

زان باز که نامه آفریدست — تقریظ چنین کسے ندیدست

عنوان نگار نامه را بین — قطعه — هر هفت رباعی مرا بین

چون هفت عروس گشته هر هفت | ششدر شده دل ز دست من رفت
۹۱ هر حرف بود بطاعت من | هر لفظ کند اطاعت من
۹۲ هر بیت بچشم آبدار است | حرفی که درو ست چشمه وار است
۹۳ هر رنگ که در دلم نشسته | فکرم بهزار رنگ بسته
۹۴ هر حرف خوشی که داد دستم | خاطر نگشود تا نه بستم
۹۵ هر مصرع من ز سکته ساده | در سکته مخالف اوفتاده
۹۶ هر قافیه ام بقید ربطی | ز ان ربط حریف راست خبطی
۹۷ هر قافیه ام بتازه رنگست | ز و قافیه حسود تنگست
هر قافیه ام جواز دارد | صحت بجواز ناز دارد
۹۸ بستیم چنان قوافی چند | کافتاده حریف چند در بند
حیران شده از قوافی من | خواهند جواب شافی من
۹۹ هر بنده که نیک و بد شمارد | گفتار مرا سند شمارد
۱۱۰ و آنند سخنوران ممتاز | دانسته نوشته است ممتاز
۱۱۱ ممتاز بامتیاز بسته | بهر سند جواز بسته
۱۱۲ یا خود بکتاب دیده باشد | یا از مغلی شنیده باشد
۱۱۳ اکثر بود آنکه خویش دیدم | کمتر بود آنکه من شنیدم
۱۱۴ نشنیده ندیده من نبستم | من صاحب گوش و دیده هستم
۱۱۵ چون نظم ز کلک من چکیده | شد نظم حسود آب دیده

۵۰۱ تقریظ نوشته ام دو زین پیش | در حسن زکید گر بسے بیش
۵۰۲ آنانکه بنظم نکته چینند | نظم من و حاسدان ببینند
۵۰۳ فکرم نکند بعجز میلے | طبعم برو انگی ست سیلے
۵۰۴ سهل ست کلام من شنیدن | مشکل بنکات من رسیدن
۵۰۵ ممتاز بدین شعار اشعار | گفتن چه که خواندن ست دشوار
۵۰۶ تقریظ مرا جواب گفتن | باشد همه ناصواب گفتن
۵۰۷ از گفتهٔ حاسدان چگویم | ناگفته بهستان چگویم
۵۰۸ ممتاز چرا دهد جوابے | باشد که خدا دهد جوابے
۵۰۹ آنرا که شدم فروغ گویان | **قطعه** | دین صبح از و فروغ جویان
عبد الرحمن خان فروغ ست | هر صبح بپیش او دروغ ست
۵۱۰ بسیار خوش ست آنچه او گفت | خوش گفت کسے که عبده گفت
۵۱۱ این شهرت و این زبان تازی | تغییر چرا کنم بباز ے
۵۱۲ نامش ببرم بعین اعلان | اعلان نکنم ز دیده پنهان
۵۱۳ اے خامه مگوے از علن یعن | اے نیزه بنظم من مزن طعن
۵۱۴ الله الله خوش ست نامش | هر لحظه زبان خوش بکامش
۵۱۵ او راست چو نام دوست احسن | گو راست کلام دوست احسن
۵۱۶ دارم چو سرے بوجه احسن | آرم گهرے بوجه احسن
ممتاز باحسن آرزومند | از دیدن او بنام خرسند.

٩١ بوئی ز بهار او شنیدم — از گلشن او گلی نچیدم

٩٢ ماند سخنش بنو بهاران — بلبل بگلشن چو من هزاران

٩٣ با من بودش نتیجه بیش — من هم بمحبتش جگر ریش

٩٤ او با من و من با و بیک قید — ما هر دو بدام یکدگر صید

٩٥ تا کرده بیکدگر نگاهی — دل را بدل است رسم و راهی

٩٦ دل را بدل است سخت پیوند — دو بنده ببند یکدگر بند

کار من از انتظار بگذشت — از کار امیدوار بگذشت

٩٧ نومیدی من ز حد گذشته — وین درد یکی ز صد گذشته

٩٨ روزی که بدوست برخورم من — از نخل امید برخورم من

٩٩ دل می تپد از برای احسن — جان می طلبد لقای احسن

ای خواجه فروغ اگر ندانی — گویم بتو نکتهٔ نهانی

١٠٠ فرزند عماد مخلصم من — در علم بدیع مخلصم من

١٠١ اصلم ز سواد اصفهانست — نسلم ز نهاد اصفهانست

١٠٢ تقریر زبانم اصفهانی ست — شمشیر بیانم اصفهانی ست

١٠٣ پروردهٔ مادری زبانم — این فرزند اصفهانم

در شعر سه کس پیمبرانند — قولیست که جملگی برآنند

فردوسی و انوری و سعدی — هر چند که لا نبی بعدی

١٠٤ این جرعه بکام من از یشان — این قطره بجام من از یشان

١ از حمدهاے خویش باده — دادند ظرف من زیاده
٢ ممتاز ازین غریو خاموش — کوشش چه کنی بزحمت گوش
٣ در صحبت صبح بیش ماندی — زان مدح دروغ خویش خواندی
٤ عالم همه در ملامت تو — از صحبت صبح شناست تو
عاقل که به بیخرد نشیند — جز بیخبری دگر نبیند
٥ بگذار دروغ خودستائی — بگذر ز فروغ خودنمائی
٦ دانا نکند ستایش خویش — بینا نکند نمایش خویش
هیچے که بوصف خود گراید — هیچش نبود جز این که لاید
٧ اے هستی تو چه و چه هستی — از کمتر نیز کمتر هستی +
٨ با اهل فراستی نمانے — نادانی فارسے ندانی
٩ ممتاز ترا نگار نامه — تنگ ورق است و عار خامه
١٠ نے علم بود ترا نه فضلے — داری بسفینه چند هزلے
١١ ممتاز زبان خود نگهدار — دم درکش و لب مده بگفتار
١٢ دیوان فروغ را دعا کن — شور وسے دعا سوے خدا کن
١٣ دستے بسجود افراز گردان — کف را بدعا دراز گردان
١٤ دیوان فروغ باد مشهور — چشم بد مردمان ازو دور
١٥ این نقش بلند نام بادا — مطبوع سفید عام بادا
١٦ آمین آمین هزار آمین — صد بار چنین هزار آمین

تقریظ احمد خان صوفی مہتمم مطبع مفید عام آگرہ در حمد حقتعالی عز اسمہ

اے نام تو زیب لوح آغاز	انجام دہ صحیفۂ راز
اے نور دہ چراغ بینش	روشن کن بزم آفرینش
پروانہ و شمع از تو درسوز	حسن تو بعاشقان نظرسوز
افروختۂ تو عارض گل	آتش زدۂ بجان بلبل
اے نام تو شہد بہر ہر کام	در ہر دہنے نگنجد این نام
آنانکہ دلائل از تو دارند	اختر بسپہر مے شمارند
چون عقل براہ تو تباہ است	نافہمی ما دلیل راہ است
نوریکہ بچشم ما نگنجد	میزان خرد چگونہ سنجد
عقل است و ہزار کوہ در راہ	چشم است و دو صد حجاب جانکاہ
نوریکہ قدیم ہست بالذات	حادث چہ دہد دلیل اثبات
اے نور دہ چراغ لالہ	ہم بادہ زتست و ہم پیالہ
سفتی تو بسبزہ گوہرے چند	الماس و زمرد از تو دلبند
از رنگ گل و فغان بلبل	حسن تو بباغ میکند گل
ہر لالہ کہ آتشین بہار است	از خانۂ صنع یادگار است
یاد تو بدل چو بوے در گل	عشق تو بجان چو نشہ در مل

در نعت حضرت سرور کائنات علیہ افضل الصلوات والتحیات

آن ختم پیمبران مرسل — از خامهٔ صنع نقش اوّل
نورش به ازل چو شمع فانوس — ذاتش به ابد چو درّ قاموس
او مظهر کل بطلعهٔ خاک — لولاک لما خلقت الافلاک
اُمّی لقب و کتاب خوانی — از نون و قلم دو حرف رانی
بر خاک چو آسمان به تمکین — بر عرش چو خسروی به آئین
در ملک عرب شه جهانگیر — لعل سخنش چو شکر و شیر
طوطی منشان فداش بودند — پیش شکرش نه لب کشودند
هم حرف شکر فروشش میراند — هم اُمّی و صد کتاب میخواند
میرفت و نگاه بر زمین داشت — گنج دو جهان در آستین داشت
دارای جهان بداوری جست — از آب گهر رخ جهان شست
قندیل صفا بکعبه آویخت — از لات و منات گرد انگیخت
با شرع و کتاب آسمانی — بگرفت جهان بکامرانی
دینش که فروغ جاودان یافت — بر خاک چو مهر آسمان تافت
این نخل که باغبان نشانده — صد میوهٔ نغز برفشانده
بیخش به ابد چو طفل توام — شاخش به ثمر چو نخل مریم
زه کرده کمان بطرفة العین — تیری زده از نگه بقوسین
فرمان کش حکم فاستقم بود — گویا بجوامع الکلم بود

آغاز تقریظ

اکنون سخنے کہ دل رباید — بر رو در خرمے کشاید

میگویم و طبل میزنم فاش — نور سخن است مرگ خفاش

ہر نکتہ کہ نکتہ در بر اند — نا اہل چہ قدر او بداند

دانی کہ چہ پیر با جوان گفت — با اہل سخن سخن توان گفت

دانی سخن چہ رنگ پیداست — کونین ز رنگ سخن ہویداست

این رنگ و بہار آفرینش — از کن بشناسد اہل بینش

صوفی تو سخن شناس کن باش — گلچین بہار این سخن باش

داری تو اگر دل سخن سنج — در پیش سخنوران بنہ گنج

صد گنج سخن ز سینہ آور — زان بحر تو در سفینہ آور

گوہر بصدف چہ آب دارد — از تاج ہزار تاب دارد

گل گرچہ ہزار رنگ و بو یافت — چون شد لب بد چہ آبرو یافت

از گلبدنان بہار بگرفت — بر فرق شہان قرار بگرفت

جوہر کہ بسنگ بود پنہان — چون رفت بتاج گشت رخشان

لعل از زمین و گہر ز کان است — کاویزہ گوش شاہان است

اے اہل سخن بیا بہ پیشم — من لعل فروش کان خویشم

ابر از نے کلک و گلشن از تو — گوہر ز من است و دامن از تو

در بزم سخن بدور ساقی | نام سخن من است باقی
چون کوس زند سخن ببامم | پر گوشش جهان ز صیت نامم
زین بزم اگرچه دود خیزم | صد اشک برنگ شمع ریزم
روزی که فلک مرا کند خاک | گویند سخنوران چالاک
صوفی که بهار این چمن بود | چون طوطی سبز در سخن بود
شیرین سخنی گذشت چون باد | نالان بغمش هزار فریاد
او رفت و سخن گذاشت با ما | بگذشت برنگ موج دریا
الصوفی نکته سنج هشدار | میدان تو تنگ و تیز رهوار
هشیار ازین سمند سرکش | زین راه عنان خامه درکش
تا کی بسخن ستیزه کاری | تقریظ کتاب می‌نگاری
از عشق حدیث تازه سر کن | **دیوان فروغ** را نظر کن
هر سطر چو کهکشان است پرنور | هر شعر چو نشتر است و ساطور
هر نقطهٔ این کتاب والا | در آب چو لولو است و لالا
هر حرف بآتش است همدوش | هر نقطه بشعله همآغوش
دیوان فروغ چون خریدم | آتشکدهٔ بهشت دیدم
نامش دل و دیده را دهد نور | خواهم که برم کتاب بر طور
تا موسی‌وار هم بخوانیم | از عشق خدا سخن برانیم

گر عشق حقیقی و مجازی است — آن هر دو برای دل گدازی است
دردی بدل شکسته میدار — الماس بزخم بسته میدار
خوانی غزلی اگر دمی چند — با رود و رباب و همدمی چند
دیوان فروغ در بغل گیر — تا عشق ترا کشد بزنجیر
هر شعر ترش بخشک مغزان — چون خضر بریزد آب حیوان
دانم که مصنف جوان بخت — بر تارک عشق می نهد تخت
عشق از غزل و سخن تراود — از کلک دُرِ عدن تراود
هر شعر بطاق ابروان جفت — شعری است که شعر نش توان گفت
گر عشق بدل زند زبانه — زان شعر تو سر کنی ترانه
بی عشق اگر تو شعر خوانی — جز لفظ معانیش ندانی
بی درد چه قدر درد داند — عشق است که گرم و سرد داند
ای عشق بیا انیس من باش — برق افگن گشت زار تن باش
چون خون برگ و ریشه جا کن — شاهانه نظر به این گدا کن
من بی تو چو دیده بی رخ یار — من بی تو چو نخل بی گل و بار
من بی تو چو شعله بیقرارم — در بزم چو شمع اشکبارم
بشنو تو نفس درازی من — بر خیز بچاره سازی من

خاتمهٔ تقریظ بر مناجات

اے از تو جہان بکامرانی ۔ وز حکم تو مرگ و زندگانی
از قطرہ تو گوہر آفریدی ۔ لعل از دل خاور آفریدی
پیمانۂ ماہ و جام خورشید ۔ پُر نور ز تو چو دل بتوحید
گیسوے شبانۂ تو رشک سنبل ۔ خندان لب صبح از تو چون گل
اے لطف تو آبِ رنگ باغم ۔ افضال تو روغن چراغم
برکن بر ہم چراغ توفیق ۔ بوے برسان ز باغ توفیق
بارِ گنہ است کوہ در کوہ ٭ ۔ من چون پرِ کاہ با صد اندوہ
روزے کہ شوی گرہ کشایم ۔ زان بارِ گران سبک برآیم
بر جرم و سیاہ کاری خویش ۔ خونابہ بریزم از دل ریش
خواہم کہ ازین سرشک خونی ۔ شوییم ہمہ لوث اندرونی
بخت بد و عقل ناتمامم ۔ سنگے زدہ بر سبوے جامم
افتادہ چو نقش پا بخاکم ۔ شیطان بکمین پی ہلاکم
اے بخت مرا ز خاک بردار ۔ وے عقل بدست دیو مگذار
اے خون جگر تو سرخرو کن ۔ وے اشک تو آب در سبو کن
اے پردہ کشاے بستگیہا ۔ پیوندہ شکستگیہا ٭
من بندۂ عاجز و سقیم ۔ در پیش تو با دل دو نیم

لطف تو بخلق چاره ساز است | بر روی همه در تو باز است
نیکان و بدان انس و جان را | خوانی سوی خویش یک جهان را
خوش آنکه بدرگهت نهد سر | با خشک لب و بدیدهٔ تر
ناله بنوای درد انگیز | گرد و بخس گنه شرر ریز
هر خشک لبی و تشنه کامی | سیراب ز بحر تو بجامی
دارم بدل شکستهٔ خویش | از ناخن آرزو دو صد ریش
مرهم نه و حاجتم روا کن ✢ | از دل غم آرزو جدا کن
دارم بلعل دل بلا سنج | آئینهٔ نامرادی و رنج
بنمای من شکسته پا را | زان آئینه روی مدعا را
مپسند که بی رخ تو هر بار | چون عکس سری زنم بدیوار
چون خامهٔ خود سیاه کارم | از کاتب نامه شرمسارم
حسن تو بجان شراره ریز است | من شبپره آفتاب تیز است
خواهم که بچشم آرزومند | بخشی نظری ستاره پیوند
نوری تو بچشم من نگنجد | در برگ گل چمن نگنجد
از ذره برخشد آفتابی | وز خاک سر کشد سحابی
ای صوفی ناتوان کجائی | خاموش ازین سخن سرائی
این راه که پاشنه گداز است | کوته مشمر که بس دراز است

دربارگہ جناب باری ‌‌ ‌ آئی بہ نیاز و آہ و زاری
در سوز متاع خود پسندی ‌‌ ‌ چون شعلہ مخواہ سربلندی
چون قطرہ بہ بحر ہمعنان باش ‌‌ ‌ چون ذرہ بخاک آستان باش
در قید خودی و خود پرستی ‌‌ ‌ ہشیار کہ رہ زن است ہستی
جان ریش و درون تیرہ داری ‌‌ ‌ دل کافر و عقل خیرہ داری
زین راہ نگاہ دار پا را ‌‌ ‌ از بتکدہ دور شو خدا را
تا چند بہ پیش بت نشینی ‌‌ ‌ زنار گسل کہ نور بینی
در بندگیش چو بندہ باشی ‌‌ ‌ برخاک جبین فگندہ باشی

تقریظ چکیدۂ کلک گہر سلک جناب مولانا محمد حبیب الدین صاحب متوطن نیوتینی

سبحان اللہ ایزد سخن آفرین نے گفتار کو کیا سرمایہ بخشا ہی کہ ان من الشعر لحکمۃ و ان من البیان لسحرا جسکی شان مین آیا ہے متقدمین نے اس کلام مین کیا کیا زور لگایا اور متاخرین نے اوسکی رنگ کو کیسا چمکایا کوئی نغز گفتاری مین طاق ہوا کوئی نازک خیالی مین شہرۂ آفاق ہوا کسیکو معاملہ گوئی اور محاورہ بندی مین کمال ہوا کسی کو مضمون آفرینی اور خوش بیانی کا خیال ہوا بعض بعض وصف مین کامل ہوئے لیکن یہ مجموع کمالات کم حاصل ہوئے لیکن جب دیوان جناب فروغ نظر سے گذرا تو بہمہ صفت موصوف پایا جوش عشق خروش تصوف تازگی مضمون صفائی زبان شوخی ترکیب چستی بندش لطافت طبعی بلند پروازی محاورہ بندی معاملہ نگاری نے اپنا پورا

اثر دکھایا - آنچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری - ہر شعر اسکا خوبی مین ایک دلبر اور مضامین مین
ایک دفتر ہے گزیدۂ انام پسندیدۂ خواص وعوام - قبول خاطر و لطف سخن خدا
دادست - حسن وعشق کے معاملات عاشق ومعشوق کے خیالات ادا وناز کی شوخیان
لطف وعتاب کی سرگوشیان - درین ریاض بہر سنبلے کہ می نگرم * بہ پنجہ شانہ کش
زلف تابدار خودست * یہ دیوان توصیف سے بے نیاز - اور جناب مصنف کا کمال
ہے حضرات ناظرین کا خود مشاہدہ شاہد حال ہے حقیقت یہ ہے کہ ابتک اُردو مین
ایسا دیوان لاجواب نہین ہوا - زفرق تا قدمش ہر کجا کہ می نگرم * کرشمہ دامن دل
می کشد کہ جا اینجاست * اب کسی قدر احوال جناب مصنف کا بطور یادگار کے
قلمبند کیا جاتا ہے - آپکا نام نامی **محمد عبد الرحمن خان** بن احمد شیر خان بن
فتح شیر خان قوم افغان یوسف زئی افغانستان بزرگون کا اصلی وطن ہے چوتھی
پشت سے حافظ آباد عرف پیلی بہیت مسکن ہے آپکے نانا مولانا محمد طاہر خان مصنف
قصص الانبیا ماموں آپکے مولانا محمد یار خان وحضرت مولانا محمد حسین خان نامی
بزرگ وعلماے ٹونک سے ہین آپکے چھوٹے بھائی مولانا حکیم خلیل الرحمن خان مردم دیدۂ
انسان آپکے دو صاحبزادے سعادت توامان یعنی عزیز الرحمن خان وشفیق الرحمن خا
نونہالان گلزار علم وادب سلمہ الرحمن آپنے تربیت وتعلیم ابتدائی عمر مین دار العلم ٹونک
مین پائی جب سن تمیز کو پہونچے چونکہ خاندان آپکا اہل شمشیر سے تہا ملازمت پولیس
کو پسند فرمایا طبیعت کی کیفیت اکثر آپکے اشعار سے بہی نمایان ہے شعر لمولفہ

سپرِ تسخیر ملکِ دل تری حکمت کی زبان نے	نگاہِ ناز کو جنرل بنایا فوجِ مژگان کا

بالفعل بمنصب کورٹ انسپکٹری مرزاپور کے مامور ہین اور آپکے اخلاق حمیدہ اور اوصاف پسندیدہ کی کیا حاجت تعریف ہے نسخہ سعادت دارین خود گواہ ہے جو آپ ہی کی تصنیف ہے شعر و سخن کا ابتداے عمر سے شوق اور ارباب علم و ہنر سے ملنے کا ذوق رہا طبیعت خداداد کو اوستاد بنایا بفحواے علم الانسان مالم یعلم ہمیشہ کوس یکتائی بجایا آخر کار آموزگار یگانہ در تعلیم فوری نظم و نثر کیتاے زمانہ جناب مولانا محمد احسن صاحب احسن المخاطب باوستاد الممالک بلگرامی متوطن بلگرام ساکن بمبئی سے ملاقات ہوئی مناسب طبیعت نے غایت درجہ کا اتحاد بہم پہونچایا بہ شک پیدا کیا فیض صحبت سے رنگ دوبالا ہو گیا دیوان ہذا آپکی نظر کیمیا اثر سے گذرا اوسپر صاد کیا اور فوراً حکم طبع کا دیا حسب تعمیل ارشاد عمل کیا گیا باوجود اختصار کے مطبع مین بہیجا گیا جناب مولانا صاحب گاہ گاہ اس دیوان کے اشعار بر سر مجمع پڑہتے ہین اور وجد فرماتے ہین الٰہی کلام فروغ فروغ بخش ہر انجمن اور فراغ خاطر اہل سخن ہو آمین ۔

قطعہ تاریخ از جناب چودھری آفتاب بے نیاز مدحت ذوات سید علی حسن خان صاحب طاہر

بارک اللہ فروغ کا دیوان	سر بسر مخزن عجائب ہے
سال تاریخ اوسکی طاہر نے	لکھی آئینۂ غرائب ہے ۱۳۰۴ھ

تقریظ ریختۂ خامۂ جادو رقم مولانا محمد کریم الدین صاحب مدرس گورنمنٹ اسکول مرزاپور

حامداً و مصلیاً ۔ ایک روز بہ ہیچمدان وحشت ببر دور از دیار جمعیت ۔ از خود بیزار

رونقِ بزم مسرت چشم بر دیوار۔ گریختہ صحبت آمیختہ خلوت ۔ دُرد در دچشان از نوشدار وے
درمان دامن کشان۔ کج مج چون طرۂ مہوشان بیخبری بطریان حیرت از کمر خوبان آموختہ
لب بریان آتشِ حسرت متاعِ عقل سوختہ بیٹھا ہوا تھا۔ کہ ناگاہ پیرِ دل کا ارشاد ہوا کہ اس دردکا
سرکہ وصندل۔ اس نیش کا نوش بجز سخن کوئی نہین پس حسب قرار داد خاطر پیہ سرا پا وحشت
زیب سریر بارگاہ سخن۔ بہرہ یافتہ از ہر فن بیمثل امثال و اقران محسود اشباہ و منفسان
جناب منشی محمد عبدالرحمٰن خان صاحب فروغ کی خدمت مین حاضر ہوکر عروس
سخن کی دیدہ بازیان جسکو اونہین کے مشاطہ فکر نے منصۂ دیوان پر بہ ہزار صفت فرمایا تھا
کرنے لگا ۔ واہ واسمندِ الفاظ پر شہسواران معانی ایسے بیٹھے ہین کہ گویا وہین سے
اوگے ہین پردہ ہاے الفاظ ہزار پردہ کرتے ہین مگر مہوشان نوطرزی کسی مطلع سے
آفتاب سے نکل ہی پڑتے ہین۔ رقیبان مدات کتنا ہی سنان الف لیکر درپے رکاوٹ
ہین۔ مگر پردگیان صفاے بندشون کی آڑ سے جھانک ہی دیتے ہین۔ بقول نیکو رو تاب
مستوری ندارد۔ چو در بندی سر از روزن بر آرد۔ شفق بام فلک پر اسکے مضامین
رنگین سے تشبیہ دینی آتی ہے۔ مگر وجہ شبہ مین مباینت پا کر شرم کی کھا جاتی ہے
باآنکہ ہر ایک مصرعے مضامینِ نو پیدا کے راستے بتاتے ہین مگر سخن سنجان کسی بیت
کی ہنجار راہ معانی کو نہین پاتے ہین بس بعض ضیان سخن دل ز خود رفتہ نے تسکین
پائی بل مسرت ہاتھ آیا۔ جب تک چہرۂ روز و سمۂ شام اور گلگونۂ شفق سے مزین رہے
خداوند تعالےٰ اس پردگی فکر کو غازۂ شہرت وحنا سے اجابت عطا فرمائی آمین اللہم آمین

قطعہ تاریخ از مولوی محمد تقی متخلص حسن شاگرد رشید شاعر شیرین زبان جادو بیان فرد واحد جناب مولانا مولوی عبد الاحد صاحب الہ آبادی فاض اللہ علیہ الایادی

چراغ طور یہ شمع زبان ہے — کہ حمد و نعت بیرون از بیان ہے

اب اسکے بعد اوس شاعر کا احوال — بیان ہے جو کہ فخر شاعران ہے

پری زادان معنی کا سلیمان — پرستان سخن پر حکمران ہے

تخلص ہے **فروغ** اور نام نامی — **محمد عبد رحمان خان عیان ہے**

الٰہی کسکا نام آیا زبان پر — کہ خود گفتار شیدائی زبان ہے

فہیم و عاقل و ذوالفضل و ذیشان — حلیم الطبع و عالی خاندان ہے

وطن اوسکا ہے پیلی بھیت لیکن — برنگ مہر مشہور جہان ہے

عجب دیوان لکھا اُردو زبان مین — کہ جسکے وصف مین گونگی زبان ہے

کھچی ہے دلستان بندش کی تصویر — عجب انداز اور طرز بیان ہے

بلاغت لطف معنی پر ہے مفتون — فصاحت عاشق حسن بیان ہے

سواد سطر و بین السطر باہم — رقیب زلف و روے مہوشان ہے

ہوئی مجھکو جو سال طبع کی فکر — کہا ہاتف نے مرغوب جہان ہے

(۱۳۰۰)

حسن اب خاتمہ کیجے دعا پر — وگرنہ وصف دیوان بیکران ہے

مصنف شاد یارب اور یہ دیوان — ہو مرغوب جہان جبتک جہان ہے

قطعہ تاریخ از نتائج فکر عالی جناب عزیز الرحمن خانصاحب خلف الصدق حضرت مصنف صاحب دیوان مد ظلہ

دیوان لاجواب کہ چون قبلہ گاہ من	تصنیف کرد فکر نمودم بسال آن
آمد ندا ز ہاتف غیبی کہ اے عزیز	شد باعث مسرت دل ہر ناظران

۱۳۰۷ھ

تقریظ چکیدۂ کلک گہر سلک منشی محمد حسین صاحب جلال سلمہ الرحمن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سبحان اللہ کیسا صانع مطلق ہے جسنے اپنی صنعت کاملہ و حکمت بالغہ سے ہیجدہ ہزار عالم کو ایک لفظ کن سے پیدا کیا خصوصاً انسان ضعیف البنیان کو کیسی کیسے جوہر نطق عطا کئے خلق الانسان علمہ البیان جسپر دلیل ہی دیوان کائنات میں بعض کو مطلع آفتاب سخن اور مقطع ماہتاب پُرفن بنایا اور کل مخلوقات سے زبان نطق دیکر آسمان فصاحت و بلاغت پر اوسیکا ستارہ چمکایا۔ تقریر پُر اثر تحریر خوشتر طبع عالی نازک خیالی سحر بیانی رطب اللسانی عقل صائب فکر رسا فہم کامل ذہن ذکا اوسکو عطا فرما کر ولقد کرمنا بنی آدم سے مفتخر و ممتاز کیا۔

اور نعت رسول مقبول لکھنا قلم کا کام نہین زبان کو اس امر سترگ مین یارائے کلام نہین سبحان اللہ کیسا رسول مقبول خاتم النبیین رحمۃ للعالمین احمد مجتبیٰ

محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کل نبیوں سے رفیع امت کا شفیع بقول سعدی شیرازی ؎

شفیع مطاع نبی کریم	قسیم جسیم نسیم وسیم

جسکی شان مین لولاک لما خلقت الافلاک خدا فرمائے پھر بہلا اوسکی گویائی امت مین انسان کا کیون نہ قافیہ تنگ ہو اور ملائکہ کی کیونکر نہ عقل دنگ ہو ہان جو اسکی بحر الفت مین غرق ہوا بیشک اوسکو دعوے انا الشرق ہوا ؎

یتیمے کہ ناکردہ قرآن درست	کتب خانہ چند ملت بشست

اما بعد احقر العباد کج مج خیال عبید حسین جلال سخن سنجان عالی ہمم اور شاعران ادا فہم کو مژدہ سناتا ہی کہ درین آوان سعادت توامان اعنی بماہ رمضان دیوان شیرین بیان جسکی ہر غزل مرصع ہر شعر مقفی کا مرقع ہر مصرعہ مسجع من تصنیف شاعر عدیم المثال نازک خیال کا جو شخص دیوان پڑھ لے وہ شعر گوئی کے ارکان جان جائے پورا اوستاد ہوجائے اشعار مین مضامین برجستہ کی ایسی تصویر کھنچی ہے کہ نقاش چین بہی جبین مان جائے مانی و بہزاد دم چرا لے رعایت لفظی سبحان اللہ تعقید معنوی جزاہ اللہ استعارات افضل کنایات اکمل بندش مستحکم الفاظ مسلم روزمرہ کا بادشاہ ترکیب صحیح سی خوب آگاہ وہ کون پاک طینت نیک خصلت والا منزلت شیوا زبان طوطی ہزار داستان اعنی محمد عبد الرحمن خان صاحب انسپکٹر مرزاپور سلمہ اللہ الغفور مطبع مفید عام آگرہ مین اہتمام سے منبع جود و کرم والا ہمم عالی شان والا شان جناب احمد خان صاحب صوفی مالک مطبع کے طبع ہوا ہی۔ خداوند تعالے اس دیوان کو مقبول خاص و عام کرے اور مصنف ممدوح کا نیک انجام آمین ثم آمین

تقریظ چکیدهٔ کلک گوهر سلک جناب قاضی حافظ محمد خلیل الدین حسن صاحب وکیل و مصنف رسالہ نعت مقبول خدا ئیس پیلی بھیت

رباعی

باغست سخن بلبلِ باغست فروغ — در دودهٔ خود چشم و چراغست فروغ
در سینهٔ او دو صد خزینه است ز علم — فارغ ز فروغی و فراغست فروغ

فروغ را نازم که صبح پیشِ او چراغِ روز ماند و اگر صبح دم از صباحت زند گردش چرخ اورا بروز سیاه نشاند فروغ اگر دامنِ مهر برچیند صبح تا روز شمار شمار روی مهر و زری نه بیند فروغ را هر روز روز بازار و صبح را از متاعِ کاسد قحط خریدار ہے

ز فروغِ من چه پرسی که همه فروغ باشد — تو ز صبح خود چه لافی که همه دروغ باشد

مثنوی

محمد عبدِ رحمن خانِ نامی — ز نام او فروغِ خوش کلامی
بوسعتها دلش وادیِ ایمن — ز نورِ لایزالی گشته روشن
سخنها گفت و داد اندر دهنها — دهنها کرد لبریز چمنها
سخن گفت و چو در گفت و چو گل گفت — سخن گفت و نکو گفت و گهر سفت
همان گل کاندرو بوی نعیمست — همین دریست کو درِ یتیمست
خوشا بوئی که از سر می برد هوش — خوشا درے که شد آویزهٔ گوش

نظیرش از گل و گوهر چه گویم | که نیکوتر بود از هر چه گویم
ز دل تا بر لبش حرفی رسیدن | کند صد گوش مشتاق شنیدن
بدیدن کی بود همسر شنیدن | بود فرق از شنیدن تا بدیدن
ترا گر اتفاق افتد بدیدن | همان دیدن همان در دل رسیدن
هر آن سوز آفریدن ساز کردند | نهان اندر دلش چون باز کردند
هر آن دردیکه در عالم شمردند | بهم کردند و با جانش سپردند
همان سوزیست کز شعرش هویداست | همان دردیست کز هر حرف پیداست
چه شعر و حرف شور افزای دلها | نمک ریز جراحتهای دلها
مسیح فکر او جان جهانست | غلط کردم غلط بل جان جانست
کلامش را فروغ اندر فروغست | فروغ صبح پیش او دروغست
کلامی دلنوازی جان فزائی | کلامی جان ستانی دلربائی
کلامی بادهٔ غارتگر هوش | کلامی چون خم می سر بسر جوش
کلامی کنز مخفی در معانی | کلامی همچو دریا در روانی
درو هر نقطه با صد نکته همدوش | درو هر لفظ صد معنی در آغوش
کلامی همچو گل در رنگ و بوئی | ببستی همچو می اندر سبوئی
کلامم اندر کلام او محالست | کلامش را کمال اندر کمالست
بود هر کلمهٔ او خنجر عشق | بود نامش زبان رو خنجر عشق

همان خنجر که جا بنهاد در فدائش
همان عشقی که سرها در هوائش

چه خنجر تشنهٔ خون جگرها
چه عشق آن طرفه معجون جگرها

همان خنجر که قربان او باد
گلو سر بر خط فرمان او باد

همان خنجر که جان تازه آرد
بمن دیرینه رسم و راه دارد

درون سینهٔ من میکند راه
وزین ره در دلم جا کرده صد راه

تن و جان مرا از هم گسسته
بخون دل ز غم فارغ نشسته

همان عشقی که باشد مایه اش درد
ز درد او دمم سرد و رخ زرد

برد نقد سکون و صبر از دل
برای خویش خالی کرد منزل

نهان در سینهٔ حافظ رسیده
بخلوتخانهٔ دل آرمیده

چو خلوت خالی از اغیار بیند
برد جان و بجای جان نشیند

بقربان سر عشق ست جانم
شهید خنجر عشق ست جانم

بیا ای خنجر ای جانم شهیدت
بیا ای عشق تا باشم مریدت

بیا ای خنجر ای صد جان حافظ
بیا ای عشق ای ایمان حافظ

بیا خنجر که درمانم تو باشی
بیا ای عشق تا جانم تو باشی

بیا ای خنجر ای کار تو خونریز
بیا ای سرکش و بیتاب و سرتیز

اگر داری سری با سر بریدن
بیا اینک تو و اینک سر من

بیا ای عشق ای جانانهٔ من
بیا ای رونق خمخانهٔ من

تو داری با دلِ دیوانه پیوند
تو ریزی در رگِ جان نشتری چند

بیا ای عشق با جانم درآمیز
بیا ای عشق جان اندر تنم ریز

تو و صد مرگ در دستِ جفایت
من و صد جانِ همچون من فدایت

عنان پیچیم بسوی خنجرِ عشق
کنم سر گفتگوی خنجرِ عشق

روا نبود بنزدِ خاص و عامی
زبان در کام و خنجر در نیامی

زبان یکچند اگر در کام ماند
همانا با زبانِ گنگ ماند

چو خنجر در نیام آسوده گردد
باندک روز زنگ آلوده گردد

چو سر زد از فروغ ما کلامی
کلامی همچو خنجر از نیامی

زسنگِ طبع پیدا کرد جوهر
تو گوئی بر فسان کردند خنجر

بسنگِ طبع تا انسان نقش بسته
که نقشش در دلِ سنگی نشسته

چو این خنجر بسنگِ طبع بر شد
ز اول تیز بود و تیزتر شد

زحافظ از پی این نظم نامی
بود تاریخ منظومِ گرامی
۱۳۰۷ھ

الهی تا زبان اندر دهانست
الهی تا سخن اندر زبانست

فروغ ما فروغِ تازه گیرد
کلامش در جهان آوازه گیرد

طفیل مہر اوج سروری یارب عطا فرما / وہ نار عشق دل کو جس سے چمکے نور ایمان کا

تری صنعت نے جب مشاطگی کو کام فرمایا / کیا خون شہیدان سے حنائی پنجہ مژگان کا

نظر میں کب وہ لاتے ہیں بہ رنگ اشک گوہر کو / شناسا جنکو تو نے کر دیا ہے سلک دندان کا

فروغ بے نوا کا دل رہے ظلمتکدہ کب تک
بنادے شمع سوز غم کو اپنے اس شبستان کا

الٰہی عشق دے دل کو مرے اس روے تابان کا / جلا پردار جسکا عکس ہے آئینہ جان کا

الٰہی مہر ہو دل پر اوسی کے داغ الفت کی / کہ ہے نقش قدم جسکا قبالہ باغ رضوان کا

الٰہی پرتو ماہ رخ پر نور سے اوسکے / چمک جائے ستارہ میرے دل کی داغ پنہان کا

شبیہ پاک اوسکی کیون نہو سر دفتر عالم / کہ نقش اولین ہے خاص کلک صنع یزدان کا

رسائی سے ہے وہم حاملان عرش بھی قاصر / معلی کسقدر ہے قصر تیری شوکت و شان کا

سبب اسکے نہونے کا حقیقت نے کہا دل سے / کہ سایہ آپکا سرمہ بنا ہے چشم عرفان کا

مرے دل کو غم الفت کا اپنے کیجیے مسکن / کہ تا سینہ مرا ہمسر بنے یوسف کے زندان کا

ترے اعجاز کے قربان کہ اک شاخ بریدہ نے / دکھایا معرکے میں صاف جوہر تیغ بران کا

ترا ابر کرم جس دم کہ مجھکو یاد آتا ہے / نکل جاتا ہے مثل برق دل سے خوف عصیان کا

ترحم یا نبی اللہ کہ اب وقت ترحم ہے / نبوت کیطرح سے خاتمہ ہے تم پہ احسان کا

کشش کو کام اب فرمائیے یا رحمت عالم
رہے کب تک فروغ آوارہ دشت یاس و حرمان کا

بحمد اللہ زخمی ہون مین اُسکی تیغ مژگان کا
کہ کوچہ جسکا نازشگاہ ہے خونِ شہیدان کا

سکندر سے نہ کیون اے عشق تو نے کہدیا اتنا
کہ تیغ ناز مین پنہان ہے چشمۂ آبِ حیوان کا

دل بیتاب سے ضبطِ تپش کا عہد لیتا ہون
مجھے پاس ادب ہے کسقدر قاتل کے دامن کا

امید رستی رکھنا عبث ہی سخت ہے اے دل
وہ کہتا ہے کہ مین سایہ ہون اُس برگشتہ مژگان کا

شکستِ دل ہی کچھہ اپنا ور کچھہ شکست رنگ سے میرے
عیان ہے حال ظالم کے شکست عہد و پیمان کا

گلو سے میرے یا تک رابطہ اُسنے بڑہایا ہے
گمان ہے تیغ ناز یار پہ میرے گریبان کا

تپش سے پوچھہ لو دیتی ہے جو جنبش اسی ہر دم
دل بیتاب گہوارہ ہے کسکے دردِ پنہان کا

خدا کیواسطے ہمدم دل پر شور کے آگے
نہ کرنا ذکر کچھہ یادش بخیر اوس آفت جان کا

فروغ خستہ جان کی پردہ پوشی ہی ضرور اے دل
کوئی محرم نہین جز تیرے اُسکے رازِ پنہان کا

یہ کس کافر نے یارب روزنِ دیوار سے جہانکا
کہ برہم ہو گیا عالم دل و جان و دین و ایمان کا

بیا رستہ دل بیتاب نے پہر کوے جانان کا
حفاظت مین مری دیکہ دفینہ پاس و حرمان کا

زبان تیغ قاتل سے یہی پیہم سنا دل نے
کہ ہر زخم جگر اک راستہ ہی کوے جانان کا

غنیمت ہے کہ خون میرا حنا پاے قاتل ہو
کہان ایسا مقدر جو بنے گل اُسکے دامان کا

نہ رکھئے اسقدر بے پردہ روے آتشین صاحب
ملا جاتا ہے گبرون سے عقیدہ ہر مسلمان کا

خرابی دوست ہے کسدرجہ یہ زخم جگر میرا
خوشی سے کہلگیا کیسا جو ٹوٹا ایکبہی ٹانکا

بڑا ہو تیرا اے دست تمنا تجھسے لرزان ہے
ہر اک تار اُس پری کے دامن و میرے گریبان کا

خیال اُسکا بھی ہے رہزن جمعیت خاطر
کسیکی زلف مین سب طور ہے خواب پریشان کا

ہوا ہے جنبش دامن نے یارب کردیا کسکے
برنگ صبح مطلع صفا عالم کے گریبان کا

دل مفتون ہے کسکے آگے ذکر کوثر کسلیے زاہد
پیا ہے اسنے پانی سیر ہو کر تیغ بران کا

نکر زنہار غفلت روز و شب سے ای فروغ اب تو
کہ ہے وہ پرتو رخ اور یہ سایہ زلف پیچان کا

نہین ہے بے سبب اتنا تڑپنا اُسکے بسمل کا
تڑپکر چاہتا ہے چوم لینا دست قاتل کا

نشان کیا پوچھتا ہے نامہ بر تو کوی قاتل کا
سراسر فرش ہے وان پردہ ہاے چشم بسمل کا

شرارت دیکھیے جلوہ دکھا کر منہہ چھپا لینا
سبب پھر پوچھنا مجھسے مری بیتابی دل کا

نگاہ ناز کل پر پے کہین کچھہ عشوے سے کہتی تہی
نہین معلوم کیا شورہ ہوا قاتل سے قاتل کا

اونہین فرط نزاکت سے مجھے زور نقاہت ہے
ذرا کروٹ بدلنا فاصلہ ہے چند منزل کا

گئی جان اور نہ آیا وہ ادہر دل ہم نہ کہتے تہے
نہین آسان ہے تم آسان ہونا تیری مشکل کا

تیرے نالون پہ عجب حسن لیلی چہا گیا اے دل
وگرنہ کیون نہین کرتا ہے جنبش پردہ محمل کا

نکر تو ادعی الفت مین اے دل خوف گمرہی
ہر اک کانٹا یہان کا میل ہے مقصد کی منزل کا

زبانی گفتگو کرنیکی صاحب کون حاجت ہے
اگر چاہو تو دل ہی دل مین کر لو فیصلہ دل کا

ستمگر سنگدل نا آشنا رکہا ہے نام اُسکا
ستم دیکھو جناب عشق اس بیداد گردل کا

ملیگی دل کو کیونکر لذت اوسکے دست خنجر کی
سنا ہے پہلے لیلیتا ہے جان انداز قاتل کا

گھمنڈ اتنا نکر تو زہد سے سرد مہری پہ

نہایت گرم ہے نالہ فروغ آتشین دل کا

پہلے کہہ سکتے تھے ہم چشمہ اسے سیماب کا
اب تو ہے ناگفتنی حال اس دل بیتاب کا

کیون نہو حیرت کہ ہر تار نفس پر شور ہے
اور نشان ملتا نہین کچھہ جنبش مضراب کا

جلوہ فرما تھا الٰہی رات کسکا انتظار
دل نے آنکھون مین کیا تھا فرش جو کمخواب کا

ناز تھا یا کچھہ خطا باعث تھی اے باد صبا
حال جو گل نے نہ پوچھا بلبل بیتاب کا

دیکھیئے قسمت کہ سبکو دل ملا روز ازل
اور بجائے دل مجھے چشمہ ملا سیماب کا

کسقدر رویا تھا ملکر شوق دیدار سے
نور جب جانے لگا تھا دیدۂ بیخواب کا

خوش نہ آیا کچھہ ہمین جز گوشۂ دشت جنون
مدتون دیکھا تماشا عالم اسباب کا

صورت محراب خم ہونا یہان پر چاہیئے
یہ صنمخانہ ہے اے زاہد مقام آداب کا

ابتدائے عشق مین سیماب کا ہمسر تھا یہ
اب تو ہے سیماب ناصح اس دل بیتاب کا

خاکساری کی اگر خو کچھہ بھی ہم کرتے فروغ
بوریا ہوتا مقابل بستر سنجاب کا

کب خوش آتی ہے دل خستہ کو گلشن کی ہوا
اسکے سر مین ہے بھری قاتل کے دامن کی ہوا

غیر کے ہمراہ وہ کھاتے ہین گلشن کی ہوا
کیا بندھی ہے آجکل تقدیر دشمن کی ہوا

نکہت گل سے دماغ دل پریشان کیون نہو
گوش گل مین ہے بھری بلبل کے شیون کی ہوا

آشتی ہو درمیان صبر و دل ممکن نہین
کیون پسند آنے لگی دشمن کو دشمن کی ہوا

پھر جلایا آتش گل نے کسی بلبل کا دل
گرم ہے پھر روزن دیوار گلشن کی ہوا

مجھکو وحشی کہیئے پر انصاف بہی کیجے ذرا
ہے گریبانون کی دشمن کسلکے دامن کی ہوا

حرص ہو کیونکر نہ دشمن سینۂ پر نور کی
ہے عدو روز ازل سے شمع روشن کی ہوا

آگ ہوجاتا ہے وہ بت سنتے ہی کیا اثر
ہائے کیا بگڑی ہے میرے آہ و شیون کی ہوا

کسقدر ہوگی ندامت اوسکی تیغ ناز سے
زخم کو میرے جو چھو جائیگی سوزن کی ہوا

تب مرا اس جذب دل کو مانتا صیاد تو
جب اوڑا لائے تجھے میرے نشیمن کی ہوا

رنگ کیون اوڑنے لگا روئے گریبان کا فروغ
کیا خوش آئی پہر تمہین صحرا کے دامن کی ہوا

کیا کہون کیا شور و شر ہنگامہ آرا دل مین تھا
جب تلک پہلو مین دل تھا مین بڑی مشکل مین تھا

کچھہ خبر مجھکو نہین اے قیس لیکن اسقدر
ناز جمازے کا کہتا تھا کوئی محمل مین تھا

جذبۂ شوق گلو رکھتا تھا کیا مضطر اُسے
جب تلک تھا مجھہ مین دم خنجر بہی کس مشکل مین تھا

واعظ اُسکو بت سمجھکر منع کرتا تھا مجھے
میرے اُسکے درمیان جھگڑا حق و باطل مین تھا

جوش الفت کیون نہوتا راہ الفت مین مجھے
کر رہا تھا ناز گل ہر خار جو منزل مین تھا

لیگیا مقتل مین مجھکو دل بظاہر کھینچکر
لیکن اس سے بڑھکے دشمن اور تھا جو دل مین تھا

حسن کی گرمی سی آیا روئے لیلی پر عرق
یا مرا تار نظر اُس پردۂ محمل مین تھا

واہ کیا لذت ہے تجھہ مین اے دم تیغ ادا
دم ترا بھرتا تھا جب تک دم ترے بسمل مین تھا

اوسکا جلوہ بسکہ ہے غارتگر ہوش و حواس
رات اُس محفل سے باہر تھا جو اُس محفل مین تھا

تھا ہجوم خلق جب تک مین تڑپتا تھا وہان
میرے دم سے اک تماشا کوچۂ قاتل مین تھا

وہ خفا کیونکر نہوتا دیکھکر تجھکو فروغ
رخ سے تیرے تھا عیان جو کچھ کہ تیری دلمین تھا

آتو سکتے ہین مگر وہ آئین کیا — کہتے ہین ہم ناز سے شرمائین کیا
پر دہا سے دیدہ سب نمناک ہین — اونکے غم کی راہ مین بچھوائین کیا
جاکے کر سکتے ہین شکوہ ہجر کا — عذر اس سے جینے کا لیکن لائین کیا
جسان کو تو حکم جانے کا ملا — دل کے حق مین دیکھئے فرمائین کیا
کیا تری خواہش ہے اے زخم کہن — ناخنِ دستِ جنون بڑہائین کیا
دل کو جانے دو اگر جاتا ہے وہان — ناسمجھ ہے اوسکو ہم سمجھائین کیا
ہین یہ سب جوہر اونہین کی تیغ کے — زخم دل کے ہم اونہین دکھلائین کیا
رشک سے دین جان قاصد بھیجکر — اپنے ہاتھون آپ ہم مرجائین کیا
دل ہے بد آموز اوسکو بھیجکر — اونکو ہم جور و ستم سکھلائین کیا
کر دیا ہمسکو نکما ضعف نے — اونکی تیغ ناز کے کام آئین کیا
آج پوچھا دل نے مجھسے راہ مین — بوسہ یا گالی تمہین دلوائین کیا
حضرت پیر مغان کیا حکم ہے — میکدے سے آج ہم اوٹھہ جائین کیا
گالیان ہم اونکے منہہ کی کھا چکے — میوۂ جنت کو زاہد کھائین کیا
خوئے نازک کے یہ کشتے ہین فروغ — جان و دل وقتِ ستم چلائین کیا

ہین جنون سے تیری سب واقف فروغ

دوست تجھکو پیرہن پنہائین کیا

دلِ سیپارہ مرا صورتِ قران نکلا
کہین وہ بت نہ کہے مجھکو مسلمان نکلا

کیون ہوا حسن کو منظور الٰہی یہ حجاب
عشق کیون پردۂ ناموس سے عریان نکلا

ہمتو سمجھے تھے دلِ زار کو اک گوشہ نشین
نازبردارِ تمنائے حسینان نکلا

کشتیِ چرخ ابھی تک نہین ڈوبی افسوس
کیا تنک حوصلہ یہ دیدۂ گریان نکلا

قابلِ صحبتِ عشاق بھی اب مین نرہا
دردِ کمظرف مرا طالبِ درمان نکلا

دیکھکر داغ دلِ تنگ کے ظالم نے کہا
ہم اسے غنچہ سمجھتے تھے گلستان نکلا

اُسکے ابرو کو کہا شیخ نے محرابِ حرم
ہمتو کچھ اور سمجھتے تھے مسلمان نکلا

وہ جوانی نرہی اور نہ وہ شورشِ دل
شوقِ بے صبر بھی دو روز کا مہمان نکلا

قطرۂ خون یہ نہین آنکھ سے ٹپکا ہے فروغ
خود دلِ خستہ بہ گلکاریِ دامان نکلا

تجھکو نادان مجھے فرزانہ و عاقل سمجھا
ناصحا خوب ہی واللہ مرا دل سمجھا

رکھدیا غیر کے کاندھے پہ مرے سامنے ہاتھ
آہ کس بار کا مجھکو متحمل سمجھا

ہوگیا سرد وہ گرتے ہی تڑپنا کیسا
معنیِ پاسِ ادب کیا ترا بسمل سمجھا

اسقدر بے اثری آے دلِ نالان افسوس
تیرے نالے کو وہ گل شورِ عنادل سمجھا

مثلِ بسمل کے قدم راہ فنا مین رکھکر
تپشِ سخت کو مین قطعِ منازل سمجھا

خنجرِ ناز مین یارب ہے کہان کی لذت
جس سے مرنے کو یہ دل زیست کا حاصل سمجھا

تو نے دہوکا مجھے کیا بیخودی شوق دیا ‌ ‌ ‌ باغ فردوس کو مین کوچۂ قاتل سمجھا

بحرِ پُر خار حقیقت کو وہی تیر گیا ‌ ‌ ‌ موج و گرداب کو جو کشتی و ساحل سمجھا

الم دوست جو آیا تو الف کو اُسکے ‌ ‌ ‌ صفحۂ دل کے لیئے مین خط باطل سمجھا

اے صبا چھوڑ دیا کسلیئے ملکر اوسکو ‌ ‌ ‌ کیا وہ غنچے کو مرا آبلۂ دل سمجھا

دیکھکر نازکئی ناخن انگشت نگار ‌ ‌ ‌ عقدۂ دل کی کشایش کو مین مشکل سمجھا

برہمن سے بھی ہون بڑھکر مین بتون کا شیدا ‌ ‌ ‌ تو نے کیون ناصحِ نادان مجھے غافل سمجھا

جلوۂ سوز محبت سے کسیکے مین فرخ
داغ کو شمع دل زار کو محفل سمجھا

جانتے ہو تمسے یہ دل ملکے کیا ہو جائیگا ‌ ‌ ‌ تمسے بڑھکر دشمن جانی مرا ہو جائیگا

دیکھ لی اے دل ادا تو نے بتِ طناز کی ‌ ‌ ‌ ہم نہ کہتے تھے قضا کا سامنا ہو جائیگا

گر زبان کو بند کر دیگا شکوہ حسن یار ‌ ‌ ‌ اضطراب دل بیان مدعا ہو جائیگا

مجھمین او پروانی مین جھگڑا ہی کیا ہے اے شمع رو ‌ ‌ ‌ جب نقاب اولٹو گے تم تو فیصلا ہو جائیگا

اسقدر طولِ شب فرقت کا غم اے دل نکر ‌ ‌ ‌ شام ہی کو آج تیرا خاتما ہو جائیگا

اوسکی بو بھی گر چمن مین آئیگی اے عندلیب ‌ ‌ ‌ رنگ روئے گل برنگ بو ہوا ہو جائیگا

ہی عبث تو اے دل نادان نمود خط سی شاد ‌ ‌ ‌ زلف کا قیدی ہی بھلا کیونکر رہا ہو جائیگا

گو کرے مشاقیان یہ نالۂ بلبل ہزار ‌ ‌ ‌ کیا شکستِ شیشۂ دل کی صدا ہو جائیگا

غیر ممکن ہے پریرویون سے ترک اختلاط ‌ ‌ ‌ زیست سے ہو جیکو دل کیونکر خفا ہو جائیگا

گالیون کی خو نہ کیجیے ورنہ اے آرام جان
یہ لب شیرین تمہارا بے مزا ہو جائیگا

دست رنگین کو نہ رکھیئے آتشین رخسار پر
طائر رنگ حنا کا دم فنا ہو جائیگا

ذکر سے جس بت کے اڑ جاتے ہین سب ہوش و حواس
اُسکے آنے سے خدا جانے کہ کیا ہو جائیگا

دل خیال یار سے ناحق جھگڑتا ہے فروغ
جب لڑ گئی آنکھ اسکا فیصلا ہو جائیگا

دیکھ اے گریہ ترے حق مین نہ بہتر ہوگا
دامن صبر مرا کچھ بھی اگر تر ہوگا

زلف کو تاب نہ دو جان نکل جائیگی
فرق اسمین نہ کبھی بال برابر ہوگا

جسم مین جان کے بدلے غم جانان ہے نہان
ملک الموت جو آئیگا تو ششدر ہوگا

نگہ ناز کو کیون فکر ہے اتنی صاحب
فیصلہ دل کا مرے ایک ادا پر ہوگا

دام کاکل مین تڑپتا نظر آتا ہے کوئی
ہو نہو دیکھیو میرا دل مضطر ہوگا

نزع کیوقت نہ آئین وہ عیادت کو مری
طائر روح مرا اور ہوا پر ہوگا

پوچھ لو ناز سے اپنے مرے دل کی حالت
میرا کہنا تو نہ تمکو کبھی باور ہوگا

دست نازک سے یہ امید نہ تھی ہمکو فروغ
اسقدر کار رفو دامن دل پر ہوگا

ستم وہ ادا سے نظارا تمہارا
غضب پھر وہ قاتل اشارا تمہارا

برا اس غرض کا ہو جسنے مری جان
جدا کر دیا دل ہمارا تمہارا

غم یار جھگڑے ہین دیر و حرم مین
اسی دل مین ہوگا گزارا تمہارا

مرا دل بھی سی کرے یون عداوت
ضرور اسمین ہے کچھ اشارا تمہارا

سزا دل کو دو تم کہ بیتاب ہو کر
کیا اسنے راز آشکارا تمہارا

اگر نقد جان رونمائی مین لوگے
تو ہوگا بہت کچھ خسارا تمہارا

نکلجاؤ اے درد و اندوہ و حسرت
مرے دل مین ہے کیا اجارا تمہارا

سکھاتے ہین ہم دل کو دشمن کی چالین
یقین ہے کہ ہو جاے پیارا تمہارا

مروت کرو یا کچھ انصاف صاحب
ابھی ایک ہو دل ہمارا تمہارا

گیا دل تو لے نالہ و آہ و زاری
ہمین ہے فقط اب سہارا تمہارا

دو عالم کو لاتا ہے کب وہ نظر مین
ہوا جسکو حاصل نظارا تمہارا

ہمین ہم ہون پیر مثل منصور صاحب
اگر سامنا ہو ہمارا تمہارا

فروغ جگر خستہ و بے نوا کو
شفیع الامم ہے سہارا تمہارا

دنیا کی نہ کچھ فکر نہ کچھ ہوش ہے دین کا
افسوس کہ دل نے ہمین رکھا نہ کہین کا

کیا ذکر تمنا کا یہان دل ہی نہین ہے
مدت سے پتہ ہے نہ مکان کا نہ مکین کا

ہم ذکر کبھی سوز نہان کا نہین کرتے
کیون فاش کرین پردہ کسی پردہ نشین کا

اے دل غم جانان کی نہو دلشکنی دیکھ
کرتے ہین بہت پاس ادب گوشہ نشین کا

گلشن مین نہ رہتے جو کہا مانتے یہ گل
بازار مین بکتے ہین یہ ثمرہ ہے نہین کا

سجدہ نہوا ایک بھی مقبول ہمارا
داغ دل ناشاد بنا داغ جبین کا

کہدو کوئی ناصح سے بہت ہمکو نہ چھیڑے
معلوم ہے سب حال ہمین خلد برین کا

سمجھا دو فروغ اس دل خود رفتہ کو اپنے
ہمسے نہ کرے اب نہ کبھی ذکر کہین کا

میکدے مین جا کے واعظ کیا ہی بہتر ہو گیا
جام مے کو دیکھکر جامے سے باہر ہو گیا

پھر ہوا کاشانۂ تن مین ہجوم رنج و غم
تیرا مسکن جانمن غیرون کا پھر گھر ہو گیا

دست نازک آپکا صد شکر ممنت سے بچا
خود مرا نالہ گلے مین آکے خنجر ہو گیا

ہم نہ کہتے تھے شب ہجران کا کیجے بند و بست
اب یہ قصہ طول لے زلف معنبر ہو گیا

ناز کیا کیا اپنی بیتابی پہ تھے سیماب کو
دیکھکر کل اس دل مضطر کو ششدر ہو گیا

دل کے باہر کوئی دم آتا نہین کیا اس سے
میری حسرت کا خیال یار ہمسر ہو گیا

سخت تھی منزل مگر طے ہو گئی کس لطف سے
دل کا شوق اور شوق کا جو در رہبر ہو گیا

ہمتو اپنی چشم کے ممنون منت ہین فروغ
پردہ پوش آتش دل دیدۂ تر ہو گیا

کسقدر احسان مجھپر تیغ قاتل کا ہوا
سر ہوا تن سے جدا تن بوجھ سے ہلکا ہوا

اس دل پیمان شکن سے تنگ ہین ہم کسقدر
رات ہمکو پھر ملا تھا اسطرف جاتا ہوا

کیون نہ کرتا جبہہ سائی ان بتون کی برہمن
مٹ نہین سکتا تھا یہ تقدیر کا لکھا ہوا

شام سے در کو تکا کرتی ہے چشم وصل جو
جان آجاتی ہے تن مین جب ذرا کھٹکا ہوا

چھیڑ سے غافل نہونا ناخن بیداد یار
پھر مزہ کیا ہے کہ جب یہ زخم دل چھپا ہوا

لطف الفت کا جبھی ہے جبکہ دل مین زخم ہو
اور زخم ایسا کہ جسپر ہو نمک چھڑکا ہوا

لطف ہوگا حشر مین جب جائینگے دونون ہم
منتین کرتے ہوئے وہ مین فغان کرتا ہوا

کیا مزہ ہے قصۂ درد محبت مین فروغ
قیس پہونچا تھا کہانتک حال دل کہتا ہوا

اس ادا سے ترا غمزۂ ستم ایجاد آیا
کہ کہا دل نے مرے گھر مین پریزاد آیا

بوئے پیراہن دلدار صبا لاتی ہے
طائر رنگ چمن بھاگ کہ صیاد آیا

بیخودی مین مجھے کسدرجہ ملی ہے راحت
ہوش آتا ہے تو کہتا ہون کہ جلاد آیا

مین گیا وان مگر اے دل نہ کیا ذکر ترا
تیری قسمت کہ وہان تو نہ مجھے یاد آیا

کبھی مہمان سے خالی نرہا خانۂ دل
ناوک غمزہ گیا خنجر بیداد آیا

گل تسکین ہو مبارک تجھے اے بلبل دل
دام کے ساتھہ چھری بھی لیے صیاد آیا

ایک تو دل ہی کہ ہردم ہے خیال اُسکا انہین
ایک مین ہون کہ نہ بھولے سے کبھی یاد آیا

پرسش یار کے انداز نے مارا مجھکو
لطف کے پردے مین لپٹا ہوا جلاد آیا

ہون وہ عاشق کہ مجھے دیکھکے کچھہ دور نہین
کہے تصویر یہی مجنون کی کہ استاد آیا

غزل دوم

ساتھہ تیرے ترا گیسو جو مجھے یاد آیا
مرغ دل بولا کہ وہ دام وہ صیاد آیا

وہی تیور ہین تصور کے بھی اُنکے ابتک
کچھہ اثر تم مین نہ اے نالۂ فریاد آیا

گر کہون کچہہ تو ہو خنجر کو ہوس خنجر کی ۔ تہ خنجر جو مجہے لطف خداداد آیا

کچہہ عجب حال ہے بیمار محبت کا ترے ۔ جب طبیب آیا تو چلا یا کہ جلاد آیا

ہوگیا شکوہ تاثیر وفا سے صد شکر ۔ لب پہ بہولے سے اگر شکوہ بیداد آیا

جب ہوئی قتل مین کچہہ تیغ تغافل سے کمی ۔ ناوک غمزہ وہین بر سر امداد آیا

صورت سرو ہے ایدل ترا نالہ کیون آج ۔ کیا تجہے یاد کسیکا قد آزاد آیا

اے تمناے دلی عید مبارک تجہکو ۔ گلے ملنے کو ترے خنجر فولاد آیا

جلوہ فرما جو ہوا دیر کے باہر وہ بت ۔ دیکہکر کعبہ پرستون کو خدا یاد آیا

آئینہ دیکہتے ہو خوف سے عالم نہ کہے ۔ جو کیا تہا ترے آگے ستم ایجاد آیا

مین جو دیوانہ لب ہون تو مرے پاس فروغ
بیڑیان لیکے رگ لعل کی حدّاد آیا

داغون کا دل کے کوئی بہی پرسان وہان نہ تہا ۔ اوس باغ مین تہے ہم کہ جہان باغبان نہ تہا

کسدن حضور ناز مرا امتحان نہ تہا ۔ کسدم گلے پہ خنجر بُرّان روان نہ تہا

شب کو جو لب پہ نالۂ آتش فشان نہ تہا ۔ پہلو مین کی نظر تو دلِ خستہ جان نہ تہا

دل مین تہا رات درد مگر دم بخود تہا دل ۔ جلتی تہی ایسی آگ کہ جسمین دہوان نہ تہا

بیوجہ چپ ہوا تہا نہ مین سنکے کل وہ بات ۔ پاس ادب تہا ورنہ مین کچہہ بیزبان نہ تہا

بہ شوق دل وہ راہ چلایا کیا مجہے ۔ جس راہ مین کہ راہنما کا نشان نہ تہا

کیا خوب تہا وہ عہد طبیعت کہ جسمین جنون ۔ ناموس پردہ دار کا نام و نشان نہ تہا

کرتا تہا سیر کوچۂ گیسو کی روز دل
کچھ بہی خیال سنبل باغِ جنان نہ تہا

کٹتے تہے کس مسرت و عشرت سے رات دن
جس سرزمین پہ ہم تہے وہان آسمان نہ تہا

چڑہتے ہی اس پہ گرتے ہین اب سر کے بل سوار
اتنا تو تیز توسنِ عمرِ روان نہ تہا

زندہ رہے فراق مین ہم کسقدر **فروغ**
ہمسا بہی کوئی زیرِ فلک سخت جان نہ تہا

تب ہجران نے دل کے بعد جسم ناتوان ہوبکا
مکان پیچھے جلایا پہلے اسباب مکان ہوبکا

حیا تو تہی ادب آموز میرے دیدہ و دل کی
چراغ ہوش کو کیون آتے ہی اجابِ جان ہوبکا

تب اس دل کو ہوئی اللہ اکبر غش سے کچھ فرصت
جب اوسپر پڑہکے سارا مصحف روئے بتان ہوبکا

غم و شادی نظر آنے لگے دونون ہمین یکسان
جگر کی آگ نے کیا خانۂ سود و زیان ہوبکا

نہین معلوم کسکے نالہائے گرم سے شبکو
فلک پر شسر چلایا کہ میرا آشیان ہوبکا

کسیکے کان کی بجلی غضب سے ہی گرے جسنے
دل عالم کا سارا خرمن تاب و توان ہوبکا

بتا تو رات کیا سرگوشیان تہین کل ہی ہوئی ہین
ترے کانون مین اس کافر نے کیا آجانِ جان ہوبکا

تمناؤن کا مری جسقدر سامان تہا دل مین
تری اس گرم رفتاری نے اے عمرِ روان ہوبکا

جہانتک دیکھتا ہون بزم مین سکتے کا عالم ہے
فسون کیسا یہ تونے اے **فروغ** خوش بیان ہوبکا

از چمن البیان سنہ ۱۲

نہ پوچھ حال کچھ مجھسے دلِ مضطر کی وحشت کا
ہزار آفت کا آجانا ہی آنا اک طبیعت کا

عداوت کا بڑہانا خاصہ میری محبت کا
محبت کا بڑہانا معجزہ انکی عداوت کا

حیا شوخی پہ غالب ہو نہین سکتی تو پہر اے دل
اشارہ ہو کے رہجاتا ہی کیون چشم عنایت کا

تپش مین وہ ملی لذت کہ سو دل مجہکو گر ملتے
تو ہر اک دل مرا مشتاق ہوتا سو جراحت کا

بہت صدمے اوٹہائے پر نہ نکلی کیسی صورت
مجہے اب جان پر اپنی گمان ہے تو اپنی حسرت کا

بولائین کسطرح بزم طرب مین اپنی وہ مجہکو
سمجہتے ہین کہ یہ اک درد ہے پہلو عشرت کا

دل بیتاب نے توڑا اسی ہی جتین کر کے
ذرا سا رہگیا تہا سلسلہ صاحب سلامت کا

کیا ہی حشر برپا نالہ و فریاد و زاری نے
گمان ہے شام فرقت پر مری صبح قیامت کا

تحمل اسقدر شایان نہین ہے اے گیسوے جانان
نہایت بڑہ چلا ہے حوصلہ شبہاے فرقت کا

عبث کرتا ہے تو ذکر امید و بیم اے زاہد
نہ خائف ہون مین دوزخ سے نہ طالب ہون مین جنت کا

فروغ اس وادی پر خار مین پرسان ہے کون اپنا
مگر ہان اک خیال اوسکا کہ ہے غمخوار وحشت کا

کہا دل نے تماشا دیکہکر ساری خدائی کا
کہ جو کچہ ہے سو آئینہ ہی اوسکی خود نمائی کا

دل مضطر سے کیونکر دور ہو کہٹکا جدائی کا
یہان انداز ہی سب جسم و جان کی آشنائی کا

خطا ہے دل ہی کچہ یا کچہ غرور حسن کا ایما
سبب کچہ تو بہلا ظاہر ہو اس بے اعتنائی کا

الہی عالم دل کا ہی کیا باقی کوئی گوشہ
اوٹہا ہے غل جو وان پہر فوج مژگان کی چڑہائی کا

مرا نالہ صدا طوطی کی ہے نقار خانے مین
بڑہا ہے کسقدر اب شور اوسکی دلربائی کا

حرم سے دیر کو جاتا ہے ایمان صورت قیدی
بتون کے حسن مین کیا زور ہے ساری خدائی کا

ہماری خاکساری کا مقلد ہے گہر دانہ
یہ کیون گرد یتیمی پر ہے اک عالم صفائی کا

نظر جب وہ اوٹھاتے ہین تو ہو جاتا ہون بسمل
نشانہ بنگیا ہون دیکھیے تیر ہوائی کا

چلا آتا ہی سوے بزم مے واعظ کوئی کہدو
کہ عشوہ دختر رز کا ہی دشمن پارسائی کا

ہین ایسے وصل کا اے تیغ نازیار ہون طالب
کہ جسمین نام کو بھی کچھ نہو کھٹکا جدائی کا

فروغ اللہ اکبر اس شکست دل مین یہ لذت
کہ کوسون بہاگتے ہو نام سنکر مومیائی کا

کیا نالہ نے بلبل کے جو شکوہ بیوفائی کا
کہا خندہ سے لیکے گل کے یہی پاس آشنائی کا

مرے نالہ کو کیون دیتے ہو طعنہ نارسائی کا
یہ کیا کم ہے کہ ڈنکا بج رہا ہے آشنائی کا

یہ دوراندیشیان دیکھو دل نخچیر الفت کی
اسیری ہی بہی پہلے اسکو تہا کھٹکا رہائی کا

لقب ہے زندگانی یا الٰہی وصل کا کسکے
یہ مرگ ناگہانی نام ہے کسکی جدائی کا

دل نادان وہ کافر زلف پھانسی تجہکو دیدیگی
اگر کچھ بہی کہلاوان جرم ذوق آشنائی کا

ادہر اہل زمین اور اوسطرف گردون ہے چکر مین
یہ اک شمہ ہے اون غمزون کی کافرماجرائی کا

جواب اپنا بہی ہے ناصح وہی ہے جو کہ مجنون نے
دیا تہا سنکے افسانہ تمہاری ژاژخائی کا

درستی شکست دل ہوئی کچھ نرم باتون سے
کیا ہے کام موم شہد نے یان مومیائی کا

فروغ افسوس اب تک کوچۂ قاتل ہی یہ غفلت
ارے نادان یہ موقع پھر کہان بخت آزمائی کا

غم اک لیلی کا ہے قاتل ہمارا
کفن ہو پردہ محمل ہمارا

نگاہ ناز ہے اور دل ہمارا
نصیب برق ہے حاصل ہمارا

گواہی دے رہا ہے دل ہمارا
کوئی انداز ہے قاتل ہمارا

کرم ہے تیرا اے صیاد ورنہ
نہ تھا دل صید کے قابل ہمارا

اوٹھائیں بیکسی کا کیون ہم احسان
کسیکا غم ہے ہم منزل ہمارا

نہین بیوجہ پیچ و تاب کاکل
پھنسا ہے اسمین شاید دل ہمارا

ظہور سوز دل سے شمع آسا
کٹایا سر سر محفل ہمارا

ارے دل آج بشکل تیغ غمزہ
کھنچا ہے ہمسے کیون قاتل ہمارا

ترے بند قبا کے ساتھہ اے شوخ
کھلیگا عقدۂ مشکل ہمارا

ٹھہر سکتے نہین ہم لامکان پہ
ابھی گھر سے کٹی منزل ہمارا

بنایا عشق نے ہمکو وہ دریا
کہ طوفان ہے لب ساحل ہمارا

کہان ہم اور کہان وصل اوسکا اے شوق
تصور ہے یہ سب باطل ہمارا

لئے جاتا ہے اوس کوچہ مین اولٹا
ہمین کو جذبۂ کامل ہمارا

فروغ اب تو کسیکے لطف سے بھی
سنبھلتا ہی نہین یہ دل ہمارا

سپہر دھوان ہے آج زورون پہ ہماری آہ کا
حال کیا ہوتا ہے دیکھین چشم مہر و ماہ کا

مہر اک ذرہ ہی اوس مہرو کے گرد راہ کا
یہ کہان رتبہ کہ مجرائی ہو اوس درگاہ کا

بارگاہ عشق سے ملتے ہین داغون کے درم
خاص ہے یہ فیض اس سرکار عالیجاہ کا

سامنا اوس برق وش کا آج شاید ہو گیا
طور کچھہ کچھہ ابر مین ہے میرے دود آہ کا

کیون ڈراتا ہی تو او قاتل اوڑا دے جلد سر
پائون ہلنے کا نہین اس بندۂ درگاہ کا

ایکدم بھی راہ پر سیدہا نہین چلتا کبھی
کیا چلن بگڑا ہے میرے نالۂ جانکاہ کا

اے لعل اس لب جان بخش کو جنبش مین لا ایکدم
دیکھلے پرواز پھر تو مرغ بسم اللہ کا

دیکھئے فرمانروائی بارگاہ ناز کی
نام بھی لیتا نہین اب کوئی نادرشاہ کا

شان وشوکت دیکھکر اس بت کی سب اہل حرم
بول اوٹھے آخرکہ آگے نام ہے اللہ کا

غیرت خورشید ہے نقش قدم اوسکا فروغ
اوس سے کرتا ہمسری کیا سر پھرا اتنا ماہ کا

اس دل غم دوست کو کیا غم ہوا
درد اسکا جب ذرا بھی کم ہوا

تاب دندان دیکھکر بیدم ہوا
آب گوہر میرے حق مین سم ہوا

کیا کہون گل دیکھکر اونکی ادا
حسن کا خود اونکے کیا عالم ہوا

حسرت وارمان کی مجلس مین اٹ
میرے دل کا خوب ہی ماتم ہوا

آفرین اے زخم دل خو د تیر شوق
بڑھتے بڑھتے ناخن ضیغم ہوا

غم نہین اسکا کہ وہ دل لیگیا
پھر وہ کیون آئیگا اسکا غم ہوا

کیون ہے اے دل سرنگون مثل کمان
تیر تو اسکا ترا ہمدم ہوا

یان تو مرہم کا خیال آیا نہین
کیون مزاج زخم دل برہم ہوا

وان ہوئی تیغ نگہ جسدم علم
یان تسلیم اپنا خم ہوا

کیا وہ بگڑے عشق کی تصدیق سے
لوقسم کھانا ہمارا سم ہوا

تو ہوا گھر اوسکا مین حرمان نصیب
تو حرم اے دل مین نا محرم ہوا

کیا محبت تھی دل و غم مین کہ جب
دل گیا غم کو نہایت غم ہوا

دیکھکر اوس گل کا حسن رنگ و بو
خندۂ گل گریۂ شبنم ہوا

تشنۂ خون کیون ہوئی میری تیغ
زخم دل کب طالب مرہم ہوا

ہوگیا گل رونق افروز ظہور
جب ظہور سرور عالم ہوا

مہر رخ کی دہوپ دکہلادے فروغ
آنکھہ کا پردہ مرے جب کم ہوا

ردیف بای موحدہ

آستان یار ہے خاطر نشان آفتاب
جبہ سائی کے ہے قابل آستان آفتاب

پھر خیال روے جانان جلوہ فرما دل مین ہے
پھر بنے ہین آجکل ہم میزبان آفتاب

ذرۂ کوے صنم سے خلق نے نسبت جو دی
گر گئی اوس زور سے توقیر شان آفتاب

جب سے اولٹا ہی نقاب اوس شوخ نے ملتا نہین
ماہ کا شب مین پتہ دن مین نشان آفتاب

وصف اوسکی روے تابان کا بہلا کیا ہو سکے
جسکا ہر نقش قدم ہے توامان آفتاب

کب سے ہم مشتاق رخ ہین کچہہ خبر بہی ہے تمہین
جب فلک پر کچہہ نہ تہا نام نشان آفتاب

جلوہ گر تہا عکس روے یار دل مین جن دنون
اپنے ہر داغ جگر پر تہا گمان آفتاب

روبرو اوسکے نہ ٹہہرا جب ہوا وہ بے نقاب
بارہا ہم نے کیا ہے امتحان آفتاب

نقش پا ہے اُسکے کسنے دی ہی نسبت اے فروغ
آسمان پر ہے دماغ عز و شان آفتاب

آرزو سے دل کا جب چاہا جواب
تیغ سے بولے کہ دے اسکا جواب

نامہ بر بنکر چلی خود آرزو
دیکھئے لاتی ہے اپنا کیا جواب

کسقدر یہ دل مکدر ہو گیا
صاف تمکو یون نہ دیتا تھا جواب

لو سوال بوسہ بھی اب تھے وہان
اُس دہن کیطرح ٹھہرا لا جواب

دل کے کہنے پر عمل ہمنے کیا
ورنہ ہم دیتے بہت اچھا جواب

حال زخمون کا نہ مجھسے پوچھئے
ایک دل ہی سارے گلشن کا جواب

ناز دلواتا ہے مجھکو گالیان
نالۂ دل ہان ذرا دینا جواب

جب وہان زخم لائیگا سوال
وہ زبان تیغ سے دیگا جواب

سب سوالونکا ترے اے محتسب
دے رہا ہے قلقل مینا جواب

خواب غفلت مین نہین ہون مین فروغ
سوچتا ہون اپنی غفلت کا جواب

خامشی کو مین رضا سمجھا فروغ
وصل کی شب جب نہ کچھ پایا جواب

کم لگایا کیجئے منھ سے بڑی پُرفن شراب
سر پہ چڑھ جاتی ہے مثل نشۂ دشمن شراب

اُسکی قدرت دیکھتا ہون تیری آنکھین دیکھکر
دو پیالون مین بھر کیونکر یہ لاکھون من شراب

مین خدا ناخواستہ قاضی نہین واعظ نہین
کسلئے مجھسے چھپاتے ہو تہ دامن شراب

کیا شکایت مجھکو جب دونوں کا حاصل ایک ہے — خون دل پیتا ہوں مین اور وہ بت پرفن شراب

طے کیا کرتا ہے دم میں دونوں عالم کو فروغ
کسقدر ہے دیکھئے یہ گرم رو توسن شراب

پھر نالہ ہائے دل کا روان کاروان ہے اب — اور پوچھتا ہوا کہ وہ یوسف کہان ہے اب
دیکھو تو آکے تن مین مرے جان کہان ہے اب — اک بات مجھسے کرنیکو باقی نشان ہے اب
رخ سے نقاب سنتے تو ای دل الٹ دیا — ہستی کا تیری پردہ فقط درمیان ہے اب
اے بوئے گل نہ چھیڑ ہمین دیکھ تو ذرا — وہ دل وہ ولولہ وہ طبیعت کہان ہے اب
کہتا ہے درد سکو جگر ہے دل تو پھر — اے نالہ تجھکو کیون ہوس لا مکان ہے اب
اوس بے دہن کے روبرو چلتی نہین ذرا — کہنے کیو سطے مرے منہہ مین زبان ہے اب
وہ آنکھ پھیر لیتا ہے رخ کرکے اسطرف — تیر نظر کجی سے بہ رنگ کمان ہے اب
دل ہو گیا ہے ناقہ لیلی کا ساربان — اے نالہ صرف پردہ محمل گران ہے اب
دل کی تپش نے تن کا یہ کیا حال کردیا — ہر بال پر مرے رگ دل کا گمان ہے اب
مانع نہین ہے اب تو کسیکا بھی انتظار — بیوجہ کیون یہ ٹھہری ہوئی لب پہ جان ہے اب

دیکھو دماغ اس سر شوریدہ کا فروغ
سایہ بھی زلف یار کا اسپر گران ہے اب

ردیف بائے فارسی

جھجکے لے حضرت دل ابروئے خمدار سی آپ — واہ معلوم ہوا ڈر گئے تلوار سے آپ

ہم سمجھتے ہی نہین مست مے الفت ہین | باتین آداب کی کیجے کسی ہشیار سے آپ
گوہر وصل کی امید بھلا کون کرے | جان بیچانے مین لیتے ہین خریدار سے آپ
ہمسری کرتی ہے ابروے تمہاری شمشیر | کیجے دو ٹکڑے اسے ناز کی تلوار سے آپ
بوسے کے دینے مین کچھ عذر نہ کیجے صاحب | ورنہ گھبرائیگا شوق کی تکرار سے آپ
زلف و مژگان کی وہ تہائی ہین جفائین ایدل | اب تو عقرب سے ڈرینگے نہ کسی مار سے آپ
وعدہ لطف تو کرتے ہین مگر عرض یہ ہے | کرین آگاہ بھی اس لطف کی مقدار سے آپ
مدح انکار سے لگے کرنے بمجبوری ہم | جبکہ بیزار ہوئے خواہش اقرار سے آپ
کیا عداوت کے بھی دشمن ہوئے ای کان نمک | دور رہتے ہین جو اتنا دل افگار سے آپ
زخم کاری کیطرح پھرتے ہین خون روتے ہوئے | اور اے حضرت دل ملے ستمگار سے آپ
نامہ بر راہ لے اپنی یہ دل اپنا مطلب | جا کے خود عرض کریگا بت عیار سے آپ
آپ خود کان نمک ہین چلے آئین بیخوف | ہونگے شرمندہ نہ ہرگز دل افگار سے آپ

گردش چشم صنم سے ہوئے کیا زار فروغ
خط موہوم بنے گردش پرکار سے آپ

ردیف تاے مثناة فوقانیہ

بتا اے دل رہا تو کسکے گھر رات | پھرایا تو نے مجھکو دربدر رات
روان تھا چشم سے فوارہ خون | نہایت خون دل تھا جوش پر رات

اوسیکی رات تھی وعدہ وصل کا
رہے آرام جان تم جسکے گھر رات

خط آمد نے مجھے بے یار پا کر
رگِ جان پر لگائے نیشتر رات

کسیکی چشم کی گردش سے عالم
مژہ کیطرح تھا زیر و زبر رات

سنا تو کچھ مرا افسانہ لیکن
بہت جھجکے وہ افسون جانکر رات

فروغ اوس رخ کی افشان کی ہوس مین
ثریا پر رہی میری نظر رات

کسیکی نازکی کا تھا جو ڈر رات
نہ نکلا دل سے نالہ تا سحر رات

ادھر بس لب ادھر جوش ہوس تھا
کٹی اسطرح قصہ مختصر رات

بہت بگڑے وہ گستاخی پہ اوسکی
بنی تھی میرے دل کی جان پر رات

نہ پوچھو حال میرا تم نکیرین
لگا تھا دل پہ اک تیر نظر رات

ثوابت وار تھے حیرت مین سیار
جو تھا وہ جلوہ فرما بام پر رات

وہ آکر پھر گئے دم بھر نہ ٹھہرے
مرے گھر شام ہی سے تھی سحر رات

فروغ اوس زلف و رخ کے عاشقون کو
خبر کیا ہے کدھر دن ہے کدھر رات

لبون پر ہے دل بسمل کی حسرت
نکل او خنجر قاتل کی حسرت

لکھا تھا یون کہ دونون ساتھ نکلین
ہماری جان کسیکی دل کی حسرت

چبھیگی دل مین مثل خار کب تک
خیالِ دوری منزل کی حسرت

دکھاتی کیا ہی دیکھین آگے چلکر
ہماری سعی بیجا صل کی حسرت

نہین معلوم کسکی آرزو مین
سراپا بنگیا مین دل کی حسرت

جلاتی ہے ہمین در پردہ یارب
یہ کسکی گرمیٔ محفل کی حسرت

بیان کرتی ہے میرے دل کی روداد
کف افتادۂ ساحل کی حسرت

جو آئین چودہوین کو وہ لب بام
تو دیکھو پھر مہ کامل کی حسرت

عداوت اونکے دل کی ہوگئی ہے
فروغ بے نوا کے دل کی حسرت

ہمنشین گر ہے یہی دیدۂ تر کی صورت
کوئی دن مین نظر آئیگی نہ گھر کی صورت

نہ دکھائیگی اگر آج اثر کی صورت
کبھی دیکھوگا نہ مین آہ سحر کی صورت

کمر نازک جانان سے لپٹ کر دل زار
کیا بنا ہے گرہ تار نظر کی صورت

نہین معلوم کہ کیا حشر بپا کر دیتے
دیکھ پاتے مرے نالے جو اثر کی صورت

پردۂ گل مین جو تھا اوسکو نہ دیکھا بلبل
ہوگئی تیری تو رہزن گل تر کی صورت

صدمے دیکر مجھے دیکھا کہ ہے زندہ تو کہا
دیکھنا چاہیے اب اسکے جگر کی صورت

حسن کے رعب نے اندر مجھے جانے نہ دیا
رہگیا در ہی پہ مین پردۂ در کی صورت

دوستو پوچھو نہ کچھ منزل مقصود کا حال
ترک جان ہے یہان آغاز سفر کی صورت

انتظار بت عیار مین مدت سے **فروغ**
در سے آنکھین ہین لگی حلقۂ در کی صورت

ایک مدت سے کھلی آنکھیں ہیں در کی صورت
اپنا گھر جانکے آجاؤ نظر کی صورت

ذکر خورشید قیامت جو کیا واعظ نے
پھر گئی آنکھوں میں اوس رشک قمر کی صورت

کوچہ گردی نہ کرو اتنی کہ چھپ جاؤگے
اکدن گرد یتیمی میں گہر کی صورت

جب بٹھایا ہمیں تیغ بٹھ گئی دل کیطرح
جب وٹھایا تو اوٹھے درد جگر کی صورت

مرکے چاہا کہ چھوٹیں عشق کے سے لیکن
نظر آئی نہ عدم میں بھی سفر کی صورت

بزم میں رہتی جو تیری نگہت گیسو سے تو مشک
جلگیا رشک کی آتش سے اگر کی صورت

گو خبر اپنی نہیں مجھکو مگر اوسکے لئے
اوڑتا پھرتا ہوں میں عالم میں خبر کی صورت

خط خورشید ذرا اور جو ہوتا باریک
تو میں کہتا کہ یہ ہے اونکی کمر کی صورت

شب مہتاب میں رہتا ہوں میں بیتاب فروغ
اوسکی صورت سے جو ملتی ہے قمر کی صورت

گر پری دیکھے مرے رشک قمر کی صورت
ہو کے حیران کہے اللہ رے بشر کی صورت

چشم پر آب رہا کرتی ہے مثل شبنم
آپ ہنستے ہیں بہت کیوں گل تر کی صورت

حیرت حسن تو دیکھو کہ مری آنکھوں میں
اشک تک ہلتے نہیں آب گہر کی صورت

جیسے کی زیب کمر یار نے شمشیر ادا
دیکھنے میں نہیں آتی ہے سپر کی صورت

اے رگ گل اسے کہتے ہیں لطافت کہ کبھی
نظر آیا نہ کسیکو وہ نظر کی صورت

سیم بر کو مرے دیکھا تو کہا گل نے یہ شوخ
کاش آجائے مرے آغوش میں زر کی صورت

تیری تسبیح سی پڑھتا ہے عمر دل زاہد
ہے یہی میرے بھی صد پارہ جگر کی صورت

تنگیٔ بزم نے کیا کام کیا رات فروغ
کہ ہوئی صبح سے نہ کافر کو سفر کی صورت

ایک مدت سے کھڑا ہون مین شجر کی صورت
اب تو پردے سے نکل آ تو ثمر کی صورت

اوڑ گئے ہوش مرے دیکھکے مضمون عتاب
خط بھی کافر کا جو آیا تو خطر کی صورت

زیب پا رنگ حنا وان ہے یہان پارس سنگ
ایک ہے پاے صنم اور مرے سر کی صورت

تو وہ قاتل ہے کہ گر سایہ فگن ہو گل پہ
اوسکا ہر برگ ہو خونریز تبر کی صورت

چھلکے اُس کوچے مین پیوند زمین ہو جاتی
ہے یہی اپنے سفر اور ظفر کی صورت

ہو حنا سے کف مشاطہ ولا خون ہو کر
زلف تک اُسکے ہے اک یہ بھی گزر کی صورت

دیکھکر حسن کی گرمی کو تیرے اے کافر
اوڑ گئے ہوش سمندر کے شرر کی صورت

اونسے کیا دل کو ہو امید ترحم جنکو
اُسکے نالون سے تنفر ہے اثر کی صورت

کیون نہ مطبوع جہان ہو تری دشنام بھی یار
تیرے ہر عیب مین ہے لاکھ ہنر کی صورت

بدگمانی میری سائل ہے رقابت تجھسے
کیون ہے پر شور نمکدان مرے سر کی صورت

کیا عجب ہے کہ خود اوڑکر یہ مرا نامہ شوق
وصل باز وے کبوتر سے ہو پر کی صورت

ع [illegible]

لاغری اپنی سلامت رہے جس سے کہ فروغ
رہتی ہے پیش نظر اونکی کمر کی صورت

ردیف تاے ہندی

جب جانین ترا خوب ہے ای تیغ نظر کاٹ
اک وار مین داغ دل مضطر کی سپر کاٹ

موقوف ہوئی کیون نمک افشانی خندہ
للہ نہ عاشق کا حق زخم جگر کاٹ

ایک خلق ہے سرگرم فغان دیکھکے وہ رخ
اے غمزۂ رہزن تو رہ جذب اثر کاٹ

یون تیز چلے تیرے لب لعل کے آگے
طوطی کی زبان بہر خدا صورت پر کاٹ

کرتی نہین بلبل ادب گوش نزاکت
سر اوسکا تو اے خنجر برگ گل تر کاٹ

تاب نگہ شوق نزاکت کو کہان ہے
تو دشنۂ مژگان سے ہر اک تیر نظر کاٹ

اے ماہ ترے بام پہ ہے کسکی رسائی
تو مثل قمر رات کو بیخوف و خطر کاٹ

کہتا ہے بجا اوس سے فروغ اسکا عارض
چلکر چمنستان مین رنگ گل تر کاٹ

ردیف تای مثلثہ

باقی تہا کون کی یہ دوبارہ ادا عبث
سب جا چکے جہان سے آئی قضا عبث

وصل نگار ہجر سے بڑہکر ہی جانستان
رکہتی ہے تو امید اثر اے دعا عبث

دل مین وہ تاب اور وہ طاقت نہین رہی
اب اے نگاہ ناز یہ مشق جفا عبث

مین نے کہا کہ آپ تو ہین میری زندگی
بولے کہ زندگی سے امید وفا عبث

اوس بت نے بات بہی تو نہ کی تجھسے ایکدن
اے دل تو اوسکے واسطے کافر ہوا عبث

یکسان ہین مجہکو راحت و رنج ای ستم شعار
اب تجہکو قصد ہے مرے آزار کا عبث

مارے ہوئے کو مارنا بے سود محض ہے
کرتے ہو دل کسیواسطے فکر سزا عبث

عقدہ ہے میرے دل کا وہ آدست آرزو
کوشش پہ ہے کشایش بند قبا عبث

شوخی کا زور شور اور اس دل کی چھیڑ چھاڑ
گستاخی ہو معاف یہ شرم و حیا عبث

مانند عمر رفتہ پھر آوان سے کب کوئی
قاصد کی بازگشت کا ہے آسرا عبث

کعبے کو گر ہین جاو نگاوان ہی تو سنگ ہے
پھر مجھکو بت پرستی سے ہی روکنا عبث

تم مجھسے بات کرتے ہو کیا کم ہے یہ اثر
کہتے ہو میرے نالے کو تم نارسا عبث

مقبول ہو چکی ہے دعا ورد کی فروغ
کہاتی ہے اپنا خون جگر یہ دوا عبث

ردیف جیم معجمہ

خیر ہے مضطر بہت ہم آپکو پاتے ہین آج
اسقدر کیون حضرت دل آپ گھبراتے ہین آج

کیا کہین اے ہمنشین کیا بات ہے جو صبح سے
ہمکو سمجھاتا ہی دل ہم دل کو سمجھاتے ہین آج

کل تلک شیخ حرم تھے اپنے سب ناموس جو
کوچۂ زلف صنم مین ٹھوکرین کہاتے ہین آج

صبر دل مین اور دل سینہ مین کیون ہے اضطراب
تو گرفتار قفس کیطرح گھبراتے ہین آج

تجھکو اے شوق شہادت ہو مبارک اے دل
جلوہ گاہ ناز مین وہ مجھکو بلواتے ہین آج

کس غضب مین جان ہے یار کہین وہ سن نہ لے
حضرت دل اور کچھ ارشاد فرماتے ہین آج

ہو گیا شاید مصمم عزم میرے قتل کا
انکے انداز و ادا کچھ مجھسے شرماتے ہین آج

تیر اے اندیشہ عذر نارسائی سن چکے
ہم ہی جا کر آپ اپنی خبر لاتے ہین آج

شرم سے کل تک ملا سکتے نہ تھے ہمسے نظر
یہ ہمارے مہربان آنکھین جو دکھلاتے ہین آج

ساتھ چلتے ہو ہمارے اے فروغ خستہ جان
پھر دل گم گشتہ کو ہم ڈھونڈنے جاتے ہین آج

قدمون پہ گرا یار کے کٹکا مرا سر آج
کیا دل کی مہم تیغ نگہ سے ہوئی سر آج

نکلی عوض خون مرے زخمون سے شکر آج
کیا آب بہت سے تہی بہی تیغ دو سر آج

کس شوخ کا یارب ہے تصور مرے دل کو
جو برق بنے ہین مرے آہون کے شرر آج

سرگرم صف آرائی ہے وہ لشکر مژگان
اے حضرت دل باندھیئے مضبوط کمر آج

زاہد یہ قد یار قیامت سے ہے کیا کم
کیونکر نہین مجھکو ہے بہلا کل کی خبر آج

کسطرح سے نکلینگے ردجب لاکھون ہی آنکھین
اوس در سے لگی ہین صفت حلقۂ در آج

بے پردہ وہ بیٹھے ہین ادہر سپہر تو منہہ کو
دیکھین تو ہم اے مہر ترا لاف نظر آج

کچھہ بیخودی کچھہ زاہد ستمگر کی کشش تھی
آخر کو چلا ہی گیا مین غیر کے گھر آج

کیون تمکو گلہ ہے اس دل کی تمہین ہوگئی نفرت
کیا آگئی آنکھون مین فروغ اونکی نظر آج

غم دل کی طرح جاتے ہوے ہوش کدہر آج
کچھہ کہتی ہے سمجھو تو لگاوٹ کی نظر آج

کیا تہا کہ جو لی آبلۂ دل کی خبر آج
اے خار رہ دوست چلے آئے کدہر آج

وہ آتے ہین اور تیغ بہی ہے زیب کمر آج
ظاہر ہے سبب پوچھین بہلا کیا کہ کدہر آج

اُس تیغ سے کچھہ عذر کیا تمنے تو واللہ
یا ہم نہین یا تم نہین اے گردن سر آج

ہر روز وہ اک تازہ ستم کرتے ہین ایجاد
کیونکر نہو ہر روز مرا کل سے بتر آج

کل دیکھینگے جب پردہ اوٹھا ئینگے وہ رخ سے
یون تو ہین بہت مدعئ تاب نظر آج

نالے سے ہمارے تو عداوت تھی اثر کو
کیون آتے ہین تھامے ہوئے پھر دل وہ ادھر آج

اوڑتی ہوئی پھرتی ہے ابھی خاک ہماری
سمجھے تھے غلط ہم کہ ہوا ختم سفر آج

کیون صبح سے تصویر صفت بیٹھے ہو خاموش
کیا خواب مین دیکھا ہی مرا داغ جگر آج

وہ اونکو تماشا تو دکھا اے تپش دل
تکتی ہی رہے میری طرف اونکی نظر آج

تھامے ہوئے دل کو وہ فروغ آتے ہین دیکھو
کیونکر نہو شاکی مرے نالون سے اثر آج

ردیف جیم فارسی

اے مصور نہ یون تصویر بت بے پیر کھینچ
ہے مرا آئینۂ دل عکس کی تصویر کھینچ

قتل عالم گر ہے منظور نظر بے شور و شر
سرمگین آنکھون مین سرمے کی ذرا تحریر کھینچ

جان نکل بھاگی کی صدمے سے ابھی اے چارہ گر
پوچھکر میرے دل مجروح سے تو تیر کھینچ

اوس بت کافر کے سنگین دل کو از بہر خدا
بنکے مقناطیس ہی آہ بے تاثیر کھینچ

زاہد آیا ہے جو تو بہر نماز عاشقان
نالہاے گرم جاے نعرۂ تکبیر کھینچ

ناتوان ہون دم نکلجائے نہ نالے کیطرح
اے خیال زلف آہستہ مری زنجیر کھینچ

دم گھٹا جاتا ہے دونون کا ترحم چاہیے
نالہ کھینچون مین ادھر اور تو ادھر شمشیر کھینچ

زاہدون کی شیخیان ہمسے سنی جاتی نہین
مثل مے اونکا بھی دل اے میکدے کی پیر کھینچ

اس دل مضطر پہ اے حال پریشان رحم کر
اسکی تسکین کے لئے اوس زلف کی تصویر کھینچ

کسقدر اپنے دل سنگین پہ اوسکو ہے گھمنڈ
مجھسے کہتا ہے کہان تو آہ بیتاثیر کھینچ

عمر ساری کٹ چکی دو ایک دم باقی ہین صرف
طول اتنا اب تو اے شوق کی تحریر کھینچ

ہے نشانہ سامنے یعنی کہ وہ ہے سامنے
ترکش دل سے فروغ اک آہ کا تو تیر کھینچ

ردیف حاے حطی

دل مین کچھ ایسی بسی ناوک مژگان کیطرح
کہ نکلنے لگے نالے مرے پیکان کیطرح

مجھسے ملجائیے جسطرح ملے ہین دونون
میری قسمت کیطرح آپ کی مژگان کیطرح

غم کسیطرح نکلتا ہی نہین کیا کیجے
جم گیا ہے دل ناشاد مین ارمان کیطرح

زلف جانان کے مشابہ ہے بہت حال مرا
یعنی دونون ہین سیہ شام غریبان کیطرح

اپنی بربادی ہوئی مدنظر کیون یارب
نکہت زلف کو میرے سروسامان کیطرح

جوش وحشت یہ رہا ہمکو کہ دامن کے سوا
دامن دل بھی تھا صدچاک گریبان کیطرح

خوف سے کسکے یہ سب آہ و فغان ہین مردہ
دل تو آباد ہے پر شہر خموشان کیطرح

چشم پرخون کا ہے یہ فیض کہ دامن سے مرے
باغبان سیکھنے آتے ہین گلستان کیطرح

کیا زمانہ ہے تیری زلف سیہ فام کا واہ
کفر محبوب دل خلق ہے ایمان کیطرح

اوس ستمگر سے امید وفا رکھتا ہون
مین بھی نادان ہوا ہون دل نادان کیطرح

خون عاشق تو نصیب اوسکو نہین ہے یارب
لعل نے کیسی اوڑائی لب جانان کیطرح

خوب جا پہنچا تو شب ہجر مین اس دل کا مرے
کوئی غمخوار نہ تھا سوزش پنہان کیطرح

چھیڑتا ہے مجھے ہر وقت یہ بیوجہ فروغ
دل نے بھی سیکھی ہے کیا غمزۂ خوبان کیطرح

ردیف خاے معجمہ

نہین ہے خندۂ گل کی اگر صدا گستاخ
تو گوش یار نے پھر اوسکو کیون کہا گستاخ

حیا حجاب تحمل مین کسطرح ٹھہرے
کرشمہ شوخ نگہ چلبلی ادا گستاخ

ادب سے کام نہ نکلا جو کچھ بھی اس دل کا
تو اضطراب کی مانند ہو گیا گستاخ

پسین تو ہم تہ سنگ جفا یہان اے چرخ
ہو سبز باغ دکھا کر وہان حنا گستاخ

نہ مانگون بوسہ تو کہتے ہین ہو گیا ہے غرور
جو مانگتا ہون تو کہتے ہین ہو گیا گستاخ

کشان لیے آتی ہے واعظ کو سوے میخانہ
یہ دخت رز بھی ہے کسدرجہ ساقیا گستاخ

لیئے تو جاتی ہے اونکی ادا مین ڈرتا ہون
دل خراب ہے میرا بہت بڑا گستاخ

وہ اوسکو توڑ کے رکھتے ہین ہاتھ کانون پہ
شکست شیشۂ دل کی ہے کیا صدا گستاخ

جبین زلف پہ کیون چین ہے بوسہ لینے سے
اسی نے تو دل مضطر کو کر دیا گستاخ
یعنے زلف نے ۱۲

یہ شوخیان دل مضطر مین پہلے کب تھین فروغ

کسیکی زلف کی صحبت مین ہوگیا گستاخ

ردیف دال مہملہ

نہ پوچھہ کچھہ سبب نالہ و فغان صیاد
نہ سن سکیگا مرے غم کی داستان صیاد

یہ میرے نالے نہ کیونکر ہون خونفشان صیاد
دل و جگر مین بہت زخم ہین نہان صیاد

تپان ہون اسلئے ابتک کہ زخم پنہان پہ
خیال خندۂ گل ہی نمک فشان صیاد

قفس کی قید کا مین غم کرون معاذ اللہ
جناب عشق کا پہلا ہے امتحان صیاد

نہین خیال رگ گل کا نیش زن ہے اگر
تو پھر یہ کیون ہے خلش دل کے درمیان صیاد

برنگ گل ہمہ تن گوش تو اگر ہو جائے
تو کچھہ سناؤن تجھے اپنی داستان صیاد

امید رحم نہین اے دل عبث ہے گریہ و آہ
کہین ہوا ہے کسی پر بھی مہربان صیاد

قفس مین ہوگا خدا جانے حال کیا میرا
ہوا ہون دام مین پھنستے ہی نیمجان صیاد

خیال گل کا اڑاتا ہے ہوش بو کیطرح
مرے سکوت سے ہوتا نہ سرگران صیاد

چمن مین خوف خزان تھا یہان ہے رنج فراق
فراغ تھا نہ وہان کچھہ مجھے نہ یان صیاد

بنا دیا مجھے تو نے ہی سخت جان ورنہ
یہ زندگی مری اور ہجر بوستان صیاد

مین نالہ کرتا ہون تو دیکھہ آسمان کیطرف
جو میرے غم کا ہے منظور امتحان صیاد

خیال گل ہے جو ہمدم تو مین سمجھتا ہون
قفس ہے قصر مرا اور پاسبان صیاد

چمن سے ضد ہی تو رکھدے قریب شمع قفس
اوسیکے گل سے کہین دل ہو شادمان صیاد

فروغ بلبل دل کا خدا ہی حافظ ہے

زمین ہے دام بلا اور آسمان صیاد

عقل کو دیوانہ ہم سمجھے قدح نوشی کے بعد
ہوشیاری ہم مین کیا آئی ہے بیہوشی کے بعد

کسقدر آتی ہے مجھکو شرم جب آتا ہے یاد
منفعل ہونا کسیکا میری خاموشی کے بعد

آج کچھ کسطرح کانون سے لگی ہے اوسکی زلف
کیا بیا کرتی ہے اپنے دیکہین سرگوشی کے بعد

چپ جو رہتا ہون تو دیتی ہین ہزارون گالیان
کیا گزک پاتا ہون مین صہبا کا خاموشی کے بعد

عید تو ملتے ہو مجھسے پر ہے یہ مد نظر
کچھ کہیگی آرزو سے دل ہم آغوشی کے بعد

سر کاٹنے سے بڑھا ہے کسقدر اپنا وقار
چار کے کاندہے چڑھے ہین ہم سبکدوشی کے بعد

پی تو لینے دے ذرا زاہد ہمین پھر پوچھنا
ہوش ہوتے ہین بجا رندونکے مے نوشی کے بعد

اے زلف یار مشک سے بڑھکر ہے تو پسند
ہے سب کو یہ پسند مری موبمو پسند

حربا کو خور تدرو کو مہ مجھکو تو پسند
عالم مین اپنی اپنی ہے اے خوبرو پسند

اے غم نہ مجھکو جان نہ تن عیش خو پسند
اک دل مجھے پسند ہے جسکو ہے تو پسند

ملتی ہوئی ہے کچھ دل بیتاب سے مرے
پروانے کی ہے مجھکو بہت آرزو پسند

یہ اپنا اپنا ذوق ہے اے تیغ ناز یار
پانی ترا مجھے تجھے میرا لہو پسند

باتین وہی کریگا تمہاری نگاہ سے
جسکو زبان تیغ کی ہے گفتگو پسند

گل بھی ہے کیا تمہارے کسی منہ چاک دل
چاکون کا اپنے اوسکو نہین ہے رفو پسند

کیونکر کریگا غیر ہمارا مقابلہ
ذلت ہمین پسند اوسے آبرو پسند

مشکل پسندی دل نادان نے جان لی
یعنی کہ اوسنے کی ہے تیری آرزو پسند

ہے تو چاک دامن دل کے لئے فروغ
تار رگ جگر سے کیا ہے رفو پسند

ردیف ذال معجمہ

اتنی نہوگی آپکو جھوٹی قسم لذیذ
جتنا ہے مجھکو دست حنائی سے سم لذیذ

بوسہ تمہارے رخ کا میسر نہو جسے
گر ہین کہین سیب وہ باغ ارم لذیذ

چھڑکا نمک جو تیرے تبسم نے اے ملیح
کیا ہوگیا کباب دل پر الم لذیذ

آنے سے خط کے دل لب شیرین سے ہٹ چلا
قند سیہ نبات سے ہوتا ہے کم لذیذ

کیا پڑ گئی نظر کوئی اپنی ادا او نہین
جو کہہ رہے ہین آج کہ ہوتا ہے سم لذیذ

لکھا جو وصف اُس لب شیرین کا ہو گئی
شاخ نبات سے بھی زبان قلم لذیذ

یہ ذوق کا تمہارے ہے نقصان اے فروغ
جو اوسکی گالیون کو سمجھتے ہو کم لذیذ

ردیف رائے مہملہ

وہان جانا ذرا اے دل سمجھکر
تڑپتے ہین جہان بسمل سمجھکر

خیال یار کی بھی خو ہے نازک
ذرا او اضطراب دل سمجھکر

کبھی بند قبا کھولا نہ اوس نے
ہمارا عقدۂ مشکل سمجھکر

سے چلے ہین حضرت دل مثل بسمل
تپش کو رہبر کامل سمجھکر

عطا ہو کیسے تو ہمکو دل کے بدلے
حساب دوستان در دل سمجھکر

وفور ضعف سے نالے بھی تک
نہین آتے کڑی منزل سمجھکر

یہ زخم دل سے ہے خندان کسقدر آج
زبان خنجر قاتل سمجھکر

لئے جاتا ہون وان ہمراہ دل کو
خطاب ناز کے قابل سمجھکر

وہ شمشیر قضا کا گھاٹ نکلا
جہان اوترے تھے ہم ساحل سمجھکر

گلوئے عاشقان بھی ہے ادبگاہ
ارے او خنجر قاتل سمجھکر

کسی بسمل کو جب وہ دیکھتے ہین
بناتے منہہ ہین میرا دل سمجھکر

ابھی پردے مین گو وہ رخ ہے لیکن
ادھر آنا مہ کامل سمجھکر

بتون کی شان مین للہ واعظ
کہا کر کچھہ حق و باطل سمجھکر

وہم دیدار کر لیتے ہین ہم بند
فروغ اس آنکھہ کو حائل سمجھکر

کل ہمین غش آگیا دل کا تڑپنا دیکھکر
آپ ہی بیخود ہوئے اپنا تماشا دیکھکر

مین تو کچھہ کہتا نہین لیکن بھی ہے مجھکو غم
کیا کہیگا تمکو عالم حال میرا دیکھکر

عذر بارش سد راہ مدعا ہوجائیگا
اب ذرا اے چشم تر آنسو بہانا دیکھکر

کسقدر تہا رات دل پر مجمع آہ و فغان
دل بھی حیران تہا سر سامان اپنا دیکھکر

کوئے قاتل کا تماشا رات دیکھا ہمنے خوب
دیر تک ٹھہرے رہے تھے حشر برپا دیکھکر

کسقدر ہمپر کرم کرنے لگے اسرار غیب
فکر مضمون کمر کا دل مین آنا دیکھکر

سرو اور شمشاد کیا ہین فتنہ ہائے روز حشر
اپنی جا ہین کھوینگے اوسکا سراپا دیکھکر

ناگوار طبع کیونکر طعنہ اغیار ہو
خود ہنسی آتی ہے ہمکو حال اپنا دیکھکر

اسقدر سوئے کہ چونکے صبح محشر تک نہ ہم
شام نا ز جام فرقت کا تماشا دیکھکر

اب جفاؤن کی شکایت ہر کسی سے ای فروغ
ہم نہ کہتے تھے ذرا دل کو لگانا دیکھکر

اب عبث ہی شکوہ اوس پردہ نشین کا ای فروغ
پہلے اوسکو دل دیا تھا آپنے کیا دیکھکر

ہردم دہن زخم سناتا ہے بیان اور
پاتا ہے جو ہر دم ترے ناوک سے زبان اور

جز شمع سحر تجھکو ہے کیا مجھہ پہ گمان اور
کیون مجھکو جلاتا ہے تو اے سوز نہان اور

کس ناز سے آجاتی ہے تن مین مرے جان اور
جسوقت وہ جھلا دے کہتا ہی کہ ہان اور

واعظ بھی ارشاد تو موسی کو ہوا تھا
ارباب ادب اور ہین اور سوختہ جان اور

ابتک نہین دیکھی قدر انداز قضا کی
ان ابرو و مژگان کے سوا تیر و کمان اور

کرتا ہون ادب ناصح ناداں کا ابھی مین
کچھہ مجھہ پہ کرم کیجئے اے پیر مغان اور

آنکھون سے مرے بہگیا خون ہوکے دل زار
پھر کون ہے پہلو مین مرے گرم فغان اور

کیا فہم رسا ہے کہ لگاتا ہے وہین تیر
کہتا ہون مین جب ہیچ کوئی راحت جان اور

پہونچیگا نہ تو ضد نکر اے قاصد ناداں
عالم کے مکان اور ہین اور اسکا مکان اور

نادان ہی رہا صورت بلبل دل شیدا
آیا نہ کوئی اسکو ہنر غیر فغان اور

وہ گالیان لکھتے ہین ہمین اونکی ثنا ہم
ہے رسم محبت کی یہان اور وہان اور

ہوتا ہی غضبناک وہ تاثیر سے اوسکی
کرتا ہے اوسے آگ مرا سوز نہان اور

معدوم بھی ہی اوسکی کمر اور بھی موجود
عنقا کا نشان اور ہے اوراوسکا نشان اور

وہ تیغ زبان تیغ بکف آتا ہی اے دل
آئی تیرے سمجھانیکو لے ایک زبان اور

جان لیتے ہوا اک بوسہ پا کے عوض اسکا
ہے جنس گرانمایہ کرو اسکو گران اور

دیکھی مرے اک نالے کی تاثیر تو تمنے
آجاؤ بس اب ورنہ مین کرتا ہون فغان اور

فطرت سے فروغ اونکی جو آگاہ ہی یہ دل
وہ لطف بھی کرتے ہین تو کرتا ہے گمان اور

شیخ صاحب کیجئے باتین نہ ایمان چھوڑکر
کون جاتا ہی حریم کوکو سے جانان چھوڑکر

بے سبب آتے نہین ہین جان کو دان چھوڑکر
ہم خبر لیتے ہین یون جاسوس پنہان چھوڑکر

حسن نے کس گل کے یارب یہ جنون پہلا دیا
بلبلین صحرا کو جاتی ہین گلستان چھوڑکر

دیکھئے اب کس او سے ہم کلیسا کیطرف
سر کے بل جاتے ہین یا اہل ایمان چھوڑکر

تو ہی بتلا دے ہمین پھر خدا اے چشم شوق
اشک جاتے ہین کہان دامان مژگان چھوڑکر

دیکھکر صورت مری وحشتکدے کے تیر یار
کسقدر گھبرا کے بھاگا دل مین پیکان چھوڑکر

ایک تو پردہ نشین وہ دوسرے نازک مزاج
ایدل اوسکے در پہ جاتا آہ و افغان چھوڑکر

عشق گر صادق ہے تو جان زلیخا کیطرح
چاہیئے زندان کو جانا قصر ایوان چھوڑکر

ہر رگ و پے ہی رسن کیطرح وقف پیچ و تاب
ہوگیا ہے حال یہہ چاہ زنخدان چھوڑکر

ایک دم کو رم نہین وہ ہوتے مثل غزال
کیا ہی سیکھا طرز حیوان وضع انسان چھوڑکر

عشق صادق جب سمجھتے ہم کہ جب ہمراہ گل
بلبلین بازار کو آتین گلستان چھوڑکر

روبرو اوس فوج مژگان کے ٹھہر سکتا ہی کون
ترک گردون ہٹ گیا سو بار میدان چھوڑکر

جسکے دامن کی تمنا مین ہوے ہین خاک ہم
اوسکے قدمون کو کہان جائین ہم اسجان چھوڑکر

اوسکی گر تصویر بہی تو دیکہہ لیگا ناصحا
لیگا پہر اپنا گریبان میرا دامان چھوڑکر

تم نہ کہنا مانا پاس اثر کا اے فروغ
سخت وحشت ہوگی شغل آہ و افغان چھوڑکر

چھٹے ہم ہستی سو ہم کے غم سے فنا ہوکر
ہمارا ساز راحت بنگیا اب بے صدا ہوکر

بہت سستا چھٹا یہ دل حساب روز محشر سے
شہید خنجر بے رحمئی ناز و ادا ہوکر

مرے خون گشتہ ارمانون کی قسمت مین لکہا تہا
کہ زیر پاے محبوبان رہین رنگ حنا ہوکر

بہار حسن جانان تک رسائی اپنی گر ہوتی
تو بوے زلف مشکین کو اوڑا لاتے صبا ہوکر

نہین وہانی ڈوپٹا زیب تن ہے اس ستمگر کے
ہمارا زخم دل یہ رنگ لایا ہے ہرا ہوکر

کرم کرتے ہین مجہپر اونکے عشوے اکثر
کبہی تیغ جفا بنکر کبہی تیر قضا ہوکر

محبت نے عجب تاثیر بخشی ہی مرے دلکو
شکایت بہی جو نکلی ہے تو نکلی ہے دعا ہوکر

فروغ اتنا تردد تمکو اب زیبا نہین ہرگز
غلام خاندان سید ہر دوسرا ہوکر

عیان ہے رنگ سے چہرہ کے جسم و جان کی خبر
غبار جستہ سے پاتے ہین کاروان کی خبر

یہ برہمی سے ہے تپ غم سے خانۂ تن مین
جگر کو دل کی نہ دل کو ہے جسم و جان کی خبر

دم نشانہ آگہی نہ اضطراب کرے
اوڑی ہے طائر دل کی یہ امتحانکی خبر

یہ بندوبست نشۂ ناز نے کیا ہے وہان
کہ خواب مین بہی نہ آئے یہان وہان کی خبر

ہمارے زخم جگر کہل رہے ہین سن سنکر
تبسم لب لعل نمک فشان کی خبر

ہم ایسے محو ہوئے دیکہکر کسے یارب
کہ تن کا ہوش نہ باقی رہا نہ جانکی خبر

کسیکے راز کا یہ پاس حفظ ہمکو رہا
کہ دل سے بہی نہ کہی ہمنے اپنی جانکی خبر

رہا اسیر ہمیشہ وہ عندلیب ہون مین
قفس کی پوچہہ لو مجہسے نہ آشیان کی خبر

ہمارے نالے اگر کچہہ بہی یاوری کرتے
تو ہم بہی لیتے وزاد ور آسمان کی خبر

چمن مین شور ہے صحرا مین دہوم کوہ مین غل
کہان کہان نہ گئی میری داستان کی خبر

نہ شور رعد ہے یہ بے سبب نہ گریۂ ابر
گئی ہے چرخ پہ شاید مرے فغان کی خبر

نہ دیجیے چمن کو سے یار سے نسبت
سنا ہی کیجیے بس گلشن جنان کی خبر

فروغ اوس سے کوئی بات چہپ سکے کیونکر
کہ جسکی جنبش ابرو ہو اک جہان کی خبر

کہلے بند قبائے یار کیونکر
آگہی ہو کشود کار کیونکر

ملی شانے کو زلف یار کیونکر
ملا اسکو فسون مار کیونکر

ہوائے نفس ہے طوفان سے بڑہکر
الٰہی ہوگا بیڑا پار کیونکر

بتو کچھ خوف بھی اللہ کا ہے — سہے اک جان ہزار آزار کیونکر
قیامت سے ہی بڑھکر قامت یار — نہ ڈھاسے آفتین رفتار کیونکر
نزاکت اور حیا دونون ہین مانع — کرے جنبش لب اقرار کیونکر
ہین سنکر تجھسے واعظ حور کا وصف — کرونگا اون سے آنکھین چار کیونکر
یہ گیسو اور ہر اک تار اسکا ایسا — نہ ٹوٹین سبحہ و زنار کیونکر
بتا اے نافہ تاتار تجھکو — ملی یہ بوے زلف یار کیونکر
جو کہتا ہون کہ مرجاتے ہین عاشق — تو کہتا ہے بت عیار کیونکر
چراغ داغ دل ٹھیرا ہے یارب — حضور مار زلف یار کیونکر
رقابت کے ہین باعث اس جہت — سے ملینگے کافر و دیندار کیونکر
چلو صحرا مین دیکھو خون سے میرے — رگ گل بنگئے ہین خار کیونکر
یہین کی ہے میری مٹی یہین کی — چھوٹیگا مجھسے کوئی یار کیونکر

وہ سنکر غم مرا ہنسکر یہ بولے
ذرا پھر ہان **فروغ** زار کیونکر

ردیف زاے معجمہ

کیا پوچھتے ہو چاک دل زار کے انداز — سب آپکے ہین روزن دیوار کے انداز
دیکھے ہین ہر اک ملک کی تلوار کے انداز — کچھ اور ہی ہین ابروے خمدار کے انداز

مین کسکو بتاؤن کہ لیا کسنے مرا دل
ایک ایک سے بڑھکر ہین ستمگار کے انداز

جان آگئی تن مین ترے آواز قدم سے
رفتار مین بھی ہین تری گفتار کے انداز

کیونکر نہو محشر سے جہان درہم و برہم
کچھ سیکھے ہین اوس نے تری رفتار کے انداز

کسطرح کرے بات کوئی چشم سے اسکی
دیکھو تو ذرا غمزۂ خونخوار کے انداز

دیکھا تو خطا کچھ بھی نہ پائی گئی دل کی
خود کھینچتے تھے طرۂ طرار کے انداز

حیرانی و بیخوابی نرگس سے عیان ہین
کیا صاف ترے طالب بیدار کے انداز

اے چرخ ترا ناز بیجا ہے کہ یہ انجم
کچھ رکھتے ہین افشان رخ یار کے انداز

وان مجھکو ٹھہرنے نہین دیتے سگ دربان
پہچانتے ہین طالب دیدار کے انداز

زاہد ہے تجھے سنگ در دیر کی حاجت
ہین سر مین ترے شیشۂ پندار کے انداز

قابو مین کسیطرح فروغ اب نہین آتا
کیا سیکھے ہین دل نے بت عیار کے انداز

ردیف سین مہملہ

زاہد چلو تو اوس بت کافر ادا کے پاس
پہونچے گے ایک شاری مین اسکے خدا کے پاس

غم ہے تمہارا میرے دل باوفا کے پاس
جسطرح عیش دل ہے تمہاری جفا کے پاس

گل نے کیا ہی اپنا گریبان جو چاک چاک
کسکے بدن کی بو تھی آئی صبا کے پاس

سودا ہوا ہے کیا تجھے اے دل کہ بار بار
جاتا ہے دوڑ دوڑ کے زلف دوتا کے پاس

آتی ہے تجھسے بوی کباب اے فغان مجھے
کیا دل گیا تھا آتش رنگ حنا کے پاس

اے تیر غمزہ کسلیے کاوش ہے اسقدر
جز درد کچھ نہین ہے دل مبتلا کے پاس

کسدرجہ بدگمان ہے کہ مجھپر لگا کے تیر
پھر دیکھتا ہے غور سے وہ مجھکو آکے پاس

جاتی ہے جان زار عجب شوق و ناز سے
شاید کہ اونکی تیغ ادا ہے قضا کی پاس

اے دردِ یار مجھسے نہو بدگمان ذرا
جاتا نہین ہے وہم بھی میرا دوا کے پاس

گھر بیٹھے دیکھتا ہی اوسے چشم داغ سے
کیا دوربین ہے مرے دل مبتلا کے پاس

کیون ناامید کرتے ہو دل کو تم اے فروغ
شوخی بھی ہے کھڑی ہوئی شرم و حیا کے پاس

یون دل چلا ہے ترک کی تیغ جفا کی پاس
محتاج جیسے جاتا ہے حاجت روا کی پاس

اے دل تو پھر چلا اوسی زلفِ دوتا کی پاس
جاتا ہے جان بوجھ کے کالی بلا کے پاس

کیا ہوشیار ہی دلِ نادان بکار خویش
جاتا ہے بنکے آئینہ اوس خودنما کے پاس

نالے نے اوسکے پردۂ محمل اولٹ دیا
پہونچا جو وہم میرے فغان کا درا کی پاس

زاہد تم اپنی مسجد اقدس کی راہ لو
جاتا ہون دیر کو مین بڑے رہنما کے پاس

پھنستے ہین جان بوجھ کے مرغان عقل و ہوش
پھندا عجیب ہے تری زلف دوتا کے پاس

اوس بت نے قتل کرکے کہا مجھسے دیکھ لو
جاتے ہو تم ہماری بدولت خدا کی پاس

رہتے ہین دست بستہ یہ بت اوسکے روبرو
اعجاز یا کہ سحر ہے یا رب حنا کے پاس

آتے ہین روز جن و ملک سر کے بل یہان
کیا نقش ہے عجیب ترے نقش پا کے پاس

دنیا کا گرد دل کے فروغ آئے کیون خیال
کیا کام دیر کا حرم کبریا کے پاس

ردیف شین معجمہ

کل تھی نالے سے سحر بلبل نالان خاموش
آج ہے سارا گلستان کا گلستان خاموش

ہے کوئی بات زبان سے وہ کہے یا نہ کہے
ورنہ یون جلتی کھڑی شمع شبستان خاموش

ذکر محبوب کا ہر حرف ہے ایک راز صبا
نہ سنین کان بھی میرے اے نادان خاموش

گل کہان اور کہان وہ رخ رشک گلزار
یا وہ گوئی نہ کرے بلبل نالان خاموش

کیا ادا ہو گیا شمشیر ادا کا کچھ شکر
کیون ہوا ہے دہن زخم نمایان خاموش

آج کس بلبل شیدا کا سنا ہے نالہ
ہے جو غنچے کی طرح وہ گل خندان خاموش

پھر گیا ہو نہ کہین آ کے وہ شوخ آخر روز
آج ہے شام سے جو شمع شبستان خاموش

پاسبانی شب زلف کا منصب ہے تجھے
پھر تو کس واسطے ہے اے دل حیران خاموش

اس سبب سے کہ خموشی ہے جواب جاہل
مین تری بات پہ ہون ناصح نادان خاموش

واعظا چھینٹون سے تیرے نہین ہونگی بجھی
ایک ذرہ بھی مری آتش پنہان خاموش

شور کرتے تھے جو کل گلشن ہستی مین بہت
آج جاتے ہین سوے شہر خموشان خاموش

کچھ بتاؤ تو فروغ آپکا کیا حال ہے آج
بیٹھے کس سوچ مین ہو سر بگریبان خاموش

ردیف صاد مہملہ

زور پر ہے خنجر قاتل کی حرص
خوب نکلیگی ہمارے دل کی حرص

دل طلبگار سکون ہے عشق مین
مور کو طوفان مین ہے ساحل کی حرص

صبر سے ملنے نہین دیتی کبھی
دل کی دشمن بنگئی ہے دل کی حرص

دل تڑپتا ہے مرا ہجر وصال
ایک ہی ہے اوسکی اور بسمل کی حرص

بوسۂ لب مانگتا ہون دمبدم
کیا بڑہی ہے مطلب مشکل کی حرص

عشق ہے دریاے ناپیدا کنار
کشتئ دل کو ہی کیون ساحل کی حرص

ہوگئی چکر کی عادت مثل چرخ
اب نہین ہے راحت منزل کی حرص

آتشین رخ سے اولٹ دیجے نقاب
ہے اگر کچھ گرمی محفل کی حرص

دیکھکر کاسے کو مری چشم کے
کہتے ہین اللہ رے اس سائل کی حرص

اوس سے دعوی عشق کا اے بوالہوس
چھوڑ دے اس دعوی باطل کی حرص

کام مین سستی نہ کرنا چاہیے
دل کی حسرت بنتی ہے کاہل کی حرص

آج کر لو تم جو کرنا ہو فروغ
کل ہوا ہو جائیگی یہ دل کی حرص

ردیف ضاد معجمہ

ہمکو تو ہے فقط سخن یار سے غرض
اقرار سے غرض ہے نہ انکار سے غرض

زاہد ہے تجھکو جبہ و دستار سے غرض
مجھکو ہے اوسکی زلف کے اک تار سے غرض

اونکی بلا سے کوئی مرے یا کوئی جیے
پرسش سے کچھ نہ کام نہ بیمار سے غرض

میٹھی نہ بات کہئے تو گالی ہی دیجیے
اک حرف کی ہے لعل شکر بار سے غرض

قدمون پہ اونکے آپ وہ گرتی ہے بار بار
نکلیگی خاک کاکل دلدار سے غرض

دل ہر معاملے مین بہت ہوشیار ہے
اسکو ہے کچھ وکیل نہ مختار سے غرض

کیا ہوگیا ہے ہمکو کہ سب حال جانکر
رکھتے ہین پھر اوسی بت عیار سے غرض

لو پھونکتے ہین جامہ ہستی کو اپنی ہم
پھر اور کیا ہے آہ شرر بار سے غرض

اک دم کو خواب ہی مین مرے پاس آئین وہ
اتنی ہے مجھکو طالع بیدار سے غرض

ہوتا ہے ہمکو حشر کا ہر روز سامنا
رکھتے ہین جب سے آپ کی رفتار سے غرض

کچھ دست سیکشان کو نہین اعظمون سے کام
ہان کچھ ہے اونکے جبہ و دستار سے غرض

دل کو خیال چشم صنم بے سبب نہین
در پردہ کچھ ہے مردم بیمار سے غرض

ہوتی تھی کیا ہی لطف سے اپنی بسر فروغ
جب تک نہ تھی ہمین بت عیار سے غرض

ردیف طای مہملہ

گو میرے ساتھ نسبت تقصیر ہے غلط
لیکن نہ مین کہونگا کہ تقریر ہی غلط

مین اور گلا ترا بت بے پیر ہے غلط
واللہ مثل شکوۂ تقدیر ہے غلط

تقدیر ہی مین اپنی شہادت نہین لکھی
اونکی طرف سے قتل مین تاخیر ہے غلط

اکدم نہ میرے دل کا کبھی غم غلط ہوا
لاف گزاف نالۂ زنجیر ہے غلط

گو وہ نہ آئے تیر تو یہ اونکا آگیا
کہتا ہے کون آہ کی تاثیر ہے غلط

کچھ اور ہی ہین ابرو و مژگان دلربا
کہنا اوسے کمان اسے تیر ہے غلط

کیون حرف رکھین ہم خط رخسار یار پر
کیسے کہین نوشتۂ تقدیر ہے غلط

جبتک نہ آپ چہرے سے پردہ اوٹھائینگے
کیونکر کہینگے ماہ کی تنویر ہے غلط

تاخیر مقتضائے ترحم ہے اے فروغ
وہ ترک اور قتل مین تاخیر ہے غلط

ہو مثل تیرا اے بت بے پیر ہے غلط
یان تک کہ کھچ سکے تیری تصویر ہے غلط

کوے صنم کی خاک کسیکو نہ جب ملی
کہنے لگے کہ نسخۂ اکسیر ہے غلط

کہتے ہین سنکے شکوۂ ہجران بہت صحیح
لیکن ہمارے وصل کی تدبیر ہے غلط

سنبل ہین طیب پیچ و خم دلربا ہین سب
پر یہ کہ مثل زلف گرہگیر ہے غلط

ممکن نہین کہ شوخی سے وہ کھینچ سکے کبھی
واللہ مین نہ مانونگا تصویر ہے غلط

زاہد قسم خدا کی ترا قول سربسر
مانند وعدۂ بت بے پیر ہے غلط

بیشک فروغ اس رخ روشن کے سامنے
ماہ فلک کا دعوی تنویر ہے غلط

ردیف ظاے معجمہ

وعظ مین ذکر مے بہی لا واعظ — آئے تا ہمکو بہی مزا واعظ
دیکہہ غصہ مین بہگیا واعظ — چل زیادہ نہ مغز کہا واعظ
انتہا کا ذرا خیال رہے — آپ پینے کی ہے ابتدا واعظ
گرچہ بیخود ہین پر سمجہتے ہین — سہمے باتین نہ تو بنا واعظ
دینگے قاضی کو ہم ضرور سزا — اسمین فتوی ہے کیا ترا واعظ
دیکہو چلکر بہشت روے صنم — ذکر دوزخ کا تا کجا واعظ
سنتے جاتے ہین رند سب تیری — کوئی ساعت مین دیکہنا واعظ
کیا کہون کر چکے ہین کیا تجویز — رند میکش تری سزا واعظ
راہ مسجد کی بہول جائیگا — ہو ہمارا نہ رہنما واعظ
میکشون پر گمان بیہوشی — ہوش کی اپنی کر دوا واعظ
کان مین رکہکے پنبۂ مینا — نہ سنونگا سخن ترا واعظ
دختر رز کے حسن کو اب دیکہہ — حور کا ذکر کر چکا واعظ

نعرۂ میکشان کو سنکے فروغ
کچہہ تو سمجہا جو چپ ہوا واعظ

ردیف عین مہملہ

خاک ہو جلکر ابہی مثل پر پروانہ شمع — اگر زبان پر لاے کچہہ دل کا مری افسانہ شمع

کیا کسیکی زلف و رخ دونون پہ شیدا ہو گئی
رکھتی ہے زنار بھی اور سبحۂ صد دانہ شمع

روے روشن سے ذرا اپنے اوٹھا دیجے نقاب
بھول جاے دیکھکر تا ناز معشوقانہ شمع

کچھہ اشارہ خندۂ جان بخش لبکا ہے ضرور
ورنہ یون ہنستی کبھی محفل مین بیباکانہ شمع

ترک ہستی سے بھی نہین رہتی ہے غافل یکدم
کیا ہی مانند دل بیدار ہے فرزانہ شمع

دیکھیے تاثیر الفت اور پاس اتحاد
کیسی روتی ہے بروے لاشۂ پروانہ شمع

خانۂ زنبور سے نکلی نہ تھی باہر ہنوز
عشق مین تیرے تھی مضطر صورت پروانہ شمع

دیکھ لے زاہد تو اس روشندلی کا مقتضا
رہتی ہے یکسان میان کعبہ و بتخانہ شمع

جلکے آخر کہہ دیا پروانے نے بھی اے فروغ
آشنا جور سے ہے اور مہر سے بیگانہ شمع

دیکھیے تو گر کاکل و خال رخ جانانہ شمع
دام دل ہو جاے ترے اشک کا پروانہ شمع

دیکھہ او پروانہ مین بھی کسقدر ہون دل جلا
دود بنکر اوڑ گئی سنکر مرا افسانہ شمع

حسن کی حیرت سے جنبش بھی تو کر سکتی نہین
کیا مجال آئے تیری محفل مین گستاخانہ شمع

کر کے قالب کو بھی مانند فانوس خیال
مٹ رہی ہی گرد تیرے جلوۂ جانانہ شمع

بے ثباتی دیکھکر اس ہستی موہوم کی
بھرتی ہے اشکون سے اپنی عمر کا پیمانہ شمع

گلشن محفل مین جب سے آپ ہین رونق فزا
رکھتی ہی نظرون مین حکم سبزۂ بیگانہ شمع

اس شب تاریک مین دل کسکے استقبال کو
داغ سے لیکر چلا ہے مشعل صاحبخانہ شمع

حسن ذاتی ہے نہین محتاج آرائش ذرا
زلف تو رکھتی ہی اور رکھتی نہین ہے شانہ شمع

جب مسلم ہے کہ ہین معشوق سنگین دل فروغ
کیون نہین پھر ڈالتی گلگیر مین دندانہ شمع

ردیف غین معجمہ

زخمون پہ زخم کھائی ہین دل نے سوائے داغ
بُستان سرا بھی ہے پئے دولت سرائے داغ

ہے زندگی کا لطف بھی دیکھنا ذرا
اے ناخن ہلال کہین ہٹ نہ جائے داغ

اٹتے ہی دل کو بلبل شیدا بنا دیا
اب آگے چلکے دیکھیے کیا گل کھلائے داغ

کرتا ہے رشک جامۂ دلدوز دلبران
کس درجہ میرے دل پہ ہے زیبا قبائے داغ

سوزش کا کچھ نہ چارہ ہوا آہ سرد سے
ہان کچھ بہم رشک گرم نے دل سے چھوڑا داغ

کیا باغ باغ ہوتے ہین وہ سنکے اسکا غم
اس دل نے جسکے عشق مین داغون پہ کھائی داغ

یان تک جلایا آتش فرقت نے ہمکو آہ
ہین شعلہ زن تنور جگر مین بجائے داغ

یہ مہر ہے قبالۂ الفت کی دیکھنا
ہان اے گداز قلب کہین بہہ نہ جائے داغ

کہئے یہ کسکے حسن کی گرمی سے اے فروغ
روشن چراغ طور سے دل مین بجائے داغ

نہین سے آپ اے جان جان ہوتے نہین فارغ
تو دیکر جان ہو ہین تقاضے سے ہمین فارغ

ہوا جور فلک سے جا کے دل زیر زمین فارغ
بحمد اللہ ہوا مشکل سے یہ اندوہگین فارغ

اوٹھا دو جلد تر پردہ خدا کیواسطے رخ سے
خلش سے وہم کی تا ہو دل اہل یقین فارغ

خرام ناز سے کہدے ذرا اے ذوق بیتابی
کہ مدت سے ہی بیٹھا یہ دل گوشہ نشین فارغ

غم جانان کی یارب جبسے کیونکر ہو سکی خاطر
نہ فرصت ہے مرے دل کو نہ یہ جان حزین فارغ

کسیکے رحم کی مانند ہم جاتے ہین عالم سے
شکن کی کشمکش سے اب تو ہو زیبا جبین فارغ

تمہارے نکہت گیسو کے دورے مین ہوا یجان
ستم سے اپنی خونریزون کے سب ہو ہی چین فارغ

معاذ اللہ ہٹا نا پہر کہان تہا ہمسے رندونکا
غم امت سے ہوتے گر شہ دنیا و دین فارغ

رسالت گر نہوتی ختم اوس شاہ دو عالم پہ
تو پہر کسطرح ہوتے حضرت روح الامین فارغ

تو وہ ہے مظہر کل نہ تہا ئے حسن کا جسکو
بنا کر ہو گیا اب دست صورت آفرین فارغ

فروغ اس کشمکش سے دہر کی ہرگز نہ گہبرانا
بہلا دیکہا کسیکو تمنے دنیا مین کہین فارغ

ردیف فاے تازی

ممکن نہین کجی سے کبہی باز آئی زلف
سو بار گرچہ مصحف عارض اوٹہائی زلف

دیر و حرم مین بہی نہ کوئی اس سے بچ سکا
پہونچی کہان کہان یہ کمند رسائی زلف

ہونا تہا ہمکو کشور آشفتگی کا شاہ
پڑتا تہا ہم پہ سایۂ بال ہماے زلف

دیتے ہین اسکو سر یہ جگہہ مہر خان ہم
اللہ رے شان شانہ کہا جبتا روے زلف

کیا تہی خبر کہ سنبل گلزار حسن ہے
ہوگا دلون کے خون سے نشو و نماے زلف

کیونکر نہ اپنے جامے سے باہر ہو حسن یار
پہنے ہوئی ہے عارض جانان قباے زلف

پرسش وہ مرے حال پریشانکی پہر کرے
پہلے تو اپنی بگڑی ہوئی کو بنائے زلف

دل ہی نہین رہا کہ خریدار جور ہو
کہدو دکان ناز کو اپنی بڑہائے زلف

اندازہ اوسکے طول کا ممکن نہین فروغ
ہے انتہائے عمر ابد ابتدائے زلف

عشوہ کہتا ہی کہ مین ہون اونکی مژگان کیطرف
جور کا ہونا بجا ہے تیغ بران کیطرف

کسکو دیتے ہین شراب اور کسکو کرتے ہین کباب
دیکھتے ہین آج ہم ساقی کے ایمان کیطرف

شرح بیداد جنون کی کیا ہی صاحب احتیاج
دیکھئے میرے ذرا جیب و گریبان کیطرف

جب ہوئی روز ازل تقسیم ہر اک چیز کی
شوخیان رکھی گئین رفتار جانان کیطرف

کچھ تو درد ہجر مین لذت ہے ورنہ کسلئے
دل ہمارا رخ نہین کرتا ہے دربان کیطرف

ہے یہی جا ادب اے بسمل نا ہوشمند
ہاتھ کیون بڑہنے لگا قاتل کے دامان کیطرف

واہ رے جذب محبت کسقدر طے کرے راہ
بو گئی تھی پیرہن کی پیر کنعان کیطرف

شیخ صاحب سنئے یون ادا کیجے نماز
منہ ہو قبلے کیطرف دل کوئے جانان کیطرف

اے دل غمناک اپنے کام سے غافل نہو
کان ہین فریاد رس کے آہ و افغان کیطرف

ہوش اوڑ جاتے ہین میرے اے فروغ ناتوان
دیکھتا ہون جب مین تیرے بار عصیان کیطرف

ردیف قاف معجمہ

کون کہتا ہے ناتوان ہے عشق
ناز اوٹھاتا ہے پہلوان ہی عشق

روز کیطرح سے عیان ہی عشق
راز کیطرح سے نہان ہی عشق

خلق کی راز دان ہے تو اے عقل
اور خالق کا راز دان ہے عشق

پک رہے ہین کباب لخت جگر
میزبان دل ہے مہمان ہی عشق

جسطرف چاہے وہ اڑا لیجائے
کشتی دل کا بادبان ہے عشق

اپنے اوپر بہی اعتبار نہین
آہ کس درجہ بدگمان ہے عشق

اے دل خستہ صبر کر کچہہ اور
ابہی سرگرم امتحان ہی عشق

کیون نہ باہم ہوا اتحاد دلی
ان بتون کا مزاجدان ہے عشق

دیکہہ لو چیر کر مرے دل کو
پوچہتے کیون ہو تم کہان ہے عشق

کیا کہون باعث ہجوم بلا +
آج کل مجہہ پہ مہربان ہے عشق

نام منزل وہ لے نہین سکتا
جسکا سالار کاروان ہے عشق

حرف کیونکر ہو باریاب بیان
بے دہان حسن بے زبان ہے عشق

مانگتے خیر جان دل کی فروغ
دلربا حسن جان ستان ہے عشق

ردیف کاف تازی

یہ دل بسمل صفت تڑپے کہان تک
تپش تو ہی اسے پہونچائے ان تک

تڑپنے کی بہی کوئی حد ہے آخر
کہانتک او دل بسمل کہان تک

نہ کیونکر خونفشان نکلے مری آہ
جراحت زار ہے دل سے زبان تک

معاذ اللہ یہ کافر ادائین
بچا ئیگا کوئی ایمان کہان تک

نہ جائے پاسے ہان اسکے جانی
یہ جان زار وقت امتحان تک

وہ مطلب ہون کہ گر سمجھے مجھے دل
تو جلکر خاک ہو جائی زبان تک

کرین کیون شکوہ حرمان ہم اے دل
ہماری آہ جاتی ہے وہان تک

قفس کا لطف کہتا ہے نہ جا نا
تصور مین بہی ہر گز آشیان تک

زبان تیغ بہی تو تہک گئی آہ
کوئی اس دل کو سمجھا سے کہان تک

خبر پاتے ہین ہم نالون سے اونکے
لگا ہے تار برقی یان سے وان تک

یہ لپکا قتل کا اللہ اکبر
نہین ہے اوس گلی مین پاسبان تک

رہ مقصود کا اللہ رے طول
ہوا شل توسن عمر روان تک

فروغ اس ضعف کا دیکہو تو تم زور
نہ اوٹہا آتش دل سے دہوان تک

تواضع سے ہے نفرت اونکو یان تک
کہ شل تیر ہے اونکی کمان تک

زمین کو آسمان کہنے لگی خلق
بڑہی مشق ستمگاری یہان تک

حجاب اب آپکو کس واسطے ہے
نہین ہے میرے ہستی کا گمان تک

تماشا دل کا دکہلاتے ہوئے ہم
لے آئے اونکو گل سینے مکان تک

سر پر نور تیری ہے یہ معراج
جو پہونچے اونکے سنگ آستان تک

نہین ہے ضعف سے ہستی یہ میری
گمان سایۂ مو لے میان تک

نہین آتا ہون تنہا مین وہان سے
مرے ساتھ آئی ہے حسرت یہان تک

بہت باتین بنائین تو نے واعظ
ذرا چل حضرت پیر مغان تک

اثر لو کر مدد اتنی تو اسوقت
کہ پہونچے میرا اک نالہ وہان تک

فروغ اس دل کی ہے اب آمد ورفت
مثال سایۂ دیوار بستان تک

ہے یون ترچھی نظر او بت پرفن کب تک
اور پہر اوسپہ یہ نشتر اے مرے دشمن کب تک

عشق اوٹھا دیگا کسی دن رخ روشن سے نقاب
شعلۂ حسن چھپیگا تہ دامن کب تک

رحم اے ذوق ہم آغوشی خورشید لقا
آتش شوق و تمنا مین جلی تن کب تک

مستی ملتے تو ہلی پرہین حیا سے خاموش
دیکھیے اب یہ کہلے غنچہ و سوسن کب تک

چشم سے پوچھ تو اے دل تجھے منظور ہے کیا
اشک گلگون سے ہے تر مرا دامن کب تک

یاد مین زلف کی ہے جان حزین لب پہ گرہ
اے تمنائی دل و دیدہ یہ الجھن کب تک

رحم کر آج کہ کل کو نہو افسوس تجھے
اے مراد دل مشتاق یہ جوبن کب تک

ایدل خانہ خراب اب تو نکل سینے سے
دوست رکھون مین تجھی جان کے دشمن کب تک

مردم دیدۂ محجوب سے پوچھو تو فروغ
نہ اوٹھیگی صف مژگان سے یہ چلمن کب تک

ردیف کاف فارسی

لاتے ہین روز تازہ رخ و زلف یار رنگ
دیکھینگے جو دکھائینگے لیل و نہار رنگ

عالم مین چار فصل کے ہوتی ہین چار رنگ
یان سیر ایکدل کے ہین ہر دم ہزار رنگ

کہتے تھے ہمتو آپکے دامان ناز سے
لائیگا ایک روز ہمارا غبار رنگ

کیا بوے پیرہن نے کسیکی اوڑا دیا
چہرے سے کاروان کے برنگ غبار رنگ

کیسی قبا کہ پردے مین چہپتا نہین کبہی
کیا شوخ ہی بدن کا ترے گلعذار رنگ

آئینے مین وہ روے عرقناک دیکہکر
کہتے ہین کیا ہمارا ہی ہے آبدار رنگ

گر میکدے مین اوس لب میگون کا ذکر ہو
ہوجاے مثل ہوش کے مے کا فرار رنگ

کلیون سے اپنی کیسا اوڑاتا ہے بلبلو
خون چمن کا دامن ناز نگار رنگ

دیکھا ہے ہمنے گل کو ملا کر بہت فروغ
پہیکا ہے اوسکے پیش رخ گلعذار رنگ

جسوقت وان حنا کا ہوا آشکار رنگ
لایا یہان عجیب دل بیقرار رنگ

بے یار کار نشتر الماس کر گئی
لائی کچہہ اور ہی رگ ابر بہار رنگ

جو چاہتے ہو کرتے ہو مانند آسمان
تم دیکھتے نہین ہو زمانے کا یار رنگ

جلجائے کچہہ تو گرمئی حسن نگار سے
اس سخت کا بہی ہاے مرے پروردگار رنگ

تاثیر آہ اب ترے حاجت نہین رہی
شوخی سے ہو چلا ہے حیا کا فرار رنگ

لیلی پہ زور شور نہوگا کبہی نصیب
میرے جنون کا قیس اوڑا ہے ہزار رنگ

مانی نہ رہنے دیگی اثر شوخی ادا
بہرتا ہے کیون شبیہ مین تو بار بار رنگ

دیکھو تو آب و رنگ گل و باغ اے فروغ
اوسپر فدا ہے آب چمن اور نثار رنگ

ردیف لام

تنہا چلا گیا طرف کوے یار دل
سوچا نہ کچھہ بھی دیکھیے انجام کار دل

رہتا ہے ابر زلف مین بھی بیقرار دل
کیا برق ہوگیا مرے پروردگار دل

سنگ جفاے یار نے کیا ہی کیا ہے کام
ایک دل کے ایک دم مین بنا ہے ہزار دل

پڑہتا ہے کفر زلف کا کلمہ خدا سے ڈر
کیا تجھکو ہوگیا مرے پرہیزگار دل

دیکھین پسند کرتی ہے کسکو نگاہ ناز
اس تیر کے ہین سیکڑون امیدوار دل

مین چاہتا ہون ترک تعلق بتون سے اب
زاہد تو دیدے اپنا ذرا مستعار دل

بجلی کی بیقراری ہے گرد اسکے سامنے
لایا ہے کوے یار سے کیا اضطرار دل

نسبت نہین ہے اس رخ رنگین سے کچھہ اسے
یہ لالہ چمن ہے کوئی داغدار دل

اے صبر تجھسے یہ نہ رکیگا کسیطرح
گھوڑے پہ آب ہوا کے ہوا ہی سوار دل

آیا ہے اسکے زخم کو کچھہ سنجنے کا خیال
ورنہ ہے تیغ ناز سے کیون شرمسار دل

پہلو مین ایک لحظہ ٹھہرتا نہین کبھی
گویا وہ گلعذار ہے یہ بیقرار دل

پہونچا دے جان زار کو تا زلف وروے یار
اے شہسوار ابلق لیل و نہار دل

روتی ہے جب یہ آنکھہ بامید رحم یار
ہنستا ہے مثل زخم کے بے اختیار دل

راز نہان ہم اپنا کہین کس سے اے فروغ
جان بیوفا ہے اور ہے بے اعتبار دل

دل آئینہ سان ہے صفائی کے قابل — کوئی اسمین ہے خود نمائی کے قابل
نہین مرد دل ہے جدائی کے قابل — یہ محبوب ہے آشنائی کے قابل
غم یار آتا ہے اے جان جا تو — یہ مہمان ہے پیشوائی کے قابل
شکست دل زار لے رحم جانان — ابھی تک ہے کچھ مومیائی کے قابل
گزرگاہ ہے چاک دل اوسکے غم کا — یہ کوچہ ہے ہر دم صفائی کے قابل
اسیران گیسو کو چھوڑو نہ ہرگز — یہ مجرم نہین ہین رہائی کے قابل
شرارت دل زار تیری ہے ورنہ — ہمین کیا تھے بے اعتنائی کے قابل
ادا میرے بت کی نہ سمجھین ذرا بھی — جو ہون جمع ساری خدائی کے قابل
جو لے ہاتھ مین کاسہ سر کو اپنے — وہ ہووے اوسکے در کی گدائی کے قابل
نہین اے خرد کوئی اس راہ مین ہے — جنون کے سوا رہنمائی کے قابل

ابھی تک تو دیکھا نہین کوئی بلبل
فروغ آپ کی ہمنوائی کے قابل

ردیف میم

گئے دل کسطرح یارب کدہر ہم — کہ پھر آئے نہ ابتک اپنے گھر ہم

بچائین کسطرح جان و جگر ہم — اودہر فوج مژہ تنہا ادہر ہم

خدائی کا تماشا دیکہنے کو — چلے ہین بنکے خود پیغامبر ہم

چلے مسجد سے سوے بتکدہ آج — بہت مدت مین آئے راہ پر ہم

چکائینگے دل و کاکل کا جہگڑا — کرینگے آج قصہ مختصر ہم

اودہر غصہ ادہر سے بیقراری — وہ آتش بنگئے ہین اور شرر ہم

دل اور عشوے نہین جہگڑا ہو رہا ہے — کہو کسکی کہین بولین کدہر ہم

نہین ملتی ہے فرصت تجہسے اے دل — وگرنہ اپنی کچہہ لیتے خبر ہم

تجہے معلوم ہے کیون تجہسے پہلے — سمجہے جاتے ہین اے شمع سحر ہم

برنگ شعلہ غیر از بیقراری — نہین رکہتے ہین کچہہ زاد سفر ہم

خبر لین کسطرح تیری دل زار — اوڑے پہرتے ہین خود مثل خبر ہم

پڑہا لے اپنا کلمہ ہر طرح سے — ترے بس مین ہین او کافر نظر ہم

یہ غفلت کیا قیامت کر رہی ہے — نہین رکہتے ہین کچہہ کل کی خبر ہم

فروغ اوس تیغ ابرو کا ہے ایسا
جو ہاتہون پہ لیے پہرتے ہین سر ہم

جگر کو لاے ہین میدان کارزار مین ہم — کہڑے ہین ناوک مژگان کے انتظار مین ہم

خدا کیواسطے اے چشم شوخ تو ہی بتا — یہ تنکے چننے لگے کسکے انتظار مین ہم

ہمارے حال کا جز غم نہین کوئی پرسان — بسے ہین آکے الہی یہ کس دیار مین ہم

تم اپنے غم کو ذرا آکے دیکھ لو صاحب
کہ کیسے رکہتے ہین اس جان بیقرار ہین ہم

کہین گئے دل کی حقیقت ذرا ذرا دم وصل
اگر ذرا بہی رہے اپنے اختیار ہین ہم

ہوا نہ وصل میسر شباب مین افسوس
چمن سے دور رہے موسم بہار ہین ہم

عجیب ڈہب سے رہے ساتہ اپنی یوسف کے
لپٹ رہے تہے پس کاروان غبار ہین ہم

جو اور جیتے تو جز اسکے اور کیا کرتے
کہ رہتے تہے بنکے نظر چشم انتظار ہین ہم

فروغ تمسے وہ آنکھین ملائینگے کیونکر
بسے ہوئے ہین بہت دن سے چشم یار ہین ہم

جا کے اوس محفل مین پہلے شمع ساں روتے ہین ہم
جلکے پہر پروانہ آسا آپ کو کہوتے ہین ہم

آرزو پر اپنی ہنستے ہین کبہی بے اختیار
اور اس بے اختیاری پر کبہی روتے ہین ہم

ناصح نادان وہ بہتر ہے ہزارون جان سے
ایک جان زار کو جسکے لئے کہوتے ہین ہم

جان فدا دست قاتل جسکی اک تکلیف سے
پاؤن پہیلا کر بڑے آرام سے سوتے ہین ہم

چشم و دل لڑتے ہین جب باونکے سوا ذمایہ
فیصلے کیواسطے تجویز تب ہوتے ہین ہم

بے وفائی ان گلون کی دہر مین مشہور ہے
واے نادانی کہ انپر جان کو کہوتے ہین ہم

وہ نہین آتے تو کرکے ترک الفت اے فروغ
اپنی جان غمزدہ پر مہربان ہوتے ہین ہم

ردیف نون

دل مین آتے ہی ستم آموز جانان ہوگئین
آہ دل کی آرزوئین دشمن جان ہوگئین

آنکھین دکھلائین تھین کل تک اوسکی دربانی فقط
آج گلچینین بھی درکی چشم دربان ہوگئین

ترک ایمان کی کوئی تدبیر اے ناصح بتا
سب ادائین اوس بت کافر کی ایمان ہوگئین

کسقدر جان بخش ہے اوسکی نگاہ شرمگین
جسقدر پھانسین جگر مین تھین رگ جان ہوگئین

بہگیا آنکھون سے خون ہوکر دل آفت پسند
میری اونکی مشکلین جتنی تھین آسان ہوگئین

مجھکو اس مشکل فقیرانہ نے کیا نادم کیا
خواہشین سب دل کی چہرے سے نمایان ہوگئین

آگیا آغوش مین آنکھون کے جب وہ نازنین
میری مژگان شانۂ زلف پریشان ہوگئین

چارۂ سودا کیا کچھہ اونکی چشم لطف نے
یعنی نظرین بخیۂ چاک گریبان ہوگئین

ذوق ایمان لیچلا تھا دیر سے باہر مجھے
پر ادائین کفر کی دست و گریبان ہوگئین

تیرے ابرو ہین وہ ماہ نو کہ جسکے شوق مین
سیکڑون عیدین تیرے کوچہ پہ قربان ہوگئین

سایہ بھی اوس مہروش کا ہی مسیحائے زمان
سنگ در تک کے گئین دیکھو رگ جان ہوگئین

آہ کیا کیا صورتین جنپر تھا زیبائی کو ناز
صورت تار نظر نظرون سے پنہان ہوگئین

کسکی صورت بسگئی آنکھون مین جو کہتے ہین سب
میری آنکھون کو کہ یہ یوسف کا زندان ہوگئین

بے اجازت نقش پا کا بھی نہ لینگے بوسہ اب
جو خطائین ہوگئین اے دست جانان ہوگئین

جتنی محرابین تھین مجھکو یاد ابروے یار
سب تیرے باعث سے گرد طاق نسیان ہوگئین

حسن کی گرمی سی یا گرمی سے بزم ناز کی
مچھلیان بالون کی تیرے دیکھہ بریان ہوگئین

آہ وہ نیچی نگاہین ترک آہو چشم کی
دل کے حق مین بخیۂ شیر نیستان ہوگئین

اشتیاق دید ابرو مین جو دل ہونچا وہان
دیکھتے ہی اسکو بس تلوارین عریان ہوگئین

ہوگیا سینہ مشبک آنچہ ہی ہاتھون سے آہ
اوانگلیان ہاتھون کی اپنی تیر و پیکان ہوگئین

کیا ہوئین یارب وہ زیبا صورتین جنمین سے دو
تیری قدرت سے مہ و خور مین نمایان ہوگئین

خواب ہین کل دیکھکر اوسکی نزاکت کہ فروغ
آرزوئین جسقدر تھین سب پشیمان ہوگئین

ہمین دیکھو ہم کیا ستم دیکھتے ہین
وہ غیر و نکو اور اونکو ہم دیکھتے ہین

یہ کس چشم مخمور کا ہے زمانہ
کہ ہم جام کو رشک جم دیکھتے ہین

وہین لوٹ جاتے ہین ابرو کے شیدا
لکھا جب کہین لفظ خم دیکھتے ہین

ٹھکانے لگے جان وہ آئین ادھر تو
یہی راہ مدت سے ہم دیکھتے ہین

دعا چاہین سائل سے دشنام دیکر
نیا وان کا طرز کرم دیکھتے ہین

حرم والے کہتے ہین اللہ اللہ
جو اوس بت کا جاہ و حشم دیکھتے ہین

نصیبون سے بیٹھے ہوئے بتکدے مین
ہم اے شیخ شان حرم دیکھتے ہین

جو دیکھے تری تیغ ابرو کو دم بھر
کسی مین نہین ہم یہ دم دیکھتے ہین

نہین تو نے بہی دیکھنے ہین وہ اوائین
سراپا مین تیرے جو ہم دیکھتے ہین

نہ کیونکر ہون اس راہ مین پاؤن زخمی
دم تیغ پر ہم قدم دیکھتے ہین

ارے عشق یہ کیا ہے جو نیک و بد کچھ
نہ وہ دیکھتے ہین نہ ہم دیکھتے ہین

نہین دیکھ سکتی ہے چشم فلک بھی
ان آنکھون سے جو کچھ کہ ہم دیکھتے ہین

یہ زاہد خجل کیسے ہوتے ہین واللہ
جب آ اب بیت الصنم دیکھتے ہین

ستم کیا کیا تو نے اے آئینہ یہ
کہ ہم اونکی آنکھون کو نم دیکھتے ہین

سبب پوچھ لیتے ہین ہم رشک دیکھو
جسے مبتلاے الم دیکھتے ہین

یہی ہے جو شوق کمر ہمکو تو ہم
کوئی دم مین ملک عدم دیکھتے ہین

یہ کس گل کی بو سے زمانے کا ہر دم
فروغ اور ہی رنگ ہم دیکھتے ہین

ادائین ہم تری او خنجر قاتل سمجھتے ہین
سمجھ کو اپنی ہم اسواسطے کامل سمجھتے ہین

اونھین کو عشق مین لا وقیس ہم کامل سمجھتے ہین
جو درد دل کو اپنے لیلی محمل سمجھتے ہین

جگر تشنہ ہی تو زاہد شراب ناب کوثر کا
ہم اوسکو درد آب خنجر قاتل سمجھتے ہین

گذر کر وادی دل مین تو ہم اے قیس بتلائین
دراکسکو کسے لیلی کسے محمل سمجھتے ہین

زبان اوس سیمتن کی ہی کلید اسواسطے اے دل
کشود قفل مطلب کو ترے مشکل سمجھتے ہین

ٹھہر جاتا ہی جب یہ دل غشی سی پاکے حیرت سے
تو یہ نا فہم سب اوسکو سکون دل سمجھتے ہین

الٰہی یہ نزاکت یا کوئی غمزہ ہی جسسے وہ
تصور مین بھی آنیکو کڑی منزل سمجھتے ہین

فقط اک نالہ بلبل ہے شاہد اسلئے اے گل
ترے اس دعوی خوبی کو ہم باطل سمجھتے ہین

برنگ شمع کیونکر بزم سے مجھکو اوٹھنے دین
وہ میرے سوز دل کو گرمی محفل سمجھتے ہین

دل مضطر سمجھی کیونکر وہان ہم ساتھ لیجائین
تپش کو تیری گستاخی مین داخل سمجھتے ہین

چمن گو خلد ہو لیکن تمہارے دیکھنے والے
جہنم کسطرح کب سیر کے قابل سمجھتے ہین

فروغ اس عاشقانہ عارفانہ نظم کو سنکر

جو اہلِ دل ہین تمکو میرزا بیدل سمجھتے ہین

میرے نالے بھی تیری طرح اے دلبر نکلتے ہین
کہ ڈہاتے ہین قیامت دل سی جب باہر نکلتے ہین

پہونچکر کوے قاتل مین نہ گھبرانا دلِ مضطر
بڑے خوش قسمتون کے دم وہان جاکر نکلتے ہین

یہ کس رشکِ پری کی یاد آئی آمد آمد ہے
کہ صبر و ہوش دل کے ساتھہ سب بیخود نکلتے ہین

عجب وحشتکدہ ہی میرا سینہ بھی معاذاللہ
کہ جس سے ناوکِ جانان بھی گھبراکر نکلتے ہین

کہان سے خون تنِ لاغر مین جو آنکھون سے جاری ہو
یہ ارمانِ دلِ شوریدہ خون ہوکر نکلتے ہین

وہ مجنون ہون کہ مثلِ طفل مرقد کیطرف میرے
جوان و پیر ہاتھون مین لیے پتھر نکلتے ہین

تم اپنے حسن کی صاحب خبر لو خط کی آمد ہے
اُڑیگا جلد یہ شہباز دیکھو پر نکلتے ہین

دہانِ یار کا چرچا ہوا ہے جب سے گلشن مین
تو غنچے سر سے پاتک اوڑہکر چادر نکلتے ہین

جگر پر کسقدر احسان کیے ہین تیرِ مژگان نے
کہین دنیا مین ایسے آشناپرور نکلتے ہین

سخنور جانتے ہین کاوشِ فکرِ مضامین کو
کہ کس مشکل سے بحرِ دل سے یہ گوہر نکلتے ہین

فروغ اللہ اکبر اب تو نالے آپکے دل سے
نگاہِ نازِ خوبان سے بھی نازک تر نکلتے ہین

نہ اونکے رخ کو نہ اونکی نظر کو دیکھتے ہین
ہم اپنے نالۂ دل کے اثر کو دیکھتے ہین

الٰہی خواب مین دیکھا ہے کسکو ہمنے رات
کہ آج لوگ ہماری نظر کو دیکھتے ہین

یہ رشک دیکھو کہ پیشِ جوابِ نامۂ شوق
بغور ہم نظرِ نامہ بر کو دیکھتے ہین

الٰہی غیر کے بھی جذب مین اثر ہے کیا
کبھی ادہر کو کبھی وہ ادہر کو دیکھتے ہین

یہ چشم شوق ہی اسکی نظر سے گرم بہت
حضور کیون مرے داغ جگر کو دیکھتے ہین

تمہارے عشق مین ہے اجان ہم ایک مدت سے
رقابت دل و جان و جگر کو دیکھتے ہین

شب وصال جو آئی تو شام ہی سے ہم
ہر ایک سمت سے جوش سحر کو دیکھتے ہین

تن نزار کو پہونچائیگی وہان کیونکر
ہم آج یاوری چشم تر کو دیکھتے ہین

امیدوار ہی اونکی شب وصال کے کیا
نگاہ قہر سے روئے سحر کو دیکھتے ہین

صبا بہی دل کیطرح وان کا عزم کرتی ہے
ہم اسکے حوصلۂ بال و پر کو دیکھتے ہین

وہ چشم و لب کو میرے دیکھکر یہ کہتے ہین
کہ اپنے عہد کے ہم خشک و تر کو دیکھتے ہین

یہ سخت جانی تو دیکھو کہ بیٹھے بیٹھے ہم
نہ دیکھنا بہی کسیکا ادہر کو دیکھتے ہین

وہ پہیر لیتے ہین کیا کیا بنا کے منہ اپنا
جو اونکو دیکھکے شمس و قمر کو دیکھتے ہین

الہی خیر کہ ترچھی نظر سے آج وہ پہر
فروغ خستہ و خونین جگر کو دیکھتے ہین

ابتک وہی ہے درد دل بیقرار مین
ورنہ ہے کیون تپش رگ سنگ مزار مین

نکلی جو جان زار اسی اضطراب مین
ہوگا محال بنا ٹھہرنا مزار مین

باد صبا سنبہال کے رکہنا یہان قدم
آتشکدے نہان ہین ہماری غبار مین

تا دیر وقت ذبح نہ دیتا نکلنے مین
جان حزین جو ہوتی مرے اختیار مین

ایدل خفا نہو سخن چشم یار سے
مستون کی بات آتی نہین ہے شمار مین

یہ مشت خاک اور یہ یارا سے سرکشی
پنہان ہے شہسوار کوئی اس غبار مین

بلبل نے کسکے عارضِ رنگین کو دیکھکر
چھوڑا چمن کو عین کمال بہار مین

کرتا ہون اپنا رشتۂ جان نذر مین ترے
اے گلفروش کیجیو صرف اونکے ہار مین

جھوٹے بنا بنا کے سناے پیام وصل
کیا کیا فریب دل کو دیئے ہجر یار مین

کہئے تو کچھ فروغ یہ جھگڑا تھا رات کیا
آہ شرر فشان و دل بیقرار مین

ترا ہم پاس خاطر او ستم ایجاد کرتے ہین
یہ نالے ورنہ بڑہکر تجھسے بھی بیداد کرتے ہین

جب اونکے دفتر حسن نگہ کو یاد کرتے ہین
تو ہم فصل علی سے لیکے اوسپر صاد کرتے ہین

اسیران قفس پر کیا ستم صیاد کرتے ہین
کہ حکم ذبح دیتے ہین جو وہ فریاد کرتے ہین

تغافل کی تلافی جسکے مشرب مین جفا ٹھیری
اوسی بدکیش کو افسوس پھر ہم یاد کرتے ہین

فدا کیونکر نہون مین خنجر بیداد قاتل پہ
جب اسکو دیکھتے ہین وہ تو مجھکو یاد کرتے ہین

اونہین کا گھر تھا یہ دل اور اونہین نے کردیا ویران
اونہین کے غم سے پھر اس گھر کو ہم آباد کرتے ہین

کہان ہے او خیال خوے نازک دیکھ تو آکر
بہت تاب شوخیان یہ نالہ و فریاد کرتے ہین

دل اپنا اونکا قیدی ہے غم اونکا اپنا قیدی ہے
نہ وہ آزاد کرتے ہین نہ ہم آزاد کرتے ہین

خیال رشک کچھ ہے اور کچھ ہے بیم رسوائی
اسی خاطر اونہین ہم دل ہی دل مین یاد کرتے ہین

مہ و خور سے تو پوچھا بدل کوئی دیکھا نظیر اوسکا
بہت مدت سے سیر عالم ایجاد کرتے ہین

سمجھنا ہے ہمارا خندۂ زخم جگر اوسکو
تبسم کرکے زیر لب جو وہ ارشاد کرتے ہین

تحمل پر ہمارے طعن ہے او تہمتِ خامی
کہین بھی پختہ مغزان جنون فریاد کرتے ہین

فریب عشوہ پردے مین زیادہ کارگر ہوگا
کہ زیر خاک پنہان دام کو صیاد کرتے ہین

کبھی رہتی ہے ہمسے دیکھیے تصویر بھی جسکی
اوسیکی یاد سے ہم دل کو اپنے شاد کرتے ہین

خدا خوشنود رکھے نالہ و فریاد وزاری کو
ہماری بیقراری کی بڑی امداد کرتے ہین

نمایان ہو چلا ہے خط عارض اسکی صدقے ہین
سنا ہے قیدیان زلف کو آزاد کرتے ہین

وہ مانے یا نہ مانے ضبط کی طاقت نہین ہمکو
بیان مدعا ہم ہر چہ بادا باد کرتے ہین

فروغ اونکو ہوا ہے شوق پھر گلگشت گلشن کا
جو رنگ گل کو مثل بوے گل برباد کرتے ہین

دل و دین تو ناز و ادا مانگتے ہین
وہ خود دیکھیے مجھسے کیا مانگتے ہین

محبت مین کامل وہی ہین جہان مین
کہ تجھسے نہ تیرے سوا مانگتے ہین

ہین ایک وہ کہ بت مانگتے ہین خدا سے
اور ایک ہم کہ بت سے خدا مانگتے ہین

کیا ہجر نے ناتوان ہمکو ایسا
کہ آہ رسا سے عصا مانگتے ہین

خدا جانے ہمکو مرض کیا ہوا ہے
کہ دشمن سے اپنی دوا مانگتے ہین

ہوا حال زار اپنا ایسا کہ وہ بھی
مرے حفظ جان کی دعا مانگتے ہین

شہیدون کا پھر خون بہا و ادا سے
وہ ہمسے بھی خونبہا مانگتے ہین

گدائی کو ملے اسکے کوچے کی ہمکو
نہ دولت نہ دولت سرا مانگتے ہین

سنبھلنے نہ دے جو کہ تا روز محشر
وہی مے تو ہم ساقیا مانگتے ہین

فروغ اونکے ناز و ادا سے تو پوچھو

کہ اب اپنے کشتون سے کیا مانگتے ہین

رہرو الفت ہین سامان پر نظر رکھتے نہین
ہم صبا کیطرح کچھہ ساز سفر رکھتے ہین

تیغ وہ کسطرح باندہینگے کمر رکھتے نہین
اور باندہی بہی تو کیا عشاق سر رکھتے نہین

رشک کے باعث سے ہم خود وان گزر رکھتے نہین
اسلئے حاجت تری اے نامہ بر رکھتے نہین

دیکہیے وحشت جنون کی کیا عنایت ہم پہ ہے
جسم پر ایک تار جز تار نفس رکھتے نہین

کل گئے تھے دل کے پیچھے دل کو سمجھاتے ہوئے
ہم زیادہ اس سے کچھہ اپنی خبر رکھتے نہین

جذب دل پر یا الٰہی کیا بلا نازل ہوئی
اب قدم بہی اسطرف وہ بہولکر رکھتے نہین

گر گمان کچھہ اور ہو تو امتحان کر لیجیے
دل نہین رکھتے ہین ہم تو کیا جگر رکھتے نہین

اٹھ لکھینگے کبہی ہم خط انہین تم دیکھنا
ہان مگر قسمت کے لکھے سے خبر رکھتے نہین

شکوہ آجاے نہ لب پر چشم فتان کا کہین
اسلئے ہم حال پر اپنے نظر رکھتے نہین

کچھہ نہین پروا کہ لب ہون خشک یا ہو چشم تر
اونکے شیدائی خیال خشک و تر رکھتے نہین

حضرت ناصح جواب پند کو سمجہینگے کیا
درد دل رکھتے نہین داغ جگر رکھتے نہین

یاد مین کسکے یہ رنگین اشک جاری ہین فروغ
آب و رنگ اسطرح کا لعل و گہر رکھتے نہین

کوچۂ جانان مین جانا کچھہ نہین آسان فروغ
پاؤن وہ رکھتے ہین جو پروائے سر رکھتے نہین

حرارت جا بہ رگ ہی سے ہے دیکھہ خون جسم لاغر مین
نہ پڑ جائین کہین فصاد چھالے تیرے نشتر مین

کسیکے خانۂ فرگان سے اسکو گر نہین لکھا
تو کیون ہے اسقدر برگشتگی ہمبر سے مقدر مین

کیا ہے امتحان کس سخت جان پر صاف کہہ دیجے
کبھی پہلے تو ایسے بل نہ تھے ابرو کی خنجر مین

الٰہی کیا کہونگا مین خدنگ ناز جانان سے
جگہہ اب نام کو باقی نہین ہے جسم لاغر مین

جگر نے خوب ہی بوسے لئے کل تیر مژگان کے
دل نادان مرا اولجھا رہا زلف معنبر مین

کرشمہ جنبش ابرو سے ہر دم قتل کرتا ہے
الٰہی اتنے کیون خنجر لیے دست ستمگر مین

غم و شادی فروغ اب دونون یکسان ہوگئے ہمکو
یہانتک سختیان جھیلے اوٹھائین ہجر دلبر مین

خدا جانے یہ کیسی ہے ہی چشم مست دلبر مین
کہ بیخود ہو گیا عالم کا عالم ایک ساغر مین

غضب ہے دل مین پھر ہونے لگا جلوہ حسینونکا
بتون کو پھر جگہہ ملنے لگی اللہ کے گھر مین

تعجب ہے مجھے اس انتظام شاہ خوبان پر
کہ اپنی مملکت آباد کی دلہا ے مضطر مین

شہنشاہ ازل کے حکم سے منشی قدرت نے
دل آشفتہ کا چہرہ لکھا کاکل کے دفتر مین

ترے باغ جنان کو مول لے سکتے ہین ہم واعظ
بھرے ہین بے بہا گوہر ہمارے دیدۂ تر مین

شب فرقت مین کیونکر ناصح مشفق نہین آتا
کسیکی یاد مین گر بیٹھ جاتا قلب مضطر مین

نہین کچھ ڈر فروغ اس آتش دل کے بھڑکنے کا
بہا رکہا ہے ایک دریا کو ہمنے دیدۂ تر مین

ہم اونکے وصل کا دل مین خیال خام کرتے ہین
کہ عرض مدعا کا نام ہم دشنام کہتے ہین

تجھی سے پوچھتے ہین سچ بتا او دشت آزادی
کہ ہم بھی کچھ خیال گردش ایام کرتے ہین

خدنگ ناز کو اپنے تو وہ کرتے نہین سیدھا
اور او الٹا دیکھیے دل پر مرے الزام رکھتے ہین

غضب ہین جان ہے ایک دم بھی ہین گین ضبط کرتا ہون
تو پھر یہ حضرت دل مجھکو کیا کیا نام رکھتے ہین

ہمین فرصت کہان ہے صبر و تسکین بات کرنیکی
ابھی بیتابئ دل سے بہت ہم کام کہتے ہین

وفاے وعدہ کی امید ون ہے اے دل نادان
کہ جو تیری تمنا کا تو ہم نام رکھتے ہین

خدا صحت عطا کرتا تو کرتے سیر صحرا کی
ابھی ہم اے **فروغ** آزار ننگ و نام رکھتے ہین

کہین کیا تجھسے ہم کیا کام ہے اے گلفام کرتے ہین
زبان سے جسکو کہسکتے نہین وہ کام کہتے ہین

اوٹھائین کیون نہ ناز زخم دل کو وہ نہ دل سے
کہ مانند نگین جو آرزوے نام رکھتے ہین

کہان تم اور کہان خورشید مہ جو ایک مدت سے
تمہارے وصل کا دل مین خیال خام رکھتے ہین

عجب بے رحم ہین صیاد مجھسے صید لاغر کو
تڑپنے کے لیئے تا دیر زیر دام رکھتے ہین

وہ نخوت حسن کے شایان وہ استغناے بایان
غنیمت ہے کہ رسم نامہ و پیغام رکھتے ہین

فروغ احباب سب بیٹھے ہوئے ہین فکر مین حیران
زبان سے بھی تو کچھ کہیئے کہ ہم یہ کام رکھتے ہین

دل لگے کیا خاک کوئی لطف کا سامان نہین
کوئی خندہ بھی تو زخمون پہ نمک افشان نہین

دوستون نے اسقدر ہمکو کیا رسواے دہر
دشمنون کے دل مین اب باقی کوئی ارمان نہین

بدگمان ہو کر نہ اتنا ہو جیئے گرم عتاب
آرزومند جفا ہون لطف کا خواہان نہین

غمزہ و ناز و کرشمہ عشوہ و طرز خرام
کون ہے آئین کہ جو دل کا عدوے جان نہین

کیون نہین آتی ادہر کو اے نسیم ناز یار
دیکھ تو کب سے گل زخم جگر خندان نہین

رد نہین کرتے ہین سائل کا سوال اہلِ کرم
آپکو زیبا نہین اے جان مشتاقان نہین

سخت جانیکا گریبان گیر ہونا چاہیئے
اے دلِ نالان قصورِ خنجرِ بران نہین

پیچ مین کاکل کے آکر دل نے یہہ روکر کہا
بے گنہ بیداد سہتا ہون قابل زندان نہین

میرے آنے سی چمن مین بلبلو ناخوش نہو
یار شاطر ہون مین بار خاطر یاران نہین

دل کے بہلانیکی خاطر اے فروغ خوش بیان
یہہ غزل بس ہے تری کچھہ حاجت دیوان نہین

دردِ دل کہتا ہی مجھکو خواہش درمان نہین
خوشنما میری نظر مین صورتِ احسان نہین

غیر کا کیا منہہ اگر کہیئے تو ہم دکھلائین لطف
جان کا دینا بہت مشکل ہے کچھہ آسان نہین

بیقرار ہی سے تری اے گریۂ بے اختیار
اشک کو پھر چین زیر سایۂ مژگان نہین

پھر وہین ہے روبکاری اس دلِ مضطر کی آج
جس عدالت مین کہ اذن جنبش مژگان نہین

ہے جنون کا کسقدر اس عہد مین بذل کرم
دولت وحشت سے خالی اب کوئی دامان نہین

چھوڑکر تنہا غم جانان کو جاتا ہے کہان
تجھکو اے دل کچھہ بھی پاس خاطر مہمان نہین

رشک ہوگا دیکھکر فردوس مین انکا عروج
اس خراب آباد مین جنکا کوئی پرسان نہین

دیکھیئے جاکر چمن مین ہے ہر اک گل خندہ زن
بے ثباتی پر جہان کی مین فقط خندان نہین

دربدر ہمکو پھراتا ہے تقاضا حرص کا
ورنہ کیا اکسیر خاک کوچہ جانان نہین

دیکھنے کیواسطے چشمِ بصیرت چاہیئے
ورنہ مہر حسنِ جانان کس جگہہ تابان نہین

آفرین صد آفرین اِس طرز پہ تیرے فروغ

نغز گفتاری پہ اپنی تو ذرا نازاں نہین

ابھی آپ ہین ہم کب آئے ہوئے ہین
منہ آپ اپنا ناحق چھپائے ہوئے ہین

نہین تیرا اونکے خود آئے ہوئے ہین
یہ مہمان دل کے بولائے ہوئے ہین

ہر ایک ذرہ کیونکر نہو چشم مجنون
وہ محمل کا پردہ اوٹھائے ہوئے ہین

نہین کچھہ بھی نسبت ہے لیلی کو ان سے
یہ لاکھون کو مجنون بنائے ہوئے ہین

انھین کے لب لعل قتل جہان کا
بہت دن سے بیڑا اوٹھائے ہوئے ہین

یہی ہین کہ آفت ہے رفتار جنکی
قیامت بھی ہم پہ ڈھائے ہوئے ہین

وہ انداز ہین اونکے بیداد کے بھی
کہ عالم کے دل کو لبھائے ہوئے ہین

مری خاک کو ضعف ملنے نہ دیگا
یہ کیون آپ دامن اوٹھائے ہوئے ہین

ترے حسن کا شور خود کہہ رہا ہے
کہ سب فتنے تیرے جگائے ہوئے ہین

جو دیکھا مجھے اشک خونین ہین ڈوبا
کہا ہنسکے یہ رنگ لائے ہوئے ہین

فلک کو سکھائی ہے جسنے یہ گردش
اوسی آنکھہ کے ہم ستائے ہوئے ہین

زبان سے تری مثل تیرے دہن کے
ہم اب تو بہت تنگ آئے ہوئے ہین

مرے دل کے داغون کو دیکھا تو بولے
ترے دل کے یہ گل کھلائے ہوئے ہین

اگرچہ یہ سر بار تن ہے مگر ہم
پئے تیغ جانان لگائے ہوئے ہین

دہن سے ترے ہمسری کرکے اے گل
یہ غنچے بھی کیا منہہ کی کھائے ہوئے ہین

مجھے بھی وہی بات اے دل سکھا دے
جسے سنکے وہ مسکرائے ہوئے ہین

دل و دین کے رہزن تن و جان کے دشمن
یہی ہین جو تشریف لائے ہوئے ہین

فروغ آئینگے کب وہ دم مین تمہارے
وہ غمزون کی پٹی پڑھائے ہوئے ہین

فروغ آج ہین منتظر آپ کے
جو آنکھون کے پردے بچھائے ہوئے ہین

ایضاً

کیا مصیبت ہے کہ اونکے پاس جا سکتے نہین
اور جو جائین بھی تو کیا وان لب ہلا سکتے نہین

دل سے ہے کچھ واقف کسیکے درد دل کی کیفیت آہ
ہم زبان سے کچھ مزہ اسکا بتا سکتے نہین

چشم مستانہ سے جو کچھ ہوا کیا ہم کہین
ہم زبان حال پر بھی اوسکو لا سکتے نہین

کیا حیا کا عذر اور کیا دل کی گستاخی کا خوف
وہ اگر چاہین تو کیا پردہ اوٹھا سکتے نہین

شرم اونکے نازکو آڑے ہے ایسے کام سے
ورنہ کیا ٹھوکر سے مردونکو جلا سکتے نہین

اپنے چہرے کی صفائی آئینہ مین دیکھکر
اسقدر ہین محو حیرت کچھ بتا سکتے نہین

شوق کے ایما سے دل کرتا ہے کیا کیا خیال
ہم تصور مین جہان پر لب ہلا سکتے نہین

کہتے ہین ہم رحم کر سکتے ہین لیکن کیا کرین
اس لکھے کو تیری قسمت کے مٹا سکتے نہین

پردہ داری اونکی خود منظور ہے ہمکو فروغ
ورنہ ہم آنکھون سے کیا دریا بہا سکتے نہین

سیکھی ہے کس سے آپنے اے خوبرو نہین
اہل کرم کی سی روش گفتگو نہین

کہدے نگاہ شوق تماشا اس چشم شوخ سے
پھرنا تو آپکے ہاتھ ہے جب چار سو نہین

زیبا ہے گر جفا آپکو پر مجھکو خوف ہے
انسان کا کوئی بس ہے خودی کی حد تو نہین

ہے لطف جبکہ ہان بہی کبہی ہو نہین کبہو — آٹہون پہر کی خوب نہین تند خو نہین
تشنہ تہی تیغ یار پہ قسمت تو دیکہئے — کاٹا تو مجہہ مین نام کو بہی تہا لہو نہین
اے مژدۂ وصال یہ کیا بات ہے کہ اب — آتا ہمارے گوشۂ تمنا مین تو نہین
کہئے تو کچہہ فروغ یہ کیا بات ہے کہ آپ — لیتے معان کا نام کبہی بے وضو نہین

ردیف واو

جوش پر ہوتی جو دست تیغ زن کی آرزو — کیا ہی بر آتی مرے ہر عضو تن کی آرزو
سلسلہ جنبان ہے زلف پر شکن کی آرزو — پاؤن پہیلاتی ہے پہر دیوانہ پن کی آرزو
کب تک اے زلف پریشان صورت آشفتگی — شام غربت مین رہے صبح وطن کی آرزو
کر کے رسوا جہان جانان کو جان کہوئی تو کیا — سر بہیودگی تہی کوہکن کی آرزو
کیا کسیکی زلف و مژگان کا اشارہ تہا تمہین — تہنے کی منصور جو دار و رسن کی آرزو
ہوشیار اے دل کہ بوئے زلف جانان کیلئے — پہر رہی ہے مضطرب مشک ختن کی آرزو
پردۂ محمل کہان اور تو کہان اے قیس بس — کر غبار راہ لیلی سے کفن کی آرزو
کوچۂ گیسو مین ہمکو لیچلی پہر کہینچکر — اس دل آوارۂ پیمان شکن کی آرزو
پہر کسی آئینہ رو کے حسن کا آیا خیال — پہر ہوئی انگشت حیرت کو دہن کی آرزو
کیون ستاتے ہین مجہے یہ خار صحرا اسقدر — کب مجہے تہی فرش گلہائے چمن کی آرزو

جگہ کیا کوچے مین اوسکے اپنا پاے بیخودی — بیٹھی پھرتی ہے سر چرخ کہن کی آرزو

صورت خط پہلے منہ بنوائیے اپنا **فروغ**
کیجیے پھر بوسہ شیرین دہن کی آرزو

فروغ اب پھر خیال چشم مست یار کرتے ہو — بھلا سوتے ہوئے فتنے کو کیون بیدار کرتے ہو
تسلی بخش کوئی جز اجل اوسدم نہین ہوتا — ہماری التجا پر جبکہ تم انکار کرتے ہو
بھلا کیون منہ لگاتے ہو چمن مین جا کی غنچون کو — تنک ظرفون کو کیون تم واقف اسرار کرتے ہو
جگاتے ہو عدم کے سونے والون کو تو ٹھوکر سے — ہمارے بخت خفتہ کو نہین بیدار کرتے ہو
ہوئے ہین خاک جو مر کر تمہاری راہ الفت مین — اونہین پر حشر برپا تم دم رفتار کرتے ہو
ہمارا حال پوچھا تمنے ابرو کے اشارے سے — زبان تیغ سے بھی پرسش بیمار کرتے ہو
ادب ہٹتا نہین ہے بیخودی مین جا بمن دیکھو — شراب تند بھی پھر مجھکو تم سرشار کرتے ہو
گرو گے کھا کے غش اے حضرت دل دیکھنا دم مین — نظر ہر دم جو سوئے روزن دیوار کرتے ہو

نمایان ہو چلا ہے سبزۂ خط اونکے عارض پر
فروغ اب کیون تلاش مرہم زنگار کرتے ہو

خوب ہو عشوہ جو لیجا کے کرے گم مجھکو — اور بدلے مین عدالت سے ملو تم مجھکو
عین اندوہ مین یہ جوش مسرت کیسا — خندۂ زخم پہ آتا ہے تبسم مجھکو
جگر و دل کو ہے کیا شوق ترے ناوک کا — کہتا ہر ایک ہے یا رب ہو تقدم مجھکو
واہ اے عشق وہ ہر لحظہ نئے ظلم کرین — اور کسیطرح نہو اذن تظلم مجھکو

کشمکش دیکھو کہ واعظ ہے ادہر دامنگیر
اور ادہر کھینچ رہی ہے کشش خم مجھکو

اب تو مرنے کی بھی فرصت نہین دیتا یارب
بحر ذخار تمنا کا تلاطم مجھکو

لب نازک پہ ہین خود اونکے ہی دانتون کے نشان
کیون ستاتا ہے تو ہر لحظہ توہم مجھکو

جب کہا مین نے کہ پردے کو اوٹھا دو تو کہا
زندگی پر تیری آتا ہے ترحم مجھکو

اونکی افشان پہ شب وصل جو پڑتی ہے نظر
شب گزر جاتی ہے گنتے ہوئے انجم مجھکو

بزم عالم مین وہ شیدائی بیتابی ہون
رقص بیپین کا ہے اشکون کا تلاطم مجھکو

کسطرح اون سے سفارش کرون تیری اے دل
نہین رہتی ہے وہان تاب تکلم مجھکو

خامشی نے مجھے کیا رتبۂ عالی بخشا
مردم دیدہ سمجھنے لگے مردم مجھکو

تم وہ نازک کہ تمھین نیش ہے الفت کی نظر
مین وہ عاجز کہ نفس ہین مرے کژدم مجھکو

ہون مین بیمار جو عشق در دندان کا فروغ
چاہیئے گر دیتیمی پہ تبسم مجھکو

کیون نہ حیرت ہو کہ اس دل مین ملے تم مجھکو
ذرے مین مہر ملا قطرے مین قلزم مجھکو

شوق پر خندہ ہے یا اذن تکلم مجھکو
کوئی بتلاؤ تو مقصود تبسم مجھکو

شوق آغوش تو کچھ اور ہی کہتا ہے مگر
نازکی پر تری آتا ہے ترحم مجھکو

یاد بھی اوس بت کافر کی ہے ظالم ورنہ
دل سے کیون آتی ہے آواز تظلم مجھکو

تم مکانون کے ہو خواہان مین مکین کا جویا
تم پر اے شیخ و برہمن ہے تقدم مجھکو

ہنسکے کہتا ہے غم یار کہ سبحان اللہ
گر تصور مین بھی آتا ہے تبسم مجھکو

ہوگیا ہجر مین اوس بت کے چمن دشت بلا — شاخ گل مار ہے گلبرگ ہے کژدم مجھکو

زلف مشکین سے تیرے غمزہ کی تسکین بانہون — تیرے عشوے کا جو ملجا ہے تحکم مجھکو

زخم دل بولا جو کی فکر دوا کچھہ مین نے — راہ مقصود ہون مین تم نہ کرو گم مجھکو

اس گمان سے کہ یہ مطلب کی کہیگا اپنے — نہین دیتے ہین کبھی اذن تکلم مجھکو

ہون مین بیمار غم عشق بتان اے واعظ — اپنی ہی خاک پہ واجب ہے تیمم مجھکو

خون رولائیگا بھلا زخم کی صورت کب تک — اے لب یار تیرا ضبط تبسم مجھکو

ضبط نالہ نہین کرتا ہون مین بیوجہ فروغ
فلک پیر پہ آتا ہے ترحم مجھکو

ردیف ہاے ہوز

خرام ناز سے کہدو ذرا آہستہ آہستہ — نہو جاے کہین محشر بپا آہستہ آہستہ

یہ کسکے پاؤن کی آئی صدا آہستہ آہستہ — کہ بہر پیشوائی دل چلا آہستہ آہستہ

غبار قیس پہ مجھکو نہایت رشک آتا ہے — کہ فرش کوچۂ لیلی بنا آہستہ آہستہ

مین وہ ہون ناتوان ہے پاس خاطر جسکا عالم کو — مرے صحرا مین چلتی ہے ہوا آہستہ آہستہ

نہ تنہا دل ہوا غمگین نکلجانے سے پیکان کے — جگر بھی دیر تک روتا رہا آہستہ آہستہ

نگہ پہنچی تبسم زیر لب ہے غور کر اے دل — کچھہ اب کہتی ہی پردے مین حیا آہستہ آہستہ

قیامت ہے مریض عشق سے یہ بات کا کہنا — کہ کرتی ہے اثر اپنا دوا آہستہ آہستہ

نہین طاقت ہے ہم مین اے فروغ اب لب ہلانیکی

کرینگے اشک شرح مدعا آہستہ آہستہ

رونے سے رکھا ہے چشم سر و کار ہمیشہ
تا سبز رہے نخل غم یار ہمیشہ

دل صبر کا دشمن ہے مجھے صبر سے الفت
ہوتی ہے بہم اسلیئے تکرار ہمیشہ

کیا شکوۂ بیداد و ستم اوس سے مین کرتا
مین بھی تو رہا اونکا طرفدار ہمیشہ

یہ غم بھی عجب جنس گرانمایہ ہے واللہ
رہتے ہین بہت اسکے خریدار ہمیشہ

فرقت مین بھی ہمنے کبھی تکلیف نہ پائی
غمخوار رہا اپنا غم یار ہمیشہ

انجام ستم دیکھ لے اے چشم جفا جو
گردش مین رہا چرخ ستمگار ہمیشہ

کہتی ہے پریشانئی دل مجھسے کہ تجھکو
اوس زلف مین رہنا ہے گرفتار ہمیشہ

میخوار نہ تھے شیخ تو پھر پاس مغان کے
کیون رہن رہا جبہ و دستار ہمیشہ

کرتے ہین فروغ آپ عبث فکر و تردد
دوزخ مین رہینگے نہ گنہگار ہمیشہ

کیا پری یون کو کرتا ہے مسخر آئینہ
سحر کہتا ہے بلا کا یہ ستمگر آئینہ

پھر نہوتا اوسکی خود بینی کا رہبر آئینہ
میرے دل کا گر بناتا آئینہ گر آئینہ

صنعت مخلوق ہے یہ اور وہ صنع اللہ
اوسکے رخ سے ہو مقابل کیجیے کیونکر آئینہ

جلوہ گاہ عکس مژگان ستمگر جبسے ہے
چبھ رہا ہے میرے دل مین مثل نشتر آئینہ

ہین عیان عکس دو گیسوے بلائین چار اور
دل ہمارا آئینہ رخسار دلبر آئینہ

اونکو خود بینی سے فرصت ہی نہین جو آئین یان
ہو رہا ہے آجکل سد سکندر آئینہ

ہوشیار اے دل کہ پھر آثار حیرت ہین نمود
خواب مین ہمکو نظر آتا ہے شب بھر آئینہ

مہر انور ہو خجل جسکے کف پا سے فروغ
روبرو اوسکے بھلا ٹھیرے یہ کیونکر آئینہ

ردیف یاے تحتانی

ذرا کہدو نگاہ شرمگین سے
فلک کو شرم آتی ہے زمین سے

تیری صورت کے معنی پوچھتا ہین
جو ہوتا قرب صورت آفرین سے

بتون کا ذکر کیا مین خود ہون بیزار
تمناے دل آفت گزین سے

مری آنکھون پہ پردہ پڑ گیا تھا
لڑین جا کر جو اوس پردہ نشین سے

ترے وعدے پہ کرتا ہون نہین کیسے
نہ شرمانا مجھے میرے یقین سے

گدائی مانگتا ہون مین نہ شاہی
مجھے خود عار ہے تاج و نگین سے

فروغ اب نالہاے دل کو روکو
نہ بڑھجائین کہین عرش برین سے

نہ آئین باز وہ اپنی نہین سے
ہمین باز آئینگے جان حزین سے

یہ کیسے ہوگئے ہم اونکے غم مین
کہ ہمکو پوچھتے ہین وہ ہمین سے

کیا دل نے جو عزم کوے جانان
تو جان بولی کہ مین رخصت ہمین سے

نکالون کس طرح مین دل سے غم کو
مکان کی زیب و زینت ہے مکین سے

خدا جانے قرار و صبر و تسکین
خفا کیون ہین دل اندوہگین سے

عیان ہین جوہر تیغ قضا سب
بت سفاک کی چین جبین سے

یہ دل کی بیقراری جا ہی کیونکر
خبر بہی تو نہین آتی کہین سے

فروغ اون سے نہ رکہیے ہان کی امید
اونہین فرصت نہین ہوگی نہین سے

اونکی تیغ ناز کچھ چلتی ہے شرمائی ہوئی
آج شاید کچھ دل نالان کی شنوائی ہوئی

دل مین پھر پیدا ہوا ہے دشت پیمائی ہوئی
پھر جنون فتنہ زا کی کارفرمائی ہوئی

آج کچھ برہم ہے شاید ہمسے وہ گل پیرہن
ورنہ کیون باد صبا آتی ہے گھبرائی ہوئی

اس سے ہے امید تمہارے دل نہ رکھنا تو کبھی
ہر کلی نخل تمنا کی ہے مرجھائی ہوئی

ضبط نے میرے جلا کر خاک مجھکو کر دیا
آتش سوزان مرے حق مین شکیبائی ہوئی

کیون جھجکتا ہے دل نالان خدنگ ناز سے
غیر ممکن ہے کہ پھر جائے قضا آئی ہوئی

بیخودی یون بے سبب ہمکو نہین ہوتی کبھی
رات بزم غیر مین کچھ بادہ پیمائی ہوئی

یہ کتاب بیقراری جسکا دیباچہ ہے آہ
اس دل مضطر کی ہے تصنیف فرمائی ہوئی

حسرت و اندوہ و غم سے گھر و باہر ہی ہین
یاد اک پردہ نشین کی دل مین ہے آئی ہوئی

دیکھتے ہی پاؤ وحشت میرا چلانے لگی
تھی جو زنجیر جنون مجنون کی بنوائی ہوئی

تیرے چھینٹون سے نہین بجھنے کی اے واعظ کبھی
آتش دل ہے کسیکے غم کی بھڑکائی ہوئی

قصد توبہ کا نہ اوسنے کر لیا ہوا ہے فروغ

آرزوے وصل ہی کچھ آج گھبرائی ہوئی

خدنگ ناز سے کہدو ذرا خدا کے لئے
کہ چھوڑ دے کوئی دو چار تو قضا کے لئے

مرے ہی دل کو بنایا مری تمنا نے
جگہہ تلاش جو کی طرح کربلا کے لئے

نگاہ ناز نے سب ابتدا مین کر چھوڑا
رہا نہ طرز ستم کوئی انتہا کے لئے

ہجوم غم دل نالان کو پا کے کیا خوش ہے
بہت ملول تہا یہ کاروان درا کے لئے

حنا کو خون جگر سے بہت دنون سینچا
نئے طریق سے بوسے لیے کف پا کے لئے

جفائے یار نے شکوہ مری وفا سے کیا
جو مین نے ہاتھ اوٹھائے کبھی دعا کے لئے

چھوڑا کے دیر کو راہ حرم بنانا ہے
نہ شیخ بن تو برہمن ذرا خدا کے لئے

اوسکے دل مین ہمیشہ غبار ہم سے رہا
کہ خاک راہ بنے جسکے نقش پا کے لئے

فروغ کیا مجھے دیوانہ تم سمجھتے ہو
ہوا ہون آپ سے بیگانہ آشنا کے لئے

کسی سے یہ کہنے کے قابل نہین ہے
کہ پہلو مین پھر شام سے دل نہین ہے

تصور بھی بوسے کا کہتا ہے مجھسے
کہ تو منہہ لگانے کے قابل نہین ہے

پڑی ایسے دریا مین کشتی ہماری
کہ جسکا دو عالم مین ساحل نہین ہے

نگر سنج گر تجھسے خنجر نہ اوٹھا
ادا کیا تیری یار قاتل نہین ہے

سلاسل سے ہے اے جنون زور تیرا
تجھے کچھ بھی خوف سلاسل نہین ہے

ذرا سوچ تو تجھکو جانا کہان ہے
ارے دل تجھے فکر منزل نہین ہے

فروغ اب تو ساماں چلنے کا کیجے
یہ بستی تو رہنے کے قابل نہین ہے

دل سے ہوس ناصیہ سائی نہین جاتی
تحریر جبین ہمسے مٹائی نہین جاتی

نادم ہون بہت دل سے ہین آ وعدۂ جانان
اب بات کوئی مجھسے بنائی نہین جاتی

منظور نظر یاتے تھے ہمین واہ ری قسمت
یا آنکھ بھی اب ہمسے ملائی نہین جاتی

اطفال سے امید وفا کیا کوئی رکھے
اشکون سے لگی دل کی بجھائی نہین جاتی

دنیا مین بجز شدت تکلیف شب ہجر
وہ کیا ہی جو انسان سے اوٹھائی نہین جاتی

للہ ذرا صبر تو کر اے دل مضطر
یون خاک مین توقیر ملائی نہین جاتی

اللہ رے بیرحمی شمشیر تغافل
بسمل سے ذرا خاک اوڑائی نہین جاتی

اے نالۂ دل تو ہی وہان جاکے خبر کر
زحمت شب فرقت کی اوٹھائی نہین جاتی

کسطرح کہین تیر نظر سے کہ پلٹ جا
ہمسے تو دلا آنکھ چرائی نہین جاتی

بیتابی دل ہمسے فروغ اب کسی صورت
آغوش تمنا مین سلائی نہین جاتی

کسلئے یہ شور و شر اے نالۂ شبگیر ہے
عشق کا روز ازل سے ہجر دامنگیر ہے

کون کہتا ہے کہ زلف پرشکن زنجیر ہے
یہ مری تقدیر کی پیچیدہ اک تحریر ہے

ہر قدم پر سیکڑون جانین فدا ہونی لگین
کیا خرام ناز ہے کیا ناز کی تسخیر ہے

اپنی مژگان کو چھپالو تم خدا کیواسطے
مین کماندارون کو سنتا ہون تلاش تیر ہے

سیکڑوں تیر جفا کھاتا ہی پر ہلتا نہیں
طائر دل ہے سراپا طائر تصویر ہے

کچھ سبب ہے زلف میں پھنسی کا دل کے ورنہ کیون
باہمہ آزادگی یون بستۂ زنجیر ہے

آمد آمد یا الٰہی کس شکار افگن کی ہے
جسکا صحرا مین تمنائی ہر اک نخچیر ہے

چین نمایان کرکے پیشانی پہ فرماتے ہین وہ
یہ ہمارے طالبان وصل کی تقدیر ہے

جان شیرین کیون نہ کہوتا کوہکن گر جانتا
صاحب صبر و محن سیراب جوئے شیر ہے

دولت بیدار ہے عالم مین عجز و انکسار
خاک کو دے خاکساری غیرت اکسیر ہے

مرشد کامل نے ہمکو یہ نصیحت کی فروغ
بے غرض احسان کرنا اک عجب تسخیر ہے

جو یہ سمجھتے کہ ایسی بری ہے خو دل کی
تو بھولکر بھی نہ ہم کرتے آرزو دل کی

ضرور کوچۂ گیسو سے کوئی آتا ہے
مشام جان مین مہک آ رہی ہے بو دل کی

پسند یار جو ذلت ہوئی تو بسم اللہ
اونہین کے غم نے بڑہائی تہی آبرو دل کی

عجب مذاق کی کرتا ہے آجکل باتین
قریب آکے ذرا سنئے گفتگو دل کی

ہوئی ہے آج یہ کیون صبح سے الٰہی خیر
تلاش دل کو مری مجھکو جستجو دل کی

یہ کسکے آتش رخسار کا ہے شیدائی
کہ شکل شعلے نے پائی ہے ہو بہو دل کی

گمان یہ ہمکو نہ تہا آپکی محبت سے
کہ اپنی جان بہی ہوجائیگی عدو دل کی

سنا ہے لشکر مژگان کی کی ہی مہمانی
خدا ہی ہے جو رہے آج آبرو دل کی

اونہین کے دل کی صفائی کا سیکہے انداز
جو اشک گرم سے کرتے ہین شست و شو دل کی

فروغ کہیے تو اس بیخودی کے عالم مین
تلاش اپنی کرین ہم کہ جستجو دل کی

دل مرا اونکی طبیعت سے وہ تون نازکتر بنے
سخت حیرانی ہے مجھکو دیکھیے کیونکر بنے

ہے یہ کافر ماجرائی حضرت عشق آپکی
ورنہ دل کو کب لیاقت تھی کہ اسکا گھر بنے

کون مہمان ہے ترے گھر مین بتا بتا اے دل کہ رات
پتلیان دربان نہین آنکھون کے حلقے در بنے

دوست ہے یا دشمن کا اوسکے جب یہ پیچ خم کینہ جو
پھر بھلا دل کی ہمارے بگڑی ہوئی کیونکر بنے

گر ترے روے کتابی کا سنے گلزار وصف
ہر ورق گل کا یقین ہے شوق کا دفتر بنے

رات مجھسے وہ کہ مفرط بڑے اصرار سے
پوچھتے تھے داغ دل کیسے بنے کیونکر بنے

بارگاہ گردش چشم ستمگر سے فروغ
حکم ہی پھر ہما اشہر سے باہر بنے

مطلب اپنا ہم نہ اوسے یاد کر کہنے کو تھے
کچھہ مصیبت دل کی کچھہ حال جگر کہنے کو تھے

دیکھہ لو اب غیر سے کچھہ بن نہین پڑتی تمھین
بس ہمین کو تم برا آٹھون پہر کہنے کو تھے

پیشتر آنے سے اونکے بیخودی سی آگئی
کچھہ نہ کہنے پاے ہم اور کسقدر کہنے کو تھے

دل کی بیتابی سے کل شرما گئے وہ ورنہ کچھہ
ہم ادہر سننے کو تھے اور وہ اودہر کہنے کو تھے

ہے بڑا احسان ادب کا منع جسنے کر دیا
ورنہ اون سے آج ہم دل کی خبر کہنے کو تھے

ہو چکین غیرون سے باتین یا ابھی باقی ہین کچھہ
ہم بھی حال درد دل کچھہ مختصر کہنے کو تھے

گفتگو زاد سفر کی اب عبث ہے اے فروغ

شرم عصیان سے کہا ہوتا اگر کہنے کو تھے

نظر بطرح کچھہ بدلی ہوئی ہے چشم پرفن کی
نگاہ قہر یارب برق ہوگی کسکے خرمن کی

دل ناشاد مین پھر ناامیدی گھر بناتی ہے
خبر لے او خدنگ ناز جانان اپنے مسکن کی

ہمیشہ یا الٰہی تر رہے خون شہیدان سے
رہے رشک گلستان ہر گلی قاتل کے دامن کی

سمجھتا ہے جہان سینے کو میرے وادی ایمن
وہ مشعل تیرے سوز غم نے میرے دلمین روشن کی

مرے لب پہ جفائے دوست کا شکوہ معاذ اللہ
شکایت بھی کبھی مجھسے سنی بیداد دشمن کی

عنایت جو نگاہ ناز کی ہے دل پہ کیا کہئے
عیان ہے سارے عالم پہ حقیقت برق و خرمن کی

ذرا آکر تماشا دیکھئے اس دل کے زخمون کا
بہار اب دید کے قابل ہوئی ہے میرے گلشن کی

کہان لیجاؤن یارب اس دل مضطر کو بہلانے
چمن سے بھی تو آتی ہے صدا فریاد و شیون کی

الٰہی کیا ہوے وہ دن کہ وحشت مجھہ پہ مرتی تھی
جنون کو آرزو رہتی تھی مرے جیب و دامن کی

تڑپنا دیکھکر دل کا مرے مخلوق کہتی تھی
کہ یارب یہ نہو حالت کسی دشمن سے دشمن کی

بلائین لیتی تھی دست تمنا کس محبت سے
کبھی میرے گریبان کی کبھی جانان کے دامن کی

نہ خالی ہو مری پیری خیال روئے جانان سے
رہے یارب خزان بھی گل بداماں میرے گلشن کی

فروغ اوس گفتگو سے شب کا مطلب آپ کچھہ سمجھے
شکایت تھی تمہارے نالہ و فریاد و شیون کی

گل کو پہچان تو بلبل کہ یہ تن کسکا ہے
اسکے نعرے کی صدا حرف و سخن کسکا ہے

آپ ہی سے قد دلجو نے کیا حشر بپا
اور یہ کام بھلا شفق مین کسکا ہے

ہنس دیئے گل کسطرح مین نے جو گلشن مین کہا
یارب ان غنچون کی مانند دہن کسکا ہے

ہے وہی بلبل مہجور شکستہ پر و بال
اور یہ غل پس دیوار چمن کسکا ہے

بیوفائی کا گلہ شیوۂ عشاق سہی
آشنائی مین جفا کیجئے چلن کسکا ہے

رنج کا گھر ہے کبھی مسکن راحت ہے کبھی
نہین معلوم یہ دل خاص وطن کسکا ہے

ایک دم کو نہین گردش سے تجھے چین کبھی
ایسا جوئندہ تو اے چرخ کہن کسکا ہے

خلق کہتی ہی اسے رشک گلزار جنان
دل پر داغ خدا جانے چمن کسکا ہے

ہے حدیث نبوی یہ کہ تو رہ مثل غریب
یہ مسافر کدہ دنیا ہے وطن کسکا ہے

وہ نہ گلشن ہی رہا اور نہ وہ اسکی بہار
اب تصور تجھے اے ذوق چمن کسکا ہے

شوخ کس درجہ کلام آپکا ہوتا ہے فروغ
سچ تو فرمائے یہ طرز سخن کسکا ہے

پھر دل سے مرے آج مری آہ لڑی ہے
حیران ہون کہ آپس مین یہ کیا پھوٹ پڑی ہے

کرنا نہ ضیا ذکر مری کلفت دل کا
کہنا کہ تری یاد کو تکلیف بڑی ہے

کاکل سے تمنا مری آگے نہین بڑہتی
یہ خام ابھی ایک ہی سودے پہ اڑی ہے

پر جلتے ہین فریاد کے جاتے ہوئی وان پر
دیکھو تو کہان جا کے مری نگہ لڑی ہے

نکلے ہے کہان آ دل وحشی ادہر آ تو
زنجیر جنون آپکی مشتاق بڑی ہے

ناصح نہین مانیگی تمنا سے دل زار
کچھ کہئے نہ اسکو کہ یہ بیہودہ بڑی ہے

کس خواب گران مین ہو فروغ آنکھ تو کھولو

خورشید قیامت کا ہے اور دہوپ کڑی ہے

پہر خرابی کے ہین آثار خدا خیر کرے
ہمسے اور دل سے ہے تکرار خدا خیر کرے

رات سے درد ہے پہر زخم جگر مین پیدا
اور دوا سے ہے ہمین عار خدا خیر کرے

دل بلا مین تہا پہنسا فکر تہی ہمکو اوسکی
اب ہوئے ہم بہی گرفتار خدا خیر کرے

آج پہر شام سے یہ درد و غم و رنج و الم
ہمکو کرتے ہین بہت پیار خدا خیر کرے

ہوگیا ہو نہ کہین شیخ بہی اوس بت پہ فدا
سبحہ کے ساتہہ ہے زنار خدا خیر کرے

خواب مین رات بڑی حیلہ و چالاکی سے
ہمنے چومے ہین لب یار خدا خیر کرے

دیکہکر اون کا تبسم دم ذکر دل زار
پہر یہ آنکہین ہوئین خونبار خدا خیر کرے

پہر مرے زخم جگر نے بحضور قاتل
وا کئے پہر لب اظہار خدا خیر کرے

آج پہر دیکہو فروغ اوس بت کافر کے حضور
حال دل کرتے ہین اظہار خدا خیر کرے

بہت داغ ہین جسمین وہ دل یہی ہے
سواد چمن کا مقابل یہی ہے

اسی دل مین ہوتی ہین قتل آرزوئین
تماشاگہ رقص بسمل یہی ہے

نہ جانا غم یار تو دل سے میرے
مکان تیری رہنے کے قابل یہی ہے

دم قتل ہرگز تڑپنا نہ اے دل
یہان پاس آداب قاتل یہی ہے

رولائیگی خنجر کو خون دیکہہ لینا
اگر حسرت دیدۂ دل یہی ہے

تمہارے کف پا سے ہونگے خجل ہم
جو پامال شیشۂ دل یہی ہے

لیا مین نے کب نام تیری ادا کا — قضا میری کہتی ہے قاتل یہی ہے
ہنستی جو ایک دم نہ روتی تو اتنا — سزا تیری اے شمع محفل یہی ہے
کوئی دم مین کٹتا ہے اس دل کا جھگڑا — اگر خنجر ناز قاتل یہی ہے
نہ ٹوٹے ابھی تار جور و ستم کا — تقاضائے بیتابیٔ دل یہی ہے

دل زار پہ کیجیے جان کو قربان
فرغ اپنی لیلی کا محمل یہی ہے

جوش پر ہے پھر یہ بحر دیدۂ تر دیکھیے — رو سکتے ہین دست و دامن اسکو کیونکر دیکھیے
کیا تامل ہے جو کرنا ہو وہ سب دیکھیے — جان و دل حاضر ہین دونون بندہ پرور دیکھیے
پھر مزاج یار کچھہ برہم نظر آتا ہے آج — پھر بدلتا ہے زمانہ ہمسے تیور دیکھیے
پھر لب زخم جگر کچھہ خشک ہے اے چارہ گر — چاہتا ہے پھر یہ شاید آب خنجر دیکھیے
رات کیا ہمنے کہا تھا یاد ہے اے چشم تر — پھر یہ طفل اشک نکلے گھر سے باہر دیکھیے
اوٹھہ نہین سکتا ہے اب بار نگاہ لطف بھی — کسقدر کمزور ہے یہ جسم لاغر دیکھیے
بے تکلف آپ ہین آپ کے غم کے سوا — کون رہتا ہے ہمارے دل کے اندر دیکھیے
رات سے کہتی ہے مجھسے یہ گرانباری مری — ہمت دوش عزیزان آج مرکر دیکھیے
ناخن اندیشۂ دل گرم کاوش ہے بہت — کب کھلے یہ عقدۂ زلف معنبر دیکھیے
کیجیے اوس سے محبت ہے وہی کچھہ کام کا — جس دل بیتاب کو قابو سے باہر دیکھیے
اونکے آنے کی خبر اے دل نہایت گرم ہے — اب کہین جانے نہ پائے جان مضطر دیکھیے

نامۂ شوق اپنا پہلے تہا نہایت مختصر
رفتہ رفتہ ہوگیا دفتر کا دفتر دیکھیے

دیکھنا ہے حال ہمکو رند و زاہد کا فروغ
کون چھپتا ہے تہِ دامانِ محشر دیکھیے

دل پہ کچھ آفت نئی دیکھی ہے کیا آتے ہوئے
میری آنکھوں مین جو اشک آتے ہین گھبراتے ہوئے

اے کشش کب تک فریبِ وعدہ اسکو دیجیے
شرم آتی ہے مجھے اب دل کو سمجھاتے ہوئے

یہ ستم ایسی بختِ برگشتہ کہ اوس بے رحم کو
خواب مین بھی شرم آتی شکل دکہلاتے ہوئے

حسرتِ دل نے کیا تہا رات ایک محشر بپا
دیکھکر اوس بزم مین پروانے کو جاتے ہوئے

پارسائی سے تو اب پھر خدا باز آئے
عمر گذری آرزو کو مری شرماتے ہوئے

ہمنے دیکھا ہے چمن مین دیکھکر اونکی بہار
رنگِ گل کو بوئے گل کی طرح اوڑجاتے ہوئے

کسقدر سر اپنا پٹکا دل نے کوئے یار مین
ناتوانی کو جو دیکھا پاؤن پہیلاتے ہوئے

اونکا جانا پاس سے مرے وہ آکر دیکھ لے
جس کسی نے تجھ جان کو دیکھا ہو جاتے ہوئے

ہجر کی شب اس دلِ بیتاب نے خون رو دیا
صبرِ بیکس کو جو دیکھا ٹہوکرین کہاتے ہوئے

کچھ عمل ہوتا تو ہم بھی ساتھ لیجاتی فروغ
شرم آئیگی ہمین جنت مین یون جاتے ہوئے

نکل جاؤ دلِ مضطر مرے کاشانۂ تن سے
غضب مین جان ہے میری تری فریاد و شیون سے

عجب کچھ جنبشین ہین یہ حضرتِ دل بھی معاذ اللہ
شکایت جور کی کرتے ہین اوس کافر کی چتون سے

بوقتِ ذبح بہمایا ہے مین نے خون کو اپنے
کہ محشر تک نہو نا تو جدا قاتل کے دامن سے

عجب ہنگامہ رہتا ہی بپا اس کشور دل مین
خیال زلف لڑتا ہی ہوائے روے روشن سے

برا ہو اس بدآموز بتان یعنی مرے دل کا
عیان تجھسے صلح کی آثار کل تک اونکی چتون سے

مجھے عشق آگیا تھا گل چمن مین دیکھ کر گل کو
نہایت منفعل ہون آج مین اوس شوخ بدظن سے

گلون کو دیکھ کر یاد آ گئے شاید داغ دل میرے
سنا ہے آج کل بیزار ہین وہ سیر گلشن سے

وہ مجنون ہون اگر روتا ہوا جاؤنگا مین صحرا کو
تو اشکون کو مرے پونچھے جنون صحرا کی دامن سے

وبال جان ہوا آخر کو رہنا دل کا پہلو مین
بہت چوکے جو ہمنے دوستی کی اپنے دشمن سے

ہوا تاریکیی مرقد مین آکر ہمکو یہ روشن
کہ شمع زندگی روشن ہوئی تھی شمع مدفن سے

فروغ اپنے مقدر کا بھلا پھر پوچھنا کیا ہے
تصور مین وہ پونچھین میرے آنسو اپنی دامن سے

سرگشتہ پھر خال رخ یار ہو گئے
ہم دل لگا کے نقطے سے پرکار ہو گئے

لاغر ہوئے ہم اتنے کہ نفرت ہوئی اونہین
ایسے سبک ہوئے کہ گرانبار ہو گئے

رخصت ہوا ہے امید نشاط شب وصال
ہم نذر امتحان غم یار ہو گئے

وہ دیکھتے ہین ہمکو پس قتل بار بار
ہم قتل ہو کے کیا ہی طرحدار ہو گئے

اے چشم شوق تو نہ مٹی ہم تو مر مٹے
پردے تیرے حجاب رخ یار ہو گئے

پیدا اعتبار عشق بھی کیا ہے بلا جان
تڑپا تو غیر تجھسے وہ بیزار ہو گئے

ہمسے نہ پوچھو عالم آزادگی کا حال
ہم آنکھ کھولتے ہی گرفتار ہو گئے

دیکھا جب اونکو یا مرے حال نزار کو
گلہاے باغ دیدۂ خونبار ہو گئے

یہ ہے کمال خوبیٔ زلف دوتا کہ ہم
سنبل کو دیکھتے ہی گرفتار ہو گئے

بگڑے سفارش دل مضطر پہ وہ فروغ
ہم کار خیر کر کے گنہگار ہو گئے

کلیجا آج پھر منھ کو دم فریاد آتا ہے
وہی بیداد گر پھر دل کو شاید یاد آتا ہے

قفس سے گو چھٹے مدت ہوئی لیکن مجھے اب تک
خیال انتشار خاطر صیاد آتا ہے

وہ رخ بھی تو نہیں کرتے ادھر کیا ذکر آنے کا
تمہیں کچھ ننگ بھی آنا لۂ فریاد آتا ہے

الٰہی کس جگہ یہ وحشت دل مجھکو لائی ہے
جدھر دیکھو ادھر سے ناوک بیداد آتا ہے

نہیں معلوم یارب یہ رکاوٹ یا نزاکت ہے
بہت آہستہ آہستہ ستم ایجاد آتا ہے

خموشی سے تو میری پوچھ لے ای غمزۂ دلبر
کبھی پھر سے بھی لب پر شکوۂ بیداد آتا ہے

تعجب ہے بہت مجھکو کہ با این حزم و ہشیاری
بتوں کے دم میں کیونکر یہ دل ناشاد آتا ہے

کہیں کیا کون کرتا تھا ہماری منتیں ہر دم
بھلا اب وہ زمانہ کب کسیکو یاد آتا ہے

مرے ہوتے ہوئے غیروں پہ ہو مشق جفاکاری
بہت افسوس مجھکو اے ستم ایجاد آتا ہے

بہت خوش ہو کے جان پھر لب پہ استقبال کو آئی
کدھر سے یا الٰہی مژدۂ بیداد آتا ہے

اثر کو آشتی لازم ہے ورنہ دیکھیے کیا ہو
دل بیتاب خود لب پر لیے فریاد آتا ہے

بہت لڑتا ہے میری ناتوانی سے غم جاناں
دل مضطر میں رہنے کا مزہ جب یاد آتا ہے

یہ شور و شر جو سنتے ہو نہیں ہے حشر کا ساماں
فروغ خستہ دل کرتا ہوا فریاد آتا ہے

خدا سمجھے مری اس چشم تر سے
بہڑایا دل کو کس کا فر نظر سے

تغافل او نگاہ ناز اتنا
گرے جاتے ہین ہم اپنی نظر سے

کسی پہلو نہین ہے ہجر مین چین
جو دل بیٹھا تو درد اوٹھا جگر سے

طلب کرتا ہے ہر دم داغ تازہ
کلیجا پک گیا اب تو جگر سے

قرار و صبر میرے عمر سے تک
نہین آتے دل مضطر کے ڈر سے

نگاہ ناز اونکی زور پر ہے
گرائے جسکو وہ چاہے نظر سے

دل گستاخ کا ہو خانہ ویران
نکالا جسنے مجہکو اسکے گھر سے

آلہی بند تھے میرے لب و چشم
یہ لخت دل نکل آئے کدھر سے

ہوئے پامال ہم کوچے مین اونکے
پڑا ہی بوجہ اترا اپنے سر سے

جواب نامہ و پیغام کیسا
لڑائی ٹھن گئی خود نامہ بر سے

ہمارے دل کے کام آئے الٰہی
کٹاری وہ لگاتے ہین کمر سے

ہوئے جاتے ہین زخم دل کی در بند
غم جانان اب آئیگا کدھر سے

بلندی دیکھے گر اس میکدے کی
عمامہ شیخ کا گر جائے سر سے

نماز وصف دندان کا ہے گر قصد
وضو کیجے فروغ آب گہر سے

کسطرح نظر آئیگی شکل اونکی کمر کی
تصویر کہنچی ہے مرے نالون کے اثر کی

شمشیر اجل کا مجھے ممنون نہ کرنا
اے تیغ نگہ تجھکو قسم ہے مرے سر کی

اے درد نہان آپکی کیا بات ہے بللہ
لی خوب خبر دل کی مرے اور جگر کی

ٹوٹے نہ ابھی تار مجھے خوف ہے اشکو
خجلت نہو دمساز کہین دیدۂ تر کی

جز بست کوئی آنکھہ ملاتا نہین اس سے
شاگرد ہے یہ دختر رز کسکی نظر کی

ہمدم ہے کسی کان ملاحت کا تصور
کٹتی ہے بڑی لطف سے اب زخم جگر کی

غیرت تو فروغ آہ شرربار کی دیکھو
کہتی ہے کہ ممنون نہونگی مین اثر کی

ہوا دل خاک اور زخم غم دلدار باقی ہے
گری دیوار لیکن رخنۂ دیوار باقی ہے

خدا کیواسطے مجھکو نہ کیجے منع رونے سے
ٹپکنا دل کا خون ہوکر ابھی اے یار باقی ہے

تغافل کی شکایت کو نہ لاتا لب پہ مین لیکن
تحمل اب نہین دلمین بت عیار باقی ہے

صفائی پر تو اپنی اسقدر نازان نہو اے دل
ابھی آئینہ مین تیرے بہت زنگار باقی ہے

لیا کرتے ہین بل کیا وہ نگے گیسوے مصحف رخ
ابھی رنجش میان کافر و دیندار باقی ہے

نہین آتا ہی پھر فاتحہ تو خاک پر میری
ترے دل مین غبار اے یار یا کچھہ عار باقی ہے

تعجب ہے کہ ترے عہد مین اے ساقی سرخوش
تن زاہد پہ اب تک جبہ و دستار باقی ہے

فروغ خوش بیان اک اور بھی تازہ غزل لکھے
ابھی تو کلک مین کچھہ شوخی رفتار باقی ہے

نہین بیوجہ یہان کچھہ تن بیجان زار باقی ہے
وہان کچھہ پردۂ انکار مین اقرار باقی ہے

غم جانان کمی ہرگز نہ کرنا دل کی کاوش مین
ابھی کچھہ آرزوے دیدۂ خونبار باقی ہے

کہان جاتا ہی اے دل زخمی تیر مژہ ہو کر
ابھی تو تیغ ناز دلربا کا وار باقی ہے

سنا ہی کیجیے صاحب تمہاری اس زبان ہین
کہان یوسف کی بو وہ گرمی بازار باقی ہے

سے ہے یار بے ترقی پہ ستم اونکا جفا اونکی
دل مضطر مین جب تک خواہش آزار باقی ہے

کہلا پھر یہ عقدہ بعد مردن قبر مین آکر
بہت آسان تھا جو گزرا بہت دشوار باقی ہے

لحد مین بھی وہی سامان وحشت سب مہیا ہین
وہی ہم ہین وہی دل ہے وہی آزار باقی ہے

سبب کیا پوچھتے ہو تم فروغ اس زندگانی کا
دہان کچھ پردۂ انکار مین اقرار باقی ہے

اگر کچھ خون دل کو دامن قاتل سے کہنا ہے
تو فرمان ادب کچھ ہمکو بھی اس دل سے کہنا ہے

جو کچھ کہنا ہے پروانے کو شمع محفل آرا سے
وہی ہمکو بھی اوس برہم زن محفل سے کہنا ہے

کہان جاتا ہی او قاتل ٹھہر پھر خدا دم بھر
ابھی خنجر کو تیرے کچھ دم بسمل سے کہنا ہے

دل نادان اوٹھا کر ہاتھ ہمکو اپنی ہستی سے
سلام شوق تیر خنجر قاتل سے کہنا ہے

کہو اس چرخ سے روکے نہ ہرگز تیر نالے کو
پیام دل وہی اوس لامکان منزل سے کہنا ہے

سحر بھی متصل ہے زندگی کی شب سے او غافل
زبان حال سے یہ شمع کو محفل سے کہنا ہے

جرس کسطرح چلاکر دل مجنون کو کہنا تھا
کہ میری چشم کو کچھ پردۂ محمل سے کہنا ہے

کسی افسون سے اوس چاہ ذقن تک جا نہین سکتے
یہ اب ہمکو اسیران چہ بابل سے کہنا ہے

نکل آئے ذرا پہلو ہی کمد سے اے غم جانان
مجھے کچھ اور کچھ اس چشم تر کو دل سے کہنا ہے

حصول اہل کرم سے کیا تہیدستان قسمت کو
زبان موج سے دریا کو یہ ساحل سے کہنا ہے

پہونچنا جام سنکر تا لب جانان کسی ڈہب سے
ذرا فرصت تو دو پہر خدا لے دردبیتابی

دم آخر مجھے پیدا ہنے آب و گل سے کہنا ہے
کہ پہر کچھ دل کو مجھ سے اور مجھے کچھ دل ہی کہنا ہے

فروغ اس آفتاب داغ دل کو روبرو کر کے
سلام عارض جانان مہ کامل سے کہنا ہے

سنا چاہے دل مضطر کا میرے گریبان کوئی
بتا سکتا نہیں اونکے دہن کا اب نشان کوئی
وہی حالت دل مضطر کی ہے سودائیوں کا کل مین
عجب نازو ادا سے خاک رہ یان کی تڑپتی ہے
بہت دیکھی ہین ہمنے دعوتین مخلوق مین لیکن
جسے دیکھو تمنائی ہے اونکے آب خنجر کا
جگر اور دل کی میرے دیکھکر بھڑکی ہوی آتش
دل محبوس کا کل آہ کیسا یاد آتا ہے
الٰہی آتش گل نے بھڑک کر کیا جلایا ہے
نگون سرتا زمین ہون اور نالہ آسمان جنبان
برائے نام ہی وہ اور اوسمین تیغ لٹکی ہے

دہان زخم دل مین تیغ کی رکہدے زبان کوئی
کسیکو ہو سخن گر اسمین تو کہولے زبان کوئی
کہ جیسے مضطرب ہو طائر بے آشیان کوئی
ابھی اس دشت سے شاید گیا ہے کاروان کوئی
نہ غم سا میہمان دیکھا نہ دل سا میزبان کوئی
نہیں اب چاہتا ہے خضر عمر جاودان کوئی
خدنگ ناز کہتا ہی کہ اب بیٹھے کہان کوئی
جو میرے سامنے آتا ہی پہنے بیڑیان کوئی
نظر آتا نہیں اب اس چمن مین آشیان کوئی
نہ مجھسا پیر عالم مین نہ مجھسا ہے جوان کوئی
سوا اسکے کمر کا اونکی دیگا کیا نشان کوئی

حرم مین بہی صنم کا کس ادب سے نام لیتا ہی
فروغ اس دل سا دیکھا ہی جہا نمین قدردان کوئی

اشک اب کم ہو چلے لخت جگر آنے لگے
پھول گر کر نخل مژگان مین ثمر آنے لگے

اندنون پھر غیر شاید اونکے گھر آنے لگے
پھر فرشتے موت کے ہمکو نظر آنے لگے

اضطراب دل کا شاید ہو چلا ہنگامہ گرم
لخت دل گھبرا کے سوے چشم تر آنے لگے

پھر ہجوم گریہ و آہ و فغان ہونے لگا
پھر دل مضطر کے منظور نظر آنے لگے

دیکھ اے دل آگیا اندہیر کا عہد شباب
گیسوے مشکین جانان تا کمر آنے لگے

فیض قید عشق سے کیا ہو گئے آزاد ہم
شادی و غم اب ہمین یکسان نظر آنے لگے

جلد چل اے دل اگر ہی سرخروئی کی طلب
کوچۂ قاتل سے مردم خون مین تر آنے لگے

تب کمال گریۂ بے اختیار شوق ہے
اشک تر کے ساتھ جب لخت جگر آنے لگے

پھر چلا پیمانہ شاید شوق کے بھی عمر کا
خط کیسے اب نہایت مختصر آنے لگے

بت پرستی کا ہماری نفع دیکھا زاہدا
پاس سے اللہ کے پیغامبر آنے لگے

کس لئے یہ شور و شر اے گریۂ بے اختیار
اب تو نالے دل سے مقبول اثر آنے لگے

ہم بھی قائل ہین ترے دل کی صفائی کے فروغ
اب تو وہ جان جہان آئینے نظر آنے لگے

نگاہ ناز کا پھرنا یہ چار سو کیا ہے
الٰہی خیر یہ انداز جستجو کیا ہے

نہ کفر و دین مین یہ عشوے نہ روز و شب یہ ناز
خدا ہی جانے کہ وہ زلف کیا ہے رو کیا ہے

جناب پیر مغان غور کیجئے تو ذرا
یہ میرے لب پہ صدا سبو سبو کیا ہے

کسیکے سوزن مژگان کی یاد ہی باعث
وگرنہ چاک جگر کو غم رفو کیا ہے

نگاہ ساقی و ناز نگاہ سے صہبا ہمارے واسطے فکر مے و سبو کیا ہے
عجب دماغ ہے خنجر کا اوسکے کہتا ہے کہ میری شان کے آگے تیرا گلو کیا ہے
کسیکے جور کی رسوائی کا ہے ہمکو خیال وگرنہ عشق کے نزدیک آبرو کیا ہے
نہین مجال سخن دان ہے اور اگر یوہی تو کس زبان سے کہین ہم کہ آرزو کیا ہے
ہمارے پردۂ ہستی مین کوئی بیٹھا ہے وگرنہ آپ ہمین اپنی جستجو کیا ہے

بہار عارض جانان کو دیکھتے ہین فروغ
چمن کے سنبل و گل کیا ہین رنگ و بو کیا ہے

اب اسکے بعد نہ کہیگا مجھسے تو کیا ہے وگرنہ مین بھی کہونگا یہ گفتگو کیا ہے
دل حزین سے مرے تجھکو گفتگو کیا ہے رہیگی پاس یہان لے امید تو کیا ہے
کہین وہ گھر سے نہ نکلے ہون دیکھہ تو اے دل وگرنہ آج یہ ہنگامہ چار سو کیا ہے
جلا کے خاک کیا خاک کو اوڑا بھی دیا اب اور ہمسے ترے دل کی آرزو کیا ہے
ہے آج پہلو مین برپا عجیب ہنگامہ کوئی سنو تو دل و غم مین گفتگو کیا ہے
غبار دل سے کسیکے دہلے تو جانین ہم وگرنہ رخ کی سے شکر یہ شست و شو کیا ہے
جو سوز دل سے نہ پڑھیے تو وہ نماز ہے کیا جو خون دل سے نہ کیجیے تو وہ وضو کیا ہے
یہ جان زار ہے کیون دل یہ اسقدر شیدا الٰہی دل مین بجز درد آرزو کیا ہے
جواب پائیگا اے دل زبان تیغ سے تو دہان زخم سے ہر دم یہ گفتگو کیا ہے
دل نحیف کو میرے کہان ہے تاب سخن جناب پوچھیے مجھسے کہ آرزو کیا ہے

فروغ تم بھی کہو تم او نہین سجا سے حضور
جو بات بات پہ کہتے ہین تمسے تو کیا ہے

آہ اتنا تک یہ آبلے دل کے
نہ بنے چہالے تیغ قاتل کے

اون سے پاؤنکی تیغ سے نکلے
خوب نکلینگے حوصلے دل کے

دیکھہ او قیس طور اس دل کے
ہین سب انداز اسمین محمل کے

دست قاتل کو چوم لین کہین
دیکھنے والے زخم بسمل کے

سخت جانی بس اب خدا کیلئے
دکھہ چلے ہاتھہ میرے قاتل کے

قیس کو خاک ہوکے رہنا تھا
گرد کیطرح گرد محمل کے

بدگمانی تو دیکھو ذبح کے بعد
بال و پر توڑتا ہے بسمل کے

اپنی چتون سے پوچھیے تو ذرا
کسنے توڑے ہین قفلے دل کے

فصل گل آئی دل مین لینے لگے
چٹکیان نالے سپہر عنادل کے

کھینچکر تیغ کھینچ رہا مجھسے
جذب دل دیکھہ جو قاتل کے

دونون آنکھین ہین چشم دید گواہ
اور ہم مدعی ہین اس دل کے

قیس لیلی کو کیسے پاسکتا
ہوش اوڑاتے تہے ناز محمل کے

ناخن تیغ سے کھلے آخر
جتنے عقدے تہے میری مشکل کے

کعبے سے تبکدے کو پہونچا دے
ہمتو جویا ہین اپنے کامل کے

شوق پابوس مین کسیکے فروغ

فرش ہم بنگئے ہین محفل کے

نہ سمجھا عمر گزری اس دل مضطر کو سمجھاتے — اگر ملتا تو اب ہم کچھ ترے خنجر کو سمجھاتے
کسیکے ناز کو سمجھا کے ایدل تم ہوئی ملزم — سمجھکر حضرت من آپ اوس خود سر کو سمجھاتے
ہمارا ہر رگ و پے کسقدر مشتاق کاوش ہے — اگر کچھ ہوش آ جاتا تو ہم نشتر کو سمجھاتے
زبان یار کا ہو طرز جسمین وہ ڈرے کیونکر — بتاؤ کسطرح ہم تیغ اور خنجر کو سمجھاتے
بتون کے حال سے ای اہل خلقت ناخبر تمکو — جو ہم ہوتے تو ہم کچھ اور ہی آذر کو سمجھاتے
تمنا تھی کہ وقت قتل کچھ ملتی اگر فرصت — گلو کو اپنے کچھ اور کچھ دم خنجر کو سمجھاتے
بہت مجبور ہین دل سے کہ ہمسے دور رہتا ہے — وگرنہ مار کر ہم خوب اس خود سر کو سمجھاتے

حضور حسن گر پرسش **فروغ** اپنی ذرا ہوتی
تو دل کے باب مین کچھ شکوہ دلبر کو سمجھاتے

اگر ملتا کہین تو پھر دل مضطر کو سمجھاتے — بہت گزری اگرچہ پہلے اُس تیر کو سمجھاتے
اثر نالے مین ہوتا یا عمل تسخیر کا ملتا — تو ہم آغوش مین لیکر پری پیکر کو سمجھاتے
نہ صدمہ اونہین اسطرح گرنا اونکے قدمون پر — گزرتی ہے ہماری بس یہی اس سر کو سمجھاتے
حیا کا اور گستاخی کا جھگڑا ہی رہا شب بھر — دل مضطر کو سمجھاتے کہ ہم دلبر کو سمجھاتے
اگر ہم جانتے یہ ظلم ہوگا اونکے زیور سے — تو ہم بننے سے پہلے کچھ الگ زرگر کو سمجھاتے
اگر کچھ ہوش آ جاتا تو سر کوبی کی حالت مین — کچھ اپنے سر کو ہم کچھ اوسکے سنگ در کو سمجھاتے
اگر خود رفتگی سے ایکدم فرصت ہمین ملتی — تو ہم بھی کچھ جناب واعظ منبر کو سمجھاتے

فروغ اولٹی سمجھ کیسی ہے ان سمجھانے والون کی
جو سمجھاتے ہین مجھکو وہ دل مضطر کو سمجھاتے

دل صد چاک کی سیر ہے نہ خبر تک پہونچے
اور شانے کی یہ قسمت کہ وہ سر تک پہونچے

شور گریہ کا ذرا باب اثر تک پہونچے
نمک خندہ کہین زخم جگر تک پہونچے

کیا غضب تو نہ پہنچی کیا اے اثر نالۂ دل
کہ وہ تہامے ہوئے دل کو مرے گھر تک پہونچے

شام غم جان سے کہتی ہے کہ چل لب کی طرف
ضعف کہتا ہے کہ شاید یہ سحر تک پہونچے

تمنے مجھسے جو کجی کی تو ہوا کیا اے جان
ناوک غمزہ تو سب سینے جگر تک پہونچے

غیر وان صورت پروانہ او چلتے جائین
اور اوس شمع کو میری نہ خبر تک پہونچے

نازکی زلف سے کہتی ہے کہ ڈر ہے مجھکو
تیرا سایہ نہ کہین ہوکے کمر تک پہونچے

دل بیتاب سے تمکو تو بہت گہیرے ہوئے
کہئے کس طور سے پھر تم مرے گھر تک پہونچے

قد دلدار جو طوبی ہے تو کیونکر یہ ہاتھ
زندگانی مین بہلا اوسکے ثمر تک پہونچے

ناتوانی کا بہت زور تہا لیکن اے یار
ہم عصا نالے کی لیکر ترے در تک پہونچے

شوخئی چشم سے ہو جائیے ہر اک حرف غزال
یہ غزل میری اگر اونکی نظر تک پہونچے

اے فروغ آپنے کچھ رنگ اثر بھی دیکھا
نالے بلبل کے تو گوش گل تر تک پہونچے

یہ رنگ مسی آیا ہے سوسن مین کہان سے
یہ سرخی پان آئی ہے گلشن مین کہان سے

وہ مرہی گیا جسکی طرف آپنے دیکھا
آیا ہے یہ زہر آپ کی چتون مین کہان سے

بلبل بہی مرے ساتھ یہ کہتی ہے کہ یارب
ہر ذرے پہ خورشید قیامت کا گمان ہے
ہر سمت سے حملہ ہے مرے نالون کا اوپر
اے آہ ست سوہی کہو اب تم کہ وہ مشعل
جہکتا ہی نہین سامنے اوس بت کے تیر اسر
داغون کو مرے دیکہکے بلبل بہی یہ بولی
باقی نہین اک قطرۂ خون بہی مرے تن مین
اوس بت کو پسند آئی ہے خود ہی یہ دورنگی

لالون مین اثر نالہ و شیون مین کہان ہے
آئے یہ تیرے قصر کے روزن مین کہان ہے
چین آئے اونہین ہمکو دشمن مین کہان ہے
آئی تہی بہلا ادمی ایمن مین کہان ہے
زاہد یہ رگ آئی تری گردن مین کہان ہے
گل اتنے بہلا آئینگے گلشن مین کہان ہے
اب چہینٹ پڑیگی ترے دامن مین کہان ہے
الفت یہ بہلا شیخ و برہمن مین کہان ہے

وہ فاتحہ پڑہنے کو **فروغ** آئے ہین ورنہ
بے تابیان آتین مرے مدفن مین کہان ہے

نہین خنجر نے صاحب کچہہ خطا کی
بہلا تو اور توجہ اوس ادا کی
صبا نے لا کے بو زلف دوتا کی
بہاؤ خون مری امید کا ہی
محبت تو بہی کیا بیداد گر ہے
خدا کے واسطے اے سخت جانی
وہ دل تہامے ہوئے بیٹہے ہین یہ دل

نزاکت آپ مین ہے انتہا کی
تمنا کر دل نادان قضا کی
پہنائین دل کو زنجیرین بلا کی
یہ صورت ہے ادائے خون بہا کی
مین اونکا وہ مرے سہتے ہین بتا کی
سہے ہے حسرت نہ اونکو کچہہ جفا کی
پڑی ہے تجہکو اپنے مدعا کی

نہین آیا کوئی ناوک تو پھر کیون
صدا پہلو سے آئی مرحبا کی

کرے عرض تمنا کچھہ دل زار
اجازت ہو اگر شرم و حیا کی

خدا جانے بتو ہو جاتے کیا ہم
جو اتنی بندگی کرتے خدا کی

فروغ اب دم نہ مار و زیر خنجر
یہی ہے راہ تسلیم و رضا کی

بر آئی آرزو اب تو ادا کی
تمنا سے دلی نے بھی قضا کی

بلا جانے تری زلف دوتا کی
کہ کیا حالت ہے جان مبتلا کی

نہ ہم دل کے نہ دلبر کے ہین شاکی
ہمین نے اپنے اوپر خود جفا کی

لڑی تو آنکھہ دل کا کر دیا خون
خطا کسکی تھی اور کسکی سزا کی

تکلف ہو رہے ہین دل مین کیا کیا
وفا نے کی ہے مہمانی جفا کی

کیا اوس بت سے جو اظہار مطلب
کہا مین اور تو قدرت خدا کی

جفائین آپ کی ہین خوب واقف
کہ ہمنے کس تمنا پر وفا کی

بہت مدت سے دل کو جستجو ہے
خریدار متاع ناروا کی

حجاب آتا ہے آئینہ سے اسکو
بھلا کچھہ انتہا ہے اس حیا کی

کیا کرتے ہین وہ نکلے گوش نازک
شکایت خندۂ گل کی صدا کی

کیا وہ کام بتخانے مین دل نے
کہ بت کہنے لگے رحمت خدا کی

فروغ اس دل کی نادانی تو دیکھو

تمنا اوس سے رکہتا ہے وفا کی

تدبیر چلی نہ جستجو کی — تقدیر یہیہ میری آرزو کی
اے خنجر عشق چاک کردے — گلزار گلی مرے گلو کی
اس دل کی یہ کافری تو دیکہو — اللہ سے بت کی آرزو کی
کم ہوتی نہین ہے حیرت حسن — مسدود ہے راہ گفتگو کی
اے دیر و حرم کے جانیوالو — راہین یہ نہین ہین جستجو کی
ایک ہوش ربا ہی ایک جان بخش — یہ بو کی ہے کیفیت وہ خو کی
جب کہتا ہون سچ کہو تو ظالم — کہاتا ہے قسم سر عدو کی
بہاگا نہ نگاہ قہر سے دل — کیا چوٹ سنبہالی روبرو کی
جاتا نہین راہ پر تو سیدہا — اے نالہ یہ ہمسے بدسلو کی
دل ہی نہ رہا کہ جسمین تہی چاک — کیون فکر ہے چارہ گر رفو کی

اوس تیغ سے بہی فروغ ہرگز
کٹتی نہین گردن آرزو کی

وان تاب ہے کسکو گفتگو کی — کیونکہ ہو وکالت آرزو کی
مین بدر کو رخ کسیکا سمجہا — کیا رات مری نگاہ چوکی
کچہہ ذکر ہمارے بت کا واعظ — کچہہ فکر ہماری آرزو کی
حیرت ہے وہ سمجہے میرا مطلب — خاموشی نے خوب گفتگو کی

اے چارہ گر اک تڑپ مین دل کی — اور بڑھ جائینگی دھجیان رفو کی

کیا اون سے شکایت تغافل — ہے جنکو شکایت آرزو کی

گو گالیان دین مگر سنے تو — کچھہ رہگئی بات گفتگو کی

آب دم تیغ و چشم تر نے — دل کی مرے خوب شست و شو کی

پوچھو تو ذرا فروغ دل سے — کچھہ حد بھی ہے تیری آرزو کی

علم جب وہ تیغ دو سر ہو گئی — سرون کی مہم دم مین سر ہو گئی

تصور بھی مرہم کا کرنا نہ تھا — خطا تجھسے زخم جگر ہو گئی

نہ اب کیجیے آپ تکلیف کچھہ — جو ہونی تھی اے چارہ گر ہو گئی

دیا اوسنے پرزے سی خط کا جواب — بڑی خیر اے نامہ بر ہو گئی

مین سمجھا کہ توام ہین شادی و غم — دم خندہ جب آنکھہ تر ہو گئی

برا ہو نزاکت کا یان تک اونہین — پہونچتے پہونچتے سحر ہو گئی

ضرورت ہے کیا حضرت خضر کی — یہان گمرہی راہبر ہو گئی

شب وصل آیا سر شام غش — سنبہلتے سنبہلتے سحر ہو گئی

ترحم نہ تھا اک اداتھی جو آج — اونہین قتل سے درگزر ہو گئی

